اَلشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ
فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالرحمٰن کیلانی رحمہ اللہ
مکتبۃ السلام

الشمس والقمر بحسبان
فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالرحمٰن کیلانی رحمہ اللہ
مکتبۃ السلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تالیف ـــــــ مولانا عبدالرحمان کیلانیؒ

زیر سرپرستی ـــــــ ڈاکٹر حبیب الرحمٰن کیلانی

اہتمام ـــــــ پروفیسر نجیب الرحمٰن کیلانی 7844157

اشاعت ـــــــ ستمبر: 2006

تعداد ـــــــ 1100

ناشر ـــــــ ڈاکٹر حافظ شفیق الرحمٰن کیلانی

انجینئر حافظ عتیق الرحمٰن کیلانی

مطبع: ـــــــ انٹرنیشنل دارالسلام پرنٹنگ پریس لاہور

ناشر: **مکتبۃ السلام** سٹریٹ نمبر: 20، وسن پورہ لاہور

فون: 7844157-7280943

قیمت ـــــــ 140 روپے

ڈسٹری بیوٹر

ھیڈ آفس و مرکزی شو رُوم 36 - لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور

فون: 711 1023 , 711 0081 , 723 2400 , 724 0024 فیکس: 735 4072

E-mail: darussalampk@hotmail.com Website: www.dar-us-salam.com

شو رُوم اُردو بازار اِقرأ سنٹر، غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور فون: 712 0054 فیکس: 732 0703

پیش لفظ

یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے اور یہ تین حصے دراصل تین الگ الگ موضوع بھی بن سکتے ہیں اور ان پر الگ الگ کتابیں بھی لکھی جا سکتی ہیں۔ مَیں نے ان تینوں موضوعات کو قرآن کریم کی ایک سہ حرفی آیت اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ (۵۵/۵) کے تحت جمع کر کے اس کتاب کا نام "فلکیات اور اسلام" تجویز کیا ہے۔ اس کتاب کے دوسرے اور تیسرے حصے کے اکثر مضامین متعدد رسائل[1] میں ۱۹۷۹ء اور ۱۹۸۰ء میں شائع ہوئے تھے۔ اور ان کی علمی حلقوں میں خاصی پذیرائی ہوئی تھی۔ بلکہ یہ مطالبہ بھی کیا گیا تھا کہ انہیں کتابی شکل دے دی جائے۔ ان مضامین کو ترتیب دے کر کتابی شکل دے دینا اور شائع کر دینا کچھ مشکل اور دقت طلب مسئلہ نہ تھا۔ مگر مَیں یہ چاہتا تھا کہ ان مضامین کے ساتھ ایک ہجری اور عیسوی سنین کی ایک ایسی تقابلی تقویم بھی پیش کر دی جائے جو بالخصوص حصہ دوم میں مذکورہ قواعد پر پوری اترتی ہو اور اس کے ساتھ ہی اس کی بنیاد ہجری تقویم کے اصول و قواعد پر مبنی ہو۔ اور یہ کام خاصا دقیق اور محنت طلب تھا۔ لہٰذا یہ کام مسلسل التواء میں پڑتا گیا اور میں ایک دراز عرصہ تک اتنا وقت نہ نکال سکا جو اس کی تکمیل کے لئے کافی ہو۔ مترادفات القرآن کی تکمیل کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرصت دی تو یہ کام بھی بحمد اللہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔

اس کتاب کو مرتب کرتے وقت درج ذیل مقاصد میرے پیش نظر رہے:۔

۱۔ آج کل دنیا کے بیشتر ممالک میں عیسوی تقویم ہی رائج ہے اور ہجری تقویم کو ناقابلِ التفات سمجھا جا رہا ہے۔ حتیٰ کہ مسلمانوں اور مسلمان ممالک کے ہاں بھی یہی صورتِ حال ہے۔ حالانکہ اپنے چند در چند خواص کی بناء پر قدیمی اور حقیقی تقویم قمری تقویم ہے شمسی نہیں۔ لہٰذا ضروری تھا کہ عوام الناس کو ان اصول و قواعد سے روشناس کرایا جائے جو قمری تقویم کی بنیاد ہیں۔

۲۔ اکثر ممالک اور اکثر تہذیبوں میں سیاروں کی حرکات کے علم کے ساتھ ساتھ سیاروں کے انسانی زندگی پر انفرادی اور اجتماعی اثرات کو بھی تسلیم کیا جاتا رہا ہے اور کیا جاتا ہے جس سے نجوم پرستی، اصنام پرستی اور دیوی دیوتاؤں کا رواج پڑ گیا۔ اسلام نے علم ہیئت میں غور و فکر کرنے کی ترغیب کے ساتھ سیاروں

[1] مثلاً ماہنامہ محدث، ترجمان الحدیث، سہ ماہی مجلّہ اقبال ریویو اور اخبار جنگ کا نمبر مورخہ یکم محرم ۱۴۰۰ھ

کے اثرات کی کلیتہً نفی کی اور اسے واضح شرک قرار دیا ہے۔ لہٰذا ایسے اثرات کی دلائل سے تردید کی گئی ہے۔

۳۔ علمِ ہیئت کے موجودہ نظریات میں کچھ ایسے ہیں جو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہیں، کچھ متعارض ہیں اور کچھ متصادم ہیں۔ مَیں نے ایسے تمام اُمور کا شرعی نقطۂ نظر سے تقابل پیش کر دیا ہے تاکہ مسلمان مغرب سے آنے والے ہر نظریہ کی اندھی تقلید کے بجائے وحی الٰہی سے روشنی حاصل کرنے کی روش اختیار کریں تاکہ جو بات وحی الٰہی کے مخالف ہو اس سے مرعوب ہونے کے بجائے، نہ صرف یہ کہ اسے قبول نہ کریں بلکہ علمی دلائل و براہین کے ساتھ اس کی تردید کے طریق کو اپنائیں۔

۴۔ ہم نے عیسوی تقویم میں دن معلوم کرنے کا طریقہ تو سکول میں پڑھا تھا لیکن ہجری تقویم کو شاید اس بات کا مستحق ہی نہ سمجھا گیا کہ اسے بھی سلیبس میں شامل کیا جائے۔ مَیں نے اس کتاب کے دوسرے حصّہ میں کئی ایک ایسے طریقے بیان کر دیئے ہیں جن سے ہجری تقویم میں دن معلوم کیا جا سکتا ہے اور ان میں سے اکثر میری اپنی ذہنی کاوش کا نتیجہ ہیں۔

۵۔ ہجری تقویم اور عیسوی تقویم کے سنین میں مطابقت بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ بالخصوص مؤرخین، مصنّفین اور مؤلّفین کو تو اکثر اس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اور بسا اوقات وہ اس معاملہ میں غلطی بھی کر جاتے ہیں۔ مَیں نے دوسرے حصّہ میں ایسی مطابقت کے چند ایک طریقے بیان کر دیئے ہیں۔ اور تیسرا حصّہ تو بالخصوص اس مسئلہ میں تیار حوالہ (READY REFERANCE) کا کام دیتا ہے۔

کتاب کے آخر میں اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ سے متعلق اہم واقعات کے ہجری اور عیسوی سنین بقید ماہ و سال درج کر دیئے ہیں۔ جو انشاءاللہ کتاب کی افادیت میں اضافہ کا باعث ہوں گے۔

وما توفیقی الّا باللہ

عبدالرحمٰن کیلانی

صفر ۱۴۱۳ھ / اگست ۱۹۹۲ء

فہرست مضامین "فلکیات اور اسلام"

مراجع و مصادر

۱۔ قرآن کریم، اس کے تراجم و تفاسیر حسبِ ضرورت

۲۔ احادیثِ مبارکہ حسبِ ضرورت

۳۔ رحمۃ للعالمین (جلد دوم) — قاضی سلمان منصور پوری

۴۔ عالمی معلومات (ایڈیشن ۸۴-۸۳)
(مختصر انسائیکلوپیڈیا از زاہد انجم) — مطبوعہ فیروز سنز لیمیٹڈ لاہور

۵۔ تقویم تاریخی — عبدالقدوس ہاشمی

۶۔ تقویم تقابلی — سٹنفیلڈ (جرمنی) کا اردو ترجمہ

۷۔ ہجری تقویم دائمی (محمد علی خاں) — مطبوعہ اسلامک پبلی کیشنز۔ لاہور

۸۔ الفاروق — شبلی نعمانی

۹۔ اجتہادی مسائل (جعفر شاہ پھلواری) — ادارہ ثقافت اسلامیہ۔ لاہور

۱۰۔ طبیعیات برائے جماعت دہم — مطبوعہ ویسٹ پاک ٹیکسٹ بک بورڈ۔ لاہور

۱۱۔ روزمرہ جنتری ASTRONOMICAL EPHEMERIS. — مطبوعہ لندن

۱۲۔ ASTRONOMY FOR NIGHT WATCHERS. — 〃

۱۳۔ رسالہ "تبیان الادلہ فی اثبات الاہلہ" کا اردو ترجمہ مطبوعہ "محدث" صفر ۱۳۹۵ھ

۱۴۔ رسالہ راحۃ العوام — محمد بلال۔ خطیب تربیلہ ڈیم

۱۵۔ اسرار عالم جنتری ۱۹۷۸ء — مولوی برکت علی منجم و جفار

۱۶۔ اٹلس مطبوعہ — فیروز سنز لیمیٹڈ لاہور

۱۷۔ 〃 — شیخ غلام علی اینڈ سنز لیمیٹڈ لاہور

حِصّہ اوّل

علمِ ہیئت کے نظریات اور اسلامی نظریات

فہرست ابواب

باب ۱

وقت کی قدرتی پیمائش

انسان جب دُنیا میں آیا تو اس نے دیکھا کہ سُورج ہر روز صبح کو مشرق سے طلوع ہوتا اور شام کو مغرب میں غروب ہو جاتا ہے اور مدّتیں گزرنے پر بھی سُورج کے اس عمل میں ذرہ بھر فرق نہیں آتا۔ لیکن چاند کا معاملہ سُورج سے کئی باتوں میں مختلف تھا۔ اس نے دیکھا کہ چاند شام کو طلوع ہوتا ہے اور صبح سورج نکلنے سے پہلے غائب ہو جاتا ہے۔ یہ کبھی مغرب سے طلوع ہوتا ہے کبھی مشرق سے اور کبھی نصف آسمان سے۔ البتہ سفر یہ بھی مشرق سے مغرب کی طرف ہی کرتا نظر آتا ہے۔ علاوہ ازیں انسان نے یہ بھی ملاحظہ کیا کہ چاند نت نئی نئی شکلیں بھی بدلتا رہتا ہے۔ پہلے پہل مغربی اُفق پر غروبِ آفتاب کے بعد ایک باریک سی پھانک نظر آتی ہے جو چند منٹوں کے بعد سورج کے پیچھے جا کر چُھپ جاتی ہے، دوسرے دن مغربی اُفق پر پہلے دن سے ذرا بلندی پر سے ظاہر ہوتا ہے اور پہلے دن کی نسبت قدرے موٹا بھی ہوتا ہے۔ پھر وہ دن بدن مشرق کی طرف سرکتا اور موٹا ہوتا چلا جاتا ہے تاآنکہ سات دن کے بعد یہ چاند نصف آسمان یعنی سر سے سیدھا اُوپر سے نمودار ہوتا ہے اور پورے نصف دائرے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ علیٰ ھذا القیاس چودھویں رات کو چاند بالکل سُورج کی طرح مشرقی اُفق سے طلوع ہوتا ہے اور سُورج ہی کی طرح مکمل یعنی پُورا گول بھی ہو جاتا ہے اور رات بھر آسمان پر جگمگانے کے بعد صبح کو مغربی اُفق میں ڈوب جاتا ہے بعد ازاں چاند کی شکل گھٹنے لگتی ہے اور وہ طلوع بھی رات کو دیر سے ہونے لگتا ہے حتیٰ کہ اکیسویں رات کو چاند پھر تقریباً نصف دائرہ کی شکل کا رہ جاتا ہے اور طلوع بھی آدھی رات کو ہوتا ہے۔ مزید پانچ چھ دن گزرنے کے بعد یہ پہلی سی پھانک کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ بعد ازاں دو تین دن غائب بھی رہتا ہے۔ حتیٰ کہ پھر پہلی سی شکل و صورت میں طلوعِ آفتاب کے بعد مغربی اُفق سے نمودار ہوتا ہے۔

دن اور مہینے

اس کے برعکس سورج کا معاملہ کئی لحاظ سے چاند سے مختلف تھا۔ انسان نے مشاہدہ کیا کہ سورج ہر روز مشرقی اُفق سے ہی طلوع ہوتا ہے۔ اسکی شکل میں بھی کوئی فرق نہیں آتا اور وہ گول ہی رہتا ہے۔ طلوع ہونے کے بعد دم بدم اس کی تمازت بڑھنا شروع ہو جاتی ہے جو دوپہر تک بڑھتی رہتی ہے۔ نصف النہار کے بعد اس میں کمی آنا شروع ہو جاتی ہے تاآنکہ یہ سورج شام کو مغربی افق میں ڈوب جاتا ہے اور اس کے اس معمول میں طویل زمانہ کے گزرنے پر بھی کچھ فرق نہیں پڑتا۔ لہٰذا انسان نے اپنے سادہ سے مشاہدات کے مطابق دن اور اس سے متعلقہ ضروریات کو تو سُورج سے متعین کر دیا اور مہینہ کو چاند سے۔ اس نے دیکھا کہ ایک نئے چاند سے دوسرے نئے چاند تک کبھی تو ۲۹ دن گزرتے ہیں اور کبھی تیس ۳۰۔ اس مدت کو اس نے مہینہ کا نام دیا۔ اس طرح ابتداءً دنیا میں مہینوں کا شمار چاند ہی سے ہوا اور یہی فطری طریق تھا۔

یہی وجہ ہے کہ دنیا کی کئی زبانوں میں جو لفظ چاند کے لئے استعمال کیا جاتا ہے مہینہ کا لفظ اسی لفظ سے ہی مشتق ہوتا ہے۔ مثلاً ایران میں چاند کو ماہ کہتے ہیں تو مہینہ کو بھی ماہ ہی کہتے ہیں یا مہینہ بھی کہہ لیتے ہیں۔ انگریزی میں چاند کو موُن (MOON) کہتے ہیں تو مہینہ کو منتھ (MONTH) جو اسی لفظ مُون سے مشتق ہے اسی طرح ہندی میں نئے چاند کو اماوس کہتے ہیں تو مہینہ کو ماس کہتے ہیں۔

ہفتہ اور دنوں کے نام

انسان نے چاند کی اشکال کی نسبت سے مہینہ کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ پہلا حصہ ہلال یا نئے چاند سے نصف چاند تک۔ دوسرا حصہ نصف چاند سے پورے چاند یا بدر تک۔ تیسرا بدر سے پھر نصف چاند تک اور چوتھا حصہ نصف چاند سے چاند کے غائب ہونے تک یہ وقفہ عموماً سات دن کا ہوتا تھا۔ لہٰذا سات دنوں کے عرصہ کو ہفتہ (فارسی میں ہفت سات کو کہتے ہیں) کا نام دیا گیا (اور عربی میں ہفتہ کو اسبوع کہتے ہیں سبعہ بمعنٰی سات) پھر ان سات دنوں کے نام بھی تجویز کئے گئے۔

چاند اور سُورج کے مشاہدات کے علاوہ انسان نے ہزاروں سال قبل مسیح یہ بھی معلوم کر لیا تھا کہ رات کو چاند کے علاوہ اور بھی کئی دیگر سیارے مشرق سے مغرب کی طرف مصروف سفر رہتے ہیں۔ ان میں معروف سیارے پانچ تھے یعنی عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل۔ سورج اور چاند سمیت یہ کل سات سیارے بنتے تھے۔ چنانچہ انسان نے ہفتہ کے سات دنوں کے ناموں کو انہی سات سیاروں سے منسوب کر دیا مثلاً اتوار یا سنڈے (SUNDAY) سُورج یا سَن (SUN) سے منسوب ہوا۔ سوموار (پیر) یا منڈے (MUNDAY) چاند یا مُون MOON

کے نام سے منسوب ہوا۔ علیٰ ھذا القیاس۔ ہندی زبان میں بھی ہفتہ کے ناموں اور سیاروں کے ناموں میں ایسی ہی نسبت پائی جاتی ہے۔ جس کی تفصیل آئندہ چل کر آئے گی۔

دن اور رات کی تقسیم دن اور رات یعنی مکمل ایک دن (یوم) کو آٹھ برابر حصوں میں تقسیم کر کے ہر حصّہ کو پہر کا نام دیا گیا۔ سورج کے سایہ کی مدد سے دن کو چار حصوں میں تقسیم کرنا ایک آسان سی بات تھی۔ ان حصّوں کو پہلا پہر، دوپہر، سہ پہر اور شام کا نام دیا گیا۔ رات کو چار حصّوں میں تقسیم کرنا نسبتاً مشکل تھا۔ تاہم انسان چاند اور دیگر سیاروں کی چال سے اس قدر واقف ہو گیا تھا کہ ایک پہر کا وقفہ تو درکنار، وہ رات کے تھوڑے سے تھوڑے وقفہ کا بھی کسی مخصوص سیارہ کی سمت دیکھ کر بخوبی اندازہ کر سکتا تھا۔

مہینے اور سال انسان نے یہ بھی مشاہدہ کیا کہ جب بارہ دفعہ چاند کا عروج و زوال ہو جاتا ہے یا بارہ قمری مہینے گزر جاتے ہیں تو تقریباً وہی پچھلا موسم آجاتا ہے۔ ایک موسم سے دوسرے اسی جیسے موسم تک کے عرصہ یعنی ۱۲ ماہ کو سال کا نام دیا گیا۔ اور ایک سال کے بارہ قمری مہینے شمار کئے جانے لگے۔ کسی طویل مدّت کا حساب لگانے کے لئے انسان نے کسی مشہور واقعہ مثلاً کوئی بہت بڑا زلزلہ، سیلاب، جنگ یا کسی مشہور بادشاہ کی تخت نشینی یا وفات کو بنیاد قرار دے کر قمری تقویم یا کیلنڈر (CALENDER) کی داغ بیل ڈال دی۔ تقویم کا یہ حساب چونکہ بالکل سادہ، فطری اور عام مشاہدہ سے حاصل ہوا تھا۔ لہٰذا انسان کے اس ابتدائی دور میں نہ تو علمِ ہیئت کی پیچیدگیاں آڑے آئیں اور نہ ہی کسی رصدگاہ کی ضرورت محسوس ہوئی۔

قمری تقویم اور اسلام اسلام چونکہ دینِ فطرت ہے لہٰذا اس نے اسی فطری طریقہ حساب کو حقیقی اور اصلی طریق قرار دیا ہے۔ ارشادِ باری ہے:۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ (۱۰/۵)	وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کر سکو۔

اس آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سالوں یعنی طویل مدّت کا حساب رکھنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے قمری تقویم کو ہی حقیقی قرار دیا ہے۔ ایک دوسرے مقام پر فرمایا:۔

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	بلاشبہ (سال کے) مہینوں کی تعداد قوانینِ الٰہیہ کے مطابق بارہ ہے اس وقت سے جبکہ زمین اور

آسمانوں کو پیدا کیا گیا۔ (۹/۳۶)

شاید آپ یہ سمجھتے ہونگے کہ آج کل کی تمام مروجہ تقاویم میں سال کے مہینوں کی تعداد تو بارہ ہی ہے۔ پھر قرآن نے کونسی انوکھی حقیقت کا انکشاف فرمایا ہے۔ لیکن آپ کا یہ خیال صحیح نہیں حضرتِ انسان نے سال کے ۱۲ مہینوں کے ساتھ جس قدر افراط و تفریط سے کام لیا ہے۔ اس کی داستان بڑی طویل ہے۔ اور اس کا ذکر انشاء اللہ ہم ضرور کریں گے۔ اس آیت میں اسی افراط و تفریط کو ملحوظ رکھ کر یہ تصریح کی گئی ہے کہ حقیقتاً سال کے مہینوں کی تعداد بارہ ہی ہے۔

قمری تقویم کی چند دوسری خصوصیات

اب جب یہ معلوم ہو گیا کہ فطری اور حقیقی تقویم قمری ہی ہے تو اس کی چند دوسری خصوصیات بھی ملاحظہ کرتے چلیے جو یہ ہیں :۔

۱۔ دن کا شمار قمری تقویم میں مکمل دن (یوم یا ۲۴ گھنٹے) کا شمار ایک دن کے غروب آفتاب سے لے کر دوسرے دن کے غروبِ آفتاب تک ہے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب بھی اللہ تعالیٰ نے قرآن میں دن اور رات کا ذکر فرمایا تو پہلے رات ہی کا ذکر آیا ہے مثلاً :۔

(۱) اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ۔ (۳/۱۹۰)
بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

(۲) وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ (۲۳/۸۰)
اور رات اور دن کا بدلتے رہنا اسی کا تصرف ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں۔

(۳) اَتٰهَاۤ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَهَارًا (۱۰/۲۴)
تو ناگہاں رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا۔

ہمارے دعویٰ کی تائید میں اتنی بھی مثالیں بہت کافی ہیں اگرچہ قرآن میں ایسی مثالیں بے شمار ہیں۔ یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ ہندی یا بکرمی تقویم میں یوم (مکمل دن = دن + رات یا ۲۴ گھنٹے) کا شمار ایک دن کے طلوع آفتاب سے لے کر دوسرے دن کے طلوع آفتاب تک ہے۔ اور عیسوی تقویم میں کسی دن کی مقدار آدھی رات سے دوسرے دن کی آدھی رات تک۔ آسان الفاظ میں یوں سمجھئے کہ قمری تقویم میں شام کو تاریخ بدلتی ہے۔ عیسوی تقویم میں

آدھی رات کو اور ہندی تقویم میں صبح طلوع آفتاب کے وقت۔

۲۔ نمازوں کا تعلق سورج سے جن شرعی احکام کا تعلق دن کے اوقات سے متعلق ہو تو اس وقت یہ احکام سورج ہی سے متعلق ہوں گے :۔ مثلاً نمازوں کے اوقات کے متعلق فرمایا :۔

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّيْلِ وَ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا۔ (۱۷/۷۸)	سُورج کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز قائم کیجئے اور صبح کو قرآن پڑھا کیجئے۔ کیونکہ صبح کے وقت قرآن کا پڑھنا موجب حضور (ملائکہ) ہے۔

اوقات کی یہ تعیین اسلام کے فطری اور سادہ ہونے کی لاجواب دلیل ہے۔ گھڑی کی ایجاد سے پیشتر ہمارے آباؤ اجداد دن کی نمازوں کے اوقات کی تعیین ہمیشہ سُورج کے سایہ سے کیا کرتے تھے۔ وہ اس طرح کہ اگر فلاں عمارت کا یا مسجد کے سامنے کی دیوار کا سایہ فلاں جگہ تک آجائے تو ظہر کا وقت ہوجاتا ہے اور فلاں جگہ پر آئے تو عصر کا اور اگر سورج ڈوب جائے تو شام کا۔ یہ حساب اتنا سادہ تھا کہ کسی بھی موسم میں اس میں تبدیلی کی ضرورت پیش نہیں آتی تھی۔ دنوں کے چھوٹا یا بڑا ہونے کی وجہ سے نمازوں کے اوقات میں جو فرق پڑ سکتا ہے وہ خود بخود ٹھیک ہوتا چلا جاتا ہے۔ آج کل گھڑیوں کا دَور ہے تو آئے دن نمازوں کے اوقات میں تبدیلی کرنا ناگزیر ہے۔ بلاشبہ گھڑی موجودہ دَور کی ایک اہم ضرورت ہے اور اس کے فوائد سے بھی انکار نہیں مگر جو سادگی اور سہولت سورج کے سایہ کے حساب میں ہے وہ اس میں نہیں ہے۔ دن کی نمازوں اور اذان کے اوقات کی تعیین کی ضرورت سورج کے سایہ سے ٹھیک طور پر پُوری ہوجاتی ہے اگر کسی دن ابر یا بارش کی وجہ سے کچھ کمی بیشی ہوبھی جائے تو اس کے لئے مسلمان قطعاً مکلف نہیں ہے۔ اندھیرے کی نمازوں کے اوقات کا تعلق بھی سورج ہی سے ہے۔ جب شفق کی سرخی پوری طرح غائب ہوجائے یعنی غروبِ آفتاب کے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد سے عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ اور صبح کی نماز کا وقت صبح صادق یا پَو پھٹنے سے شروع ہوکر طلوعِ آفتاب تک ہے۔ تو جس طرح تمام نمازوں کے اوقات کی تعیین سُورج سے متعلق ہے اسی طرح روزہ کے رکھنے اور چھوڑنے کے اوقات کا تعلق بھی سورج ہی سے ہے۔ نیز ایسے شرعی احکام جن کی تعمیل میں ایک ماہ سے کم عرصہ کی مدت درکار ہوتی ہے۔ ان کا تعلق خواہ سورج سے ہو یا چاند سے اس میں کچھ فرق نہیں پڑتا۔ جیسے قسم یا احرام کے دوران شکار کرنے کا کفارہ وغیرہ۔

ان تمام احکام کی سادگی کی انتہا یہ ہے کہ ان کی بجا آوری میں گھڑی کی ضرورت تو درکنار

کسی دوسرے سے کچھ پوچھنے کی ضرورت بھی پیش نہیں آتی۔حتیٰ کہ ماہِ رمضان کی ابتدا اور انتہا کے لئے بھی رویتِ ہلال جیسے سادہ اور فطری مشاہدہ پر انحصار کیا گیا ہے۔

۳۔ مہینوں کا تعلق چاند سے اور ایسے شرعی احکام جن کی تعمیل میں ایک ماہ یا زائد عرصہ درکار ہو تو یہ مدت ہمیشہ چاند سے وابستہ ہو گی جیسا کہ ارشادِ باری ہے :۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۔ (۲/۱۸۹)

لوگ آپ سے نئے چاندوں کے متعلق پوچھتے ہیں۔آپ کہہ دیجئے کہ وہ لوگوں کے لئے مدت کے شمار اور حج کے اوقات معلوم ہونے کا ذریعہ ہے۔

حج کے علاوہ زکوٰۃ کے لئے ایک سال کی مدت، مطلقہ یا بیوہ کی عدت، ایامِ رضاعت وغیرہ ایسے تمام اُمور کا تعلق قمری مہینوں سے ہوتا ہے پھر انہی بارہ قمری مہینوں سے ایک سال بنتا ہے۔ جس کے متعلق ہم اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد پہلے درج کر چکے ہیں کہ مہینوں کی یہ تعداد کتابُ اللہ کے عین مطابق ہے۔

تقویم کا یہ طریق چونکہ فطری اور نہایت سادہ ہے لہٰذا تمام مذاہبِ الٰہیہ میں اسی قمری تقویم کو اصلی اور بنیادی قرار دیا گیا تھا۔موجودہ دور میں اگرچہ اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب نے قمری کے بجائے شمسی تقویم کو اپنا لیا ہے تاہم اس کے کچھ نہ کچھ آثار ضرور باقی رہ گئے ہیں۔مثلاً عیسائیوں کے ہاں ایسٹر کا دن، یہودیوں کے ہاں یوم کپور یا عاشور اور ہندوؤں کے ہاں دیپاولی ابھی تک قمری حساب سے منائے جاتے ہیں۔

شمسی تقویم کا آغاز

موجودہ دور میں دُنیا کے بیشتر ممالک میں قمری تقویم کے سیدھے سادھے طریق کو چھوڑ کر شمسی تقویم کو اپنایا جا رہا ہے۔جس کی ابتدا یوں ہوئی کہ جب انسان نے عبادت خانے تعمیر کئے تو ان کی آبادی و ترقی کے لئے وہاں پروہت مقرر ہوئے۔ان پروہتوں کی گزران کے لئے ان کی محنت کا معاوضہ نذرانوں کی صورت میں پیش کیا جاتا تھا۔ مذہبی تہوار آہستہ آہستہ میلوں ٹھیلوں کی شکل اختیار کرتے گئے اور نذرانوں کی وصولی کا وقت یہی مذہبی تہوار یا میلے ٹھیلے ہوا کرتے تھے۔ پروہتوں نے ہی لوگوں پر یہ پابندی عائد کی کہ وہ اپنی زرعی پیداوار کا ایک حصہ پروہتوں کی خدمت میں بطور نذرانہ پیش کیا کریں اور بُت خانوں پر چڑھاوے چڑھایا کریں۔

ظاہر ہے کہ قمری مہینے ایسے نذرانوں اور رسوم کا ساتھ نہیں دے سکتے تھے۔ کیونکہ یہ بات مشاہدہ میں آچکی تھی کہ ہر تین قمری سال گذرنے پر فصلیں تقریباً ایک ماہ بعد تیار ہوتی ہیں۔ کیونکہ فصلوں کی تیاری کا تعلق موسم سے ہے اور موسم سورج سے تعلق رکھتے ہیں، چاند سے نہیں رکھتے۔ اس مشکل کو دُور کرنے کے لئے قمری مہینوں میں پیوندکاری کی تجاویز پر غور کیا جانے لگا۔ اور یہی پیوندکاری جسے عربی میں کبیسہ، انگریزی میں لیپ (LEEP) اور ہندی میں لوند کہا جاتا ہے بالآخر شمسی تقویم کی بنیاد ثابت ہوئی۔ گویا اس چیز کے اصل محرک وہ مذہبی رہنما یا پروہت لوگ تھے جنہوں نے محض اپنے پیٹ کی خاطر مذہب کی آڑ میں مذہب سے بے وفائی کی۔

مذہب اور روحانیات کا رشتہ جس قدر قمری تقویم سے وابستہ ہوتا ہے اس کی تفصیل تو آگے چل کر بیان ہوگی سرِدست یہ کہنا مقصود ہے کہ عوام — جو مذہبی رہنماؤں کی نسبت بہرحال مذہب سے زیادہ بیگانہ ہوتے ہیں — نے ایسی پیوندکاری اور شمسی تقویم کو بہت جلد اپنانے کی کوشش کی کیوں کہ ان کے بیشتر رسم و رواج، میلے ٹھیلے، تفریحی سفر اور موسمی چھٹیاں سب کا تعلق شمسی سال سے ہوتا ہے لہٰذا جوں جوں مذہب سے بیگانگت بڑھتی گئی، قمری تقویم یا تو کبیسوں کی وجہ سے مکدّر ہوتی گئی یا متروک ہوتی چلی گئی۔

قمری تقویم میں پیوندکاری

قمری تقویم چونکہ فطری ہے لہٰذا اس کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ انسانی اختراع یا دست بُرد سے بے نیاز ہے اس میں ایک دن کی کمی بیشی بھی ناقابلِ برداشت ہے۔ اگر کوئی شخص ایسا کرے بھی تو اگلا چاند اسکی تکذیب کر دے گا۔ لیکن شمسی تقویم میں انسان آزاد ہے۔ چاہے تو مہینہ ۲۸ دن کا شمار کرے اور چاہے تو ۲۹، ۳۰، ۳۱ یا ۳۲ دن کا۔ پھر وہ اس بات میں بھی آزاد ہے کہ چاہے تو ایک سال کے دس ماہ قرار دے لے اور چاہے تو ۱۲ ماہ یا ۱۴ ماہ مقرر کرے۔ اور یہ باتیں محض فرضی یا مبالغہ آرائی نہیں بلکہ فی الواقعہ شمسی تقویم پر ایسے ادوار گذر چکے ہیں۔

علاوہ ازیں شمسی تقویم میں لیپ یا انسانی اختراع کا مسئلہ ایک مستقل دردِ سر بن گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شمسی تقویم کی متعدد بار از سرِ نو ترتیب و تدوین کی جاتی رہی ہے۔ ان میں سے چار پانچ بار کا ذکر تو تاریخ میں ملتا ہے اور جو کچھ نہیں مل سکا وہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ اتنی مرتبہ کی کوششوں کے باوجود شمسی سال میں لیپ کا سلسلہ ۴۰۰ سال تک پھیلتا چلا جاتا ہے اس کے باوجود بھی ماہرین اس موجودہ کیلنڈر پر مطمئن نہیں وہ کہتے ہیں کہ ۲۰۰۰ سال بعد پھر ایک دن کی کمی

بیشی کرنا ناگزیر ہوگی ۔ علاوہ ازیں مختلف ممالک میں نئے شمسی کیلنڈر کی تجاویز بھی پیش کی جارہی ہیں۔ جن کی تفصیل آگے آئے گی ۔

کبیسہ کے طریقے

قمری تقویم کو فصلوں کے مطابق بنانا یا شمسی تقویم میں تبدیل کرنا ایک ٹیڑھا سا کام ہے ۔ لہٰذا ابتداءً قمری تقویم میں مہینوں کا اضافہ کرکے مخلوط کیلنڈر رائج کیا گیا ۔ آج کل جتنے بھی قدیم شمسی سنین رائج ہیں ۔ان سب کی ابتداء قمری تقویم سے ہی ہوئی تھی ۔ قمری تقویم میں مہینوں کے اضافہ کا طریقہ یہ سوچا گیا کہ ہر تین سال بعد ایک ماہ بڑھا لیا جایا کرے۔ مثلاً ہند میں بکرمی سمت قمری تقویم کے مطابق چل رہا تھا ۔اس کو مخلوط بنانے کی صورت یہ تجویز ہوئی کہ تیسرے سال چیت کے دو ماہ شمار کئے جائیں پھر چھٹے سال بیساکھ کے دو ماہ ، پھر نویں سال جیٹھ کے دو ماہ اور بارھویں سال اساڑھ کے دو ماہ کر دیئے گئے ۔ان اضافی مہینوں کو دوچیت ، دو بیساکھ ، دوجیٹھ اور دوہاڑ کا نام دیا جاتا تھا ۔ ان مہینوں کے نام تو ہندی تھے مگر ان کے دنوں کا شمار چاند کے حساب سے ہوتا تھا ۔ اس طرح تہواروں اور فصلوں میں مطابقت تو ہوجاتی تھی مگر ۳۶ قمری سالوں میں پورا ایک قمری سال گم ہوجاتا تھا ۔

بعد ازاں اضافی مہینوں کا طریق چھوڑ دیا گیا اور اس کے بجائے مہینوں کے دنوں میں کمی بیشی کرکے انہیں موسموں کے مطابق بنا لیا گیا جسے عرفِ عام میں شمسی تقویم کہا جاتا ہے ۔چنانچہ ہندی مہینوں کے ایام کی تعداد درج ذیل مقرر کی گئی :۔

چیت	بیساکھ	جیٹھ	ہاڑ	ساون	بھادوں	اسوج	کتک	مگھر	پوہ	مانگھ	پھاگن	دن
۳۰	۳۱	۳۲	۳۱	۳۲	۳۱	۳۰	۳۰	۳۰	۲۹	۲۹	۳۰	= ۳۶۵

اس تقویم میں ترتیب یہ ہے کہ گرمیوں کے مہینے ـــــ جبکہ دن بڑے ہوتے ہیں ـــــ زیادہ دنوں کے تجویز کئے گئے ہیں ۔معتدل مہینوں کے ایام بھی معتدل یعنی تیس ہیں اور سردیوں کے مہینوں کے ـــــ جبکہ دن بھی چھوٹے ہوتے ہیں ـــــ دن کم تجویز کئے گئے ہیں ۔ عیسوی تقویم کی طرح اس تقویم میں بھی لیپ کا سلسلہ مسلسل جاری رہتا ہے ۔ تاہم ہندی تقویم عیسوی تقویم سے بہت مدت پہلے درست کی گئی تھی ۔ یہ تقویم صدیوں کے تجربات کا نچوڑ اور یہ بکرمی سمت کامل ترین تقویم کی حامل ہے ۔[1]

بہرحال یہ بات یاد رکھنا چاہیئے کہ جہاں کہیں کبیسہ یا لوند کا طریقہ اختیار کیا گیا تو اصل بنیاد قمری ماہ

---

[1] انسائیکلوپیڈیا اردو فیروزسنز زیرِعنوان تقویم

کو ہی قرار دے کر اضافہ کیا گیا۔

عرب میں کبیسہ کا آغاز

عرب میں کبیسہ کا رواج ہند اور بعض دوسرے ممالک سے مدتوں بعد ہوا۔ ابتداءً اس کا طریقہ یہ تجویز ہوا کہ ہر سال کے اختتام پر ایک سال تو ۱۰ دن کا اضافہ کر لیا جایا کرے اور اس سے اگلے سال گیارہ دن کا۔ اس طرح حج عموماً ایک ہی موسم میں آتا تھا۔ کبیسہ کا یہ طریق عرب میں مقبول نہ ہو سکا۔ عرب کی بیشتر آبادی دیہاتی تھی۔ جو خالصتہً قمری تقویم کا حساب رکھتے تھے۔ شہروں میں البتہ بعض لوگ حقیقی کیلنڈر کے علاوہ مخلوط کیلنڈر کا حساب بھی رکھتے تھے اور حج کی عبادت عرب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے چلی آ رہی تھی۔

حج اور ایامِ حج میں گڑبڑ

اس کے بعد دوسرا طریق یہ وضع ہوا کہ اہلِ ہند کی طرح ہر تین سال بعد ایک ماہ کا اضافہ کر لیا جایا کرے اور یہ اضافہ علی الترتیب باری باری ہر ماہ کے ساتھ ہو۔ مثلاً تیسرے سال دو محرم شمار کر لئے جائیں پھر چھٹے سال دو صفر، پھر نویں سال تین ربیع الاوّل ... الخ۔ اس طرح بھی حج ایک ہی موسم میں آتا اور آخری مرحلہ پر ذی الحجہ کا دوسرا مہینہ فی الواقع ذی الحجہ کا ہی مہینہ ہوتا تھا۔ لیکن ۳۶ قمری سال کے اس چکر میں پورا ایک سال یا ایک حج گم کر دیا جاتا تھا۔

عرب میں ہر تیسرے سال مہینہ بڑھانے کا کام سب سے پہلے قبیلہ بنی کنانہ کے ایک شخص قلمس نامی نے سرانجام دیا۔ اور یہ کام بھی اپنے ذمہ لیا کہ ہر حج کے اجتماع کے موقع پر یہ اعلان کر دے۔ کہ اس سال اضافہ ہو گا یا نہیں اور اگر ہو گا تو کس ماہ کے ساتھ یہ تیرھواں ماہ بڑھایا جائے گا۔ نیز یہ کہ آئندہ سال حج کس ماہ میں ہو گا؟ قلمس کے بعد یہ عہدہ اس کی اولاد میں منتقل ہو گیا۔ اب قلمس کا لفظ ایک شخصی نام کے بجائے اس عہدے کے نام سے معروف ہوا۔ جو حج کے ایام میں بھرے اجتماع میں آئندہ سال ہونے والے حج کی تاریخوں کا اعلان کرتا تھا۔ قلمس کی اولاد میں سے جن لوگوں نے یہ فریضہ سرانجام دیا انہیں قلامسہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

پھر یہ گڑبڑ صرف حج تک ہی محدود نہ رہی۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے حُرمت کے چار مہینے قرار دیئے گئے تھے۔ ان مہینوں کے متعلق اہلِ عرب کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ ان مہینوں میں نہ تو آپس میں جدال و قتال کریں گے نہ کسی تاجر یا راہ گیر کو لوٹ کھسوٹ سے پریشان کریں گے۔ یہ مہینے رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ اور محرم الحرام تھے۔ ان میں تین اکٹھے مہینے

حج کے پُر اطمینان سفر کے لئے تجویز کئے گئے تھے اور چوتھا مہینہ ان کے درمیان آتا تھا۔ تاکہ حج کے ایام کے علاوہ سال میں کم از کم ایک بار مزید سب لوگ امن و عافیت سے سفر اور تجارت وغیرہ کر سکیں۔ چونکہ یہ ایک پسندیدہ دستور تھا۔ لہٰذا اسلام نے اسے بحال رکھا۔ کبیسہ کے طریق کی وجہ سے ان حرمت والے مہینوں میں بھی تقدیم و تاخیر اور گڑبڑ پیدا ہو جاتی تھی۔ اور قلامسہ کے فرائض میں یہ بات بھی شامل تھی کہ وہ اعلانِ حج کے ساتھ ان مہینوں کا بھی اعلان کیا کرے کہ آئندہ سال کون کون سے مہینے حرمت والے ہوں گے۔ اس تقدیم و تاخیر کو اہلِ عرب نَسِئ کہتے تھے۔

عرب کے سیدھے سادھے لوگ بھلا اس قلمسی تقویم کو کیونکر قبول کرتے۔ لہٰذا قلامسہ اس بات پر مجبور تھے کہ ہر سال حج کے علاوہ حرُمت کے مہینوں کی تقدیم و تاخیر کا بھی اعلان کیا کریں۔ قلمسی کیلنڈر کا صرف مکہ ہی میں رواج ہو سکا۔ وہ بھی اس صورت میں کہ یہاں دونوں قسم کے کیلنڈر رائج تھے۔ قلمسی کیلنڈر کی عرب بھر میں عدم قبولیت کا یہ عالم تھا کہ قلمسی کیلنڈر کو مکّی کیلنڈر کہہ دیا جاتا تھا۔ مکہ کے علاوہ اور کسی جگہ یہ کیلنڈر رواج نہ پا سکا۔

جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو اس دور میں حج کا فریضہ اسی قلمسی یا مکّی کیلنڈر کے مطابق سرانجام دیا جاتا تھا اور حرمت کے مہینے بھی قلامسہ ہی مقرر کرتے تھے۔ قمری تقویم میں کبیسہ کے اس طریق کو اللہ تعالیٰ نے عین کفر قرار دیا۔ ارشادِ باری ہے :-

اِنَّمَا النَّسِیۡٓءُ زِیَادَۃٌ فِی الۡکُفۡرِ یُضَلُّ بِہِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا یُحِلُّوۡنَہٗ عَامًا وَّ یُحَرِّمُوۡنَہٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوۡا عِدَّۃَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ فَیُحِلُّوۡا مَا حَرَّمَ اللّٰہُ ؕ زُیِّنَ لَہُمۡ سُوۡٓءُ اَعۡمَالِہِمۡ ؕ (۹/۳۷)

مہینوں میں تقدیم و تاخیر کفر کے زمانہ کی زیادتی ہے۔ اس سے کافر لوگ گمراہی میں پڑے رہتے ہیں ایک سال تو انہیں حلال کر لیتے ہیں اور دوسرے سال حرام۔ تاکہ حرمت کے مہینوں کی گنتی پوری کر لیں جو اللہ ہی نے مقرر کئے ہیں اور تاکہ جو اللہ نے منع کیا ہے اس کو جائز کر لیں ان کے بداعمال انہیں اچھے دکھائی دینے لگے ہیں۔

کبیسہ کے خاتمہ کے لئے اعلانِ نبوی

اتفاق کی بات ہے کہ ۱۰ھ میں جب رسول اللہ نے فریضۂ حج (حجۃ الوداع) سرانجام دیا تو اس وقت مکّی یا قلمسی کیلنڈر کے حساب سے دوسرا ذی الحجہ تھا اور قمری یا حقیقی کیلنڈر کے حساب سے بھی ذی الحجہ کا مہینہ تھا۔ اسی موقعہ پر مندرجہ بالا آیت نازل ہوئی۔ جس کی بنا پر اس طرح کی پیوندکاری کو

حرام قرار دیا گیا نیز رسول اللہؐ نے اپنے خطبۂ حجۃ الوداع میں یہ اعلان فرما دیا کہ :

إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ اَلسَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِّنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُو الْقَعْدَةِ وَ ذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمِ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى و شعبان۔
(بخاری۔کتاب التفسیر۔باب ان عدۃ الشھور...)

دیکھو! زمانہ گھوم پھر کر پھر اسی نقشہ پر آ گیا ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان پیدا کئے تھے۔ دیکھو ایک سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے۔ ان میں چار مہینے حرمت والے ہیں تین تو لگا تار ذیقعد، ذی الحجہ اور محرم ہیں اور چوتھا مُضر کا رجب (قبیلہ مضر اس مہینہ کی بہت تعظیم کرتا تھا) جو جمادی الاخریٰ اور شعبان کے درمیان ہوتا تھا۔

چنانچہ اس آیت اور آپؐ کے اس ارشاد کی رُو سے کبیسہ کا طریق حکماً اور یکسر بند کر دیا گیا۔ بعد ازاں عرب اور دیگر اسلامی ممالک میں قمری تقویم اپنی حقیقی بنیادوں پر رائج ہو گئی۔ جسے بعد میں ہجری تقویم کا نام دیا گیا۔

TRUEMASLAK@INBOX.COM

باب ۲

علمِ ہیئت اور سیّاروں کے اثرات

پہلا دور۔ زمین کے ساکن ہونے کا نظریہ

تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سیاروں کی گردش سے متعلق باقاعدہ مشاہدات کی ابتداء عراق سے ہوئی۔ عراق میں اکثر مطلع صاف رہتا تھا۔ رات کو اکثر لوگ سیاروں کی چال اور حرکات کا مطالعہ کرتے اور اس میں بہت دلچسپی لیتے تھے۔ انہوں نے حضرت مسیحؑ سے ہزار ہا سال پیشتر یہ دریافت کر لیا تھا کہ سورج اور چاند کی طرح اور بھی بہت سے سیارے مشرق سے مغرب کو مصروفِ سفر رہتے ہیں۔ جبکہ ہماری زمین اپنی جگہ پر قائم اور ساکن ہے۔ پانچ مشہور سیارے یعنی عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل جنہیں خمسہ متحیرہ بھی کہتے ہیں، ان کے علم میں آ چکے تھے۔ وہ ان مختلف سیاروں کی چال سے رات کے اوقات کا صحیح صحیح تعین بھی کر لیتے تھے۔ اور رات کے وقت سفر کے دوران سمت کا تعین کرنے کے بھی قابل ہو چکے تھے۔

انسانی زندگی پر سیاروں کے اثرات

ان اجرامِ فلکی کے زمین پر بعض اثرات بالکل واضح تھے۔ مثلاً سورج کی وجہ سے دن رات پیدا ہوتے ہیں اور چاروں موسم وجود میں آتے ہیں۔ جن سے طرح طرح کی فصلیں اور پھل پکتے ہیں۔ زندگی کے لیے روشنی اور حرارت نہایت ضروری ہے جو ہمیں سورج سے حاصل ہوتی ہے۔ رات کو ہم چاند اور ستاروں سے روشنی حاصل کرتے اور ان کی چال سے رات کے اوقات کا تعین اور سفر کے دوران سمت معلوم کرنے میں مدد حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس دور کے انسان نے یہ بھی معلوم کر لیا کہ چاند جن دنوں میں زائد النور ہوتا ہے، پھلوں میں رس تیزی سے بڑھتا ہے۔ اور جب ناقص النور ہوتا ہے تو یہ رفتار بہت سست پڑ جاتی ہے۔ یہ اثرات تو بالکل بدیہی تھے لیکن انسان نے بعض توہمات کی بناء پر ان سیاروں کے انسان کی انفرادی زندگی پر بھی طرح طرح کے اثرات تسلیم کرنا شروع کر دیئے۔ وہ اپنی زندگی اور موت، مرض اور صحت اور ایسے ہی کئی دوسرے اُمور کو سیاروں کی چال

سے منسوب کرنے لگا۔

ان توہمات اور گمراہیوں کو دُور کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کی بذریعہ وحی رہنمائی فرمائی اور اسی دَور میں حضرت ادریس علیہ السلام (اصل نام اخنوخ) کو مبعوث فرمایا۔ چونکہ یہ زمانہ ابتدائے آفرینش کا دور تھا، لوگوں کے علم نے ابھی کچھ زیادہ ترقی نہ کی تھی۔ لہٰذا حضرت ادریس علیہ السلام کو بذریعہ وحی چند مفید علوم سکھلائے گئے۔ چنانچہ کپڑا بُننے اور لکھنے کے مُوجد اور استادِ اول آپ ہی ہیں۔ منجملہ دیگر علوم کے آپ کو علمِ نجوم کی پُوری ماہیت، سیاروں کی گردش اور کشش وغیرہ کا علم بھی عطا کیا گیا۔ آپ علمِ ہندسہ اور علم حساب کے بڑے ماہر تھے۔ ان علوم کے ساتھ ساتھ فصاحت و بلاغت اور تقریر میں اتنے ماہر تھے کہ انہیں ہرمس الہرامسہ[۱] کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ نے سیاروں سے متعلق لوگوں کے عقائدِ باطلہ کی پُرزور تردید کی۔ اور انہیں سمجھایا کہ یہ اجرام محض بنی نوعِ انسان کی خدمت پر مامور ہیں۔ انسان ان کا خادم نہیں بلکہ مخدوم ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ یہ اجرام انسان کی زندگی کو ممکن بنانے اور بحال رکھنے کے لئے اس سے بہت پہلے پیدا کئے گئے ہیں اور اپنے مقررہ فرائض کی بجا آوری میں محض مجبور و بے بس ہیں۔ گویا آپ نے انسان کو اس کی عظمت ذہن نشین کرا کے ایسے حقیر توہمات سے نجات دلائی۔

علمِ ہیئت اور نجوم پرستی

حضرت ادریسؑ کی رحلت کو ایک طویل دور گزر گیا تو سیاروں کی گردش کے انسان کی انفرادی زندگی پر اثرات کے توہمات پھر انسانی ذہن میں راہ پانے لگے۔ حتیٰ کہ ۲۰۰۰ سال ق۔م میں حضرت ابراہیمؑ اسی علاقہ میں مبعوث ہوئے تو یہ قوم پوری طرح نجوم پرست بن چکی تھی۔ اس وقت شہر بابل عراق کا پایۂ تخت اور نمرود حکمران تھا۔ اللہ تعالیٰ کی یہ حکمت تھی کہ حضرت ابراہیمؑ، اس سلطنت کے سب سے بڑے شاہی پروہت، نجوم پرست اور بُت تراش "آزر" کے ہاں پیدا ہوئے۔ آزر کا اصلی نام تارخ تھا لیکن بُت گری، بُت فروشی کے پیشہ کی وجہ سے آزر مشہور ہو گیا تھا۔ ان دنوں مندروں میں دوسرے بتوں کے علاوہ سیاروں کے دیوتاؤں کی موہوم شکلوں کے مجسمے بھی رکھے جاتے اور ان کی پرستش کی جاتی تھی۔

---

[۱] ہرمس سکندر رومی کی مجلس علمی کا قائد تھا۔ یہ ایک عظیم فلاسفر اور حکیم تھا۔ جب دربار میں کھڑے ہو کر اس مجلس کے سامنے تقریر کرتا تو ایسے رموز و نکات بیان کرتا کہ اہلِ مجلس اس کی عقل و دانش پر مبہوت رہ جاتے تھے۔ یونانی حکماء اس پر بہت رشک کیا کرتے تھے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب ہوش سنبھالا تو قوم کی اس نجوم پرستی اور بُت پرستی پر آپ کی طبیعت سخت بیزار ہوئی۔ سیاروں کے ایسے اثرات کو تسلیم کرنے پر آپ کی طبیعت قطعاً آمادہ نہ ہوتی تھی۔ آپ نے پہلے کسی سیارے کا غور سے مطالعہ اور مشاہدہ کیا، پھر چاند اور اس کے بعد سورج کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا۔ اس مطالعہ نے آپ کو سیاروں کے اثرات سے بغاوت پر آمادہ کر دیا۔ آپ نے دیکھا کہ یہ اجرام، خواہ بڑے ہوں یا چھوٹے، اپنے فرض کی ادائیگی میں مجبور و بے بس ہیں، ان کا اپنا ذرہ بھر بھی اختیار نہیں ہے۔ آپ سوچتے تھے کہ بھلا ایسی مجبور و بے بس اشیاء خدائی اختیارات کی حامل کیونکر ہو سکتی ہیں ؟

آپ نے یہ بھی دیکھا کہ یہ سیارے رات کو طلوع و غروب ہوتے رہتے ہیں۔ اور جو چیز میرے پاس موجود نہیں رہ سکتی بلکہ غائب یا نظروں سے اوجھل ہو جاتی ہے وہ میری حفاظت کیسے کر سکتی ہے؟ اور میرا کیا بگاڑ یا سنوار سکتی ہے؟ چنانچہ آپ کی طبیعت اس جستجو میں رہتی کہ ایسی ذات کا پتہ لگائیں جو ان اجرام کی اور خود ہماری بھی نگران اور مُربّی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبوّت عطا فرمائی اور بذریعہ وحی اس اضطراب کو دُور کر کے یقینی علم عطا فرمایا۔ بقول ارشاد باری تعالیٰ :۔

"وَكَذَٰلِكَ نُرِيٓ إِبْرَٰهِيمَ مَلَكُوتَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ ٱلْمُوقِنِينَ" ! (۶/۷۵)

اسی طرح ہم نے ابراہیمؑ کو کائنات کے عجائبات دکھلا دیئے تاکہ اسے یقینی علم حاصل ہو۔"

چنانچہ حضرت ادریس علیہ السلام کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کو علم ہیئت کی حقیقت سے بذریعہ وحی کلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہُوا کہ آپ نے علی الاعلان ان عقائد باطلہ اور نجوم پرستی کی مخالفت اور تردید شروع کی۔ ردّ عمل کے طور پر باپ نے آپ کو گھر سے نکال دیا اور قوم نے ملک بدر کر دیا۔ مگر جہاں کہیں بھی آپ گئے، اپنا مشن جاری رکھا۔ اور ستاروں کے بجائے اللہ کی فرمانروائی کا درس دیتے رہے۔

آپ کی قوم میں انفرادی زندگی پر سیاروں کے اثرات کا عقیدہ اتنا راسخ ہو چکا تھا کہ ہر کام میں سیاروں کی چال ملاحظہ کر کے ان سے اچھے اور بُرے نتائج اخذ کرتے اور ان پر عمل پیرا ہوتے تھے۔

ایک دفعہ قوم نے نوروز کے دن (جو ان کے ہاں بڑا متبرک دن تھا جبکہ سورج برج حمل میں داخل ہوتا ہے) ان بتوں کے حضور نذر و نیاز پیش کرنے کے بعد ایک میلہ پر تفریحی تقریبات منانے کا پروگرام بنایا۔ یہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے ساتھ ہی لے جانا چاہتے تھے۔

کیونکہ انہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کچھ "خطرہ" بھی تھا۔ جب ان لوگوں نے آپ کو ساتھ چلنے پر مجبور کیا تو آپ کو ایک ترکیب سُوجھ گئی۔ آپ نے فوراً ستاروں کی طرف توجہ کی اور فرمادیا کہ میں عنقریب بیمار ہونے والا ہوں، تمہارے رنگ میں بھنگ پڑجائے گا۔ یہی ایک ترکیب ان لوگوں کی نظر میں کامیاب ہوسکتی تھی۔ چنانچہ یہ لوگ چارو ناچار آپ کو پیچھے چھوڑ کر میلہ پر چلے گئے۔

بعد میں وہی کچھ ہوا جس کا انہیں خطرہ تھا۔ آپ نے تبر لے کر تمام دیوتاؤں کو (جو مختلف ستاروں کے ہی موہوم مجسمے تھے) پاش پاش کر دیا۔ سب سے بڑے بُت کو اس لئے چھوڑ دیا کہ یہ بڑا خدا اپنے پجاریوں کو صحیح صورتِ حال سے مطلع کر سکے گا۔ چنانچہ آپ تبر اس کے کندھے پر رکھ کر چلے گئے۔ یہ کارنامہ اس قوم اور اس کے خداؤں سب کے لئے کھلا ہوا چیلنج تھا۔ مگر یہ تمام دیوتا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے۔ تاہم ذہنی طور پر اس شکست خوردہ قوم نے اپنے دیوتاؤں کی وکالت کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس جرم کی پاداش میں آگ میں زندہ جلا دینے کا انتظام کیا۔ لیکن اس حقیقی اللہ نے، جس پر آپ ایمان رکھتے تھے، آپ کو آگ سے زندہ وسلامت نکال لیا۔ یہ واقعہ قوم کے لئے دوسرا بڑا چیلنج تھا لیکن ان کی بےبسی نے ان کو سرنگوں کر دیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے قول وعمل سے بُت پرستی اور نجوم پرستی کے خلاف مہم چلائی تھی، وہ کامیاب رہی اور ایسے عقائد ایک طویل مدت کے لئے بالکل سرد پڑ گئے۔

علمِ ہیئت کے متعلق معلومات، مشاہدات اور توہمات کا یہ سب سے پہلا اور طویل دَور ہے جو تقریباً ۶۰۰ ق م تک پہنچتا ہے۔ اس دور میں کسی رصدگاہ یا دُوربین کا وجود نہ تھا۔ لہٰذا اس علم کی بنیاد عام انسانی مشاہدہ کے مطابق تھی۔ یعنی اس نظریہ کے مطابق زمین کو ساکن اور سُورج کو متحرک تصوّر کیا جاتا تھا۔

دُوسرا دَور۔ حرکتِ زمین اور سکونِ شمس کا نظریہ

عراق کے بعد اہلِ یونان نے علمِ ہیئت میں خاصی دلچسپی لی۔ یونان کے فلاسفر ان مشاہدات سے ماخوذ نتائج کو ایک باقاعدہ علم اور نظریہ کے طور پر پیش کرنے لگے۔ سب سے پہلے یونان کے ایک حکیم فیثا غورث نے یہ نظریہ پیش کیا کہ سُورج متحرک نہیں بلکہ ساکن ہے۔ فیثا غورث ۵۹۰ ق م میں شہر صور میں پیدا ہُوا۔ یہ ایک عظیم مفکر اور فلاسفر تھا جس نے دیگر کئی علوم کے علاوہ علمِ ہندسہ اور علمِ نجوم میں مہارت حاصل کی۔ علمِ ہیئت کے متعلق فیثا غورث کی تحقیقات یونان میں اس قدر مقبول ہوئیں کہ اس نظریہ کی باقاعدہ درس وتدریس شروع ہوگئی۔

اس نظام میں سورج کو ساکن اور مرکز قرار دیا گیا۔ جس کے گرد ہماری زمین اور صدہا دوسرے سیارے گردش کرتے ہیں۔ ان سیاروں کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا۔ پہلی قسم میں معروف سیارے عطارد، زہرہ، مریخ وغیرہ شامل تھے۔ دوسری قسم ثانوی سیارچوں کی تھی جنہیں ہم چاند کہتے ہیں جو سیاروں کے گرد گھومتے ہیں۔ تیسرے دنبالہ دار (دمدار سیارے (COMMETS) کہلاتے ہیں جو بیضوی مدارات پر طولانی گردش کرتے ہیں۔

اس نظام میں ہمارے نظام شمسی کو ایک وحدت یا مملکت قرار دیا گیا ہے اور یہ نظریہ پیش کیا گیا ہے کہ ہمارے سورج کی طرح اور بھی بے شمار ثوابت (ستارے، سورج کی طرح کے مرکز) اس کائنات میں موجود ہیں۔ اور ان کے گرد بھی مذکورہ بالا تینوں اقسام کے سیارے گردش کر رہے ہیں۔ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس دَور کے ہیئت دانوں نے یہ نظریہ بھی پیش کیا کہ عین ممکن ہے، ان بے شمار ستاروں (ثوابت۔ سورج یا مراکز) کے لئے کوئی بہت بڑا ستارہ موجود ہو جس کے گرد تمام سورج اپنے اپنے نظام شمسی سمیت گردش کر رہے ہوں۔ ایسے بہت بڑے ستارے کو ثابتہ الثوابت یا شمس الشموس کا نام دیا جا سکتا ہے جس کے گرد تمام ستارے اپنی اپنی شان و شوکت کے ساتھ گردش کر رہے ہوں۔ یہ نظریہ یونان میں بے حد مقبول ہؤا اور افلاطون اور ارشمیدس نے بھی یہی رائے پسند کی تھی۔

تیسرا دَور۔ حرکتِ شمس اور سکونِ زمین کا نظریہ

بعد ازاں چوتھی صدی ق۔م میں بطلیموس فلاسفر نے علمِ ہیئت کے متعلق وہی پہلا نظریہ پیش کیا۔ یہ علمِ ہندسہ، ہیئت اور نجوم میں استادِ وقت اور یکتائے روزگار تھا۔ اس نے اجرامِ فلکی کی تحقیقات کے لئے ایک رصد بھی تیار کی تھی اور ان علوم پر بہت سی کتب تصنیف کیں۔ علمِ ہیئت میں اس کی کتاب مجسطی نہایت معتبر سمجھی جاتی ہے۔

اس نظام میں زمین کو ساکن اور مرکزِ عالم قرار دیا گیا ہے۔ اس نظام کے مطابق ۱۲ کرے مقرر کئے گئے ہیں۔ چار کرے تو عناصر پر مشتمل ہیں۔ کرۂ خاک جو ہماری زمین ہے۔ کرۂ آب جو کرۂ خاک کو پوری طرح محیط نہیں بلکہ کرۂ خاک کے ۳/۴ حصہ پر محیط ہے۔ اور یہ دونوں کرّے مل کر دراصل ایک ہی کرّہ بنتا ہے اس کے اُوپر کرّہ ہوا اور پھر چوتھے نمبر پر کرّہ حرارت ہے۔ ان چار کرّوں کے بعد کرّہ ہائے افلاک شروع ہو جاتے ہیں۔ پہلے فلک پر چاند، دوسرے پر عطارد، تیسرے پر زہرہ، چوتھے پر سورج، پانچویں پر مریخ، چھٹے پر مشتری اور ساتویں پر زحل ہے۔ گویا

سات آسمانوں کو سات سیاروں سے منسوب کیا گیا ہے۔ آٹھویں فلک کو فلکِ ثوابت قرار دیا گیا ہے جسے فلک البروج بھی کہتے ہیں۔ علمائے ہیئت نے اس آٹھویں آسمان کے دائرہ کو ۱۲ حصّوں میں تقسیم کر کے ہر حصّہ کو ایک برج قرار دیا ہے۔ اس دائرہ کو منطقۃ البروج (ZODIAC) کہتے ہیں۔ اس آٹھویں فلک پر ایک فرضی گول خط کھینچا گیا ہے جو زمین پر واقع خطِ استوا کے بالکل سیدھ میں ہے اور اس خط کو معدل النہار کہتے ہیں۔ منطقۃ البروج اس معدل النہار کو قطع کرتا ہے۔ جب آفتاب ان دو مقاماتِ تقاطع پر سے گزرتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔ یعنی

ایک بار برج حمل میں دوسری بار برج سنبلہ میں۔ معدل النہار اور منطقۃ البروج کی یہ شکل ہے:

فلک نہم تمام آسمانوں پر محیط ہے۔ اسے فلک اطلس بھی کہتے ہیں۔ اگرچہ ہر فلک کی جداگانہ حرکت ہے مگر آٹھوں آسمان اور ساتوں سیارے فلک نہم کی حرکتِ وضعی سے وابستہ ہیں اور ساتوں سیاروں کی حرکت سالانہ ہر ایک فلک کی حرکتِ خاص سے تعلق رکھتی ہے۔

بارہ برج فلک البروج کے ۱۲ حصے یا ۱۲ بُرج ہیں۔ جو دراصل ستاروں کے جھرمٹ یا مجمع النجوم (CONSTALATIONS) ہیں جنہیں دیکھنے سے ایک مخصوص تصور یا شکل ذہن میں آ جاتی ہے۔ ان برجوں کے نام اور اشکال یہ ہیں:۔

نمبر شمار	عربی	ہندی	انگریزی	معنی	شکل
۱	حمل	میکھ	ARIES	مینڈھا	یہ ایک جسیم مینڈھے کی شکل ہے۔
۲	ثور	برکھ	TAURUS	بیل	بیل 〃 〃

۳	جوزا	متھن	GEMINI or TWINS	جڑواں لڑکیاں	دو ہم عمر لڑکیاں ساتھ ساتھ کھڑی ہیں۔
۴	سرطان	کرک	CANCER or CRAB	کیکڑا	کیکڑے کی شکل
۵	اسد	سنگھ	LEO or LION	شیر	شیر کی شکل
۶	سنبلہ	کنیا	VERGO or VIRGIN	کنواری	ایک کنواری عورت ننگے سر جیسے پہنے دکھلائی گئی ہے
۷	میزان	تلا	LIBRA or BALANCE	ترازو	ترازو کی شکل ایک طرف سے دیکھنے سے
۸	عقرب	برچھک	SEORPIO or SCORPION	بچھو	بچھو کی شکل
۹	قوس	دھن	SAGITARIUS or ARCHER	کمان	دھڑ گھوڑے کا سر انسان کا جو تیر کمان کھینچے ہوئے ہو
۱۰	جدی	مکر	CAPRICORN or GOAT	بکری	سیدھے سینگوں والی بکری
۱۱	دلو	کنبھ	AQUARIUS or WATER CARRIER	ڈول	ماشکی یا سقہ کی شکل
۱۲	حوت	مین	PISEES or FISHES.	مچھلی	دو مچھلیاں ہیں۔ ایک راسی سمت میں دوسری افقی سمت میں۔

ہر سیارہ ان برجوں کے سامنے سے گزرتا ہے۔ اور یہ برج ۱۸ درجے چوڑائی میں تمام آسمان پر پھیلے ہوئے ہیں۔

منازل قمر برجوں کی تقسیم کے علاوہ اس فلک کو ۲۸ منازل میں بھی تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک برج کی لمبائی ۳۰ درجے ہے۔ تو ایک منزل کی اوسط تقریباً ۱۲ درجے ہے۔ یہ منازل قمر کہلاتی ہیں۔ گویا یہ چاند کا تقریباً ایک دن کا سفر ہے۔ ان منازل کے نام اور تفصیل بوجہ طوالت نظر انداز کی جاتی ہے۔ قرآن کریم نے بھی درج ذیل آیات میں ان منازل کا ذکر کیا ہے:۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ ؕ (۱۰/۵)

وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کر سکو۔

اور ایک دوسرے مقام پر فرمایا:۔

وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ (۳۶/۳۹)

اور ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کر دی ہیں۔ تاآنکہ وہ کھجور کی پرانی شاخ (چھڑک) کی طرح (پتلا سا) ہو جاتا ہے

یونان میں فیثا غورث کے نظریہ کے بعد جلد ہی تقریباً ڈیڑھ صدی بعد یہ نظریہ علم ہیئت مقبول ہونے لگا۔ چنانچہ فلاسفر ارسطو اور برخس وغیرہ جو بطلیموس کے پیش رو تھے، اسی نظریہ کے قائل تھے

اور انہی علمائے ہیئت کی مدد سے بطلیموس نے یہ نظریہ مرتب کیا تھا جو چار وانگ عالم بہت مقبول ہُوا۔ مصر، یونان، ہند وغیرہ سب ممالک میں اس نظریہ کو قبولِ عام حاصل ہُوا۔ یورپ میں بھی ۱۵۰۰ء تک اس کی تعلیم دی جاتی رہی ہے۔ ایران، عرب، ترکی اور روم میں اب تک جاری ہے۔ ہندوستان میں آج تک جنتریاں وغیرہ اسی نظام کے تحت مرتب کی جاتی ہیں۔

نجوم پرستی کی انتہا یہ نظریہ، ہیئت پہلی حیثیت سے بڑھ کر نجوم پرستانہ عقائد بھی اپنے ساتھ لایا۔ فلک اور سیاروں کی گردش کے مخصوص اثرات تسلیم کر لیئے گئے جو انسانی زندگی پر ہر وقت پڑتے رہتے ہیں۔ بعض ممالک میں ان سات سیاروں کو دیوتاؤں کا درجہ دیا گیا۔ ہفتہ کے دنوں کے نام انہی سات سیاروں کے نام پر رکھے گئے۔ انسان ان سیاروں کو معبود اور دیوتا سمجھ کر انہیں خوش رکھنے کے لئے ان کے حضور نذر و نیاز اور قربانیاں پیش کرنے لگا اور ان کی ناراضگی سے ڈرنے لگا۔ اہلِ ہند اور اہلِ یونان و روم ان معتقدات میں سب سے بڑھے ہوئے تھے چنانچہ ہفتہ کے دنوں کے ناموں سے یہ بات صاف طور پر واضح ہوتی ہے۔

انگریزی زبان میں اتوار کو سنڈے (SUNDAY) سُورج دیوتا کا دن، سوموار کو منڈے (MONDAY) چاند دیوتا کا دن کہا جاتا ہے۔ مریخ (MARS) کے دیوتا کا نام (TIW) تھا اسی نسبت سے منگل کو ٹیوزڈے (TUESDAY) کہتے ہیں۔ عطارد کے دیوتا کا نام (WEDEN) رکھا گیا اور اسی نسبت سے بُدھ کو (WEDNESDAY) کہتے ہیں۔ WEDEN دیوتا کا ایک بیٹا تھار (THOR) تسلیم کیا گیا جو گرج یا رعد کا دیوتا تھا اسے مشتری کا دیوتا قرار دیا گیا اور اسی نسبت سے جمعرات کو (THURSDAY) کہتے ہیں۔ WEDEN کی بیوی کا نام فرگ (FRIGG) یا فرگا (FRIGGA) تجویز ہُوا۔ اسے جونو (JUNO) بھی کہتے ہیں۔ یہ زہرہ سیارہ کی دیوی تھی اور اسی نسبت سے جمعہ کے دن کو (FRIDAY) کہا جانے لگا۔ زہرہ کا مالک دیوتا کی بجائے دیوی (مؤنث) تجویز کرنے کی شاید یہ وجہ ہو کہ زہرہ کو ایک خوبصورت سیارہ تصور کیا جاتا ہے زحل کو انگریزی میں (SATURN) کہتے ہیں۔ یہی اس کے دیوتا کا نام تھا اور اسی نسبت سے ہفتہ کے دن کو (SATURDAY) کہتے ہیں۔

یہ تو عیسوی تقویم میں ہفتہ کے دنوں کے نام تھے۔ مہینوں کا یہی حال ہے۔ بارہ مہینوں[۱] میں

---

[۱] عالمی معلومات از زاہد انجم ص۵۵ مطبوعہ فیروز سنز لاہور۔

سے پہلے آٹھ مہینوں کے نام بھی دیوی دیوتاؤں سے منسوب ہیں۔ جنوری کا لفظ رومن دیوتا جینس کی یاد تازہ کرتا ہے۔ فیبروری، فیبروآ کی، مارچ رومنوں کے جنگ کے دیوتا مریخ کی، اپریل "اپی رائٹ" کی، مئی رومنوں کی نشوونما کی دیوی میئیا کی، جون، جونو دیوی کی، جولائی روم کے بادشاہ جولیس سیزر کی اور اگست اگسٹس سیزر کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ باقی آخری چار ماہ اعداد سے متعلق ہیں۔ یعنی ستمبر لاطینی لفظ سپیٹم سے مشتق ہے جس کے معنی سات یا ساتویں کے ہیں۔ اکتوبر لاطینی لفظ اوکٹوے سے بمعنی آٹھ یا آٹھواں، نومبر لاطینی لفظ نوم سے بمعنی نو یا نواں اور دسمبر لاطینی لفظ دسیم بمعنی دس یا دسواں سے مشتق ہیں۔ آخری چار ماہ کے نام غالباً اس دور میں رکھے گئے ہوں گے جب شمسی تقویم میں دس ماہ شمار کئے جاتے تھے۔

علمِ جوتش: ہند کے لوگ ان معتقدات میں اہلِ مغرب سے بھی کچھ آگے بڑھ گئے تھے۔ ان کے ہاں بھی ہفتہ کے دنوں کے نام سیاروں کے نام پر رکھے گئے۔ مثلاً زحل کو سنیچر کہتے ہیں تو اس سے ہفتہ کا نام سنیچر وار رکھا گیا۔ اِس ستارہ کو منحوس تصوّر کیا جاتا ہے۔ پھر ہر انسان کے نام کی بنا پر اس کی کسی مخصوص سیارہ سے نسبت قائم کی گئی۔ گویا اس انسان پر اس منسوب سیارہ کے اثرات دوسرے سیاروں کی نسبت زیادہ تسلیم کئے جاتے تھے۔ اسی طرح زہرہ سیارہ کو شکر کہتے ہیں تو جمعہ کا نام شکر وار مشہور ہوا۔ مشتری کو ہندی میں برہسپت کہتے ہیں۔ جمعرات کا دن اس ستارہ کا دن تسلیم کیا گیا۔ اور اسے برہسپتو وار یا ویروار کہتے تھے۔ یہ ستارہ سعدِ اکبر تسلیم کیا جاتا ہے۔ گویا جس شخص کی اس سیارہ سے نسبت ہے وہ نیک بخت ہوگا۔ عطارد سیارہ کو بدھ اور اور اس کے دن کو بدھ وار کہتے ہیں۔ اس سیارہ کا تعلق رکھنے والا علم و دانش سے بہرہ ور ہوگا مریخ کو منگل کہتے ہیں۔ اس ستارہ کو بھی منحوس تصوّر کرتے ہیں۔ اور منگل کا دن اسی سیارہ سے منسوب ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس سوموار کا دن چاند سے منسوب ہے اور ایسے شخص میں، جو اس سے تعلق رکھتا ہے، نرمی اور جمال پایا جاتا ہے۔ اتوار سورج کا دن ہے اور اس سیارہ سے تعلق رکھنے والا شخص عموماً بہادر اور پرشکوہ ہوتا ہے۔

مزید ستم یہ ہوا کہ انفرادی اثرات کے علاوہ ان سیاروں کے زمین اور اہلِ زمین پر مجموعی اثرات بھی معتقدات میں شامل ہوگئے۔ مثلاً دولت، زراعت، معدنیات اور کپڑے کا مالک سُورج کو تسلیم کیا گیا۔ مشتری یعنی برہسپت کو سیلاب اور بادلوں کا مالک، مریخ یعنی منگل کو پھلوں کے رسوں کا مالک، زحل یعنی سنیچر کو غلہ کا مالک اور عطارد یعنی بُدھ کو تمام پھلدار

درختوں اور پودوں کا مالک سمجھا جانے لگا۔ ان معتقدات کا نتیجہ یہ ہوا کہ علم ہیئت کے علاوہ ایک دوسرا علم، جو علم نجوم یا علم جوتش کے نام سے مشہور ہوا، بہت زیادہ فروغ پا گیا۔ بادشاہ اور حکمران لوگ کسی بھی مہم اور سفر پر روانہ ہونے سے پیشتر نجومیوں سے زائچے تیار کروا کر یہ معلوم کرتے تھے کہ ان کا یہ سفر یا مہم کن حالات پر منتج ہو گی۔ اس طرح سے علم نجوم سے لوگوں کی دلچسپی بڑھتی گئی اور پیشہ ور نجومیوں کی ایک فوج ظفر موج پیدا ہوئی جو لوگوں کے زائچے تیار کر کے انہیں یہ خدمات بہم پہنچاتی اور غیب کی خبریں مہیا کرنے لگی۔ آج کل بھی ہماری زبان میں ایسے بے شمار محاورات زبان زد ہیں جو ان معتقدات پر روشنی ڈالتے ہیں۔ مثلاً "ستارۂ قسمت کا گردش میں ہونا" "فلکِ کج رفتار کی چیرہ دستی" وغیرہ۔ حتیٰ کہ ہمارے شعر و ادب میں بھی یہ معتقدات نفوذ کر گئے بقول غالب[۵]

رات دن گردش میں ہیں سات آسمان ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا؟

غرض ہمارے شعر و ادب اور روزمرّہ میں ایسی بیشمار مثالیں ملتی ہیں۔

مسلمانوں نے اپنے دورِ تمدن میں علم ہیئت کو پورے عروج پر پہنچایا۔ مشہور مستشرق فلپ کے حتیٰ (PHILLIP-K-HITTI) اعتراف کرتا ہے کہ:

"عربوں نے علمِ طب ہیئت، ریاضی اور کیمیا میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ عربوں نے سائنس کے علم میں تجرباتی اصول سے کام لیا ہے جو یونانیوں کے نظریاتی اصول کے مقابلہ میں ایک نمایاں ترقی تھی۔"

مشہور جغرافیہ دان ابنِ موسیٰ نے ایک ایسا آلہ ایجاد کیا تھا جس سے کرۂ ارض کی پیمائش کی جا سکتی تھی۔ ولیم ڈریپر (WILLIAM DRAPER) لکھتا ہے کہ:

"یورپ میں سب سے پہلی رصدگاہ (OBSERVATORY) اسپین میں تعمیر ہوئی جو مسلمانوں نے تعمیر کی تھی۔"

بایں ہمہ اسلام سیاروں کے اثرات، علمِ جوتش کا قائل نہیں ہے۔ لہٰذا مسلمان ہیئت دانوں نے اس پہلو کو مطلق قبول نہیں کیا۔ ہمارے ہاں جو اس قسم کے لغویات پائے جاتے ہیں تو یہ ہندو تہذیب کا اثر ہے۔ عربی زبان میں ہفتہ کے دنوں کے ناموں کا بھی سیاروں سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ جس کی وضاحت آگے چل کر آئے گی۔

باب ۳

علمِ ہیئت کا ارتقاء اور اسلام

چوتھا یا موجودہ دَور، حرکت زمین اور سکون شمس کا نظریہ

بطلیموسی نظریہ ہیئت اپنے تمام معتقدات سمیت تقریباً ۱۸۰۰ سال تک دنیا بھر میں مشہور و مقبول رہا۔ بالآخر یورپ کے ایک ہیئت دان کوپرنیکس (۱۴۷۳ء-۱۵۴۳ء) نے سولہویں صدی عیسوی کے آغاز میں یہ آواز بلند کی کہ موجودہ نظامِ ہیئت میں بہت سی غلطیاں ہیں۔ اس کے برعکس کوپرنیکس نے زمین کی محوری گردش اور سورج کے گرد سالانہ گردش کا نظریہ پیش کیا اور واضح طور پر اعلان کیا کہ سورج متحرک نہیں بلکہ ساکن ہے۔ لیکن کوپرنیکس کے بعد ایک دوسرے ہیئت دان ٹیکو براہی نے کوپرنیکس کے نظریہ کو ردّ کر دیا اور تھوڑی سی ترمیم کے بعد اسی پہلے نظریہ بطلیموس کو صحیح قرار دیا۔ جس میں زمین کو ساکن قرار دیا گیا ہے اور سُورج اور دوسرے تمام سیارے اس کے گرد گردش کر رہے ہیں۔

بعد ازاں اٹلی کے ایک ہیئت دان گیلیلو نے ایک دوسرے ہیئت دان جنس (ہالینڈ) کی مدد سے کئی قسم کی دُوربینیں تیار کیں۔ ان کی مدد سے جب اجرامِ فلکی کا مشاہدہ کیا تو کوپرنیکس کے نظریہ کو بہت درست پایا۔ سالہا سال کی محنت کے بعد اس نے ۱۶۱۴ء میں یہ دریافت کیا کہ مشتری کے گرد بھی کئی چاند چکر لگا رہے ہیں۔ نیز یہ کہ فی الواقع ہماری زمین ہی سورج کے گرد حرکت کر رہی ہے چنانچہ اس نے اپنی تحقیقات کو شائع کرایا تو پادریوں نے اسے مذہب کے خلاف مسائل قرار دے کر اسے سخت مجرم گردانا اور اسے جیل میں ڈال دیا گیا۔ جہاں سے ایک سال بعد اس کی رہائی ہوئی۔ عدالت کے سامنے بھی وہ یہی کہتا رہا کہ میں اگر مارا بھی گیا تو بھی زمین گھومتی ہی رہے گی۔

۱۶۴۲ء میں سر آئزک نیوٹن (انگلینڈ) نے کشش ثقل یا زمین کی کشش مرکزی کو تحقیقات کے

ذریعہ درجۂ ثبوت پر پہنچایا۔ نیز یہ مشاہدہ کیا کہ دوسرے سیاروں میں بھی یہ کشش موجود ہے۔ اور اسی کشش کی بناء پر ہی وہ گردش میں رہتے ہیں۔ مزید براں اس نے حرکت کے قوانین بھی مرتب کئے۔ ان تحقیقات کے باعث علمِ ہیئت کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ بعد کے ہیئت دانوں نے روشنی کی رفتار، اس کی مدد سے سیاروں کے فاصلے، سیاروں کے حجم، ان کا درجۂ حرارت، ان کی کششِ ثقل، ان کی گردش محوری اور دَوری کی مدت نیز مزید کئی قسم کے سیارے اور سیارچے دریافت کر لئے ہیں۔

کوپرنیکس کا نظریہ نظامِ شمسی دراصل فیثا غورث کے نظریہ کا چربہ ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ یہ نظریہ موجودہ تحقیقات کی وجہ سے اس انتہا کو پہنچ گیا ہے جہاں اسے آج ہم دیکھ رہے ہیں۔

موجودہ تحقیقات کی رُو سے سورج ساکن ہے جو صرف محوری گردش کرتا ہے۔ اس کے گرد نو سیارے گردش کر رہے ہیں جن میں تیسرے نمبر پر ہماری زمین ہے۔ اور اس کا سُورج سے فاصلہ ۹ کروڑ ۳۰ لاکھ میل ہے۔ آخری نواں سیارہ پلوٹو ہے جس کا سورج سے ۳ ارب ۶۸ کروڑ میل فاصلہ ہے۔ جسامت کے لحاظ سے بھی ہماری زمین دوسرے سیاروں کی نسبت بالکل حقیر ہے۔

کائنات کی وسعت اس نظامِ شمسی میں سورج ایک ستارہ یا ثابت ہے۔ کائنات میں ایسے ہزاروں ستارے یا ثوابت مشاہدہ کئے جا چکے ہیں اور یہ ستارے یا سُورج جسامت کے لحاظ سے ہمارے سُورج سے بہت بڑے ہیں۔ ہمارے نظامِ شمسی سے بہت دُور تقریباً ۴۰ کھرب کلومیٹر کے فاصلے پر ایک سُورج موجود ہے جو ہمیں محض روشنی کا ایک چھوٹا سا نقطہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کا نام الف قنطورس (ALFA CENTAURIS) ہے۔ ایسے ہی دوسرے سورج اس سے بھی دُور ہیں اور خلا میں ہر طرف ایک دوسرے سے الگ الگ بکھرے پڑے ہیں۔ رات کے وقت وہ آسمان پر روشنی کے ننھے منے نقطوں کی شکل میں نظر آتے ہیں۔ یہ سب ستارے دراصل بہت بڑے اجسام ہیں اور ہمارے سورج کی طرح یہ بھی خود روشن ہیں۔

جسامت کے لحاظ سے سیاروں اور ستاروں کو ۴ قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلی قسم کو سفید بونے کہا جاتا ہے۔ انکی اوسط جسامت مشتری کے برابر سمجھی گئی ہے۔ اور مشتری کی جسامت نظامِ شمسی کے باقی ۸ سیاروں (جن میں ہماری زمین بھی شامل ہے) کے برابر ہے۔ ہمارا سُورج دوسری قسم میں آتا ہے۔ اور سورج کی جسامت زمین سے ۳ لاکھ ۳ ہزار گُنا زیادہ ہے۔ گویا ہمارا اتنا بڑا سورج بھی بڑے ستاروں میں شامل نہیں ہے۔ تیسرے قسم کے ستاروں کو دیو (GAINTS) اور چوتھی قسم کے ستاروں کو شاہ دیو (SUPER GAINTS) کہا جاتا ہے۔ ایسے ستاروں کے مقابلہ

میں ہمارا سورج ایسے ہی ہے جیسے سورج کے مقابلہ میں ہماری زمین۔ ایسے ہی ایک ستارے کا نام قلبِ عقرب (ANTARES) ہے۔ اگر اسے اٹھا کر نظامِ شمسی میں رکھا جائے تو سورج سے سیارہ مریخ تک تمام علاقہ اس میں پوری طرح سما جائے گا۔ جبکہ مریخ کا سورج سے فاصلہ ۴ کروڑ ۱۵ لاکھ میل ہے۔ گویا قلبِ عقرب کا قطر ۲۸ کروڑ ۳۰ لاکھ میل کے لگ بھگ ہے۔

مزید براں کائنات میں لاتعداد مجمع النجوم اور کہکشائیں ہیئت دانوں کو ورطۂ حیرت میں ڈال کر ان کے علم کو ہر آن چیلنج کر رہی ہیں۔ جب انسان کائنات کی وسعت اور اس کی اتھاہ پہنائیوں میں مستغرق ہو جاتا ہے تو بلا اختیار قرآن کے یہ الفاظ زبان پر آجاتے ہیں۔

"قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا" (الکھف: ۱۰۹)

"آپ فرما دیجئے کہ اگر ساتوں سمندر اور اتنے سمندر اور بھی میرے رب کے کلمات لکھنے کے لئے سیاہی کا کام دیں تو یہ سب سمندر ختم ہو سکتے ہیں مگر یہ کلمات ختم نہ ہوں گے"۔

اس سے بھی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جوں جوں ہیئت دان مزید طاقتور اور جدید قسم کی دوربینیں استعمال کر رہے ہیں، توں توں اس بات کا بھی انکشاف ہو رہا ہے کہ کائنات میں ہر آن مزید وسعت پیدا ہو رہی ہے۔ سیاروں کے درمیانی فاصلے بھی بڑھ رہے ہیں اور نئے نئے اجرام مشاہدہ میں آرہے ہیں، بقولِ باری تعالیٰ:

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ۔" (الذاریٰت: ۴۷)

"ہم نے آسمان کو قوت و قدرت سے پیدا کیا اور ہم اس میں ہر آن توسیع کر رہے ہیں"۔
یہاں سماء سے مراد فضائے بسیط ہے۔

علمِ ہیئت اور اسلام

علمِ ہیئت کا مطالعہ:

جوں جوں انسان کائنات اور اجرامِ فلکی کا مشاہدہ کرتا ہے، خدا کی قدرت و عظمت اور جلال اس کے دل پر نقش ہوتا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کائناتی مطالعہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی آیات میں شمار کیا ہے۔ فرمایا:

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ" (حم السجدۃ: ۵۳)

"عنقریب ہم انہیں کائنات (اطرافِ عالم) میں اور خود ان کی ذات میں ایسی نشانیاں دکھلائیں گے یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے کہ اللہ کی ذات برحق ہے۔"

اسی مضمون کو ایک دوسرے مقام پر، دوسرے انداز میں بیان فرمایا ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات کی حیرت خیزیوں کی طرف توجہ دلائی ہے:

"اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا۔" (فاطر: ۲۸)

"خدا تعالیٰ سے، اس کے بندوں میں سے، وہی ڈرتے ہیں جو صاحبِ علم ہیں"!

یہاں ہم ایک اہم واقعہ درج کرتے ہیں جس کے راوی علامہ عنایت اللہ مشرقی ہیں۔ یہ واقعہ ان دنوں سے متعلق ہے جب وہ انگلستان میں زیرِ تعلیم تھے۔

"۱۹۰۹ء کا ذکر ہے، اتوار کا دن تھا اور زور کی بارش ہو رہی تھی۔ میں کسی کام سے باہر نکلا تو جامعہ کیمبرج کے مشہور ماہر فلکیات سر جیمس جینس (JAMES JEANS) بغل میں انجیل دبائے چرچ کی طرف جا رہے تھے۔ میں نے قریب ہو کر سلام کیا تو وہ متوجہ ہوئے اور کہنے لگے "کیا چاہتے ہو؟" میں نے کہا "دو باتیں۔ اول یہ کہ زور سے بارش ہو رہی ہے اور آپ نے چھاتہ بغل میں داب رکھا ہے۔ سر جیمز اپنی بدحواسی پر مسکرائے اور چھاتہ تان لیا۔ دوم یہ کہ آپ جیسا شہرۂ آفاق آدمی گرجا میں عبادت کے لئے جا رہا ہے؟ میرے اس سوال پر پروفیسر جیمز لمحہ بھر کے لئے رُک گئے اور پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا، "آج شام میرے ساتھ چائے پیو"!

چنانچہ میں شام کو ان کی رہائش گاہ پر پہنچا۔ ٹھیک ۴ بجے لیڈی جیمز باہر آکر کہنے لگیں، "سر جیمز تمہارے منتظر ہیں۔" اندر گیا تو ایک چھوٹی سی میز پر چائے لگی ہوئی تھی پروفیسر صاحب تصورات میں کھوئے ہوئے تھے۔ کہنے لگے، "تمہارا سوال کیا تھا؟ اور میرے جواب کا انتظار کئے بغیر اجرام آسمانی کی تخلیق، ان کے حیرت انگیز نظام، بے انتہا پہنائیوں اور فاصلوں، انکی پیچیدہ راہوں اور مداروں نیز باہمی روابط اور طوفان ہائے نور پر وہ ایمان افروز تفصیلات پیش کیں کہ میرا دل اللہ کی اس کبریائی و جبروت پر دہلنے لگا۔ اور ان کی اپنی یہ کیفیت تھی کہ سر کے بال سیدھے اُٹھے ہوئے تھے، آنکھوں سے حیرت و خشیت کی دوگونہ کیفیتیں عیاں تھیں، اللہ کی حکمت و دانش کی ہیبت سے ان کے ہاتھ قدرے کانپ رہے تھے اور

آواز لرز رہی تھی۔ فرمانے لگے "عنایت اللہ خاں، جب میں خدا کے تخلیقی کارناموں پر نظر ڈالتا ہوں تو میری تمام ہستی اللہ کے جلال سے لرزنے لگتی ہے اور جب میں کلیسا میں خدا کے سامنے سرنگوں ہو کر کہتا ہوں" تو بہت بڑا ہے" تو میری ہستی کا ہر ذرّہ میرا ہم نوا بن جاتا ہے، مجھے بیحد سکون ..... اور خوشی نصیب ہوتی ہے۔ مجھے دوسروں کی نسبت عبادت میں ہزار گنا زیادہ کیف ملتا ہے۔ کہو عنایت اللہ خاں! تمہاری سمجھ میں آیا کہ میں کیوں گرجے جاتا ہوں؟"

علامہ مشرقی کہتے ہیں کہ پروفیسر جیمز کی اس تقریر نے میرے دماغ میں عجیب کہرام پیدا کر دیا۔ میں نے کہا "جنابِ والا! میں آپ کی روح پرور تفصیلات سے بیحد متاثر ہوا ہوں۔ اس سلسلہ میں قرآن مجید کی ایک آیت یاد آگئی ہے، اگر اجازت ہو تو پیش کروں"؟ فرمایا "ضرور"! چنانچہ میں نے یہ آیت پڑھی:

"وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ ٥ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ (فاطر: ۲۸)

"اور پہاڑوں میں سفید اور سُرخ رنگوں کے قطعات ہیں اور بعض کالے سیاہ ہیں۔ انسانوں، جانوروں اور چارپایوں کے بھی کئی طرح کے رنگ ہیں۔ اللہ سے تو اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو صاحب علم ہیں"۔

یہ آیت سُنتے ہی پروفیسر جیمز بولے:

"کیا کہا؟ اللہ سے صرف اہل علم ڈرتے ہیں؟ حیرت انگیز، بہت عجیب۔ یہ بات جو مجھے پچاس برس مسلسل مطالعہ اور مشاہدہ کے بعد معلوم ہوئی، محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کس نے بتائی؟ کیا قرآن (مجید) میں واقعی یہ آیت موجود ہے؟ اگر ہے تو میری شہادت لکھ لو کہ قرآن ایک الہامی کتاب ہے۔ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ان پڑھ تھے، انہیں یہ عظیم حقیقت خود بخود معلوم نہ ہو سکتی تھی، یقیناً اللہ تعالیٰ نے انہیں بتائی تھی۔ بہت خوب، بہت عجیب!"

(بحوالہ علم جدید کا چیلنج مؤلفہ وحید الدین خاں ص ۲۱۵ - ۲۱۷)

سر آئزک نیوٹن، جو کششِ ثقل و قوتِ جاذبہ (GRAVITY) اور قوانینِ حرکت کا موجد تسلیم کیا جاتا ہے، نے کائنات کے وسیع مطالعہ کے بعد اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے:

"کواکب کی حرکاتِ حالیہ ممکن نہیں کہ محض عام قوتِ جاذبہ کا نتیجہ ہوں۔ یہ قوت

جاذبہ تو کواکب کو شمس کی طرف دھکیلتی ہے۔ اس لئے کواکب کو سورج کے گرد حرکت دینے والا ضروری ہے کوئی خدائی ہاتھ ہو جو باوجود قوتِ جاذبہ کی کشش کے ان کو اپنے مدارات پر قائم رکھ سکے۔ کوئی سبب طبیعی ایسا نہیں بتلایا جا سکتا جس نے تمام کواکب کو کھلی فضا میں جکڑ بند کر دیا ہے کہ وہ سب سورج کے گرد چکر لگاتے وقت ہمیشہ معین مدارات پر اور ایک خاص جہت ہی میں حرکت کریں جس میں کبھی تخلف نہ ہو۔ پھر کواکب کی حرکات اور درجاتِ سرعت میں ان کی اور سورج کی درمیانی مسافت کو ملحوظ رکھتے ہوئے جو دقیق تناسب اور عمیق توازن قائم رکھا گیا ہے، کوئی سبب طبیعی نہیں جس سے ہم ان منظم و محفوظ نوامیس کو وابستہ کر سکیں۔ ناچار اقرار کرنا پڑتا ہے کہ یہ سارا نظام کسی ایسے زبردست حکیم و علیم کے ماتحت ہے جو ان تمام اجرام سماویہ کے مواد اور ان کی ماہیت سے پورا پورا واقف ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کس مادہ کی کس قدر مقدار سے کتنی قوتِ جاذبہ صادر ہوگی۔ اس نے اپنے زبردست اندازہ سے کواکب اور شمس کے درمیان مختلف مسافتیں اور حرکت کے مختلف مدارج مقرر کئے ہیں کہ ایک کا دوسرے سے تصادم یا تزاحم نہ ہو اور سارا عالم ٹکرا کر تباہ نہ ہو جائے۔" (تفسیر علامہ شبیر احمد عثمانی حاشیہ آیت ۶:۵۰)

علمِ ہیئت کی ترغیب

یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے تخلیقِ کائنات کی طرف بار بار توجہ دلائی ہے، فرمایا:

"اَوَلَمۡ یَنۡظُرُوۡا فِیۡ مَلَکُوۡتِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰہُ مِنۡ شَیۡءٍ" (الاعراف : ۱۸۵)

"کیا انہوں نے آسمان اور زمین کی بادشاہت میں اور جو چیزیں اللہ نے پیدا کی ہیں ان میں غور نہیں کیا۔"

یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ ان اجرامِ فلکی یا دوسرے نشانات سے ہدایت کی طرف رہنمائی اسی شخص کو حاصل ہوتی ہے اور خدا کی قدرت و عظمت کا سکہ اس شخص کے دل پر بیٹھتا ہے جس کا دل سلیم ہو۔ لیکن جب انسان ہٹ دھرمی پر اُتر آئے اور ہر آیتِ خداوندی کی دوسری وجوہ تلاش کرنے پر کمربستہ ہو تو اسے کوئی بھی چیز ہدایت کی طرف لانے پر مجبور نہیں کر سکتی۔

سیاروں کی خدائی

اسلام نے انسان کو تمام کائنات سے اشرف تسلیم کیا ہے لہٰذا وہ ستاروں کی خدائی یا دیوتائی کو قطعاً تسلیم نہیں کرتا بلکہ کائنات کی ہر چیز اجرام فلکی سمیت سب کو انسان کا خادم قرار دیتا ہے۔ معبود یا الٰہ فقط ایک اللہ کی ذات ہے جس نے ان سب چیزوں کو وجود بخشا ہے۔ لہٰذا اگر کسی دوسرے کی خدائی کا تصوّر ہوتا تو چاند اور سُورج اور دوسرے اجرام کا انسان معبود قرار دیا جاسکتا تھا، چہ جائیکہ یہ اجرام انسان کے دیوتا بنیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا :-

"اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ"۔ (لقمان : ۲۰)

"کیا تم دیکھتے نہیں کہ جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے، سب کو خدا تعالیٰ نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے"۔

دوسری جگہ فرمایا :

"وَسَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَکُمُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ"۔

(ابراھیم : ۳۳)

"اور اللہ تعالیٰ نے سُورج اور چاند کو تمہاری خدمت پر مامور کر دیا ہے جو ایک دستور پر چل رہے ہیں۔ اسی طرح رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا ہے"۔

بھلا ایسے واضح ارشادات کے بعد سیّاروں اور ستاروں کی خدائی کا تصوّر باقی رہ سکتا ہے ؟ جو ہماری خدمت پر مامور ہیں۔ ہم علم کے ذریعہ ان سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں، چاند کے علاوہ دوسرے بعید ترین سیاروں کو اپنی سیر گاہ بھی بنا سکتے ہیں۔ بقول اقبال ؎

سبق ملا ہے یہ معراجِ مصطفےٰ سے مجھے
کہ عالمِ بشریت کی زد میں ہے گردوں

سیاروں کے اثرات تسلیم کرنا واضح شرک ہے

انسان نے پہلے سیّاروں کو معبود تسلیم کیا اور انسانی زندگی پر، زمین اور اہلِ زمین پر ان کے اثرات کی بلند عمارت کھڑی کر کے انسان کے عقائد میں شامل کر دیا۔ علمِ نجوم اور علمِ جوتش کی تخلیق کی۔ اسلام نے ان اثرات کے تسلیم کرنے کو جرمِ عظیم یعنی اپنی خدائی میں شریک بنانے کے مترادف قرار دیا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایسے عقائد عام تھے۔ ہر اچھی اور بُری بات کو

ستیاروں کی گردش سے منسوب کیا جاتا تھا۔ حدیبیہ کے مقام پر، جہاں آپ چودہ سو صحابہ سمیت عمرہ کی غرض سے تشریف لائے تھے۔ ایک رات بارش ہوئی جو عرب جیسے بے آب و گیاہ ملک میں ایک عظیم نعمت متصور ہوتی تھی تو صبح آپ نے اعلان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :-

"وَاَصْبَحَ مِنْ عِبَادِیْ مُؤْمِنٌ بِیْ وَکَافِرٌ بِالْکَوَاکِبِ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰہِ وَرَحْمَتِہٖ فَذَالِكَ مُؤْمِنٌ بِیْ وَکَافِرٌ بِالْکَوَاکِبِ وَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ کَذَا وَکَذَا فَذَالِكَ کَافِرٌ بِیْ وَمُؤْمِنٌ بِالْکَوَاکِبِ" (بخاری، مسلم)

"میرے بندوں میں سے کچھ لوگ مجھ پر ایمان لائے اور ستیاروں کے منکر ہوئے۔ یعنی جس شخص نے کہا کہ یہ بارش اللہ کے فضل اور رحمت سے ہوئی تو وہ مجھ پر ایمان لایا اور ستیاروں کا منکر ہوا اور جس نے کہا کہ یہ بارش فلاں فلاں سیارے کے فلاں فلاں نچھتر میں داخل ہونے سے ہوئی تو وہ میرا منکر ہوا اور سیاروں پر ایمان لایا"۔

گویا ستاروں کے اثرات کو تسلیم کرنا اور خدا پر ایمان لانا دو متضاد چیزیں ہیں۔ ان میں سے صرف ایک چیز ہی قبول کی جا سکتی ہے جو ستیاروں کے اثرات کو تسلیم کرتا ہے وہ مسلمان نہیں ہے اور جو مسلمان ہے وہ ان اثرات کو تسلیم نہیں کر سکتا۔

غیب دانی کا کاروبار اسلام نے ایسے اعتقادات کی سخت مذمت کی ہے۔ جدید نظریہ ہیئت نے بھی ایسے معتقدات کی حوصلہ شکنی کی ہے لیکن افسوس کہ آج بھی مسلمانوں میں ایسے نجومی اور جوتشی موجود ہیں جو اس قسم کی جنتریاں مرتب کرتے ہیں۔ کچھ لوگ سڑکوں پر دکانیں سجائے بیٹھے ہیں جہاں سے ضعیف الاعتقاد لوگ ان کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔ ساتھ ہی تبرکاً یہ بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ "علمِ غیب تو اللہ ہی کو ہے" یا "مالکِ حقیقی بہتر جانتا ہے"۔ غالباً ایسے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ فقرہ کہہ لینے کے بعد اس گناہِ عظیم کا کفارہ ادا ہو گیا۔

یہاں میں اپنا ایک ذاتی واقعہ پیش کر رہا ہوں جو دلچسپی سے خالی نہ ہو گا۔ پچھلے دنوں مجھے ایک کاروباری جوتشی سے ملاقات اور تبادلۂ خیالات کا اتفاق ہوا۔ جو اتفاق سے "مولوی" بھی تھا اور دین کی سوجھ بوجھ بھی رکھتا تھا۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ آیا اسلام میں تمہارے اس علم کی گنجائش ہے، جس کے ذریعہ تم لوگوں کو سعد و نحس کے چکر میں ڈال کر پہلے انہیں ڈراتے ہو پھر سیارگان کی نحوست کو زائل کرنے والی خود ساختہ انگوٹھیاں بیچ کر پیسے بٹورتے ہو؟

اس سوال کے جواب میں اس نے حضرت ابراہیمؑ کے درج ذیل قول سے استدلال پیش کیا:

"فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ۔" (الصّٰفّٰت : ۸۸)

"سو ابراہیم علیہ السلام نے سیاروں میں نظر کی اور کہنے لگے، میں تو بیمار ہونے والا ہوں۔
میں اس کی ڈھٹائی پر سخت متعجب ہوا۔ اور کہا کہ ایسے تجاہل عارفانہ سے کام نہ لیجئے۔ یہ تو "عذرِ گناہ بدتر از گناہ" والا معاملہ ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کو میلے میں شرکت سے بچنے کے لئے صرف یہی ایک ایسی ترکیب سوجھی تھی جس پر ان کی قوم مطمئن ہو سکتی تھی۔ ورنہ جو سلوک ان سیاروں کے دیوتاؤں کے ساتھ حضرت ابراہیمؑ نے کیا وہ آپ کو بھی معلوم ہے۔ اور یہ بھی آپ جانتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیونکر بچپن ہی میں سیاروں، چاند اور سورج کی دیوتائی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ قرآنِ کریم نے متعدد بار کسی دوسرے کے لئے علمِ غیب کی نفی فرمائی ہے اور کئی مقامات پر "لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا هُوَ" کہہ کر غیب کی خبریں بتانے والے سب علوم کو باطل قرار دیا ہے۔ اور دلیل یہ دی ہے کہ جو شخص غیب جانتا ہو اسے تلاشِ معاش کے لئے دَر دَر کی ٹھوکریں کھانے اور محنت و مشقت کی کیا ضرورت ہے؟ خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ آپ اعلان کر دیجئے :

"وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ ۔" (اعراف : ۱۸۸)

"اے نبیؐ، آپ فرما دیجئے کہ اگر میں غیب جانتا ہوتا تو بہت سا مال و دولت اکٹھا کر لیتا اور مجھے (کبھی) کوئی گزند نہ پہنچتا۔"

گویا علمِ غیب کے دو فائدے بتلائے گئے ہیں۔ پہلا یہ کہ حصولِ رزق کے لئے محنت و مشقت کی ضرورت نہیں رہتی۔ دوسرا یہ کہ ایسے شخص کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا کیونکہ وہ پہلے ہی اس کا تدارک سوچ لیتا ہے ان وجوہ کی بنا پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کو خود بھی اپنے علم پر یقین نہیں ہے۔ ورنہ آپ اپنی کسی "نیک ساعت" میں اتنی دولت اکٹھی کر سکتے ہیں کہ آپ کو فٹ پاتھ پر بیٹھ کر یہ انگوٹھیاں اور تعویذ بیچنے کی زحمت سے نجات مل جائے۔

اِس بات کا جواب دینے کی بجائے اس نے اس علم کو صحیح ثابت کرنے کے لئے چند واقعات پیش کیے۔ میں نے عرض کی کہ کسی چیز کا اثر ثابت ہونا الگ بات ہے اور اس کا جائز ہونا چیزے دِگر ہے۔ جادو یا دیگر شیطانی تصرفات سے کون انکار کر سکتا ہے؟ لیکن ان کے جواز کا کوئی بھی قائل نہیں۔ اسی طرح جفر، رَمل یا دیگر ایسے علوم جن سے آئندہ کی خبریں بہم پہنچائی جاتی ہیں، فرضی ڈھکوسلے ہیں۔ جو کبھی صحیح ہو جاتے ہیں اور کبھی غلط۔ یہ علوم ناجائز تو ہیں ہی، ان کے غیر مفید ہونے کی

بھی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر فی الواقعہ ان کا فائدہ ہے تو ان علوم کے جاننے والے پہلے خود کیوں مستفید نہیں ہوتے ؟

مشہور واقعہ ہے کہ ایک بادشاہ بیمار ہوگیا تو اس نے ایک نجومی کو بُلا کر اپنی مرض اور صحت کے بارے میں سوال کیا۔ نجومی نے زائچہ تیار کرکے حساب لگایا اور بادشاہ کو بتلایا کہ کل تمہاری موت واقع ہو جائے گی۔ بادشاہ کو یہ بات ناگوار گزری مگر اس نے اپنے چہرے پر اس کا کوئی اثر ظاہر نہ ہونے دیا۔ پھر اس نے اس نجومی سے کہا کہ اب اپنا زائچہ تیار کرکے بتلاؤ کہ تمہاری کتنی عمر باقی ہے ؟ اس نے زائچہ تیار کیا اور بتلایا کہ ابھی میں دس سال تک زندہ رہوں گا۔ بادشاہ نے اسی وقت جلاد کو حکم دیا کہ اس نجومی کی گردن اڑا دی جائے۔ بادشاہ کے حکم کی فوری تعمیل کی گئی اور وہ نجومی اسی روز راہیٔ ملک عدم ہوا جبکہ بادشاہ صحت یاب ہوگیا۔ بادشاہ کے اِس اقدام سے سیاروں کی گردش میں بھی کچھ فرق نہ آیا اور نہ ہی سیارے اس کا کچھ بگاڑ سکے۔

علمِ ہیئت کی حقیقت

علم ہیئت ایک ایسا علم ہے جو مشاہدات سے حاصل ہوتا ہے۔ مشاہدہ سے حاصل شدہ نتائج کو مفروضہ کا درجہ دیا جاتا ہے۔ پھر اس مفروضہ کی مزید مشاہدات اور تجربات سے جانچ پڑتال کی جاتی ہے تو یہ حاصل شدہ نتائج، نظریہ (THEORY) کے درجہ میں داخل ہوتے ہیں۔ بعد ازاں جب ایک نظریہ کی دائمی طور پر تصدیق ہو جائے تو یہ نظریہ یقینی علم (LAW) بن جاتا ہے۔ علمِ ہیئت نظریہ کے مراحل میں ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سابقہ مختلف ادوار میں کبھی تو زمین کو متحرک اور سورج کو ساکن قرار دیا جاتا رہا ہے اور کبھی سُورج کو متحرک اور زمین کو ساکن تسلیم کیا گیا ہے۔

اس کی مثال یُوں سمجھئے کہ انسان کی بیماری اور اس کے علاج کا یونانی نظریۂ طب، ایلوپیتھک طریقِ علاج اور نظریہ سے بالکل مختلف ہے۔ دونوں نظریات کی بنیاد، تشخیصِ مرض، طریقِ علاج، ایک ایک چیز میں فرق ہے۔ لیکن دونوں اپنے اپنے میدان میں کامیاب نظر آتے ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ بعض وجوہات کی بنا پر کبھی ایک نظریہ قبولیتِ عام کا درجہ حاصل کر لیتا ہے اور کبھی دوسرا سامنے آجاتا ہے۔

چاند گرہن اور سورج گرہن

یہی صورتِ حال علمِ ہیئت کی ہے۔ علمِ ہیئت میں سُورج گرہن اور چاند گرہن کے وقت کے تعین کا مسئلہ ذرا پیچیدہ سا ہے۔ اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ آیا زمین حرکت کر رہی ہے یا سُورج ؟ چاند کی حرکت میں کوئی

اختلاف نہیں ہے۔ لہٰذا دونوں نظریات کے مطابق ایک قمری ماہ میں چاند، سورج اور زمین دوبار ایک سیدھ میں آجاتے ہیں۔ بدر یعنی چودھویں کو سورج اور چاند کے درمیان زمین آجاتی ہے۔ لہٰذا چاند گرہن جب بھی ہوگا چودھویں کو ہوگا۔ اسی طرح ۲۸ تا ۲۹ قمری تاریخ کو سورج اور زمین کے درمیان چاند آجاتا ہے۔ لہٰذا سورج گرہن انہی تاریخوں میں لگ سکتا ہے۔ لیکن ہر ماہ یہ واقعہ اس لئے پیش نہیں آتا کہ زمین اور چاند یا سورج اور چاند کی اپنے اپنے مدار پر حرکت مستوی نہیں ہے بلکہ ۵° درجے کا جھکاؤ ہے۔ لہٰذا یہ اجرام بسا اوقات بیچ بچا کر نکل جاتے ہیں اور سورج یا چاند گرہن کا موقع کبھی کبھار ہی آتا ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جس طرح موجودہ نظریۂ ہیئت کا عالم سورج گرہن اور چاند گرہن کا بالکل صحیح حساب پیش کرتا ہے۔ عین اسی طرح وہ نجومی بھی سورج گرہن اور چاند گرہن کا منٹ اور سیکنڈ تک حساب لگا کر کافی مدت پہلے اعلان کر دیتا ہے۔ جو زمین کو ساکن اور سورج کو متحرک سمجھتا ہے اور عام مشاہدہ کی رو سے ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ کسی ایک کی تصدیق اور دوسرے کی تکذیب کر سکیں۔ دن رات کی تخلیق، موسموں کا تغیر و تبدل وغیرہ سب نتائج دونوں نظریات کے مطابق درست پائے جاتے ہیں۔

باب ۴

رؤیتِ ہلال اور اختلافِ مطالع

نیا چاند اور رؤیتِ ہلال

موجودہ نظریہ کے مطابق یہ امر مسلمہ ہے کہ سورج ، چاند اور زمین ایک قمری ماہ میں دو بار ایک سیدھ میں آجاتے ہیں۔ اور یہ واقعات اس وقت ہوتے ہیں جب چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہؤا زمین کے مدار کو قطع کرتے ہوئے گزرتا ہے۔ جب زمین سورج اور چاند کے درمیان واقع ہو تو یہ چودھویں رات کا موقعہ ہوتا ہے۔ اور جب چاند سورج اور زمین کے درمیان واقع ہوتا ہے تو عموماً ۲۸ ویں رات (قمری ماہ) کا موقعہ ہوتا ہے۔ تاہم ۲۷ اور ۲۹ قمری تاریخ کو بھی ہوسکتا ہے۔ چاند گرہن جب کبھی لگتا ہے تو پہلی صورت یا چودھویں رات کو لگتا ہے۔ اور سورج گرہن دوسری صورت میں لگتا ہے لیکن یہ موقع کبھی کبھار پیش آتا ہے جس کی وجوہ دوسری ہیں۔

نیا چاند دوسری صورت میں جب چاند اہلِ زمین سے مکمل طور پر غائب ہوجاتا ہے تو قمری حساب میں اس کا یہ مطلب سمجھا جاتا ہے کہ پچھلا قمری مہینہ ختم ہوگیا۔ اس موقعہ کو اجتماعِ نیرین یا قِران اور انگریزی میں "CONJUNCTION" کہتے ہیں۔ جب چاند مکمل طور پر غائب ہوجاتا ہے تو یہ محض ایک لمحہ کا وقت ہوتا ہے۔ اس کے بعد تقویم کے حساب سے نیا چاند شروع ہوجاتا ہے۔ ایک قِران سے دوسرے قِران تک کا درمیانی وقفہ اوسطاً ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے ۴۴ منٹ ہے۔ یہ وقفہ کسی ماہ پانچ چھ گھنٹے تک بڑھ بھی سکتا ہے اور اسی طرح کسی ماہ اتنا ہی کم بھی ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اس کا کوئی معین وقت نہیں۔ یہ صبح ۹ بجے بھی ہوسکتا ہے اور رات کے ۱۱ بجے بھی۔ مگر یہ ضروری نہیں کہ جس دن یہ قِران واقع ہؤا ہے، اسی رات چاند نظر آجائے۔ وجہ یہ ہے کہ ایک تو چاند انتہائی باریک ہوتا ہے۔ دوسرے مغربی اُفق

پر شفق کی سرخی - جو تقریباً پون گھنٹہ تک اثر انداز رہتی ہے ۔ ایسے چاند کے نظر آنے میں بہت بڑی رکاوٹ ہے ۔

ایک دن کی یا پورے چوبیس گھنٹے کی عمر کا چاند کتنا پتلا ہوتا ہے ۔ اس کا اندازہ یوں ہو سکتا ہے کہ آپ ایک خربوزہ لیں ۔ اس پر قاشوں کی صرف آٹھ دس لکیریں ہوتی ہیں ۔ اگر آپ اس خربوزہ کو اسی رخ ۔ ۳۰ برابر حصوں میں کاٹ دیں تو ایک قاش کی جتنی موٹائی درمیان سے ہوگی وہی ایک دن کے چاند کی موٹائی ہے لیکن لمبائی پورا نصف دائرہ نہیں بلکہ بہت کم ہوگی ۔

چاند کی اپنی چال مغرب سے مشرق کو ہے جو ایک قمری ماہ میں زمین کے افق پر چکر لگاتا ہے بالفاظِ دیگر چاند روزانہ ½ ۲۹ / ۳۶۰ = تقریباً ۱۲ درجے مغرب سے مشرق کو سفر کرتا ہے ۔ اور جب قِران واقع ہوتا ہے تو اسی لمحہ بعد چاند سورج سے پیچھے رہنا شروع ہو جاتا ہے ۔

ہندی تقویم کے مطابق جب تک چاند اور سورج کے درمیان ۱۲ درجے کا فاصلہ نہیں ہو جاتا، چاند کے نظر آنے کا کوئی امکان نہیں ہوتا ۔ البتہ یونانی تقویم میں اسے ½ ۱۱ درجے تسلیم کیا گیا ہے ۔ لیکن یہ تو نظریاتی بحث ہے ۔ عملاً یہ ہوتا ہے کہ ۳۰ گھنٹے سے پہلے یا ۱۵° فاصلہ سے کم پر چاند کم ہی نظر آتا ہے ۔

مندرجہ بالا تصریحات سے یہ بات واضح ہوگئی کہ نئے چاند کا واقع ہونا اور بات ہے اور اس کا نظر آجانا یا رویتِ ہلال چیزے دگر ہے ۔

اگلے صفحہ پر ہم ایک نقشہ پیش کر رہے ہیں جس سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں :-

(۱) ہمارے علاقہ میں قِران اور رویتِ ہلال کا درمیانی وقفہ کم از کم ۲ دن تین گھنٹے اور چالیس منٹ ہے اور زیادہ سے زیادہ ۲ دن اکیس گھنٹے اور ۴۸ منٹ ہے ۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ یہ بحث تو آگے چل کر آئے گی ۔ سر دست یہ بتلانا مطلوب ہے کہ نیا چاند ہونا الگ چیز ہے اور نئے چاند کا نظر آنا الگ چیز ہے ۔ نیز یہ کہ قِران اور رویت میں کم از کم دو دن کا فرق ضرور ہوتا ہے ۔

(۲) ۱۳۹۸ھ دورِ صغیر ہجری کا اٹھارواں سال ہے جو لیپ کا سال ہے اور اس کے دن ۳۵۴ کے بجائے ۳۵۵ دن ہوں گے ۔ یہ بحث بھی آگے چل کر تفصیل سے پیش کی جا رہی ہے ۔

(۳) قِران کے لحاظ سے ایک قمری مہینہ ۲۹ دن کا ہو تو وہی مہینہ رویت کے لحاظ سے ۳۰ دن کا ہو سکتا ہے ۔ اور اس کے برعکس بھی ۔ مگر قمری سال ہر صورت میں برابر دنوں کا ہوگا ۔

(۴) اس نقشہ میں ۳۰ دن کے دو ماہ اکٹھے آئے ہیں ۔ اور ایسا اکثر ہوتا رہتا ہے بلکہ کبھی کبھار ۳۰ دن کے تین ماہ بھی آ سکتے ہیں ۔ اسی طرح کبھی کبھار ۲۹ دن کے بھی دو ماہ اکٹھے آ سکتے ہیں ۔

نئے چاند اور رؤیتِ ہلال کا درمیانی وقفہ

اب ہم ۱۹۷۸ء میں واقع ہونے والے تمام قرانات[1] اور رؤیتِ ہلال کے درمیانی وقفہ کے اوقات کا تقابلی نقشہ پیش کرتے ہیں۔

نمبر	فلکیاتی جنتری ۱۹۷۸ء میں واقع ہونے والے قرانات کا وقت (منٹ گھنٹے)	برائے ماہ ۱۳۹۸ھ	قرانوں کا درمیانی وقفہ (منٹ گھنٹے دن)	قمری سال کی مدت (منٹ گھنٹے دن)	قرآن کے مطابق ایام ماہ قمری	اسرار عالم جنتری لاہور ۱۹۷۸ء کے مطابق رؤیت اور ایام ماہ قمری		لاہور میں غروبِ آفتاب کا وقت (منٹ گھنٹے)	قران اور رؤیت کا درمیانی وقفہ (منٹ گھنٹے دن)
۱	۹رجنوری سوموار ۰۰—۹	صفر				۱۱رجنوری بدھ		۱۶—۱۷	۱۶—۸—۲
۲	۷رفروری منگل ۵۴—۱۹	ربیع الاوّل	۵۴—۱۰—۲۹	۵۴—۱۰—۲۹	۲۹	۱۰رفروری جمعہ	۳۰	۴۲—۱۷	۴۸—۲۱—۲
۳	۹رمارچ جمعرات ۳۶—۷	ربیع الثانی	۴۲—۱۱—۲۹	۳۶—۲۲—۵۸	۳۰	۱۱رمارچ ہفتہ	۲۹	۰۶—۱۸	۳۰—۱۰—۲
۴	۷راپریل جمعہ ۱۵—۲۰	جمادی الاوّل	۳۹—۱۲—۲۹	۱۵—۱۱—۸۸	۳۰	۱۰راپریل سوموار	۳۰	۲۶—۱۸	۱۱—۲۲—۲
۵	۷رمئی اتوار ۴۹—۹	جمادی الثانی	۳۴—۱۳—۲۹	۴۹—۰۰—۱۱۸	۲۹	۹رمئی منگل	۲۹	۴۵—۱۸	۵۶—۸—۲
۶	۶رجون منگل ۰۱—۰۰	رجب	۱۲—۱۴—۲۹	۰۱—۱۵—۱۴۵	۳۰	۸رجون جمعرات	۳۰	۰۴—۱۹	۳—۱۹—۲
۷	۵رجولائی بدھ ۵۰—۱۴	شعبان	۴۹—۱۴—۲۹	۵۰—۵—۱۷۷	۲۹	۷رجولائی جمعہ	۲۹	۱۱—۱۹	۲۱—۴—۲
۸	۴راگست جمعہ ۰۱—۶	رمضان	۱۵—۱۱—۲۹	۰۱—۲۱—۲۰۶	۳۰	۶راگست اتوار	۳۰	۵۶—۱۸	۵۵—۱۲—۲
۹	۲رستمبر ہفتہ ۰۹—۲۱	شوال	۸—۱۵—۲۹	۰۹—۱۴—۲۳۶	۳۰	۵رستمبر منگل	۳۰	۲۴—۱۸	۱۵—۲۱—۲
۱۰	۲راکتوبر سوموار ۴۱—۱۱	ذلقعدہ	۳۲—۱۴—۲۹	۴۱—۴—۲۶۶	۲۹	۴راکتوبر بدھ	۲۹	۴۷—۱۷	۶—۶—۲
۱۱	یکم نومبر بدھ ۰۶—۱	ذی الحجہ	۲۵—۱۳—۲۹	۰۶—۱۱—۲۹۵	۳۰	۳رنومبر جمعہ	۳۰	۱۶—۱۷	۱۰—۱۶—۲
۱۲	۳۰رنومبر جمعرات ۱۹—۱۳	محرم ۱۳۹۹ھ	۱۳—۱۲—۲۹	۱۹—۴—۳۲۵	۲۹	۲ردسمبر ہفتہ	۲۹	۵۹—۱۶	۴۰—۳—۲
۱۳	۳۰ردسمبر ہفتہ ۳۶—۰۰	صفر	۱۷—۱۱—۲۹	۳۶—۱۵—۳۵۴	۳۰	یکم جنوری سوموار	۳۰	۱۰—۱۷	۳۴—۱۶—۲
				۳۶—۱۵—۳۵۴ =	۳۵۵	=	۳۵۵		

[1] یہ اوقات لندن کے فلکیاتی ادارہ کی مطبوعہ جنتری ASTRONICAL EPHEMERIS سے ماخوذ ہیں البتہ مندرجہ اوقات میں ۵ گھنٹے کا اضافہ کر کے ان اوقات کو پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق کر لیا گیا ہے۔ معیاری وقت کیا ہوتا ہے؟ اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

سب سے پہلے رویت کہاں ہوتی ہے؟

قران کا وقت تو محض ایک لمحہ ہوتا ہے اور ساری دنیا کیلئے قران کا یہی وقت ہے لیکن رویتِ ہلال کا معاملہ اس سے بالکل مختلف ہے۔ اس زمین کے کونسے حصّہ میں پہلے چاند نظر آئے گا، اسکا انحصار تین باتوں پر ہے ایک یہ کہ چاند قابلِ دید عمر (۱۷ گھنٹے سے ۲۴ گھنٹے تک) کو پہنچ چکا ہو اور دوسرے یہ کہ اس وقت سورج کونسے مقاماتِ طول بلد پر غروب ہو رہا ہے اور تیسرے یہ کہ غروبِ آفتاب تک چاند کم از کم ۱۵ درجے بلند ہو۔[۱] ۱۵ درجے طے کرنے میں چاند کو تقریباً ایک گھنٹہ لگ جاتا ہے اور تقریباً پون گھنٹہ تو شفق کی سرخی ہی ایسے باریک چاند کو دیکھنے میں رکاوٹ بنی رہتی ہے۔ اسی لیے یہ علاقہ دراصل متنازعہ فیہ علاقہ ہوتا ہے اس علاقہ سے مغرب کے علاقوں میں تو چاند بہر حال نظر آجائے گا۔ اور مشرق کے علاقوں میں یقیناً نظر نہیں آئے گا۔ اور اس متنازعہ فیہ علاقہ کی حد اندازاً ۵ درجے طول بلد ہی ہو سکتی ہے یعنی شفق کی سرخی زائل ہونے پر اگر چاند پانچ سات درجے بلند ہو اور مطلع بھی ابر آلود یا غبار آلود نہ ہو تو چاند نظر آجائے گا۔ ورنہ نہیں۔ چاند کے اس طرح مختلف مقامات پر مختلف اوقات میں نظر آنے کو اختلافِ مطالع کہا جاتا ہے۔ اختلافِ مطالع کے مختلف پہلوؤں کو سمجھنے کے لئے مندرجہ ذیل امور کا مطالعہ ضروری ہے۔

خطوط طول بلد اور عرض بلد

ہماری زمین گول ہے۔ لیکن شمالی اور جنوبی کناروں یا قطب شمالی اور جنوبی پر قدرے پچکی ہوئی ہے۔ اس کا قطر شرقاً غرباً ۷۹۲۶ میل اور محیط ۲۴۹۱۲ میل ہے۔ جبکہ شمالاً جنوباً اس کا قطر ۷۹۰۰ میل اور محیط ۲۴۸۶۰ میل ہے۔ چند در چند فوائد حاصل کرنے کے لئے زمین کو لمبائی اور چوڑائی کے رُخ کئی فرضی خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

زمین پر شمالاً جنوباً ۳۶۰ فرضی خطوط کھینچے گئے ہیں۔ جو خطوط طول بلد (LONGITUDE) کہلاتے ہیں۔ چونکہ ایک دائرہ میں ۳۶۰ درجے ہوتے ہیں۔ اس لئے دو خطوط بلد کا درمیانی حصّہ ایک درجے کا فاصلہ ظاہر کرتا ہے۔

ان خطوطِ بلد کو آپ خربوزہ کی قاشوں کی لکیروں سے تشبیہ دے سکتے ہیں۔ اِن خطوط میں سے ہر ایک خط کی لمبائی یکساں ہوگی۔ اور یہ لمبائی شمالاً جنوباً زمین کے محیط کے نصف کے برابر یعنی ۱۲۴۳۰ میل ہوگی۔ ان درجوں کے شمار کے لئے ضروری تھا کہ کسی ایک خطِ طول بلد کو صفر درجہ قرار دے کر اسے معیاری خطِ طول بلد سمجھا جائے۔ تاکہ اس خط سے دوسرے خطوط کے درجوں کا شمار کیا جاسکے۔ چنانچہ یہ خط لندن کے قریب واقع ایک گاؤں گرینچ کے پاس سے قطب شمالی اور قطب جنوبی کو ملاتا ہُوا چلا گیا ہے۔ اور اس خط طول بلد کو نصف النہار اولیٰ (PRIME MERIDIAN) کا نام دیا گیا ہے۔ اس کا درجہ طول بلد صفر ہے۔ اس نصف النہار اولیٰ کے مشرق کی طرف واقع ۱۸۰ خطوط، خطوط طول بلد مشرقی

[۱] ۱۴۱۲ھ یکم شوال کو عید الفطر پاکستان میں بھی جمعہ کو ہوئی اور سعودی عرب میں بھی۔ اس کی وجوہ وہی ہیں جو اوپر ذکر کی گئی ہیں۔ مگر ایسا اتفاق کبھی کبھار ہی ہوتا ہے۔

کہلاتے ہیں۔ اور مغرب کی طرف واقع خطوط، طول بلد مغربی کہلاتے ہیں۔

ظاہر ہے ۱۸۰ درجے طول بلد مشرقی کا خط اور ۱۸۰ درجے طول بلد مغربی کا خط ایک ہی خط ہو سکتا ہے۔ اس خط کو بین الاقوامی تاریخی خط (INTERNATIONAL DATE LINE) کہا جاتا ہے۔ اس خط کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے، اس کی تفصیل آگے آئے گی۔

خطوط عرض بلد (LATITUDE) :-

اسی طرح زمین کے عین درمیان شرقاً غرباً جو فرضی خط کھینچا گیا ہے، اس کا نام خطِ استوا (EQUATER) ہے۔ یہ صفر درجہ عرض بلد ہے۔ اور دوسرے خطوط عرض بلد کی درجہ بندی اور شمار کے لئے معیار کا کام دیتا ہے۔ خطِ استوا کے متوازی شرقاً غرباً ۹۰ خطوط شمال کو کھینچے گئے ہیں جو قطب شمالی پر جا کر ختم ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا یہ خطوط عرض بلد شمالی کہلاتے ہیں۔ اسی طرح خطِ استوا سے جنوب کی طرف کھینچے گئے یہ خطوط خطوطِ عرض بلد جنوبی کہلاتے ہیں۔

خطِ استوا سے ½۲۳ درجے شمال کو جو فرضی خط کھینچا گیا ہے، اسے خطِ سرطان کہتے ہیں اور ½۲۳ درجے جنوب کی طرف واقع خط کا نام خطِ جدی ہے۔ ظاہر ہے کہ خطِ سرطان اور خطِ جدی کی لمبائی خطِ استوا کے برابر نہیں ہو سکتی۔ بلکہ اس سے بہت کم ہے۔ لہٰذا خطوط عرض بلد جوں جوں قطبین کی طرف واقع ہوتے ہیں، ان کی لمبائی کم ہوتی جاتی ہے البتہ ان خطوط کا آپس میں درمیانی فاصلہ ہمیشہ یکساں ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ سب ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔ مثلاً خطِ استوا پر زمین کا محیط ۲۴۹۰۲ میل ہے تو خطِ سرطان اور خطِ جدی پر یہ محیط ۲۲۸۱۴ میل ہوگا۔ اور

۳۰ درجے عرض بلد (شمالی یا جنوبی) پر ۲۱۵۵۳ میل

۴۵ 〃 〃 〃 〃 〃 ۱۷۶۰۸ میل

۶۰ 〃 〃 〃 〃 〃 ۱۲۴۴۸ میل

اور ½۶۶ 〃 〃 〃 〃 〃 ۹۹۲۶ میل ہوگا۔

اس کے بعد یہ لمبائی بڑی تیزی سے کم ہو کر صفر درجے عرض بلد شمالی یا جنوبی (قطبین) پر ختم ہو جائے گی۔

½۶۶ درجے شمالی سے صفر درجے شمالی اور ½۶۶ درجے جنوبی سے صفر درجے جنوبی تک کا علاقہ علی الترتیب منطقہ باردہ شمالی اور منطقہ باردہ جنوبی کہلاتے ہیں۔ یہ علاقے عموماً یخ بستہ رہتے ہیں۔

یہاں انسانی آبادی نہ ہونے کے برابر ہے اور ان مقامات پر عموماً ۶ ماہ کا دن اور ۶ ماہ کی رات ہوتی ہے لہٰذا ان منطقوں کے متعلق ہمیں تحقیق کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

مندرجہ بالا تفصیل سے آپ کسی بھی درجہ عرض بلد کی لمبائی یا زمین کا اندازاً محیط معلوم کرسکتے ہیں۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جس طرح خطوط طول بلد کی لمبائی ہمیشہ برابر ہوتی ہے، اسی طرح خطوطِ عرض بلد کا درمیانی فاصلہ ہمیشہ برابر ہوگا۔ایک درجہ عرض بلد کا درمیانی فاصلہ = $\frac{\text{محیط}}{۱۸۰}$ یا $\frac{۲۹۸۴۰}{۱۸۰}$ یا ۱۳۸ میل ہوتا ہے۔اس اعتبار سے خطِ استوا اور خطِ سرطان کا درمیانی فاصلہ ہر مقام پر

۱۳۸ × ۲۳ $\frac{۱}{۲}$ = ۳۲۴۳ میل ہوگا۔

خطوطِ طول بلد اور عرض بلد کے فوائد

خطوطِ طول بلد اور عرضِ بلد سے ہم مندرجہ ذیل فوائد حاصل کرتے ہیں :۔

۱۔کسی مخصوص مقام کا محلِ وقوع

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ لاہور $\frac{۱}{۲}$۷۴ درجے طول بلد مشرق اور ۳۲ درجے عرض بلد شمال میں واقع ہے، تو ہم زمین کے نقشہ سے فوراً اسے تلاش کرسکتے ہیں۔اس طرح یہ خطوط کسی بھی شہر اور مقام کا محلِ وقوع متعین کرنے میں مدد ثابت ہوتے ہیں۔اگر ہمیں کسی شہر کا طول بلد اور عرض بلد معلوم ہو تو خالی نقشے پر ہم اس کا صحیح مقام تجویز کرسکتے ہیں۔ان خطوط کی مدد سے کسی ملک یا براعظم کا محلِ وقوع بھی بتلایا جاتا ہے۔

۲۔دو مقامات کا درمیانی فاصلہ

یہ تو ہم بتلا چکے ہیں کہ خطوط طول بلد زمین کو شمالاً جنوباً ۳۶۰ برابر حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں اور خطوط عرض بلد کی لمبائی شمالاً جنوباً کم ہوتی چلی جاتی ہے تو اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ

(ا) خطِ استواء پر ایک درجہ طول بلد کا درمیانی فاصلہ = $\frac{۲۴۹۱۲}{۳۶۰}$ = ۶۹ $\frac{۱}{۵}$ میل ہوگا۔

(ب) خطِ سرطان یا جدی پر یہ فاصلہ = ۶۷ میل

(ج) ۳۰ درجے عرض بلد پر = ۶۵ میل

(د) ۴۵ 〃 〃 〃 〃 = ۶۰ میل

(ہ) ۶۰ 〃 〃 〃 〃 = ۵۲ میل

اور (و) $\frac{۱}{۲}$۶۶ 〃 〃 〃 〃 = ۴۶ میل رہ جائے گا۔

فرض کیجئے کہ دو مقام ا اور ب خطِ سرطان پر واقع ہیں۔ ا کا درجہ طول بلد ۳۵ درجے مشرق

اور ب کا درجہ طول بلد ۶۵ درجے مشرق ہے۔ تو ان کا درمیانی فاصلہ = (۶۵ - ۳۵) x ۶۷ یا ۳۰ x ۶۷ = ۲۰۱۰ میل ہوگا۔

اسی طرح دو مقام ج اور د ایک ہی عرض بلد پر واقع ہیں ج ۲۵ درجے عرض بلد شمالی پر اور د ۱۵ درجے عرض بلد جنوبی پر واقع ہے۔ تو ان کا درمیانی فاصلہ (۲۵ + ۱۵) x ۱۳۸ = ۴۰ x ۱۳۸ = ۵۵۲۰ میل ہوگا۔ بشرطیکہ وہ دونوں ایک سیدھ میں ہوں یعنی ان کا طول بلد ایک ہو۔

لیکن بیشتر مقامات جن کا درمیانی فاصلہ معلوم کرنا مطلوب ہوتا ہے وہ ایک ہی طول بلد یا عرض بلد پر تو واقع نہیں ہوتے۔ ایسے مقامات کا فاصلہ معلوم کرنے کے لئے ہم :
خطوط طول بلد کے درجات کا فرق + خطوط طول بلد کے فاصلہ کی اوسط کا طریق استعمال کریں گے۔

مثال :۔

لاہور کا درجہ طول بلد ۷۵ درجے مشرق اور عرض بلد ۳۲ درجے شمالی ہے۔ جبکہ مکہ معظمہ کا طول بلد ۴۰ درجے مشرق اور عرض بلد ۲۳ درجے مشرق ہے، ان دونوں کا درمیانی فاصلہ کیا ہوگا ؟

حل :۔ خطوط طول بلد کے درجات کا فرق = ۷۵ - ۴۰ = ۳۰

۲۳ ½ درجے عرض بلد پر فی درجہ طول بلد ۶۷ میل کا فاصلہ ہوتا ہے اور ۳۰ درجے پر ۶۵ میل کا۔ تو اس طرح لاہور اور مکہ معظمہ کا درمیانی فاصلہ اندازاً = ۳۵ x ۶۵ = ۲۲۷۵ میل ہوگا۔

۳۔ معیاری وقت

موجودہ نظریہ کے مطابق زمین اپنے محور کے گرد ۲۴ گھنٹے میں ایک چکر پورا کرتی ہے جس کے نتیجہ میں دن رات پیدا ہوتے ہیں۔ گویا زمین ۲۴ گھنٹے میں ۳۶۰ درجے طول بلد گھوم جاتی ہے۔ بالفاظِ دیگر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ زمین ایک گھنٹہ میں ۱۵ درجے طول بلد گھومتی ہے اور یہ رفتار خطِ استوا پر ۱۰۳۸ میل فی گھنٹہ بنتی ہے۔ خطِ سرطان یا جدی پر یہ رفتار ۶۷ x ۱۵ = ۱۰۰۵ میل فی گھنٹہ ہوگی۔ اور ایک درجہ طول بلد ۴ منٹ میں طے ہوتا ہے۔
اس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ :۔

ایک مخصوص ا پر جو ۳۰ درجے طول بلد مشرق میں واقع ہے۔ مقام ب سے جو ۴۰ درجے مشرق میں واقع ہے، سورج ۴۰ - ۳۰ = ۱۰ درجے x ۴ منٹ = ۴۰ منٹ بعد طلوع ہوگا۔ کیونکہ حقیقتاً مقام ا مقام ب سے ۱۰ درجے مغرب میں واقع ہے۔

اسی طرح اگر مقام ب ۱۰ درجے طول بلد مغرب میں واقع ہوگا تو وہاں سورج مقام ا سے ۳۰ + ۱۰ = ۴۰ x ۴ منٹ = ۱۶۰ منٹ یا ۲ گھنٹہ ۴۰ منٹ بعد طلوع ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ

زمین کی محوری گردش کلاک کی سوئیوں کے برعکس (ANTICLOCK WISE) حرکت کرتی ہے۔ جو بائیں سے دائیں یا مغرب سے مشرق کو گھومتی ہے۔

یعنی جو مقامات مشرق کی جانب واقع ہوں گے وہاں سورج ۴ منٹ فی درجہ کے حساب سے پہلے نمودار ہوگا۔ اور جو مقامات مغرب میں ہیں، وہاں اسی حساب سے بعد میں طلوع ہوگا۔ مثلاً لاہور کا درجہ طول بلد ۷۵ مشرق ہے اور مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ ۴۰ درجے مشرق، تو سورج مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ میں لاہور کی نسبت ۷۵ - ۴۰ = ۳۵ × ۴ = ۱۴۰ یا ۲ گھنٹے ۲۰ منٹ بعد میں طلوع ہوگا۔

مطلع کیا ہے؟

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ایک ہی خط طول بلد پر واقع تمام مقامات پر سورج اور چاند ایک ہی وقت طلوع ہوں گے اور ایک ہی وقت غروب ہوں گے۔ مثلاً حیدرآباد سندھ، کابل اور تاشقند کا طول بلد تقریباً ۶۸ مشرق ہے۔ تو اگر حیدرآباد میں سورج صبح چھ بج کر ۲۲ منٹ پر طلوع ہوگا تو کابل اور تاشقند میں بھی اسی وقت ہوگا۔ اور اگر تاشقند میں چاند غروبِ آفتاب کے بعد نظر آگیا ہے تو ان مقامات پر ضرور نظر آنا چاہیئے۔ بشرطیکہ ابر یا فضا کی کثافت آڑے نہ آئے۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ حیدرآباد، کابل اور تاشقند کا مطلع ایک ہے۔

اس کی مزید وضاحت یوں کی جاسکتی ہے کہ ایک مقام ل لاہور سے پورے ۱۸۰ درجے مغرب میں واقع ہے۔ یعنی اگر لاہور کا درجہ طول بلد ۷۵ مشرق ہے تو مقام ل ۱۰۵ درجے مغرب ہے۔ تو ۲۳ مارچ یا ۲۳ ستمبر کو جس وقت لاہور میں سورج طلوع ہوگا مقام ل پر غروب ہو رہا ہوگا اور رات شروع ہوجائے گی۔ گویا مقام ل اور لاہور کے مطالع بالکل ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔

معیاری اور مقامی اوقات

عیسوی تقویم میں دن (دن رات کا مجموعہ) آدھی رات یعنی رات کے بارہ بجے سے شروع ہو کر دوسرے دن آدھی رات کو ۱۲ بجے ختم ہوتا ہے اور یہ کوشش کی گئی ہے کہ دنیا کے تقریباً ہر مقام پر نصف النہار یا زوالِ آفتاب کے وقت دوپہر کے ۱۲ بج رہے ہوں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ساری دنیا کو ۲۴ منطقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ منطقہ ۱۵ درجے طول بلد پر مشتمل ہوتا ہے۔ جیسا کہ پہلے بتلایا گیا ہے، گرینچ کے قریب واقع طول بلد کو صفر درجہ یا نصف النہار اولیٰ تسلیم کیا گیا ہے۔ لہٰذا گرینچ

کا وقت ہی اصل معیاری وقت (STANDERED TIME) قرار دیا گیا ہے۔ اب ایک مقام (ا) جو گرینچ سے ایک منطقہ وقت یا ۱۵ درجے طول بلد مشرق میں واقع ہے، وہاں زوال کے وقت گھڑی کو ۱۲ بجانے کے لئے گرینچ کے وقت سے ایک گھنٹہ گھڑی آگے رکھنا پڑے گی۔ اور دوسرا مقام ب جو گرینچ سے ۱۵ درجے طول بلد غربی میں واقع ہے، وہاں گھڑی پیچھے رکھنا ہوگی۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ لاہور کا درجہ طول بلد ۷۵ درجے شرقی یا گرینچ سے وقت کے پانچ منطقوں کی دوری پر مشرق میں واقع ہے۔ تو جس وقت گرینچ میں دوپہر کے بارہ بج رہے ہوں گے، لاہور میں ۵ بجے شام کا وقت ہوگا۔

وقت میں اس مطابقت کے لئے، کہ ہر مقام پہ دن (نئی تاریخ) آدھی رات سے شروع ہو، یہ طریق اختیار کیا گیا ہے کہ مشرق کی سمت جاتے وقت ہر ۱۵ درجے کی مسافت کے بعد گھڑی ایک گھنٹہ آگے کر لی جائے اور مغرب کو سفر کرتے وقت ہر ۱۵ درجے طے کرنے کے بعد گھڑی کو ایک گھنٹہ پیچھے کر لیا جائے۔ اس طریق کار سے ایک اور الجھن پیش آتی ہے جو درج ذیل ہے۔

فرض کیجئے کہ گرینچ سے دو ہوائی جہاز، یکم جولائی بروز منگل ۱۲ بجے دوپہر اوسطاً ۵۰۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑتے ہیں۔ ایک بالکل مشرق کو اڑتا ہے اور دوسرا مغرب کو۔ اور دونوں ۱۸۰ درجے طول بلد یا نصف محیط زمین یا تقریباً ۱۲½ ہزار میل کا فاصلہ ۲۵ گھنٹے میں طے کر کے ۱۸۰ درجے شرقی اور غربی طول بلد پہ آ ملتے ہیں۔ تو جو جہاز مشرق کی طرف سفر کرے گا وہ ۱۲ گھنٹے اپنی گھڑی کو آگے کرے گا تو اس کی گھڑی ۲۵ گھنٹے گزرنے کے بعد ۲ جولائی ایک بجے دوپہر کے بجائے ۳ جولائی بروز جمعرات ایک بجے رات کا وقت ظاہر کرے گی (یعنی ۲۵ گھنٹے میں ۱۲ گھنٹے جمع کرنے سے ۳۷ گھنٹے کا وقفہ ظاہر کرے گی) اور جو جہاز مغرب کی طرف سفر کر رہا ہوگا، اس کی گھڑی ۲۵ گھنٹے کی بجائے ۲۵-۱۲= ۱۳ گھنٹے ظاہر کرے گی۔ اس گھڑی پر ۲ جولائی بروز بدھ رات کا ایک بج رہا ہوگا۔ گویا پورے ایک دن کا فرق پڑ جائے گا۔

بین الاقوامی تاریخی خط اس الجھن کا حل یہ تجویز کیا گیا ہے کہ جو ہوائی جہاز یا بحری جہاز سفر کرتے ہوئے اس ۱۸۰ درجے کے طول بلد کو (جو کہ شرقی اور غربی ایک ہی خط ہے) پار کرتے ہوئے مغرب سے مشرق کی طرف جاتے ہیں وہ اپنی گھڑیوں میں تاریخ ایک دن آگے کر لیتے ہیں۔ اور جو جہاز مشرق سے مغرب کی طرف جاتے ہیں وہ ایک دن پیچھے کر لیتے ہیں۔ کیونکہ ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ ایک ہی طول بلد پر واقع مقامات پر ۲ جولائی بدھ بھی ہو اور ۳ جولائی جمعرات بھی۔

اس ۱۸۰ درجے طول بلد کو جہاں ایک دن اور تاریخ زیادہ یا کم کر لیتے ہیں، بین الاقوامی خط تاریخ (INTERNATIONAL DATE LINE) کہتے ہیں۔ یہ خط زیادہ تر سمندر میں واقع ہے۔ کہیں کہیں اسے بعض جزیروں کے ایک طرف سے گزارنے کے لئے یا سمندر میں رکھنے کے لئے کچھ ٹیڑھا کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ایک ہی آباد مقام پر بیک وقت دو تاریخیں نہ ہوں۔ یہ خط شمالی امریکہ کے مغرب اور روس سے مشرق کی طرف ان دونوں کے درمیان سے گزرتا ہے۔ گویا گرینچ سے لے کر اُس تاریخی خط تک کے مشرقی ممالک مشرق کہلاتے ہیں۔ بعض یورپی ممالک اور افریقہ وغیرہ مشرق قریب ہے۔ حجاز، عراق، ایران وغیرہ مشرقِ وسطیٰ ہے، برما، ہندچینی، جاپان اور چین وغیرہ مشرقِ بعید ہے اور یہ سب مشرقی طول بلد کے ممالک ہیں۔ اسی طرح سکنڈے نیویا، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ مغربی طول بلد والے ممالک ہیں۔ اور اس تاریخی خط پر مشرق اور مغرب دونوں کی انتہا ہوتی ہے۔

۴۔ موسم موسم کا تعلق کافی حد تک خطوط عرض بلد سے ہے۔ کوئی علاقہ جس قدر خط استواء کے قریب ہوگا وہاں موسم گرم ہوگا اور جوں جوں خطِ استواء سے دُور ہوتا جائے گا، خواہ یہ دوری شمال کی جانب ہو یا جنوب کی جانب، موسم میں ٹھنڈک آتی جائے گی حتیٰ کہ قطب شمالی اور قطب جنوبی پر اس قدر ٹھنڈک ہے کہ وہاں برف ہی جمی رہتی ہے۔ اور آبادی محال ہے۔

ایک سو مختلف ممالک کے معیاری اوقات

ان چند در چند فوائد کی وجہ سے ہم یہاں دُنیا کے سو کے قریب مشہور ممالک کا بہ ترتیب حروفِ تہجی درجہ طول بلد اور عرض بلد اور ان کے علاوہ ان کا معیاری وقت بھی درج کر رہے ہیں۔ طول بلد کا معیاری وقت سے، اور ان دونوں کا اختلاف مطالع سے چونکہ گہرا تعلق ہے اور مضمون کے اگلے حصّہ میں ان کا حوالہ بھی آئے گا۔ لہٰذا اس کا اندراج کئی لحاظ سے ضروری معلوم ہوتا ہے۔

اس نقشہ میں فرض یہ کیا گیا ہے کہ اگر پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں دن کے ۱۲ بج رہے ہوں تو اس وقت دنیا کے مختلف مشہور ممالک میں معیاری وقت کیا ہوگا۔ اسلام آباد کا اپنا طول بلد ۷۳ درجے مشرقی ہے۔ اور پاکستان کا معیاری وقت ۷۵ درجے مشرق کے حساب سے مقرر ہے۔ یعنی گرینچ کے وقت سے ۵ گھنٹے پہلے۔ بالفاظِ دیگر جب اسلام آباد میں دن کے ۱۲ بج رہے ہوں تو (الف) گرینچ اور اس کے آس پاس ۱۵ درجے کے اندر اندر ملکوں (مثلاً برطانیہ اور اسپین وغیرہ) میں صبح سات بجے کا وقت ہوگا۔

(ب) خط تاریخ پر (یعنی روس کے انتہائی مشرقی اور شمالی امریکہ کے انتہائی مغربی حصہ میں) رات کے ۷ بجے کا وقت ہوگا۔

(ج) ہر ۱۵ درجے کے بعد ایک گھنٹہ کا فرق پڑتا جائے گا اور اس کی صورت یوں ہوگی:۔

۶۷½° طول بلد شرقی پر (پاکستان) دوپہر کے ۱۲ بجے	۳۷½ طول بلد غربی پر صبح کے ۴ بجے	۱۵۷½° طول بلد غربی پر رات کے ۸ بجے
۵۲½° 〃 〃 〃 〃 ۱۱ بجے	۵۲½ 〃 غربی پر رات کے ۳ بجے	۱۷۲½ 〃 (خطِ تاریخ) پر 〃 〃 ۷ بجے
۳۷½° 〃 〃 〃 صبح کے ۱۰ بجے	۶۷½ 〃 〃 〃 ۲ بجے	۱۵۷½° طول بلد شرقی شام کے ۶ بجے
۲۲½° 〃 〃 〃 کے ۹ بجے	۸۲½ 〃 〃 〃 ایک بجے	۱۴۲½° 〃 〃 〃 〃 ۵ بجے
۷½° 〃 〃 〃 〃 ۸ بجے	۹۷½ 〃 〃 〃 ۱۲ بجے	۱۲۷½° 〃 〃 〃 سہ پہر کے ۴ بجے
(گرینچ پر) 〃 〃 ۷ بجے	۱۱۲½ 〃 〃 〃 ۱۱ بجے	۱۱۲½° 〃 〃 〃 〃 ۳ بجے
۷½° درجے طول بلد غرب پر ۶ بجے	۱۲۷½ 〃 〃 〃 ۱۰ بجے	۹۷½° 〃 〃 دوپہر کے ۲ بجے
۲۲½° 〃 〃 غرب 〃 ۵ بجے	۱۴۲½ 〃 〃 〃 ۹ بجے	۸۲½° 〃 〃 〃 ایک بجے کا وقت ہوگا

(د) معیاری وقت مقرر کرتے وقت یہ خیال رکھا جاتا ہے کہ سارے ملک میں ایک ہی وقت ہو مثلاً کینیڈا ۵۶ درجے سے ۱۳۰° غرب تک پھیلا ہوا ہے اور اس میں طول بلد کے ۷۴ درجے آ جاتے ہیں۔ اور معیاری وقت ہر پندرہ درجے کے بعد ایک گھنٹہ آگے پیچھے ہو جاتا ہے۔ اس لحاظ سے کینیڈا میں پانچ گھنٹے کا فرق از روئے حساب ہیئت پڑ سکتا ہے۔ مگر اس کا معیاری وقت ایک بجے شب دیا گیا ہے جو ۹۷½° درجے غرب کے حساب سے ہے۔ یعنی تقریباً درمیانی درجہ لے لیا گیا ہے۔ لیکن اوسط کا لحاظ رکھنا بھی ضروری نہیں۔ جیسے پاکستان کا طول بلد ۶۲ سے لے کر ۷۵ مشرقی ہے۔ اور اس کا معیاری وقت گرینچ سے ۵ گھنٹے پہلے یعنی ۷۵ کے حساب سے ہے جو کہ اس کا مشرق کی طرف آخری درجہ ہے۔ بھارت کا طول بلد ۷۰ سے ۸۹ تک مشرقی ہے۔ اور اس کا معیاری وقت پورے گھنٹوں کے بجائے آدھ کی کسر پر یعنی گرینچ سے ۵½ گھنٹے پیشتر ہے جو کہ ۸۲½° درجے پر آتا ہے۔ یہی صورت افغانستان اور ایران کے معیاری وقت کی ہے۔ علاوہ ازیں معیاری وقت مقرر کرتے وقت کچھ کمی بیشی بھی گوارا کر لی جاتی ہے۔

سو مختلف ممالک کے معیاری اوقات کا نقشہ بہ ترتیب حروف تہجی

نمبر شمار	نام ملک معہ برّ اعظم	طول بلد	عرض بلد	معیاری وقت
۱	آسٹریا (یورپ)	۱۰ تا ۲۰ شرقی	۴۷ تا ۵۰ شمالی	۸ بجے صبح
۲	آسٹریلیا (جنوبی)	۱۲۹ تا ۱۴۲ شرقی	۲۶ تا ۳۸ جنوب	۵ ″ شام
۳	″ (شمالی)	۱۲۹ تا ۱۳۸ شرقی	۱۰ تا ۲۶ جنوب	۲ بجے صبح
۴	″ (غربی)	۱۱۴ تا ۱۲۸ شرقی	۱۴ تا ۳۸ جنوب	۳ بجے سہ پہر
۵	اٹلی (روم) (یورپ)	۷ تا ۲۲ شرق	۳۸ تا ۴۸ شمال	۸ بجے صبح
۶	ارجن ٹائن (جنوبی امریکہ)	۵۵ تا ۷۲ غرب	۲۳ تا ۵۲ جنوب	۳ بجے صبح
۷	اردن (ایشیا)	۳۰ تا ۳۵ شرق	۲۸ تا ۳۲ شمال	۹ بجے شمال
۸	اسپین (ہسپانیہ) (یورپ)	۳ شرق ۹ غرب	۳۷ تا ۴۳ شمال	۷ بجے صبح
۹	اسرائیل (ایشیا)	۳۴ تا ۳۶ شرق	۲۹ تا ۳۳ شمال	۹ بجے صبح
۱۰	افغانستان (″)	۶۰ تا ۷۰ شرق	۳۵ تا ۳۸ شمال	½ ۱۱ بجے صبح
۱۱	الاسکا	۱۴۰ تا ۱۶۵ غرب	۶۰ تا ۷۰ شمال	۵ بجے شام
۱۲	البانیہ (یورپ)	۲۳ تا ۲۶ شرق	۴۰ تا ۴۴ ″	۸ بجے صبح
۱۳	الجیریا (افریقہ)	۸ غرب تا ۱۰ شرق	۲۰ تا ۳۱ ″	۷ بجے صبح
۱۴	انڈونیشیا (جزائر) (ایشیا)	۱۰۵ تا ۱۲۰ شرق	۲ شمال تا ۱۰ جنوب	½ ۲ بجے دوپہر
۱۵	ابے سینیا (ایتھوپیا۔ حبشہ) (افریقہ)	۳۶ تا ۴۵ شرق	۴ تا ۱۸ شمال	۱۰ بجے صبح
۱۶	ایران (ایشیا)	۴۴ تا ۶۲ شرق	۲۵ تا ۳۵ ″	½ ۱۰ بجے صبح
۱۷	ایکوے ڈار (جنوبی امریکہ)	۷۶ تا ۷۸ غرب	۲ شمال تا ۴ جنوب	۲ بجے شب
۱۸	بحرین (خلیج فارس۔ ایشیا)	۵۱ شرقی	۲۶ شمالی	۱۱ بجے صبح
۱۹	برازیل (جنوبی امریکہ)	۴۰ تا ۶۰ غرب	۱ تا ۳۰ جنوب	۴ بجے صبح
۲۰	برطانیہ (جزائر۔ انگلینڈ۔ سکاٹ لینڈ۔ آئرلینڈ) (یورپ)	۲ تا ۸ غرب	۵۰ تا ۵۹ شمال	۷ بجے صبح

نمبر شمار	نام ملک معہ براعظم	طول بلد	عرض بلد	معیاری وقت
۲۱	برما (ایشیا)	۹۲ تا ۱۰۱ شرق	۹ تا ۲۸ شمال	½ ۱ بجے دوپہر
۲۲	بلجیم (یورپ)	۲ تا ۷ شرق	۴۹ تا ۵۲ 〃	۸ بجے صبح
۲۳	بلغاریہ (〃)	۲۷ تا ۳۴ 〃	۴۲ تا ۴۵ 〃	۹ بجے صبح
۲۴	بنگلہ دیش (ایشیا)	۸۸ تا ۹۳ 〃	۲۱ تا ۲۷ 〃	ایک بجے دوپہر
۲۵	(جزیرہ) (ایشیا)	۱۰۸ تا ۱۱۸ 〃	۵ شمال تا ۴ جنوب	۳ بجے سہپہر
۲۶	بولیویا (جنوبی امریکہ)	۵۸ تا ۶۹ غرب	۱۰ تا ۲۲ جنوب	۳ بجے شب
۲۷	بھارت (ایشیا)	۷۰ تا ۸۹ شرق	۸ تا ۳۲ شمال	½ ۱۲ بجے دوپہر
۲۸	پاکستان (〃)	۶۲ تا ۷۵ 〃	۲۴ تا ۳۷ 〃	۱۲ 〃 〃
۲۹	پرتگال	۷ تا ۹ غرب	۳۷ تا ۴۳ 〃	۷ بجے صبح
۳۰	پولینڈ (یورپ)	۱۴ تا ۲۴ شرق	۴۸ تا ۵۵ 〃	۸ بجے صبح
۳۱	پیرو (جنوبی امریکہ)	۷۰ تا ۸۲ غرب	۱ تا ۱۸ جنوب	۲ بجے شب
۳۲	تانگانیکا (تنزانیہ) (افریقہ)	۳۰ تا ۴۰ شرق	۲ تا ۱۲ 〃	۱۰ بجے صبح
۳۳	ترکی (یورپ)	۲۳ تا ۵۰ 〃	۳۷ تا ۴۳ شمال	۹ بجے صبح
۳۴	تسمانیہ (جزیرہ) (آسٹریلیا)	۱۴۴ تا ۱۴۷ 〃	۴۱ تا ۴۴ جنوب	۵ بجے شام
۳۵	تیونس (افریقہ)	۸ تا ۱۱ شرق	۳۰ تا ۳۶ شمال	۸ بجے صبح
۳۶	جاپان (جزائر) (ایشیا)	۱۳۰ تا ۱۴۵ 〃	۳۰ تا ۴۲ 〃	۴ بجے شام
۳۷	جاوا (جزیرہ)	۱۰۵ تا ۱۱۵ 〃	۵۲ تا ۵۶ 〃	۲ بجے سہپہر
۳۸	جرمنی (یورپ)	۷ تا ۱۵ 〃	۴۷ تا ۵۴ 〃	۸ بجے صبح
۳۹	چلی (جنوبی امریکہ)	۶۸ تا ۷۲ غرب	۱۸ تا ۵۳ جنوب	۲ بجے شب
۴۰	چیکوسلواکیہ (یورپ)	۱۲ تا ۲۶ شرق	۴۸ تا ۵۱ شمال	۸ بجے صبح
۴۱	چین (ایشیا)	۸۸ تا ۱۳۲ 〃	۲۲ تا ۴۸ 〃	۲ بجے سہ پہر
۴۲	ڈنمارک (یورپ)	۸ تا ۱۲ 〃	۵۵ تا ۵۸ 〃	۸ بجے صبح
۴۳	روس (ماسکو) (یورپ)	۲۲ تا ۶۰ 〃	۵۰ تا 〃	۱۰ بجے صبح
۴۴	رومانیہ (〃)	۲۴ تا ۳۴ 〃	۴۴ تا ۴۸ 〃	۹ بجے صبح

نمبر شمار	نام ملک معہ براعظم	طول بلد	عرض بلد	معیاری وقت
۴۵	ریاست ہائے متحدہ امریکہ	۶۷ تا ۱۲۴ غرب	۲۵ تا ۴۸ شمال	۱۲ بجے رات
۴۶	سالویڈار (وسطی امریکہ)	۸۸ تا ۹۰ 〃	۱۴ تا ۱۶ 〃	ایک بجے شب
۴۷	سری لنکا (ایشیا)	۸۰ تا ۸۲ شرق	۶ تا ۱۰ 〃	۱۲½ بجے دوپہر
۴۸	سعودی عرب (〃)	۳۵ تا ۵۶ 〃	۱۵ تا ۳۲ 〃	۱۰ بجے صبح
۴۹	سماٹرا (جزیرہ)	۹۵ تا ۱۰۶ 〃	۵ جنوب تا ۵ 〃	۲ بجے دوپہر
۵۰	سوڈان (افریقہ)	۲۲ تا ۳۸ 〃	۲ تا ۲۲ 〃	۹ بجے صبح
۵۱	سوئٹزرلینڈ (یورپ)	۸ تا ۱۲ 〃	۴۷ تا ۵۴ 〃	۸ بجے صبح
۵۲	سویڈن	۱۲ تا ۲۳ 〃	۵۶ تا ۶۸ 〃	۸ بجے صبح
۵۳	سیام (تھائی لینڈ) (ایشیا)	۹۷ تا ۱۰۶ 〃	۱۲ تا ۲۰ 〃	۲ بجے دوپہر
۵۴	شام (〃)	۳۵ تا ۴۲ 〃	۳۲ تا ۳۶ 〃	۱۰ بجے صبح
۵۵	عراق (〃)	۴۰ تا ۴۸ 〃	۲۹ تا ۳۴ 〃	۱۰ بجے صبح
۵۶	عمان (〃)	۵۳ تا ۵۹ 〃	۱۵ تا ۲۴ 〃	۱۰½ بجے صبح
۵۷	فجی (جزائر) (آسٹریلیا)	۱۷۵ تا ۱۸۰ 〃	۱۱ تا ۲۲ جنوب	۷ بجے شام
۵۸	فرانس	۸ غرب تا ۹ 〃	۴۳ تا ۵۱ شمال	۸ بجے صبح
۵۹	فلپائن (جزائر) (ایشیا)	۱۲۰ تا ۱۲۵ 〃	۵ تا ۲۵ 〃	۳ بجے صبح
۶۰	فن لینڈ (جزائر) (یورپ)	۲۲ تا ۳۲ 〃	۶۰ تا ۶۷ 〃	۹ بجے صبح
۶۱	قبرص ۔ سائرس (بحیرہ روم ۔ یورپ)	۳۲ تا ۳۴ 〃	۴۵ تا ۴۶ 〃	۹ بجے صبح
۶۲	قطر (خلیج فارس ۔ ایشیا)	۵۱ تا ۵۲ 〃	۲۴ تا ۲۶ 〃	۱۱½ بجے صبح
۶۳	کانگو (افریقہ)	۱۷ تا ۳۲ 〃	۲ شمال سے ۱۵ جنوب	۹ بجے صبح
۶۴	کمبوڈیا (ایشیا ۔ سیام)	۱۰۰ تا ۱۰۹ 〃	۹ تا ۲۳ شمال	۲ بجے دوپہر
۶۵	کوسٹاریکا (وسطی امریکہ)	۸۴ تا ۸۶ غرب	۸ تا ۱۱ 〃	ایک بجے شب
۶۶	کوریا (چین)	۱۲۴ تا ۱۳۰ شرق	۳۵ تا ۴۰ 〃	۲½ بجے دوپہر
۶۷	کولمبیا (جنوبی امریکہ)	۶۷ تا ۷۸ غرب	۱۲ شمال تا ۲ جنوب	۲ بجے شب
۶۸	کوئنزلینڈ (آسٹریلیا)	۱۳۸ تا ۱۵۳ شرق	۱۰ تا ۲۸ جنوب	۵ بجے شام

نمبر شمار	نام ملک معہ براعظم	طول بلد	عرض بلد	معیاری وقت
۶۹	کویت (خلیج فارس-ایشیا)	۴۸ شرقی	۲۹ شمالی	۱۰ بجے صبح
۷۰	کیلیفورنیا (شمالی امریکہ)	۱۱۵ تا ۱۲۳ غرب	۳۲ تا ۴۲ شمال	۱۱ بجے شب
۷۱	کینیڈا (")	۵۶ تا ۱۳۰ "	۴۵ تا ۵۵ "	ایک بجے شب
۷۲	کیوبا (وسطی امریکہ)	۴۷ تا ۸۴ "	۲۰ تا ۲۳ "	۲ بجے شب
۷۳	گرین لینڈ (شمالی امریکہ)	۳۵ تا ۶۵ "	۶۰ تا ۸۰ "	۱۱ بجے شب
۷۴	گنی (پرتگالی) افریقہ	۱۲ تا ۱۵ "	۱۱ تا ۱۳ "	۷ بجے صبح
۷۵	گھانا گولڈ کوسٹ (افریقہ)	۱ شرق تا ۳ غرب	۴ تا ۱۰ "	۷ بجے صبح
۷۶	گی آنا (جنوبی امریکہ)	۵۲ تا ۶۱ "	۱ تا ۷ "	۳ بجے شب
۷۷	لبنان (ایشیا)	۳۵ تا ۳۶ شرقی	۳۳ تا ۳۵ "	۹ بجے صبح
۷۸	لیبیا (افریقہ)	۸ تا ۲۵ "	۲۰ تا ۳۲ "	۸ بجے صبح
۷۹	مراکش (")	۲ تا ۱۱ غرب	۲۸ تا ۳۶ "	۷ بجے صبح
۸۰	مصر (")	۲۴ تا ۳۵ شرق	۲۲ تا ۳۲ "	۹ بجے صبح
۸۱	ملایا (ایشیا)	۱۰۰ تا ۱۰۴ "	۲ تا ۶ "	۲ بجے دوپہر
۸۲	میخوریا	۱۲۰ تا ۱۳۲ "	۴۰ تا ۵۶ "	۳ بجے سہ پہر
۸۳	منگولیا (ایشیا-چین)	۹۲ تا ۱۲۰ "	۴۲ تا ۵۲ "	۳ بجے سہ پہر
۸۴	میکسیکو (شمالی امریکہ)	۸۸ تا ۱۱۸ "	۵۴ تا ۷۲ "	ایک بجے شب
۸۵	نائیجیریا (افریقہ)	۴ تا ۱۵ "	۴ تا ۱۳ "	۸ بجے صبح
۸۶	ناروے (یورپ)	۵ تا ۳۰ "	۵۴ تا ۷۲ "	۸ بجے صبح
۸۷	نیپال (ایشیا)	۸۰ تا ۸۸ "	۲۸ تا ۳۰ "	½۱۲ بجے دوپہر
۸۸	نیوزی لینڈ (جزائر) (آسٹریلیا)	۱۶۶ تا ۱۹۹ "	۳۵ تا ۴۷ جنوب	۷ بجے شام
۸۹	نیویارک (شمالی امریکہ)	۷۳ تا ۸۰ غرب	۴۲ تا ۴۵ شمال	۲ بجے شب
۹۰	نیوساؤتھ ویلز (آسٹریلیا)	۱۴۲ تا ۱۵۳ شرق	۲۸ تا ۳۸ جنوب	۵ بجے شام
۹۱	واشنگٹن (شمالی امریکہ)	۱۱۷ تا ۱۲۴ غرب	۴۵ تا ۴۸ شمال	۱۱ بجے رات
۹۲	وکٹوریہ (آسٹریلیا)	۱۴۲ تا ۱۴۸ شرق	۳۴ تا ۳۷ جنوب	½۴ بجے شام

نمبر شمار	نام ملک معہ براعظم	طول بلد	عرض بلد	معیاری وقت
۹۳	ویت نام (ایشیا)	۱۰۲ تا ۱۰۸	۱۰ تا ۲۳ شمال	۲ بجے دوپہر
۹۴	وینزویلا (جنوبی امریکہ)	۶۰ تا ۷۳ غرب	۰ تا ۱۲ "	۲½ بجے شب
۹۵	یمن (ایشیا)	۴۳ تا ۴۶ شرقی	۱۱ تا ۱۷ "	۱۰ بجے صبح
۹۶	یوگنڈا (افریقہ)	۳۰ تا ۳۵ شمال	۳ شمال سے ۲ جنوب	۹ بجے صبح
۹۷	یوگوسلاویہ (یورپ)	۱۳ تا ۲۳ شرق	۴۲ تا ۴۸ شمال	۸ بجے صبح
۹۸	یونان (روم) (یورپ)	۱۹ تا ۲۸	" ۳۷ تا ۴۲	۹ بجے صبح
۹۹	ہالینڈ (")	۵ تا ۷	" ۵۱ تا ۵۴	۷ بجے صبح
۱۰۰	ہنگری (")	۲۲ تا ۲۷	" ۴۶ تا ۵۰	۸½ بجے صبح

دُنیا کے چند مشہور شہروں کے طول بلد اور عرض بلد

ملکوں کے طول بلد، عرض بلد اور معیاری وقت بیان کرنے کے بعد اب ہم دُنیا کے چند مشہور شہروں کے طول بلد اور عرض بلد بہ ترتیب حروف تہجی درج کرتے ہیں۔ جو کہ صرف ایک ہی درجہ ہو سکتا ہے۔ اس سے شہروں کے محل وقوع، ان کے درمیانی فاصلہ، مطالع کے اختلاف اور وہاں کے موسم کا کافی حد تک علم حاصل ہو سکتا ہے۔

نمبر شمار	نام شہر معہ ملک	طول بلد	عرض بلد	نمبر شمار	نام شہر معہ ملک	طول بلد	عرض بلد
۱	اسلام آباد (پاکستان)	۷۳ شرقی	۳۳ شمالی	۸	بحرین (بحرین۔ایشیا)	" ۵۱	" ۲۶
۲	اسکندریہ (مصر)	" ۳۰	" ۱۵	۹	بخارا (روس)	" ۶۳	" ۴۴
۳	انطاکیہ (شام)	" ۳۵	" ۳۴	۱۰	بخارسٹ (رومانیہ۔یورپ)	" ۳۰	" ۴۵
۴	الجزائر (الجیریا۔افریقہ)	" ۵	" ۲۳	۱۱	برسیلز (بلجیم)	" ۵	" ۵۱
۵	انقرہ (ترکی)	" ۳۸	" ۴۱	۱۲	برلن (جرمنی)	" ۱۴	" ۵۲
۶	ایتھنز (یونان)			۱۳	بصرہ (عراق)	" ۴۷	" ۳۰
۷	ایمسٹرڈیم (ہالینڈ یورپ)	" ۵	" ۵۷	۱۴	بغداد (عراق)	۴۴ شرقی	۳۴ شمالی

نمبر شمار	نام شہر معہ ملک	طول بلد	عرض بلد
۱۵	بلغراد (یوگوسلاویہ)	۲۴ 〃	۴۷ 〃
۱۶	بمبئی (بھارت)	۷۲ 〃	۱۸ 〃
۱۷	بنکاک (سیام یا ہندچینی)	۱۰۱ 〃	۱۴ 〃
۱۸	بوسٹن (U.S.A)	۷۱ غربی	۴۲ 〃
۱۹	بیونس ایرس (ارجنٹائن)	۵۷ 〃	۳۶ جنوبی
۲۰	بیروت (لبنان)	۳۵ شرقی	۳۴ شمالی
۲۱	بیت المقدس (یروشلم) (اسرائیل)	۳۵ 〃	۳۲ 〃
۲۲	پانامہ (وسطی امریکہ)	۷۹ غربی	۹ 〃
۲۳	پراگ (چیکوسلواکیہ)	۱۸ شرقی	۵۰ 〃
۲۴	پشاور (پاکستان)	½۷۱ 〃	۳۴ 〃
۲۵	پورٹ آرتھر (چین)	۱۲۲ 〃	۳۹ 〃
۲۶	پیرس (فرانس)	۲ شرقی	۴۸ شمالی
۲۷	پیکنگ (چین)	۱۱۷ 〃	۴۱ 〃
۲۸	تاشقند (روس)	۶۸ 〃	۴۱ 〃
۲۹	تبریز (ایران)	۴۶ 〃	۳۸ 〃
۳۰	تبوک (سعودی عرب)	۳۷ 〃	۲۸ 〃
۳۱	تیونس (تیونس۔ افریقہ)	۱۳ 〃	۳۲ 〃
۳۲	ٹریپولی (لیبیا)	۱۲ 〃	۳۳ 〃
۳۳	ٹوکیو (جاپان)	۱۴۰ 〃	۳۶ 〃
۳۴	جدہ (سعودی عرب)	۳۸ 〃	۲۳ 〃
۳۵	جلال آباد (افغانستان)	½۷۰ 〃	½۳۴ 〃
۳۶	جکارتہ (انڈونیشیا)	۱۰۶ 〃	۶ جنوبی
۳۷	چمن (پاکستان)	½۶۶ شرقی	۳۱ شمالی
۳۸	خرطوم (سوڈان)	۳۲ 〃	۱۶ 〃
۳۹	خیبر (سعودی عرب)	۴۱ 〃	۲۶ 〃
۴۰	دارالسلام (تنزانیہ یا ٹانگانیکا۔ افریقہ)	۴۰ 〃	۸ جنوبی
۴۱	دمشق (شام)	۳۵ 〃	۳۴ شمالی
۴۲	دہلی (بھارت)	۷۸ 〃	۲۸ 〃
۴۳	ڈھاکہ (بنگلہ دیش)	۹۰ 〃	۲۳ 〃
۴۴	رباط (مراکش۔ مراکو)	۷ غربی	۳۴ 〃
۴۵	رنگون (برما)	۹۶ شرقی	۱۷ 〃
۴۶	روم (اٹلی۔ یورپ)	۴۵ 〃	۴۲ 〃
۴۷	ریاض (سعودی عرب)	۴۶ 〃	۲۴ 〃
۴۸	زنجبار (ٹانگانیکا)	۳۹ 〃	۶ جنوبی
۴۹	سان فرانسسکو (U.S.A)	۱۲۲ غربی	۳۷ شمالی
۵۰	سٹاک ہالم (سویڈن)	۱۸ شرقی	۵۹ 〃
۵۱	سٹالن گراڈ (روس)	۴۳ 〃	۴۸ 〃
۵۲	سلالہ (عمان)	۵۴ 〃	۱۵ 〃
۵۳	سمرقند (روس)	۶۶ 〃	۴۲ 〃
۵۴	سنگاپور (ملایا)	۱۰۴ 〃	۲ 〃
۵۵	سیگون (ویت نام)	۱۰۸ 〃	۱۱ 〃
۵۶	شکاگو (U.S.A)	۸۸ غربی	۴۳ 〃
۵۷	شنگھائی (چین)	۱۲۲ شرقی	۳۲ 〃
۵۸	صنعاء (یمن)	۴۴ 〃	۱۵ 〃
۵۹	طائف (سعودی عرب)	۳۹ 〃	۲۲ 〃
۶۰	طرابلس (شام)	۳۵ 〃	۳۵ 〃

نمبر شمار	نام شہر معہ ملک	طول بلد	عرض بلد
٦١	طہران (ایران)	۵۲ ″	۳۶ ″
٦٢	عدن (یمن)	۴۵ ″	۱۹ ″
٦٣	عدیس ابابا (ایبے سینیا یا ایتھوپیا یا حبشہ)	۴۳ ″	۸ ″
٦۴	عمان (اردن)	۳۵ ″	۳۲ ″
٦۵	غرناطہ (اسپین)	۴ غربی	۳۵ ″
٦٦	فری ٹاؤن (سیرالیون)	۸ شرقی	۱۳ جنوبی
٦٧	قاہرہ (مصر)	۳۱ ″	۳۰ شمالی
٦٨	قندھار (افغانستان)	٦۵ ″	۳۲ ″
٦٩	کابل (″)	٦٨ ″	۳۵ ″
٧٠	کاشغر	٨٦ ″	۴۰ ″
٧١	کراچی (پاکستان)	٦٧ ″	۲۴ ″
٧٢	کربلا (عراق)	۴۴ شرقی	۳۳ شمالی
٧٣	کلکتہ (بھارت)	٨٩ ″	۲۲ ″
٧۴	کمپالا (یوگنڈا)	۳۲ ″	۰ ″
٧۵	کوپن ہیگن (ڈنمارک)	۱۲ ″	۵۵ ″
٧٦	کولمبو (لنکا یا سیلون)	٨٠ ″	٧ ″
٧٧	کوئٹہ (پاکستان)	٦٧ ″	۳۰ ″
٧٨	کویت (کویت خلیج فارس)	۴٨ ″	۱۵ ″
٧٩	کیپ ٹاؤن (جنوبی افریقہ)	۱۹ ″	۳۰ جنوبی
٨٠	لاس اینجلز (کیلیفورنیا)	۱۲۱ غربی	۳۴ شمالی
٨١	لاگوس (نائیجیریا)	۴ شرقی	۵ ″
٨٢	لاہور (پاکستان)	٧۴ ½ ″	۳۱ ½ ″
٨٣	لزبن (پرتگال)	۹ غربی	۳۹ ″
٨۴	لندن	۰	۵۱ ½ ″
٨۵	ماسکو (روس)	۳٧ شرقی	۵٦ ″
٨٦	مدراس (بھارت)	٨٠ ″	۱۴ ″
٨٧	مدینہ (سعودی عرب)	۴۱ ″	۲۵ ″
٨٨	مسقط (عمان)	۵۳ ″	۲۴ ″
٨٩	مکہ (سعودی عرب)	۴۰ شرقی	۲۲ شمالی
۹۰	ملبورن (وکٹوریہ۔ آسٹریلیا)	۱۴۵ ″	۴۳ جنوبی
۹۱	منیلا (جزائر فلپائن)	۱۲۰ ″	۱۵ شمالی
۹۲	میکسیکو (میکسیکو)	۹۰ غربی	۲۰ ″
۹۳	میڈرڈ (اسپین۔ ہسپانیہ)	۵ ″	۴۱ ″
۹۴	ناگاساکی (جاپان)	۱۳۰ شرقی	۳۳ ″
۹۵	نجف (عراق)	۴۴ ″	۳۲ ″
۹٦	نیروبی (کینیا)	۴۰ ″	۳ جنوبی
۹٧	نیویارک (نیویارک)	٧۳ غربی	۴۱ شمالی
۹٨	وارسا (پولینڈ)	۲۰	۵۲ ″
۹۹	ولنگٹن (نیوزی لینڈ)	۱٧۵ شرقی	۴۱ ½ جنوبی
۱۰۰	ولیڈی (واسک چین)	۱۴۲ ″	۴۳ ″
۱۰۱	ہانگ کانگ (چین)	۱۱۴ ″	۲۳ ″
۱۰۲	ہیروشیما (جاپان)	۱۳۲ ″	۳۴ ″
۱۰۳	یافہ یا تل ابیب (اسرائیل)	۳۴ ″	۳۳ ″

باب ۵

اختلافِ مطالع اور اِسلامی تہواروں میں ہم آہنگی

تاریخ کا اختلاف روایت ہلال میں تاریخ کا اختلاف عموماً مشاہدہ میں آتا رہتا ہے۔ یہ عین ممکن ہے کہ کسی مقام پر ایک مخصوص دن مثلاً ۱ فروری ۱۹۷۸ء کو یکم ربیع الاوّل ہو، دوسرے مقام پر اسی تاریخ کو ۲ ربیع الاوّل ہو اور کسی اور مقام پر ۳ ربیع الاوّل بھی ہو۔ پچھلے باب میں درج شدہ تفاصیل سے اس کی وجہ کسی حد تک سمجھ میں آسکتی ہے۔ اب ہم اس کی مزید وضاحت کریں گے۔

اس اختلاف کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ جیسا سُنا جاتا ہے بعض اسلامی ممالک نے رویت ہلال کے شرعی طریقہ کو چھوڑ کر قران ہی کو نئے چاند کی بنیاد قرار دے دیا ہے۔ یہ ایک غیر شرعی فعل ہے۔ جس کا شریعتِ اسلامیہ میں کوئی جواز نہیں ہے۔ اگرچہ اس طرح بھی قمری سال کے ایام کی تعداد میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ تاہم تاریخوں میں فرق کا واقع ہونا ایک ناگزیر بات ہے۔

۲۔ اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ عصرِ حاضر میں معیاری اوقات مقرر کر کے ایک دن کا فرق، جو سورج کو دُنیا کے تمام مقامات پر طلوع ہونے میں لگتا ہے، نکال دیا گیا ہے۔ اگر یہ اختراعی طریقہ استعمال نہ کیا جائے تو شمسی اور قمری تاریخوں میں پورے ایک دن کا فرق کم ہوسکتا ہے۔ اگر ہم یہ چاہیں کہ ہم بھی اسی طریقہ سے رویتِ ہلال میں سے ایک دن کا فرق کم کردیں تو ہمارے لئے اس کی کوئی گنجائش نہیں کیونکہ یہ بھی کبیسہ یا نسیٔ کی ایک شکل ہے جس سے مسلمانوں کو روک دیا گیا ہے۔ اگر شمسی اوقات کو علیٰ حالہٖ رہنے دیا جاتا تو دنیا بھر میں چاند کی تاریخ میں صرف ایک دن کا فرق ہوسکتا تھا۔ اور اس ایک دن کے فرق کو دُور کرنے کا حل سوچنا ناممکنات سے ہے۔ وجہ یہ ہے کہ سورج تو دُنیا بھر کے تمام مقامات پر ۲۴ گھنٹے کے دوران طلوع ہوتا ہے۔ لیکن چاند کو تمام دنیا کے مقامات پر طلوع ہونے کے لئے ۲۴ گھنٹے ۴۹ منٹ کی مدت درکار ہے۔ چاند ۲۴ گھنٹے میں زمین کے ۳/۴ ۳۴۷ درجات طول بلد پر تو طلوع

ہوسکتا ہے باقی ½ ۱۲ درجات طول بلد یعنی خطِ استوا کے لحاظ سے تقریباً ۲۵۰ میل کے رقبہ میں دوسرے دن نظر آئے گا۔

۳۔ ان دو وجوہ کے علاوہ ایک تیسری وجہ وقت کے شمار کا طریق کار ہے۔ عیسوی تقویم میں رات کے بارہ بجے کے بعد نئی تاریخ شروع ہوتی ہے۔ جبکہ قمری تقویم میں غروب آفتاب کے بعد نئی تاریخ شروع ہوجاتی ہے (ہندی تقویم میں نئی تاریخ طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے) کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جہاں بھی دن رات کا ذکر فرمایا ہے تو پہلے رات کا ذکر آتا ہے۔ وقت کا یہ جداگانہ دستور بھی رؤیت ہلال میں فرق پیدا کرنے کا سبب بن جاتا ہے جیساکہ نقشۂ بالا سے ظاہر ہے۔

اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے کہ آیا کوئی ایسی تدبیر اختیار کی جاسکتی ہے جس سے یہ فرق ختم ہوسکے یا کم ہوسکے۔ ہم نہ تو موجودہ معیاری وقت کے نظام کو بدل سکتے ہیں اور نہ ہی قمری تقویم کو شمسی کے مطابق کرکے خود چاند کے لئے معیاری وقت مقرر کرکے ایک دن کا فرق نکال سکتے ہیں۔ لہٰذا شمسی اور قمری تقویم میں اس وجہ سے ایک دن کا فرق موجود رہے گا۔

چاند دنیا کے تقریباً ستائیسویں حصہ پر بہرحال دوسرے دن نظر آئے گا۔ یہ فرق بھی ایسا فرق ہے جسے ہم رؤیت ہلال کی شرعی قیود میں رہ کر کسی صورت بھی رفع نہیں کرسکتے۔

ہم زیادہ سے زیادہ یہی کچھ کرسکتے ہیں کہ ابر یا فضا کی کثافت کی وجہ سے اگر چاند نظر نہیں آرہا تو شہادت کی بنا پر مطلع کا لحاظ رکھتے ہوئے اس اختلاف کو دُور کردیں۔ اس طرح قریبی علاقوں میں ایک دن کا فرق دُور کیا جاسکتا ہے۔ لیکن کچھ مقامات، دنیا کے ستائیسواں حصہ میں، دو دن کا بھی ہوسکتا ہے۔

ابر کی وجہ سے رؤیت ہلال میں اختلاف ایک اضافی چیز ہے، جو قمری تقویم پر اثرانداز نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس اختلاف کو شہادت کے ذریعہ بہرحال دُور کردینا چاہیئے۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ:
کسی دن ہلال کسی مقام پر مغربی اُفق سے ۱۸ درجے بلندی پہ ہے تو اسے ضرور نظر آجانا چاہیئے۔ مگر ابر کی وجہ سے نظر نہیں آسکتا تو شریعت نے اس کا نہایت آسان حل بتا دیا ہے۔ کہ اگر چاند دیکھنے کی آس پاس کے علاقہ سے کوئی معتبر شہادت میسر آسکتی ہے تو اس پر اعتبار کیا جائے گا ورنہ پچھلا مہینہ ۳۰ کا شمار کرنا ہوگا۔

مطلع کی حدود | اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ علم ہیئت کی رو سے آس پاس کے علاقہ کی حدود کیا ہیں؟

اگر چاند بالکل ہمارے سر پر چمک رہا ہو تو اسے ہم ۹۰ درجہ کے زاویہ کی بلندی قرار دیتے ہیں۔ یہ چاند سات دنوں میں مغربی افق سے نصف آسمان تک پہنچا ہے گویا یہ سات دن میں ۹۰ درجے کا فاصلہ طے کر کے آیا ہے۔ چونکہ ہر گول چیز کے ۳۶۰° قرار دیئے گئے ہیں، لہٰذا چاند کا آسمان پر درجوں کے حساب سے فاصلہ اور ہمارا زاویۂ نگاہ ایک ہی بات ہے۔

بالکل ایسے ہی صورتِ حال زمین کے درجاتِ طول بلد کی ہے۔ ایک ہی طولِ بلد پر واقع تمام شہروں یا ملکوں کا چاند و سورج دونوں کے حساب سے مطلع ایک ہی ہوتا ہے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ مقام ا پر ہلال ۱۸ درجے زاویہ بلندی پر مشاہدہ کیا گیا تو اس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ کیئے جا سکتے ہیں۔

۱۔ یہ ہلال سورج غروب ہونے کے ایک گھنٹہ ۱۵ منٹ بعد غروب ہوگا اور شفق کی وجہ سے نمازِ مغرب کے بعد ہی نظر آ سکتا ہے۔

۲۔ مغرب میں اس چاند کا مطلع غیر محدود ہے۔ اور مغربی مقامات میں اس کا نظر آنا بہر حال یقینی ہے۔

۳۔ مشرق میں اس کا مطلع کی حد ۵ درجے مزید طول بلد مشرق کا فاصلہ ہوگا۔ کیونکہ ۱۳ درجے کا چاند نظر نہیں آتا۔

۵ درجے مشرق میں واقع مقام ب پر یہ چاند نظر آئے گا اور ۵ درجے طول بلد کا سیدھا شرقاً غرباً فاصلہ:

(ا) خطِ استوا پر ۵ × ۶۹ ½ میل ہوگا = ۳۴۶ میل سیدھا مشرق کو۔

(ب) خطِ جدی یا سرطان پر ۶۷ × ۵ = ۳۳۵ میل " " "

(ج) ۶۶ ½ درجے جدی یا خط سرطان پر تقریباً ۵ × ۴۶ = ۲۳۰ میل سیدھا مشرق کو ہوگا۔

(د) ۶۶ ½ درجے کے اوپر کے مقامات پر رؤیت ہلال پر ایک دم بہت زیادہ اثر پڑ جاتا ہے۔ یہی وہ فاصلہ ہے جسے ایک مطلع کی حد شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس میں وہ فاصلہ بھی شامل ہے۔ جن لوگوں نے یہ نیا چاند دیکھ لیا ہے اور وہ فاصلہ بھی جہاں کے لوگ اسے دیکھ سکتے ہیں۔

مطلع کی حد کے متعلق آئمہ سلف کے اقوال میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے لیکن آج کل طول بلد کے تعین اور اس کے مطابق معیاری وقت کے تعین نے اس مسئلہ کو کافی حد تک حل کر دیا ہے۔ کئی اسلامی ممالک میں سارے ملک میں معیاری وقت ایک ہی ہوتا ہے خواہ اس کا فاصلہ ۱۵° طول بلد سے زیادہ ہو مثلاً سعودی عرب ۳۵ درجے سے ۵۶ درجے طول بلد شرقی یعنی ۲۱ درجے پر پھیلا ہوا ہے لیکن ملک بھر میں ان کا معیاری وقت ایک ہی ہے یعنی گرینچ ٹائم سے ۳ گھنٹے پہلے۔ رؤیت ہلال

کے لئے حکومت کیٹی مقرر کر دیتی ہے۔ جو شہادات کی توثیق کے بعد رؤیت ہلال کا اعلان کر دیتی ہے۔ اور اس کو پورے ملک کی رویئت قرار دے دیا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس حکومت نے ملک بھر کے لئے ایک ہی مطلع قرار دے کر اختلاف کو ختم کر دیا ہے۔

ایسی ہی صورت حال بھارت میں ہے جس کا طول بلد ۷۰ تا ۸۹ یعنی ۱۹ درجے ہے۔ وہاں بھی ایک ہی معیاری وقت ہے اور وہاں کی رویت بھی ملک بھر کے لئے ایک ہی رویت ہے البتہ چند ممالک ایسے بھی ہیں جو بہت زیادہ درجوں پر پھیلے ہوئے ہیں مثلاً چین، روس اور کینیڈا۔ ان کے مختلف علاقوں میں معیاری وقت بھی الگ ہیں اور اسی طرح مطالع بھی۔

ایک مسلمان یا حکومت کے اختیار میں یہی کچھ تھا کہ مطالع کے اختلاف کو حتی الامکان ختم کر دے۔ لیکن اس کے باوجود ایک طبقہ اسلامی تاریخوں کے اختلاف کے بارے میں سخت مضطرب ہے۔ آجکل جدید ذہن کے طبقہ میں یہ خیال اُبھر رہا ہے کہ مسلمانوں کے تہواروں میں وحدت بہت ضروری ہے۔ لہٰذا چاند کی رؤیت کی تعیین آلاتِ رصد کے ذریعہ کر کے پورے عالمِ اسلام میں ایک ہی دن روزے رکھنے اور عید منانے کا فیصلہ کیا جانا چاہیئے۔ ایک صاحب تو اس جوشِ اتحاد میں یہاں تک کہہ گئے کہ:

"ہمارے نبی اُمّی تھے، صحابہ کرامؓ بھی ان پڑھ تھے۔ انہیں چاند کا حساب معلوم نہ تھا۔ لہٰذا اس وقت کی مصلحت یہی تھی کہ رؤیتِ ہلال کو احکامِ دین کی بنیاد قرار دیا جائے[1] لیکن

---

[1] ایسے خیالات غالباً حضور اکرمؐ کے اس ارشاد سے ماخوذ ہیں:

"اِنَّا اُمَّةٌ اُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ" (متفق علیہ)

"ہم ان پڑھ اُمت ہیں، ہم لکھنا اور حساب کرنا نہیں جانتے!"

پھر آپؐ نے دونوں ہاتھوں کو کھول کر بلند کر کے بتلایا کہ: "مہینہ اتنا بھی (یعنی ۳۰ دن کا) ہوتا ہے۔ اور اتنا (یعنی ۲۹ دن کا) بھی ہوتا ہے"۔

حالانکہ اس ارشاد سے آپؐ کا مقصد اُمتِ محمدیہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کو علمِ ہیئت اور قمری حساب کے گورکھ دھندے سے نجات دلا کر سیدھے اور فطری طریق رؤیت پر عمل پیرا کرنا تھا۔ جیسا کہ شریعت نے ہر معاملہ میں اس امر کو ملحوظ رکھا ہے۔

دوسری وجہ یہ تھی کہ اس دور میں علمِ ہیئت اور نجوم پرستی (علمِ جوتش) لازم و ملزوم چیزیں متصور ہوتی تھیں جس کا اثر آج تک موجود ہے۔ لہٰذا اس قسم کے علمِ نجوم سے (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اب مسلمان لوگ چاند کا حساب خوب جانتے ہیں اور بہت پہلے معلوم کر لیتے ہیں کہ نیا چاند کب ہوگا۔ آلاتِ رسل و رسائل کے ذریعہ دنیا بھر کے کونہ کونہ میں خبر بھی کی جا سکتی ہے، تو اب مسلمانوں کو رؤیتِ ہلال کی بناء پر مختلف دنوں میں تیوہار بنانے کی ریت ترک کر دینا چاہیئے اور ایک مقررہ اعلان کے تحت تمام دنیا میں روزہ رکھنے، عیدین وغیرہ کا ایک ہی دن اہتمام کرنا چاہیئے۔"

اس سے بڑھ کر یہ کہ رابطۂ عالمِ اسلامی کی تاسیسی مجلس نے اپنے تیرھویں اجلاس میں، جو شعبان ۱۳۹۱ھ کو مکہ مکرمہ میں ہوا، چند قرار دادیں پاس کیں۔ جن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ "اسلامی ممالک پر رؤیت ہلال[1] کا ایک ایسا نظام بنایا جائے کہ اگر مغرب یا ایران میں چاند نظر آئے تو دنیا کے تمام مسلمانوں کے لئے ضروری ہو کہ "اسی رؤیت" کی بنا پر روزے رکھیں اور افطار کریں۔ قرار داد میں یہ بھی طے پایا کہ رابطہ کا سیکرٹریٹ تمام سربراہانِ ممالک اسلامیہ سے رابطہ قائم کرے اور ان سے اس پر عمل درآمد کے لئے کہے۔!

وحدتِ تاریخ و اوقات نئے چاند کی رُو سے

ہم ایسے سب حضرات کی اس "نیک تمنا" کی قدر ضرور کرتے ہیں، لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ان "علم دوست حضرات" کی اتحاد و وحدت کی یہ آرزو علمِ ہیئت کی رُو سے بھی پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ رؤیتِ ہلال پر تو کئی چیزیں اثر انداز ہوتی ہیں۔ اس کے بجائے اگر "نئے چاند" یا قِران کو ہی بنیاد قرار دیا جائے تو بھی پوری دنیا میں ایسا اتحاد ممکن نہیں ہوگا۔ اس کی مثال یوں سمجھیئے کہ اس سال ۱۹۷۸ء میں شوال کا "نیا چاند" لندن میں شام کے ۴ بج کر ۹ منٹ پر وقوع پذیر ہوگا اور تاریخ ۲ ستمبر ہوگی۔ اسی لمحہ حجاز مقدس میں شام کے سات بج کر ۹ منٹ، پاکستان میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) عوام کا ذہن پاک رکھنا مقصود تھا۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ اگر رؤیتِ ہلال کی بجائے قمری حساب یا قِران کے وقت کو بنیاد قرار دیا جائے تو بھی تمام دنیا میں وقت کی یکسانیت محال ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

[1] غنیمت ہے کہ اس قرار داد میں "نئے چاند" کے بجائے رؤیتِ ہلال کو بنیاد قرار دیا گیا ہے۔ لیکن مشکل مسئلہ یہ ہے کہ چاند ۲۴ گھنٹوں میں دُنیا کے تمام مقامات پر طلوع نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اگر اس "وحدت" پر زور دیا جائے تو یہ عملاً "رؤیتِ ہلال" کی شرعی بنیاد کی نفی ہوگی۔

نو ۹ بج کر ۹ منٹ رات، مشرقی پاکستان میں دس بج کر ۹ منٹ رات اور جزائر فجی اور سائبیریا میں چار بج کر ۹ منٹ سحری کا وقت ہوگا اور تاریخ ۲ ستمبر ہی ہوگی۔ کیونکہ یہ مقامات بین الاقوامی تاریخی خط کے مشرق میں واقع ہیں۔

حکومت حجاز اسی قِران کے لمحہ یعنی ۲ ستمبر، بج کر ۹ منٹ رات کو دوسرے دن عید منانے کا اعلان کرتی ہے تو جزائر فجی اور سائبیریا کا مسلمان اس وقت کیا طریق اختیار کرے گا، اگر اس دن یعنی ۲ ستمبر کو عید کرے تو اتحاد ممکن نہیں کہ حجاز میں عید ۳ ستمبر کو ہوگی۔ اور اگر روزہ رکھے تو کیوں رکھے، "نیا چاند" تو ہو چکا! — یہی صورتِ حال روزے شروع کرنے یا دوسرے اُمور میں بھی پیش آسکتی ہے!

وحدتِ تاریخ رؤیتِ ہلال کی رُو سے

یہ تو تھا نئے چاند یا قِران کا مسئلہ۔ اب ہم دیکھیں گے کہ اگر نئے چاند کے بجائے رؤیتِ ہلال کو ہی بنیاد قرار دیا جائے تو آیا یہ وحدت و اتحاد ممکن ہے؟ یہ بات پہلے واضح کی جا چکی ہے کہ قِران اور رؤیتِ ہلال دو الگ الگ چیزیں ہیں اور ان دونوں میں ایک ہی مقام پر ۲۴ سے لیکر ۳۰ گھنٹے تک کا وقفہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ بات بھی مسلّم ہے کہ علم ہیئت کی رُو سے چاند کی رؤیت کے لئے دنیا بھر کے تمام مقامات پر ۲۴ گھنٹے کی بجائے ۴۲ گھنٹے ۴۹ منٹ کا عرصہ درکار ہے۔ تو اگر دنیا بھر کے لئے رؤیتِ ہلال کا اعلان کر دیا جائے تو اس سے مثالِ بالا سے بھی زیادہ اُلجھن پیش آسکتی ہے۔ مثلاً اُوپر والی مثال میں ۳ ستمبر ۱۹۶۷ء کو مکہ میں رؤیت کی شہادت مل جاتی ہے اور ۷ بجے شام اگلے دن کے لئے عید کا اعلان کر دیا جاتا ہے تو میکسیکو (شمالی امریکہ) میں اس وقت ۹ بجے دن کا وقت ہوگا۔ کیا یہ لوگ اس دن روزہ پورا کر کے دوسرے دن عید منائیں گے یا فوراً افطار کر کے اسی دن اور اسی وقت عید ادا کریں گے۔ ان دونوں صورتوں میں سے مکہ معظمہ سے وحدت کی کونسی صورت ممکن ہے؟

مَیں کہتا ہوں کہ اگر شرعی احکام کو بالکل پسِ پُشت ڈال دیا جائے تو بھی جس وحدت و اتحاد کی تمنا کی جاتی ہے، پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ وضعی طریق سے عیسوی کیلنڈر میں گھڑیوں کو آگے پیچھے کرنے سے خطِ تاریخ پر ایک دن کی کمی بیشی کرنے سے یعنی ایک ہی دن میں دو طرح کی پیوند کاری سے جو عیسوی تاریخ میں یکسانیت پیدا کی گئی ہے، اس سے حقیقی صورتِ حال میں تو کچھ فرق نہیں پڑ سکتا۔

رؤیتِ ہلال کی بناء پر کسی مقررہ تاریخ میں دو دن کا فرق پڑ سکتا ہے۔ لیکن بہت ہی کم

مقامات پر یعنی دنیا کے ستائیسویں حصے میں، مگر ہم دیکھتے ہیں کہ دو دن کا فرق بسا اوقات مشاہدہ میں آ رہا ہے، جس کی وجہ وہی اختراعی طریق ہے۔ جس کی بنا پر عیسوی تقویم میں ایک دن کے فرق کو، جو سیارگان کی چال کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے، ختم کر دیا گیا ہے۔ یہ فرق بھی قمری تاریخ پر جا پڑتا ہے۔ اگر یہ وضعی طریق کار ختم کر دیا جائے تو قمری تاریخوں میں اختلاف خود بخود کم ہو جائے گا۔

اب یہ حضرات چاہتے ہیں کہ اسی طرح وضعی طریق کار سے قمری تاریخوں کا اختلاف ختم کیا جائے ہماری گزارش یہ ہے کہ یہ وضعیت کبیسہ یا نسئ سے پوری پوری مشابہت رکھتی ہے جس کی قمری تقویم میں گنجائش نہیں ہے اور جس سے مسلمانوں کو سختی سے منع کر دیا گیا ہے۔

بادل، بارش یا فضا کی کثافت کی بنا پر چاند کا نظر نہ آنا تقویم پر کچھ اثر نہیں ڈالتا۔ یہ اختلاف محض مقامی قسم کا ہوتا ہے۔ اور ایسا اختلاف رؤیت ہلال کمیٹیاں یا مقامی حکومتیں شہادت کی بنا پر اعلان کے ذریعے دُور کر سکتی ہیں۔ بشرطیکہ مطلع ایک ہی ہو، مختلف نہ ہو۔ اختلاف مطالع کی حقیقت ہم پچھلے باب میں تفصیل سے بیان کر چکے ہیں۔ اور قمری تاریخ میں اختلاف کی یہی ایک قسم ہے جسے ہم حسنِ تدبیر سے دُور کر سکتے ہیں۔

اعلانات کے ذریعہ دنیا بھر میں قمری تاریخ کو ایک بنانے کا مسئلہ بہت ٹیڑھا ہے اور کسی مخصوص دن میں مخصوص وقت پر شعائر کی ادائیگی میں اتحاد اس سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ حج کے دن حجاج کرام کی دُعاؤں کے وقت ہم بھی ان کے ساتھ شریک ہو کر یہ عبادت بجا لائیں تو یہ مشکل سی بات ہوگی۔ کیونکہ ۹ ذی الحجہ کو زوالِ آفتاب کے بعد سے لے کر شام تک حجاج کرام میدانِ عرفات میں دُعائیں کرتے ہیں۔ یہی حج کا رُکنِ اعظم اور اصل حج ہے۔ غروبِ آفتاب کے بعد وہاں سے روانہ ہو کر انہیں مشعر الحرام پہنچنا ہوتا ہے۔ اس وقت ہند اور چین کے مسلمان گہری نیند سو رہے ہوتے ہیں اور آسٹریلیا میں سحری کا وقت ہوتا ہے۔ کیا وقت کی اس مطابقت کے لئے مسلمانوں کو مکلف بنایا جا سکتا ہے ؟

یہی حال یوم النحر یعنی قربانی کے دن کا ہے۔ ۱۰ ذی الحجہ کو حجاج دن طلوع ہونے کے بعد مزدلفہ سے منیٰ آتے ہیں، پھر جمرے مارتے ہیں۔ اس کے بعد قربانی کا وقت ہوتا ہے۔ گویا طلوع آفتاب سے تقریباً ۳ گھنٹہ بعد قربانی کا وقت آتا ہے۔ اور ہم اس وقت قربانی کا گوشت پکا کھا کر ہضم بھی کر چکے ہوتے ہیں۔ تو کیا یہ حجاج کے کام سے مطابقت ہوگی یا مسابقت ؟ پھر ایسے علاقے بھی ہیں جہاں کے مسلمان یہ قربانی کا دن گزار کر رات کو سونے کی تیاری کر رہے ہوں گے اور ادھر یہ کیفیت

ہوگی کہ حجاج کرام ابھی مزدلفہ سے روانہ بھی نہ ہوئے ہوں گے۔ علیٰ ہذا القیاس ہماری نمازوں کا بھی یہی حال ہے کہ ان میں اوقات کی وحدت محال ہے۔ اہلِ حجاز جس وقت ظہر کی نماز ادا کرتے ہیں۔ تو ہم عصر کی نماز کی تیاری میں مصروف ہوتے ہیں۔ اور جب فجر ادا کرتے ہیں تو یہاں سورج خاصا بلند ہو چکا ہوتا ہے۔

اختلافِ مطالع ادلّہ شرعیہ کی روشنی میں

مَیں نے اب تک جو کچھ لکھا ہے، علمِ ہیئت کے مطابق لکھا ہے۔ اور مَیں یہ سمجھتا ہوں کہ شریعتِ مطہرہ کا مسلمانوں پر یہ عظیم احسان ہے کہ اس نے مسلمانوں کو قمری حساب کی بھول بھلیوں سے نکال کر رؤیتِ ہلال کے فطری اور سادہ مشاہدہ پر احکام کی بجا آوری کی تلقین فرمائی ہے۔ اور ہر علاقے کے لئے ان کی اپنی رؤیت کو بنیاد قرار دیا ہے۔ یہاں تک ابر یا فضا کی کثافت کی وجہ سے اختلاف ہوسکتا تھا اسے شہادت سے دُور کر دیا ہے۔ البتہ اختلافِ مطالع کا لحاظ ضرور رکھا ہے۔

بعض حضرات متاخرین نے مطالع کے اختلاف کو غیر معتبر قرار دیا ہے۔ لیکن احادیثِ صحیحہ اور قرونِ اولیٰ کے آثار اتنے معتبر ہیں کہ ان کے مقابلہ میں ان حضرات کے اقوال کی کچھ حیثیت نہیں رہ جاتی۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ رؤیتِ ہلال اور اختلاف مطالع کو ادلّہ شرعیہ کی روشنی میں ثابت کرنے کے لئے قلم اُٹھاؤں۔ کیونکہ اس میدان میں بہت حد تک تسلّی بخش[1] کام ہو چکا ہے۔ مگر انہی دنوں ایک اور رسالہ "راحتہ العوام" نظر سے گزرا۔ جس کے مؤلف اس اتحاد کے لئے "تڑپ" رکھتے ہیں۔ لہٰذا ضروری معلوم ہوا کہ اس رسالہ کے چیدہ چیدہ اقتباسات قارئین کے سامنے پیش کئے جائیں اور مختصراً ان دلائل کا جائزہ بھی پیش کیا جائے۔

رسالہ راحتہ العوام سے چند اقتباسات

اس وقت رسالہ مذکورہ مسمّٰی بہ "راحتہ العوام باتحاد العلماء والحکام فی مسئلۃ العید والصیام"

---

[1] ملاحظہ ہو رسالہ "تبیان الادلّہ فی اثبات الاہلّہ" از شیخ عبداللہ بن حمید الرئیس العام للاشراف الدینی (مکہ مکرمہ) اس رسالہ کا ترجمہ محمد رفیق صاحب اثری نے اُردو میں کیا جو "الاعتصام" میں قسط وار اور رسالہ "محدث" محرم صفر ۱۳۹۵ھ میں یکجا شائع ہوا۔ اس رسالہ میں مصنّف نے اس مسئلہ کے جملہ پہلوؤں پر عقلی و نقلی دلائل سے سیر حاصل بحث کی ہے۔ اب یہ رسالہ علیحدہ بھی شائع ہو چکا ہے۔

سامنے پڑا ہے۔اس کے مصنف رئیس المفکرین بھی ہیں۔ راس المتکلمین بھی، اور فقیہ الزمان بھی۔ اور وہ الحاج حضرت مولانا محمد ہلال صاحب خطیب نشاط سٹی تربیلہ ڈیم ہیں۔جیسا کہ رسالہ کے نام سے ظاہر ہے، آپ روزہ اور عید کے لئے اتحاد بین المسلمین کے لئے بڑے مضطرب ہیں، رؤیت ہلال کی حقیقت لکھتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

۱۔ "رویتِ ہلال کی حقیقت یہ ہے کہ اس میں دراصل کسی کا اختلاف نہیں ہے متقدمین متاخرین، فقہاء کرام، علمائے سائنس، علمائے شریعت حنفی، مالکی، حنبلی، سب کا اس پر اتفاق ہے کہ دُنیا کے کسی کونے میں بھی نیا چاند نظر آجائے اور اس کا فیصلہ شریعت کے مطابق ہو جائے، جہاں جہاں اس فیصلہ کی اطلاع ہو جائے تو اس پر عمل کرنا سب پر لازم و واجب ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ جب چاند سورج سے پیچھے ہو گیا تو نیا چاند ہو گیا۔ اب یہ سب دُنیا کے لئے نیا چاند ہے۔یہی پاکستان کے لئے نیا چاند ہے، بھارت کے لئے نیا چاند ہے۔عرب و عراق، ایران اور انڈونیشیا غرضیکہ تمام دُنیا کے لئے نیا چاند ہے۔" (صفحہ ۱۳ صفحہ مذکورہ)

۲۔ آگے چل کر لکھتے ہیں :۔

"اب جو انکار کرے گا کہ شرعی حجت میں کوئی کمی ہے تو وہ صرف اپنی معتبری میں کمی دیکھنے کی وجہ سے کریگا کہ یہ فیصلہ اس کے پاس کیوں نہیں آیا؟ کسی دوسرے کے پاس یہ فیصلہ کیوں گیا؟ اس لئے وہ معتبر صاحب فیصلہ کو تسلیم نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کہ ہمارا مطلع اور ہے ان کا مطلع اور ہے، انکار کے لئے یہ بہانے تلاش کریگا حالانکہ تمام کتابوں کے حوالہ جات سے یہ ثابت ہو گیا کہ شریعتِ محمدی نے اس میں اور دوسری کوئی گنجائش نہیں رکھی۔کیونکہ رویت ثابت ہو گئی۔" (صفحہ ایضاً)

۳۔ آگے چل کر "مشرق و مغرب کی رؤیت میں فرق" کے تحت لکھتے ہیں :

"مشرق و مغرب میں رؤیت ہلال کا اتنا فرق ضرور ہے کہ جس دن مغربی دنیا میں چاند نظر آئے گا، اس تاریخ کو مشرق میں چاند نظر نہیں آئیگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس وقت مشرق والوں کے مطلع سے چاند گزر رہا تھا اس وقت چاند سورج کی شعاعوں میں تھا۔ پھر چند گھنٹے بعد جب مغرب والوں کے مطلع سے گزرا تو سورج کی شعاعوں سے الگ ہو چکا تھا۔ لہٰذا مغرب والوں کو نظر آگیا۔ یہ ایک معلوم مسئلہ ہے کہ چاند کی رفتار

سورج سے کم ہوتی ہے۔ اس رفتار کی کمی کی وجہ سے چند گھنٹوں کے بعد بھی چاند سورج سے کافی پیچھے رہ جاتا ہے۔ مثلاً پاکستان میں غروبِ آفتاب کا وقت ۵ بجے تھا اور یہی وقت حجازِ مقدس میں ظہر کا ہوتا ہے۔

اِس لحاظ سے جب سرزمینِ حجاز میں سورج غروب ہو رہا ہوتا ہے تو یہاں دس بج چکے ہوتے ہیں۔ تو اب اس وقت میں چاند سورج کی شعاعوں سے پیچھے رہ کر وہاں نظر آسکتا ہے۔ اب اس وقت وہاں اگر نظر آگیا تو انتظار ختم ہوگیا۔ یہی ساری دُنیا کا چاند ہے۔ اب صرف صحیح اطلاع ملنے کی انتظار ہے۔ وہاں کے ذرائع ریڈیو، ٹیلیویژن وغیرہ نے نشر کر دیا تو پھر انتظار کا کیا مطلب ہوا؟ اب صرف اتحاد کو ختم کرنا، اختلاف کا نعرہ بلند کرنا، اپنی معتبری ثابت کرنا، فتنہ و فساد برپا کرنا، مسلمانوں کو دُکھ دینا، غیر مسلموں کو تمسخر کا موقع دینا اور اسلام پر بدنما داغ لگانا مقصود ہوتا ہے۔ غیر مسلم دنیا جتنی بھی ہے، اس معاملہ میں ان کا مکمل اتفاق ہے، ان کے مذہبی تہوار تمام دنیا میں ایک ہی تاریخ کو منائے جاتے ہیں۔ ویسے بھی جس دن کسی ماہ کی یکم تاریخ ہوتی ہے اس دن پاکستان میں بھی یکم ہی ہوتی ہے۔ کوئی جگہ ایسی نہیں ملے گی جہاں دوسری تاریخ ہو۔ امریکہ وانگلستان میں بھی، فرانس، جرمنی، روس، چین، یوگوسلاویہ اور سوئٹزرلینڈ میں یکم ہی ہوتی ہے۔" (صفحہ ۱۷)

۴۔ آگے چل کر اس مشکل کا حل پیش کرتے ہیں:

"اس سلسلہ میں ہماری مشکلات یہ ہیں کہ رات کے ابتدائی حصّہ میں نمازِ مغرب یا نمازِ عشاء کے متصلاً بعد نہ اعلان کرسکیں گے۔ رات کا کچھ حصّہ گزرنے کے بعد اعلان کریں گے۔ دیر سے پیدا ہونے والی مشکلات کے قلع قمع کے لئے عوام کو یہ بتائیں کہ اعلانِ حکومت خود کریگی۔ اس پر ہم اور آپ سب عمل کریں گے۔

یہاں خود ساختہ معتبریوں پر کوئی اثر نہیں پڑیگا اور عصری رقابتیں آڑے نہیں آسکیں گی۔ اگر اعلان میں کچھ تاخیر ہوگئی تو کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ مشرق سے مغرب تک رات کی گردش زیادہ سے زیادہ ۱۲ گھنٹوں میں ختم ہوجاتی ہے۔ تمام زمین اتنی ہی ہے، دن کی گردش بھی بارہ گھنٹوں میں پوری ہوتی ہے۔ چوبیس گھنٹوں میں دونوں گردشیں ختم ہوجاتی ہیں اس لئے رات کے کسی حصّہ میں دُنیا کو مطلع کیا جاسکتا ہے۔ دن نکلنے اور تاریخ بدلنے

سے پہلے ہم اپنی تاریخ ایک بنا سکتے ہیں، تمام خوشیوں کو اپنا سکتے ہیں۔ نیک نامیوں، اتحاد و محبت اور ایک مسلکی کو زندہ کر سکتے ہیں۔" (صفحہ ۱۹، رسالہ مذکور)

مذکورہ بالا اقتباسات رسالہ مذکورہ کا نچوڑ ہیں۔ ان اقتباسات میں خط کشیدہ الفاظ خصوصی توجہ کے مستحق ہیں، انہی پر ہم تبصرہ کریں گے۔

راحۃ العوام کے اقتباسات پر تبصرہ

اقتباس نمبر ایک میں آپ نے دونوں باتوں کا اکٹھا ذکر کر دیا ہے۔ حالانکہ "نیا چاند" اور "نئے چاند کا نظر آنا" دو الگ الگ امور ہیں اور ان کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے اس لئے ہم نئے چاند کی بات چھوڑ کر نئے چاند کے نظر آنے کے متعلق احادیث پیش کرتے ہیں کیونکہ "نئے چاند" کی شرعی حیثیت کچھ نہیں ہے[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اختلاف مطالع کے اعتبار پر شرعی دلائل

۱۔ عن عبداللہ بن عمر قال قال رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تصوموا حتیٰ تروا الھلال ولا تفطروا حتیٰ تروا فان غم علیکم فاقدروا لہ و قال الشھر تسع وعشرون لیلۃ فلا تصوموا حتیٰ تروہ فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ثلاثین۔" (بخاری ومسلم)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تک نیا چاند نہ دیکھ لو، روزے رکھنا مت شروع کرو اور جب تک نیا چاند دیکھ نہ لو، روزے مت چھوڑو، اگر ابر محیط ہو جائے تو اس مہینہ کو پورا ہونے دو۔" اور فرمایا "مہینہ انتیس ۲۹ رات کا بھی ہوتا ہے۔ سو جب تک نیا چاند دیکھ نہ لو، روزے رکھنا مت شروع کرو۔ پھر اگر ابر محیط ہو تو تیس ۳۰ کی گنتی پوری کرو۔"

---

[1] جو لوگ "چاند دیکھنے سے پہلے روزے شروع کریں یا عید منائیں وہ آپ کے نافرمان ہیں۔ ارشادِ نبوی ہے:

" وعن عمار بن یاسر قال من صام الیوم الذی یشک فیہ فقد عصیٰ ابا القاسم صلی اللہ علیہ وسلم۔" ابوداود، ترمذی، نسائی، دارمی، ابن ماجہ)

"عمارؓ بن یاسر فرماتے ہیں، "جس شخص نے شک کے دن روزہ رکھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نافرمانی کی"

۲۔ "عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته فان غم عليكم فاكملوا عدة شعبان ثلاثين" (بخاری، مسلم)

"حضرت ابوہریرہؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نئے چاند کو دیکھ کر روزے رکھو اور نیا چاند دیکھ کر ہی افطار کرو۔ اگر کسی وجہ سے چاند نظر نہ آسکے تو شعبان کے ۳۰ دن پورے کرو"

۳۔ اختلافِ مطالع کو سب ائمہ محدثین معتبر سمجھتے تھے۔ امام ترمذی، ابوداؤد اور امام نووی شارح مسلم سب نے اس موضوع پر الگ الگ باب قائم کئے ہیں۔ درج ذیل حدیث ان سب کتب احادیث میں موجود ہے:

"عن كريب ان ام الفضل بنت الحارث بعثته الى معاوية بالشام قال فقدمت الشام فقضيت حاجتها واستهل علىّ رمضان وانا بالشام فرأيت الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة فى آخر الشهر فسألنى عبد الله بن عباس رضى الله عنهما ثم ذكر الهلال فقال متى رأيتم الهلال؟ فقلت رأيناه ليلة الجمعة فقال انت رأيته؟ قلت نعم! راه الناس وصاموا وصام معاوية. فقال لكنا رأيناه ليلة السبت فلا نزال نصوم حتى تكمل ثلاثين او نراه" فقلت: اولا تكتفى برؤية معاوية و صيامه؟ فقال لا، هكذا امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم"

"کریب کہتے ہیں کہ ام الفضل بنت الحارث نے مجھے شام میں حضرت معاویہؓ کے پاس بھیجا میں وہاں گیا اور اس کا کام پورا کیا۔ وہیں رمضان کا چاند نظر آیا۔ جبکہ میں شام میں تھا۔ میں نے خود بھی جمعہ کی رات کو چاند دیکھا۔ پھر آخر ماہ (رمضان) میں مدینہ آیا۔ تو حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے مجھ سے پوچھا کہ تم نے چاند کب دیکھا تھا؟ میں نے کہا، ہم نے جمعہ کی رات کو دیکھا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا۔ "کیا تم نے خود بھی دیکھا تھا؟" میں نے کہا "ہاں! اور بہت سے لوگوں نے بھی دیکھا اور اس کے مطابق روزے رکھے۔ خود حضرت امیر معاویہؓ نے روزہ رکھا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا۔ ہم نے تو ہفتہ کی رات چاند دیکھا، ہم تیس۳۰ روزے مکمل کریں گے الا یہ

کہ خود چاند دیکھ لیں۔ میں نے کہا، آپ حضرت معاویہؓ کی رؤیت کا اعتبار نہیں کرتے؟
انہوں نے فرمایا، نہیں یہ بات نہیں (بلکہ) ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
ایسا ہی حکم فرمایا ہے"!

ظاہر ہے کہ یہاں حضرت ابن عباسؓ نے رؤیت کی شہادت کو غیر معتبر قرار نہیں دیا۔ بلکہ مطلع کے اختلاف کی بنا پر اہلِ شام کی رؤیت کو اپنے علاقہ کے لئے معتبر نہیں سمجھا۔ اور ساتھ ہی یہ وضاحت بھی فرما دی کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی حکم دیا ہے۔ یہ حدیث اختلاف مطالع پر ایک صریح دلیل ہے۔ دمشق (شام) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ دونوں سے ۵ درجے طول بلد مغرب کو ہے۔ یہ دونوں مقاماتِ مقدسہ تقریباً ۴۰ درجے طول بلد شرقی پر واقع ہیں جبکہ دمشق ۳۵ درجے طول بلد شرقی پر واقع ہے۔ اگر مشرق میں واقع ہوتا تو مطلع کے اختلاف کی گنجائش نہ تھی۔

۴۔ مطلع کے اختلاف سے متعلق امام ابی شیبہ نے "المصنف" میں یہ حدیث درج فرمائی ہے:

"حدثنا ابن ادریس عبد اللہ بن سعید قال ذکروا بالمدینۃ رؤیۃ الھلال وقالوا اھل استاوہ قد رأوہ: فقال القاسم والسالم: مالنا و لاھل استاوہ"۔

"عبداللہ بن سعید فرماتے ہیں، مدینہ میں رویتِ ہلال کی بات چھڑی۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ اہلِ استاوہ نے چاند دیکھ لیا ہے۔ قاسم اور سالم دونوں نے فرمایا، ہمارا اہلِ استاوہ سے کیا تعلق اور واسطہ"؟

ان احادیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرامؓ اپنے علاقہ کی شہادت کو معتبر سمجھتے تھے۔ دوسرے علاقہ کی شہادت سے انہیں کچھ دلچسپی نہ تھی۔ ان احادیث کی روشنی میں اب رسالہ مذکورہ کے اقتباس کی عبارت دوبارہ ملاحظہ فرمائیے کہ:

" رویتِ ہلال کی حقیقت یہ ہے کہ اس میں دراصل کسی کا اختلاف نہیں ہے متقدمین، متاخرین، فقہائے کرام، علمائے سائنس، علمائے شریعت، حنفی، مالکی، حنبلی سب کا اس پر اتفاق ہے کہ دُنیا کے کسی کونے میں بھی چاند نظر آجائے اور اس کا فیصلہ شریعت کے مطابق ہو جائے (یعنی شہادت میسر ہو جائے) جہاں جہاں بھی اس کی اطلاع ہو جائے تو اس پر عمل کرنا سب پر لازم و واجب ہے"!

ہم بوجہ طوالتِ ائمہ کے اقوال سے صرفِ نظر کرتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک اقوال کے مقابلہ میں احادیث بہت زیادہ معتبر ہیں۔ دوسرے اس وجہ سے بھی کہ اگر تمام ائمہ کے اقوال کا احاطہ

کیا جائے تو یہ اقوال، فتاویٰ بھی ۸۰ فیصد کے لگ بھگ صاحب رسالہ کے نظریہ کے خلاف وارد ہیں۔

اب ہم یہ دیکھیں گے کہ صاحب موصوف نے تمام کتابوں کے حوالہ جات سے جو مطلع کے اختلاف کو غیر معتبر قرار دیا ہے اور لکھا ہے کہ "یہ مسئلہ عربی، فارسی، اُردو کی سب کتابوں میں موجود ہے تو یہ سب کتب کون کون سی ہیں اور ان حوالہ جات کی حقیقت کیا ہے ؟

اتفاق سے اِن حوالہ جات میں حدیث کے ایک ٹکڑے کے اُردو ترجمہ سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ لہٰذا پہلے وہی ملاحظہ فرمائیے۔ فرماتے ہیں :

"مثلاً مغربی دنیا میں چاند دیکھا گیا، مشرق میں نظر نہیں آیا۔ اور پھر مشرق والوں کو مغرب والوں کے دیکھنے کی خبر معتبر ذرائع سے پہنچ جائے تو اس پر عمل کرنا لازم ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان جو کتب احادیث میں موجود ہے" کہ روزہ رکھو چاند دیکھنے سے اور افطار کرو چاند دیکھنے سے" تو چاند کا دیکھنا عام ہے کہ دُنیا کے کسی حصّے میں چاند دیکھا جائے تو اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ اسی پر فتویٰ ہے اور حنفی، مالکی، حنبلی مذاہب کا اس پر اتفاق ہے اور یہی حقیقت ہے۔" (صفحہ ۷ رسالہ مذکور)

حدیث کا ترجمہ تو صرف یہ ہے کہ" روزہ رکھو چاند دیکھنے سے اور افطار کرو چاند دیکھنے سے"۔ اس مفہوم سے تو کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے۔ اختلاف ہے تو صرف اس مشرق اور مغرب سب کو ایک کر دینے پر ہے۔ یہ مشرق و مغرب اور پوری دنیا کے الفاظ کون سی دلیل کے تحت درمیان میں آ گئے ؟ ـــــ اگر یہی طرزِ استدلال ہو تو پھر آخر کیا کچھ قرآن و حدیث سے ثابت نہیں کیا جا سکتا ؟

آپ نے ائمہ کے فتاویٰ کے جو حوالہ جات پیش کئے ہیں جو تمام عربی، فارسی، اُردو کی کتابوں کو محیط ہیں، صرف چھ ہیں :

فتاویٰ عربی درِّمختار، فتاویٰ شامی ردِّ المختار، خلاصۃ الفتاویٰ، فتاویٰ عالمگیری، عزیز الفتاویٰ اور امداد الفتاویٰ ـــــ ان میں سے آپ نے وہ عبارات نقل فرمائی ہیں جو مفید مطلب ہیں۔ پھر ان عبارتوں سے جس طرح مطلب براری کی گئی ہے، اس کا نمونہ آپ اوپر ملاحظہ کر چکے ہیں۔

دیانت کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ایک مذہب یا ایک مصنف کے تمام اقوال بیان کر دیئے جائیں اور پھر نتیجہ اخذ کیا جائے۔ یہ طریق پسندیدہ نہیں کہ جہاں سے کوئی بات مفید مطلب ملے ان سب کو اکٹھا کر کے اپنے مخصوص نظریہ کی حمایت میں پیش کر دیا جائے ـــــ اس بات سے انکار نہیں

کیا جا سکتا کہ ائمہ کی ایک قلیل تعداد نے اختلافِ مطالع کو غیر معتبر سمجھا ہے لیکن بیشتر ائمہ کے اقوال، احادیث اور علمِ ہیئت کے اصول چونکہ اختلافِ مطالع کی تائید کرتے ہیں، لہٰذا ان چند اقوال کو کچھ اہمیت نہیں دی جا سکتی۔

مشرق و مغرب کی رؤیت میں فرق اس عنوان کے تحت صاحب موصوف نے مطلع کے اختلاف کو خود ہی تسلیم بھی کر لیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ:

"مشرق و مغرب کی رؤیت میں اتنا فرق ضرور ہے کہ جس دن مغربی دُنیا میں چاند نظر آئے گا مشرق میں نظر نہیں آئے گا"

نیز یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ:

"حجاز میں جب غروبِ آفتاب کا وقت ہوتا ہے۔ ہمارے یہاں رات کے دس بج چکے ہوتے ہیں۔ اہلِ حجاز چاند دیکھ سکتے ہیں لیکن ہم نہیں دیکھ سکتے"

گویا ہماری رؤیت اہلِ حجاز کے مقابلہ میں دوسرے دن ہو گی۔ اب اس دورنگی کا، جسے آپ "علماء کی معتبری، تنگ نظری اور فساد فی الارض سے تعبیر کرتے ہیں" کا یہ حل پیش فرمایا ہے کہ:

"حکومتِ حجاز رؤیتِ ہلال کے بعد فوراً اعلان کر دے، ہمیں گو اس اعلان کی خبر عشاء کے بعد ملے گی اور ہم ذرا دیر سے اعلان کر سکیں گے۔ تاہم اس میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ مشرق سے مغرب تک رات کی گردش زیادہ سے زیادہ ۱۲ گھنٹوں میں ختم ہو جاتی ہے۔ تمام زمین اتنی ہی ہے۔ دن کی گردش بھی ۱۲ گھنٹوں میں پوری ہوتی ہے۔ چوبیس گھنٹوں میں دونوں گردشیں[1] ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لئے رات کے کسی حصہ میں ساری دُنیا کو مطلع کیا جا سکتا ہے۔ دن نکلنے اور تاریخ بدلنے سے پہلے ہم اپنی تاریخ ایک بنا سکتے ہیں۔۔۔!"

اس حل میں الفاظ کے چکر میں پڑ کر کوئی مطمئن ہو جائے یا اپنے آپ کو مطمئن کرنے کی کوشش کر لے تو الگ بات ہے ورنہ تھوڑا سا غور کرنے سے اس حل کی سطحیت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ ضروری تو نہیں کہ سب سے پہلے چاند اہلِ حجاز ہی کو نظر آئے (جیسے حضرت معاویہؓ

---

[1] یہ رات اور دن کی الگ الگ گردشوں والا لطیفہ بھی کیا خوب بیان فرمایا ہے۔ اور اس کی حقیقت کو بھی یہ رئیس المنکرین بھی بہتر جان سکتے ہیں۔

کے دَور میں چاند شام میں نظر آگیا لیکن حجاز میں نظر نہیں آیا) یہ بھی تو ممکن ہے کہ چاند سب سے پہلے لندن میں نظر آئے۔ اگر ایسی صورت ہو تو دنیا بھر کے لئے اعلان کون کرے گا ؟ اور کہاں سے ہوگا ؟

ہم بفرض تسلیم سمجھ لیتے ہیں کہ لندن کے مسلمان حجاز کی حکومت کو فوراً رؤیتِ ہلال سے مطلع کرتے ہیں تو جب لندن میں شام کے چھ بجے ہوں گے، حجاز میں ۹ بجے رات کا وقت ہوگا اور پاکستان میں ۱۱ بجے رات، جاپان میں صبح کے ۳ بجے، جب وہ لوگ روزہ رکھ چکے ہوں گے اور آسٹریلیا میں ۱۰ بجے، جبکہ یہاں کے لوگوں کو روزہ رکھے ۶ گھنٹے گزر چکے ہوں گے۔ جب یہ اعلان آسٹریلیا میں سُنا جائے گا تو وہاں کا مسلمان کیا کرے گا ؟ آیا روزہ توڑ دے اور اسی دن عید پڑھے یا دوسرے دن؟ ـــــ اہلِ حجاز سے دونوں صورتوں میں مطابقت ناممکن ہے۔ پہلی صورت تو واضح ہے کہ یہ لوگ ایک دن پہلے عید پڑھیں گے۔ دوسری صورت میں یہ لوگ اس وقت عید پڑھیں گے جب اہلِ حجاز عید کا دن گزار کر رات کا ایک حصّہ سو چکے ہوں گے۔ تو پھر یہ کیسا اتحاد اور کیا وحدت ہوئی ؟ سوچنے کی بات ہے کہ اگر یہ وحدت ممکن ہوتی تو پھر گھڑیوں کو آگے پیچھے کرنے اور بین الاقوامی تاریخی خط تجویز کرنے کی کیا ضرورت تھی ؟ صاحبِ رسالہ مذکور نے اس مشکل کا حل پیش کرتے وقت صرف حجاز اور پاکستان ہی کو کیوں ملحوظ رکھا ہے ؟ ظاہر ہے کہ اگر وہ امریکہ یا جاپان یا آسٹریلیا کے وقت کا حجاز کے وقت سے مقابلہ کرتے تو اس مشکل کے حل میں مزید مشکل پیدا ہوتی تھی۔ لہٰذا انہوں نے اس طرف سے صرفِ نظر میں ہی عافیت سمجھی۔

مذہبی تہواروں میں وحدت واتحاد

یہ سب تجاویز "اتحاد بین المسلمین" کے نام پر پیش کی جاتی ہیں۔ سوچنے کی بات ہے کہ آیا اسلام نے تہواروں میں اس قسم کی وحدت کو کچھ اہمیت بھی دی ہے ؟ ظاہر ہے کہ اگر فی الواقعہ یہ کوئی اہم چیز ہوتی تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، صحابہ کرام، خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین ضرور اس اہم کام کی طرف توجہ فرماتے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تیسویں رمضان کا روزہ رکھا تھا، رؤیت ہلال کی اُس پاس سے شہادت مل گئی تو آپؐ نے روزہ افطار کرنے کا حکم دیا اور بوجہ دیر عید دوسرے روز کی۔ اگر وحدتِ عید اتنی ہی اہم چیز تھی تو آپؐ عید کی نماز دیر سے بھی پڑھ سکتے تھے۔ عید کی نماز آخر نفلی نماز ہے (اور عید الاضحیٰ تو حجاج کے پروگرام میں سرے سے شامل ہی نہیں) تو معمولی تاخیر کے لئے اتحاد بین المسلمین جیسے "عظیم مقصد" کا کیوں لحاظ نہ رکھا گیا ؟

حضرت کریب والے واقعہ میں حضرت ابن عباسؓ کو جب مکمل شرعی شہادت کا ثبوت مل

گیا تو کیا آپ نے یا حضرت معاویہؓ نے وحدتِ عید کی کوشش فرمائی؟ وہ لوگ اسلامی روح کو ہم سے بدرجہا بہتر سمجھتے تھے اور بھلائی کے کاموں پر حریص بھی بہت زیادہ تھے اور اس کام کو سرانجام دینے کے لئے وقت بھی موجود تھا۔

حضرتِ عمرؓ جیسے مفکر اور مدبر، جو مصالح عامہ کے بیشمار امُور کے موجد سمجھے جاتے ہیں، مدینہ میں رہ کر لاکھوں میل پھیلی ہوئی سلطنت پر حسن و خوبی سے کنٹرول کیا۔ آپؓ اگر چاہتے تو کیا "اتحاد بین المسلمین" کے اس ذریعہ پر عمل درآمد نہ کرا سکتے تھے؟ بات بات پر مجلسِ شوریٰ بلا کر فوری فیصلہ صادر فرما دیا کرتے تھے مگر کبھی وحدتِ عید یا رمضان کا مسئلہ زیرِ بحث نہ آیا۔ اگر اس دور میں بھی ایسی مثال نہیں ملتی تو آج اس مسئلہ پر اس قدر اصرار کیوں ہے؟

اسلام میں عیدین کی حیثیت عبادت اور شکرانہ کی نماز ادا کرنے کی ہے، جشن منانے کی نہیں ہے۔ اسلام نے ان دنوں میں عید کی نماز کے علاوہ اور کوئی پروگرام پیش نہیں کیا۔ اور حجاج کرام کے لئے تو سرے سے نمازِ عیدالاضحیٰ حج کے ارکان میں شامل ہی نہیں ہے۔

اتحاد بین المسلمین کے لئے شریعتِ مطہرہ نے جن امُور کی تاکید فرمائی ہے، ان میں فرقہ پرستی سے اجتناب، فرض نمازوں کی باجماعت ادائیگی، نظامِ زکوٰۃ کا قیام، حج کا اجتماع اور ایسے دوسرے بہت سے امُور ہیں، ان پر تو آج کا مسلمان کچھ توجہ دینے کو تیار نہیں ہے۔ لیکن دوسرے مذاہب کی دیکھا دیکھی، جن کی مذہبی دلچسپی کی انتہا ہی مذہبی تہوار منانے تک محدود ہے، عیدین وغیرہ میں وحدت پر زور دے رہا ہے اور یہ مذہب سے بیگانگت کا لازمی نتیجہ ہے کہ انسان اہم امور سے قطع نظر کر لیتا ہے اور اپنا سارا زور غیر اہم امُور پر صرف کرنے لگتا ہے۔

باب ۶

اسلام اور موجودہ سائنسی نظریات

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور یہ کائنات اور اس میں وقوع پذیر ہونے والے تمام حوادث اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور اللہ تعالیٰ کے فعل اور قول میں تضاد ناممکن ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کا کوئی قول حقیقت کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ خود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :۔

وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا ۝ ۴/۱۲۲ اور کسی بھی بات میں اللہ سے بڑھ کر سچا کون ہو سکتا ہے۔

تعارض و تضاد کی وجوہ

لہٰذا اگر کسی واقعہ یا نظریہ میں ہمیں قرآن کریم یا کسی صحیح حدیث کی رُو سے تضاد یا تعارض نظر آ رہا ہو تو اس کی دو ہی وجوہ ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ قرآنی آیت یا صحیح حدیث کے الفاظ میں ایسی تاویل کی گنجائش موجود ہو جس کی اس سے پیشتر ضرورت ہی پیش نہ آئی ہو۔ اور جب اس سے متعلق کوئی واقعہ رونما ہو تو تب ہی ان الفاظ کا مفہوم ذہن میں آتا ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ نظریہ بذاتِ خود تجرباتی دَور سے گزر رہا ہو اور اپنے مشکوک ہونے کی بنا پر ابھی تک نظریہ کی حد سے آگے نہ بڑھ سکا ہو۔ یا جو کچھ بیان کیا جا رہا ہو اس کی بنیاد محض ظنون و قیاسات ہوں۔ جبکہ وحی یقینی علم مہیا کرتی ہے۔ اور انسان کی بھٹکتی ہوئی عقل کے مدتوں کے سفر کو قریب تر کر دیتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ۔ (۱۰/۳۹)

بلکہ انہوں نے ہر اس بات کو جھٹلا دیا جس کا وہ اس چیز کے حقیقی علم سے احاطہ نہ کر سکے حالانکہ اس کی حقیقت ابھی ان پر کھلی ہی نہیں تھی۔

اور یہ ہے بھی حقیقت کہ کسی چیز کے متعلق انسان کا علم خواہ کتنا ہی ترقی کر جائے وہ محدود ہی ہوگا اور اس کے بعد بھی اس چیز کے متعلق مزید انکشافات ہوتے رہیں گے جبکہ اللہ تعالیٰ کا علم لامحدود ہے اور

وہ اس چیز کا خالق ہے۔ جو کچھ وہ جانتا ہے دوسرا کوئی جان نہیں سکتا۔ چنانچہ ایک دفعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک نہایت جامع اور بلیغ خطبہ ارشاد فرمایا جس سے سامعین بہت متأثر ہوئے۔ ان سامعین میں سے کسی نے حضرت موسیٰؑ سے پوچھا "کیا اس دنیا میں آپ سے بڑھ کر بھی کوئی عالم ہے"؟ حضرت موسیٰؑ نے جواب دیا۔ "نہیں"۔ اللہ تعالیٰ کو موسیٰؑ کا یہ جواب پسند نہ آیا۔ لہٰذا انہیں حکم دیا کہ وہ ہمارے فلاں بندے (حضرت خضرؑ) کو جا کر ملیں۔

حضرت موسیٰؑ علیہ السلام نے ایک ہمسفر اپنے ساتھ لیا اور بہت مشقت کے بعد حضرت خضر کو ملنے میں کامیاب ہوئے۔ ابتدائی گفتگو کے بعد ان کے ساتھ سفر کا آغاز کیا۔ دورانِ سفر تین ایسے واقعات پیش آئے جو صریحاً خلافِ عقل تھے۔ لہٰذا حضرت موسیٰؑ نے فوراً ان پر اعتراضات کر دیئے جن کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔ بعدہٗ حضرت خضر نے ان واقعات کی تاویل سے مطلع کرنے کے بعد فرمایا: "موسیٰ! میرا علم اور تمہارا علم دونوں مل کر اللہ کے علم کے مقابلہ میں ایسے ہی ہیں جیسے اس سمندر کے مقابلہ میں پانی کا ایک قطرہ"۔

یہ واقعہ قرآن کریم اور کتبِ احادیث میں تفصیل سے مذکور ہے اور اسے بیان کرنے سے غرض یہ ہے کہ جب انسان کا علم اللہ تعالیٰ کے علم کے مقابلہ میں اتنا کم ہے تو پھر کم از کم ایک مسلمان کو کیا حق ہے کہ وہ کتاب اللہ یا کسی صحیح حدیث کے مقابلہ میں اپنے یا دوسرے لوگوں کے علم اور نظریات پر انحصار کرے۔

پہلی وجہ کی چند مثالیں اب ہم پہلے، پہلی صورت کی چند مثالیں پیش کریں گے، پھر اس کے بعد سائنسی نظریات کی۔ کیونکہ سائنسی نظریات میں ان دونوں صورتوں کا امکان موجود ہوتا ہے۔

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ تو یہ صدمہ تمام صحابہ کیلئے ایسا جانکاہ تھا کہ بعض صحابہ کے اوسان خطا ہو گئے۔ دوسروں کا کیا ذکر، حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے فہیم اور مدبر صحابی کھڑے ہو کر خطبہ دینے لگے کہ "جو شخص یہ کہے گا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے ہیں۔ میں اس کی گردن اُڑا دوں گا"۔

اتنے میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آتے ہی یہ آیت پڑھی :۔

مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ؟ (۳/۱۴۴)	محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک رسول ہی ہیں جن سے پہلے کئی رسول فوت ہو چکے ہیں۔ اگر وہ فوت ہو جائیں یا مارے جائیں تو کیا تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟

صحابہ کہتے ہیں کہ جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت سُنائی تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ آیت

آج ہی نازل ہوئی ہے۔ پھر جسے دیکھو وہ یہی آیت پڑھ رہا تھا۔ حالانکہ یہ آیت مدتوں پہلے نازل ہو چکی تھی۔ مگر اس کی سمجھ اس وقت آئی جب آپ فی الواقع وفات پا گئے۔ یہ ہے مطلب ولما یاتہم تاویلہ کا۔

۲۔ اس کی دوسری مثال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عراق کی مفتوحہ زمینوں کو قومی ملکیت میں لینا ہے۔ مجاہدین اور بعض جلیل القدر صحابہ اس بات پر مُصر تھے کہ یہ زمینیں بھی مجاہدین میں تقسیم ہونا چاہئیں جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی مفتوحہ زمین مجاہدین میں تقسیم کر دی تھی۔ جبکہ حضرت عمرؓ کئی مصلحتوں کی خاطر ان زمینوں کو قومی تحویل میں لینا چاہتے تھے اور اس کے لئے کئی عقلی دلائل بھی دیتے تھے۔ دونوں طرف سے اس معاملہ نے کافی طول کھینچا جو کسی صورت ختم ہونے میں نہ آ رہا تھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے حضرت عمرؓ کو سورۃ حشر کی ایک آیت کا ایسا ٹکڑا سجھا دیا جو اس معاملہ میں قول فیصل کا درجہ رکھتا تھا۔ اور وہ الفاظ یہ تھے وَالَّذِيْنَ جَاءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ (۵۹/۱۰) (یعنی بعد میں آنے والے لوگ بھی ان اموال میں شریک ہو سکتے ہیں) یہ ایسی دلیل تھی جس کے سامنے سب کو سر تسلیم خم کرنا پڑا اور حضرت عمرؓ نے ان زمینوں کو قومی ملکیت قرار دے دیا۔

اب مسئلہ قابل غور یہ ہے کہ یہ الفاظ تو مدتوں پہلے نازل ہو چکے تھے جنہیں حضرت عمرؓ سمیت سب صحابہ سینکڑوں بار پڑھ چکے ہوں گے لیکن ان کے اطلاق (IMPLICATION) کا معاملہ ابھی تک سامنے آیا ہی نہ تھا۔ اور جب معاملہ سامنے آگیا تو ان الفاظ کا مفہوم بھی اللہ تعالیٰ نے سمجھا دیا۔ اور یہی مطلب ہے وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ کا۔

۳۔ دور حاضر میں اس کی مثال یہودیوں کی سلطنت اسرائیل کا قیام ہے۔ مدتوں یہی سمجھا جاتا رہا کہ یہودی چونکہ ایک مغضوب علیہ قوم ہے اور ذلت اور مسکنت اس کے مقدر کر دی گئی ہے۔ لہٰذا یہ کبھی حکمران نہیں بن سکتے۔ اور جب ان کی سلطنت قائم ہو گئی تو بہت سے اہل علم کے بھی چھکے چھوٹ گئے کہ یہ کیا بن گیا؟ یہ بات تو قرآن کے خلاف ہے حالانکہ قرآن ہی میں آگے یہ الفاظ بھی موجود ہیں:۔

اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ (۳/۱۱۲) الا یہ کہ اللہ کی یا لوگوں کی پناہ میں آجائیں۔

ان الفاظ کی رو سے دو صورتوں میں یہودی سلطنت وجود میں آسکتی ہے ایک یہ کہ وہ اللہ کے دین پر کاربند ہو جائیں اور کم از کم اپنی طرف منزل من اللہ کتاب پر پوری طرح عمل پیرا ہوں۔ اور دوسرے یہ کہ دوسرے لوگوں کی حکومتوں کی شہ پر ان کی سلطنت قائم ہو سکتی ہے۔ اور واقع ہے بھی ایسا ہی کہ یہ سلطنت برطانیہ، فرانس اور امریکہ کی شہ پر قائم ہوئی۔ پھر روس بھی ان کا ہمنوا بن گیا۔ اور تمام اسلام دشمن

طاقتوں نے مل کر اسلامی ممالک کے وسط میں اسرائیل قائم کر کے مسلمانوں پر خطرناک وار کر دیا۔

غور فرمایئے آیت کے مندرجہ الفاظ نازل تو دَورِ نبوی میں ہوئے تھے۔ جنہیں مسلمان ہر دَور میں پڑھتے رہے لیکن ان کے معانی کی طرف کسی نے کم ہی غور کیا ہوگا۔ پھر جب یہود کی سلطنت قائم ہو گئی تو یہ الفاظ بھی سامنے آ گئے۔ یہ ہے ولما یاتہم تاویلہ' کا مطلب۔

اسی طرح جب موجودہ دَور میں انسان چاند پر پہنچ گیا۔ تو کئی لوگ اس سے سخت حیران و پریشان ہو گئے۔ اور اس حقیقت کا ہی انکار کرنے لگے وہ یہ سمجھتے تھے کہ انسان زمینی حدود سے آگے نہیں جا سکتا۔ ان کی وجہ استدلال یہ آیت تھی :۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ (۵۵/۳۳)	اے جنوں اور انسانوں کی جماعت! اگر تم اس بات کی طاقت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے آر پار نکل جاؤ۔ تو نکل جاؤ۔ مگر زبردست قوت کے بغیر تم نکل نہیں سکتے۔

غور فرمایئے اس آیت میں کوئی ایسی بات نہیں جو انسان کو زمین کی حدود ہی تک محدود رہنے کی پابند بناتی ہو اور اگر کوئی شخص ایسا سمجھتا ہے تو یہ اس کی اپنی کم فہمی ہے۔ کیونکہ آیت بالا میں آسمانوں اور زمین کے اقطار کا ذکر ہے صرف زمین کا نہیں۔ لہٰذا اگر کوئی شخص چاند یا کسی دوسرے سیارے تک پہنچ جائے تو وہ اقطار السمٰوات والارض سے باہر نہیں گیا۔ دوسرے اس آیت میں یہ بھی مذکور ہے کہ سلطان (قوت۔ زور۔ غلبہ) سے تم اقطار السمٰوات والارض سے آگے بھی جا سکتے ہو۔ اسی دَور میں علامہ اقبال نے یہ شعر کہا تھا ؎

سبق ملا ہے یہ معراجِ مصطفٰےؐ سے مجھے ۔۔۔ کہ عالمِ بشریت کی زد میں ہے گردوں

اندریں صورت یہ بات پوری طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ جب کوئی ایسا واقعہ یا نظریہ درپیش آئے جو بظاہر اسلام کے خلاف معلوم ہوتا ہو تو اسے فی الواقعہ اسلام کے خلاف نہ سمجھ لینا چاہیئے بلکہ اس کی تاویل پر غور کرنا چاہیئے یا تاویل کا انتظار کرنا چاہیئے اور ایسی صورتِ حال کو اپنی کم علمی اور کم فہمی پر محمول کرنا چاہیئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے قول اور فعل میں کبھی تضاد واقع نہیں ہو سکتا۔ اور اگر وہ فی الواقعہ اسلام کے خلاف ثابت ہو جائے تو دلائل کے ساتھ ایسے نظریہ کی پُرزور تردید کرنا چاہیئے۔

ان مثالوں کے بعد اب دوسری صورت کی وہ مثالیں پیش کرتے ہیں جو موجودہ سائنسی نظریات سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور ساتھ ہی یہ بھی وضاحت کریں گے کہ اسلامی نقطۂ نگاہ سے ان کی کیا حیثیت ہے۔

موجودہ نظریات اور اسلامی نظریات کا تقابلی مطالعہ

ا۔ تخلیقِ آدم

سب سے پہلے انسان ہی کو لیجئے جسے اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ قرآن کی صراحت کے مطابق اسے اپنے ہاتھ سے بنایا اور پھر اس میں اپنی رُوح پھونکی۔ یاد رہے کہ یہ الفاظ اللہ تعالیٰ نے اپنی کسی دوسری مخلوق کے لئے استعمال نہیں فرمائے۔ لیکن اہلِ مغرب کی ستم ظریفی یہ ہے کہ انہوں نے انسان کو کبھی حیوانیت کی سطح سے بلند ہونے ہی نہیں دیا۔ ارسطو نے انسان کو حیوانِ ناطق کہا۔ ڈارون نے اسے بندر کی اولاد یا اس کی نسل سے قرار دیا۔ سگمنڈ فرائڈ نے اسے محض شہوت کا پتلا سمجھا اور کسی دوسرے نے انسان کو دو ٹنگہ جانور قرار دیا۔ غور فرمائیے یہ ہیں وہ حضرات جن کی تحقیقات پر ایمان لانے کو ہم ہر وقت مستعد رہتے ہیں۔

ڈارون کا نظریۂ ارتقاء انسانی یہ ہے کہ انسان جمادات، نباتات اور حیوانات سے ترقی کرتا کرتا عالمِ وجود میں آیا ہے۔ اس کے خیال کے مطابق زندگی کا آغاز سمندر کے کنارے کائی سے ہوا۔ جبکہ قرآن کریم میں یہ صراحت موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو کھنکھناتی مٹی سے بنایا۔ اس میں اپنی رُوح پھونکی۔ لیکن ڈارون صاحب انسان کو بندر یا لنگور کی اولاد قرار دیتے ہیں۔ یا انہی کی نسل سے شمار کرتے ہیں۔

مذہب سے بیزار اور منکرینِ خدا قسم کے لوگوں میں یہ نظریہ بے حد مقبول ہوا حتیٰ کہ اہلِ مغرب کی تقلید میں ہمارے ہاں بھی کالجوں میں اس نظریہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ تاہم اس نظریہ پر ایسے ہی مذہب سے بیزار اور مادہ پرست لوگوں کی طرف سے اس قدر اعتراضات وارد ہو چکے ہیں جنہوں نے اس نظریہ کے انجر پنجر تک کو ہلا کے رکھ دیا ہے۔ ایسے اعتراضات کی تفصیل کا یہ موقعہ نہیں۔ اور میں یہ تفصیل اپنے ایک مضمون "مسئلہ ارتقاء" میں پیش کر چکا ہوں۔ جو متعدد رسائل میں چھپ چکا ہے۔[۱]

آغازِ کائنات کے متعلق سائنسی نظریہ

کائنات کے آغاز سے متعلق پہلے ہم عالمی معلومات (مختصر انسائیکلو پیڈیا۔ مطبوعہ فیروز سنز لمیٹڈ) سے ایک اقتباس پیش کرتے ہیں:۔

"ماہرینِ فلکیات کے خیال میں اب سے کوئی ایک کھرب سال پہلے کائنات میں ستاروں، سورج اور دوسرے اجرامِ فلکی کا وجود نہ تھا۔ اس وقت کائنات صرف روشنی (نور) کا ایک بیکراں سمندر تھی۔

---

[۱] نیز میری تصنیف "آئینہ پرویزیت" کے دوسرے حصہ میں بھی یہ مضمون شامل کر دیا گیا ہے۔

روشنی توانائی ہی کی ایک صورت ہوتی ہے ۔ یہ روشنی مادے کی ابتدائی شکل کی حیثیت سے ہائیڈروجن میں تبدیل ہوگئی"

"ہر مادی چیز کششِ ثقل کے باعث دوسری مادی اشیاء کو اپنی طرف کھینچتی ہے ۔ یہی حال ہائیڈروجن کے ذرّوں کا تھا ۔ ہر ذرّہ دوسرے ذرّوں کو اپنی طرف کھینچتا تھا ۔ اس طرح تھوڑے سے ذرات نے متحد ہوکر ایک گولے کی شکل اختیار کرلی ۔ اس گولے کی طاقت باقی ذرآت سے بڑھ گئی اور اس کے نتیجہ میں دوسرے ذرات اس گولے کی جانب کھنچنے لگے ۔ پھر رفتہ رفتہ ساری ہائیڈروجن ایک مرکز پر جمع ہوگئی اور کائنات سمٹ کر ایک بہت بڑا گولہ بن گئی یہ گولہ اتنا بڑا تھا کہ ہم اس کا تصور بھی نہیں کرسکتے ۔ گولے کے چاروں طرف ایک بیکراں خلا تھا ۔ جب ہائیڈروجن کے ذرات گرتے اور ایک دوسرے سے ٹکراتے تو حرارت پیدا ہوتی ۔ رفتہ رفتہ درجہ حرارت بڑھ گیا اور یہ گولہ گرم ہوکر دہکنے لگا ۔ پھر اس کا رنگ چمکدار سفید ہوگیا ۔ درجہ حرارت کچھ اور بڑھا تو یہ گولہ برداشت نہ کرسکا ۔ ایک خوفناک دھماکہ ہوا اور گولہ ریزہ ریزہ ہوگیا ۔ لاکھوں کروڑوں ٹکڑے فضائے بسیط میں اس طرح بکھر گئے جس طرح ایٹم بم کے ٹکڑے دھماکے کے بعد چاروں طرف پھیل جاتے ہیں ۔ یہ ٹکڑے کہکشاں بن گئے اور ہر کہکشاں آگے چل کر اربوں کھربوں ستاروں میں تقسیم ہوگئی ۔ یہ اسی دھماکے کا اثر ہے کہ یہ کہکشائیں آج بھی بجلی کی سی تیزی سے مرکز سے دُور ہٹ رہی ہیں اور مرکز کا پتہ چلانا انسان کے بس کی بات نہیں ۔ کائنات برابر پھیل رہی ہے اور کہکشاؤں نے مرکز سے دُور ہٹ کر گردش شروع کر دی ہے اور یہ گردش جب سے شروع ہوئی ہے، اس وقت سے اب تک ساری کائنات محوِ گردش ہے اور ابد تک یوں ہی گردش میں رہے گی" [1]

اس نظریہ پر تبصرہ

یہ طویل اقتباس ہم نے اس لئے پیش کیا ہے کہ آپ کو ان ماہر فلکیات اور سائنس دانوں کے طرزِ استدلال کی کیفیت کا علم ہوسکے ۔ آپ درج نکات پر غور فرمالیجئے ۔

۱۔ یہ چونکہ کسی ایک ماہرِ فلکیات کا نہیں بلکہ بہت سے ماہرین فلکیات کا خیال ہے ۔ لہٰذا اس خیال میں (اگرچہ خیال بذاتِ خود غیر سائنٹیفک چیز ہے) کچھ وزن ضرور ہونا چاہیئے ۔ اور وہ خیال یہ ہے کہ "ایک کھرب سال پہلے صرف روشنی ہی تھی اور کچھ نہ تھا ۔ اور روشنی چونکہ توانائی ہی کی ایک صورت ہوتی ہے ۔ لہٰذا یہ روشنی مادے کی ابتدائی شکل کی حیثیت سے ہائیڈروجن میں تبدیل ہوگئی"

---

[1] عالمی معلومات (مختصر انسائیکلو پیڈیا) ص ۵۹۲ ، ۵۹۳ ۔

اب سوال یہ ہے کہ اگر یہ مفروضہ صحیح بھی سمجھ لیا جائے تو روشنی خود بخود ہائیڈروجن میں کیسے تبدیل ہوگئی اور کیوں تبدیل ہوگئی ؟ روشنی آج بھی ہر جگہ موجود ہے۔ تھوڑی مقداریں بھی اور کثیر مقداریں بھی۔ لیکن وہ از خود کبھی ہائیڈروجن میں تبدیل نہیں ہوتی جب تک کہ اس پر کیمیاوی عمل نہ کیا جائے۔ اس دَور میں وہ خود کیسے تبدیل ہوگئی تھی ؟ نیز کیا ایسی بات کو سائنٹیفک کہا جاسکتا ہے ؟

۲۔ پھر مؤلف فرماتے ہیں کہ "ہر مادی چیز کششِ ثقل کے باعث دوسری اشیاء کو اپنی طرف کھینچتی ہے" اس سے معلوم ہوا کہ :-

(i) ہر مادی چیز میں کشش ثقل ہوتی ہے۔

(ii) اس کششِ ثقل کے باعث ہر مادی چیز دوسری کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

مولف اس اصول کی بنیادی شق کو چھوڑ گئے جو یہ ہے کہ ہر بڑی چیز چھوٹی کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اور جب یہ ہائیڈروجن کے ذرات سب ایک جیسے اور فضا میں آزادانہ تیر رہے تھے۔ یہ گولہ بن کیسے گیا؟ جو بالآخر اتنا بڑا ہوگیا جس کا تصوّر بھی نہیں کیا جاسکتا۔

(۳) اس کے بعد لکھتے ہیں کہ "اس گولہ میں حرارت پیدا ہوگئی جو بالآخر اتنی شدید ہوگئی جسے گولہ برداشت نہ کرسکا۔ اور پھٹ کر ریزہ ریزہ ہوگیا۔ پھر اس کے ٹکڑے فضائے بسیط میں اس طرح بکھر گئے جیسے ایٹم بم کے ٹکڑے دھماکے کے بعد پھیل جاتے ہیں۔ یہ ٹکڑے کہکشاں بن گئے"

اب دیکھئے کہکشاں کے ستاروں میں ایک خاص ترتیب اور نظم ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ہم انہیں کہکشاں کہتے ہیں۔ ورنہ چاروں طرف بکھرے ہوئے ستاروں کو کوئی بھی کہکشاں نہیں کہتا۔ اور جو یہ ہائیڈروجن کا عظیم گولہ ایٹم بم کی طرح پھٹا تھا اور اس کے اجزاء چاروں طرف بکھر تو گئے ہوں گے جس طرح ایٹم بم کے اجزا بکھر جاتے ہیں تو یہ از خود کہکشاں میں کیسے اور کیوں بنتے گئے ؟ کیا یہ تصوّر سائنٹیفک ہے ؟

(۴) پھر لکھتے ہیں "اور یہ کہکشاں آگے چل کر اربوں کھربوں ستاروں میں تقسیم ہوگئی"

یعنی پہلے تو کششِ ثقل کے باعث ہائیڈروجن کے ذرات متحد ہوکر گولہ بن گئے تھے۔ اب یہ کہکشاں کشش ہونے کے باوجود اربوں کھربوں ستاروں میں تقسیم ہوگئی۔ اور یہ تصوّر کشش والے اصُول کی عین ضد ہے۔ حالانکہ موجودہ نظریہ کے مطابق ہر چیز میں کششِ ثقل اور مرکز گریز قوت دونوں بیک وقت پائی جاتی ہیں۔ اور شدید قوت استعمال کئے بغیر انہیں جدا نہیں کیا جاسکتا۔

(۵) پھر لکھتے ہیں کہ "یہ اسی دھماکے کا اثر ہے کہ یہ کہکشائیں بجلی کی سی تیزی سے مرکز سے دُور

ہٹ رہی ہیں اور مرکز کا پتہ چلانا انسان کے بس کی بات نہیں۔ کائنات برابر پھیل رہی ہے۔ اور کہکشاؤں نے مرکز سے دُور ہٹ کر گردش شروع کر دی ہے اور جب سے یہ گردش شروع ہوئی ہے۔ اس وقت سے اب تک ساری کائنات محوِ گردش ہے اور ابد تک یونہی گردش میں رہے گی؟"

اس اقتباس میں آپ دو باتیں غیر سائنٹیفک کہہ گئے جو یہ ہیں :۔

(i) دھماکے کا اثر محض وقتی اور عارضی ہوتا ہے۔ جو دھماکے کے بعد اور اجزاء کے بکھرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ اور اب تک جو کہکشائیں بجلی کی سی تیزی سے حرکت کر رہی ہیں۔ یہ محض اس دھماکے کا اثر نہیں ہو سکتا۔ بلکہ یہ یقیناً کوئی اور قوت ہے۔ جس کا تصور کرنا بھی سائنس دان غیر سائنٹیفک سمجھتے ہیں۔

(ii) اگر مرکز کا پتہ چلانا انسان کے بس کی بات ہی نہیں۔ تو یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ ان کہکشاؤں نے مرکز سے دُور ہٹ کر گردش شروع کر دی ہے۔ ممکن ہے وہ مرکز ہی کی طرف حرکت کر رہی ہوں۔ جب تک مرکز معلوم نہ ہو، دوری اور نزدیکی کا تصوّر ہی محال اور غیر سائنٹیفک ہے۔

کائنات کی وسعت اور انجام

پھر آگے چل کر لکھتے ہیں :" کائنات کے آغاز اور اس کی وسعت کے متعلق اب تک کوئی ایسا نظریہ پیش نہیں کیا جا سکا جس پر سارے سائنس دان متفق ہوں۔ ایک گروہ یہ نظریہ رکھتا ہے کہ کائنات کا کوئی آغاز نہیں نہ کوئی انجام ہے اور ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ یوں ہی رہے گی اور ایک گروہ اس کو متواتر تغیر پذیر ثابت کرتا ہے بیسویں صدی کے شروع میں آئن سٹائن نے ایک نیا نظریہ پیش کیا کہ کائنات کی کوئی شے ساکن نہیں اور تمام اجرامِ فلکی مستقل طور پر محوِ گردش ہیں۔ رہی اس کی وسعت کی بات تو اس سوال پر بھی سائنسدان دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے ہیں۔ ایک گروہ کا نظریہ یہ ہے کہ کائنات محدود ہے اور کسی جگہ پر ختم ہو جاتی ہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جہاں ختم ہوتی ہے اس کے آگے کیا ہے؟ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ کائنات لامحدود ہے وہ کہیں بھی ختم نہیں ہوتی۔ ہم جتنی بڑی دُوربین بنائیں گے، اتنے ہی زیادہ ستارے ہمیں نظر آتے چلے جائیں گے اور یہ سلسلہ کہیں ختم نہ ہو گا۔" (ایضاً ص ۵۹۴)

اس پورے اقتباس کو دوبارہ، سہ بارہ پڑھ کر بتلایئے کہ اس میں کوئی ایسی بات بھی نظر آتی ہے جو یقینی طور پر کہی جا سکتی ہو اور وہ سائنٹیفک بھی ہو؟ اس کے مقابلہ میں وحی ہر ایک جز کو صراحت کے ساتھ پیش کر دیتی ہے۔ جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہوتی۔ بلاشبہ اللہ کی ہستی اور اس کی قدرت پر ایمان لانا ایک غیر سائنٹیفک تصور ہے۔ لیکن اس ایمان کے بعد جو کچھ حاصل ہوتا ہے وہ یقینی علم ہوتا

ہے۔ خیالات اور ظنون وشبہات نہیں ہوتے۔ جبکہ ہمارے ماہرین فلکیات اور سائنس دان اللہ کی ہستی کا اس لئے انکار کرتے ہیں کہ یہ تصور مشاہدہ اور تجربہ میں نہیں آسکتا لہٰذا یہ غیر سائنٹیفک ہے۔ لیکن اس ایک غیر سائنٹیفک تصور کو چھوڑنے کے بعد خود بیسیوں غیر سائنٹیفک باتیں کئے جاتے ہیں جن کا نمونہ ہم نے اوپر پیش کر دیا ہے۔

اب ذرا نظام شمسی کے متعلق بھی سائنس دانوں کے نظریات درج ذیل اقتباس میں ملاحظہ فرمائیے۔

نظامِ شمسی کیسے وجود میں آیا؟

"گزشتہ دو صدیوں سے سائنس دان نظام شمسی کے سلسلہ میں بھی اس الجھن میں مبتلا ہیں کہ وہ کیسے وجود میں آیا؟ اس سوال پر بھی وہ ایک نظریے پر متفق نہیں ہو سکے۔ بعض ہیئت دانوں کا خیال ہے کہ یہ نظام بتدریج ارتقائی منازل سے گزرا اور بعض یہ نظریہ پیش کرتے ہیں کہ وہ یکایک وجود میں آگیا۔" (حوالہ ایضاً)

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ نظام شمسی جو اس قدر مربوط اور منظم ہے، بغیر کسی ناظم اور منتظم کے یکایک وجود میں کیسے آگیا۔ کیا دنیا میں کوئی ایسی چیز پائی جاتی ہے جو کمال درجہ کی منظم اور مربوط ہو۔ اور اس کا بنانے والا کوئی بھی نہ ہو۔ اور وہ از خود ہی یکایک وجود میں آجائے؟ اس سے زیادہ بھی کوئی بات غیر سائنٹیفک ہو سکتی ہے۔

پھر جو لوگ ارتقائی نظریہ کے قائل ہیں ان کے بھی دو گروہ ہیں۔ انہیں پڑھ کر اور دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی دیوانے کا خواب ہو۔ مزید تفصیلات آپ خود مذکورہ کتاب سے ملاحظہ فرمالیجئے۔ ہم ان سے اس لئے صرفِ نظر کر رہے ہیں کہ ان میں جو کچھ توجیہات بیان کی گئی ہیں سب اوہام وظنون اور قابلِ اعتراض ہیں۔ مختصر یہ کہ ہمارے نظام شمسی سورج سب سے پہلے یعنی آج سے ساڑھے چار ارب سال پہلے پیدا ہوا۔ پھر اس سے اس کے گرد گھومنے والے ستارے پیدا ہوئے۔ ہماری زمین بھی اسی سورج کا بچہ ہے اور چاند ہماری زمین کا بچہ ہے۔ اسی طرح دوسرے بھی کئی سیاروں کے بچے ہیں جو ان سے کٹ کٹ کر علیحدہ ہوتے رہے اور اب ان کے گرد گھوم رہے ہیں۔ یہ ہے موجودہ نظریہ کا ملخص۔

تخلیقِ کائنات اور قرآن

اب ہم کائنات کے آغاز، تخلیق اور انجام کا شرعی نقطۂ نظر سے مطالعہ کرتے ہیں۔ ارشادِ باری ہے:۔

وَهُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ وَّکَانَ عَرۡشُہٗ عَلَی الۡمَآءِ ۔(۱۱/۷)

اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (ادوار) میں بنایا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔

اور اس کی مزید تفصیل حدیث میں یوں ہے کہ آپؐ نے فرمایا :۔

کَانَ اللّٰہُ وَلَمۡ یَکُنۡ شَیۡئًا غَیۡرُہٗ وَکَانَ عَرۡشُہٗ عَلَی الۡمَاءِ وَکَتَبَ فِی الذِّکۡرِ کُلَّ شَیۡءٍ وَخَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ۔ (بخاری۔کتاب بدا لخلق)

(سب سے پہلے) اللہ کی ذات تھی اور اس کے سوا کچھ نہ تھا۔ اس وقت اللہ کا عرش پانی پر تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو لوحِ محفوظ میں لکھ لیا اور آسمانوں کو زمین کو پیدا کیا۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ "اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا۔ اور اس سے کہا لکھو۔ قلم نے پوچھا۔ کیا لکھوں ؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ قیامت تک پیش آنے والے تمام حوادث کی مقداریں لکھ دے"۔

اور قرآن میں تین مختلف مقامات پر یہ مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان سب کو چھ ایام (ادوار) میں پیدا کیا : (۲۵/۵۹ ، ۳۲/۴ ، ۵۰/۳۸)

اس کی مزید تفصیل درج ذیل آیات میں ملاحظہ فرمایئے :۔

قُلۡ اَئِنَّکُمۡ لَتَکۡفُرُوۡنَ بِالَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ فِیۡ یَوۡمَیۡنِ وَتَجۡعَلُوۡنَ لَہٗۤ اَنۡدَادًا ذٰلِکَ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۚ وَجَعَلَ فِیۡہَا رَوَاسِیَ مِنۡ فَوۡقِہَا وَبٰرَکَ فِیۡہَا وَقَدَّرَ فِیۡہَاۤ اَقۡوَاتَہَا فِیۡۤ اَرۡبَعَۃِ اَیَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیۡنَ ۚ ثُمَّ اسۡتَوٰۤی اِلَی السَّمَآءِ وَہِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَہَا وَلِلۡاَرۡضِ ائۡتِیَا طَوۡعًا اَوۡ کَرۡہًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَیۡنَا طَآئِعِیۡنَ ۚ فَقَضٰہُنَّ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ فِیۡ یَوۡمَیۡنِ وَاَوۡحٰی فِیۡ کُلِّ سَمَآءٍ اَمۡرَہَا ؕ وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡیَا بِمَصَابِیۡحَ ٭ۖ وَحِفۡظًا ؕ ذٰلِکَ تَقۡدِیۡرُ الۡعَزِیۡزِ

آپؐ کہدیجئے ! کیا تم اس ذات کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں بنایا۔ اور تم اوروں کو اس کا مدِ مقابل بناتے ہو۔ وہی تو سب جہان والوں کا پروردگار ہے۔ اور زمین کے اوپر پہاڑ پیدا کئے اور اس میں برکت رکھی اور چار دنوں میں اس میں اس کی (روئیدگی وغیرہ کی) قوتیں پیدا فرمائیں۔ اور اس پر رزق کے طالبوں کا حق مساوی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ بلندی (فضائے بسیط) کی طرف متوجہ ہوا اور وہ اس وقت دھواں ہی دھواں تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں آؤ خواہ خوشی سے آؤ یا مجبوراً آؤ۔ ان دونوں نے کہا ہم خوشی سے آتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے دو دنوں میں اس دھوئیں کو سات آسمان بنا دیا اور ہر آسمان میں

الْعَلِيْمِ ۝ (۴۱/۹ـ۱۲)

اس کا حکم نازل فرمایا اور آسمانِ دنیا کو چراغوں (ستاروں) سے سجایا اور اسے محفوظ کیا۔ یہ ہیں نہایت جاننے والے اور زبردست اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشمے۔

اور ایک دوسرے مقام پر فرمایا :۔

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ (۲۱/۳۰)

کیا کافروں نے دیکھا نہیں کہ آسمان اور زمین دونوں گڈمڈ تھے تو ہم نے ان دونوں کو الگ کر دیا۔ اور ہم نے ہر جاندار چیز کو پانی سے بنایا۔ پھر یہ لوگ کیوں ایمان نہیں لاتے؟

نتائج

ان آیات و احادیث سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں :۔

(۱) کائنات سے پیشتر صرف اللہ کی ذات موجود تھی۔ اور تمام مادی اشیاء میں سب سے پہلے اللہ نے پانی کو پیدا فرمایا اور اسی پانی پر اس کا عرش تھا۔

(۲) اللہ تعالیٰ نے جب کائنات کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو سب سے پہلے اس کائنات کو بنانے اور اسے قائم رکھنے کے لئے قواعد مقرر کئے اور اس کا پلان بنایا۔

(۳) وسیع فضا یا خلا میں دھواں ہی دھواں (گیسیں) تھیں۔ سب سے پہلے اللہ ان کی طرف متوجہ ہوا اور ان گیسوں سے سات آسمانوں اور زمین کو الگ الگ کیا۔

(۴) آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے۔ ان سب اشیاء کو چھ ادوار میں بنایا۔

(۵) زمین کو آسمانوں سے پہلے بنایا۔ اور زمین کی تخلیق میں دو ادوار صرف ہوئے۔ پھر اس زمین پر پہاڑ بنائے اور اس میں روئیدگی کی قوتیں رکھیں۔ مناسب مقدار میں پانی پیدا کیا تو اس میں مزید دو ادوار صرف ہوئے اور فضا میں جو گیسیں ابھی موجود تھیں، اللہ تعالیٰ نے ان سے مزید دو ایام میں سات آسمان بنا دیئے۔

(۶) سورج اور چاند کی پیدائش کے متعلق اگرچہ صراحتہً مذکور نہیں۔ تاہم دلالۃً یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان کی پیدائش سات آسمانوں کی پیدائش کے بعد، اس دوران واقع ہوئی تھی جیسا کہ درج ذیل آیات سے ظاہر ہے :۔

اَلَمْ تَرَوْا کَیْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِیْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝

کیا تم دیکھتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیسے اُوپر تلے سات آسمان پیدا کئے اور ان میں چاند کو نور بنایا اور سورج کو چراغ بنایا۔

اس آیت میں چاند اور سورج کا ذکر سات آسمانوں کی پیدائش کے بعد کیا ہے۔ اور قرآن کا انداز بیان یہ ہے کہ اس میں عموماً الفاظ کی تقدیم و تاخیر ترتیبِ زمانی پر دلالت کرتی ہے۔

ہر دو نظریات کا تقابل

اب اگر ہم مذکورہ بالا نتائج کا موجودہ نظریات سے تقابل کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ :-

۱۔ آغازِ کائنات کائنات از خود وجود میں نہیں آئی۔ نہ اتفاقاً اور نہ ہی ارتقائی مراحل طے کر کے۔ بلکہ اس کو پیدا کرنے والی علیم، حکیم، خبیر اور غالب ہستی کائنات سے پہلے موجود تھی۔ جس نے ایک طے شدہ پلان کے مطابق کائنات کو وجود بخشا۔ کائنات میں موجود تمام اجرام اسی کے حکم اور ارادہ کے تحت چل رہے ہیں اور آئندہ جب تک وہ چاہے گا چلتے رہیں گے۔ نیز کائنات ارتقائی مراحل طے کرتے ہوئے چھ ادوار میں مکمل ہوئی ہے۔ دور کا اندازہ قرآن کی ایک آیت کے مطابق ۵۰ ہزار سال ہے تاہم یہ مدت کم و بیش بھی ہو سکتی ہے۔

۲۔ سماء اور سات آسمان موجودہ نظریہ کے مطابق آسمان کوئی چیز نہیں بلکہ فقط حدِ نگاہ کا نام جبکہ سات آسمانوں کا ذکر قرآنِ کریم میں متعدد بار اور اس کے علاوہ احادیث میں بھی آیا ہے۔ لہٰذا پہلے لفظ "سماء" کی تحقیق ضروری ہے۔

سماء کا لفظ بلندی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ امام راغب اس کا معنیٰ لکھتے ہیں ہر وہ چیز جو ہمارے سر پر سایہ فگن ہو۔ سماء کی ضد ارض (بمعنی زمین، پستی) ہے اور یہ لفظ اسمائے نسبیہ سے ہے۔ یعنی ایک ہی چیز اپنے سے پست چیز کے مقابلہ میں سماء ہے اور وہی چیز اپنے سے بلند چیز کے مقابلہ میں ارض ہے۔ پہلا آسمان بذاتِ خود دوسرے آسمان کے مقابلہ میں ارض ہے اور دوسرا تیسرے کے مقابلہ میں۔ پھر یہ بلندی یا راسی سمت میں فاصلہ یا دُوری تھوڑی سی ہو تب بھی سماء ہے، زیادہ ہو تب بھی سماء (آسمان) ہے اور بہت ہی زیادہ ہو تب بھی سماء ہی ہے مثلاً یہ ارشاد باری تعالیٰ :

"وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً" (۲/۲۲) "اور اس نے آسمان سے مینہ برسایا۔"

یہاں سماء سے مراد بادل ہیں، جو سطحِ زمین سے عموماً ایک ڈیڑھ میل کی بلندی پر اُڑتے پھرتے ہیں اور اس معمولی سی بلندی کے لئے بھی سماء (آسمان) کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

جبکہ اس آیت میں :

"اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ۨالْکَوَاکِبِ" (الصّٰفّٰت : ۶)

کہ "بیشک ہم ہی نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزیّن کیا"۔

اتنی زیادہ بلندی مُراد ہے جتنی دُوری پر کہ ستارے چمکتے ہیں۔ وہ خواہ لاکھوں میلوں پر مشتمل ہو یا کروڑہا اور اربہا میلوں پر۔ درج ذیل آیت میں سماء (آسمان) کا لفظ بہت ہی زیادہ بلندی، اتنی بلندی جو سات آسمانوں کی بلندی سے بھی زیادہ ہو یعنی لامحدود بلندی کے لئے استعمال ہُوا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے :

"ثُمَّ اسْتَوٰی اِلَی السَّمَاءِ فَسَوّٰھُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ" (البقرۃ)

"پھر خدا تعالیٰ آسمان کی طرف متوجہ ہُوا تو انہیں ٹھیک سات آسمان بنا دیا"۔

لفظ "سماء" کی طرح عربی لغت میں اور بھی کئی ایسے الفاظ ہیں جو مقداریں کمی بیشی کے باوجود یکساں طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ انہی میں ایک لفظ یوم ہے جس کا ترجمہ "دن" کیا جاتا ہے۔ زمین پہ یہ دن ۲۴ گھنٹے کا ہے۔ چاند پر تقریباً ایک ماہ کا دن ہے۔ عطارد (MERCURY) پر یہ دن ہمارے ۸۸ دنوں کے برابر ہے۔ قطب شمالی اور جنوبی پر تقریباً ایک سال کا ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس یوم الحساب ۵۰ ہزار برس (ہمارے موجودہ حساب سے) کا ہوگا اور اس کے لئے بھی یوم کا لفظ ہی استعمال ہوا ہے۔

موجودہ ہیئت دان کسی آسمان کے قائل نہیں ہیں۔ ہم ان سے بصد احترام گزارش کریں گے کہ ان کی تمام تر تحقیقات کی رسائی ابھی پہلے آسمان یا آسمانِ دُنیا تک بھی نہیں ہو سکی تو پھر وہ اس کی تردید کیونکر کر سکتے ہیں؟ ان کی تحقیق خواہ کتنی طاقتور اور جدید قسم کی دُوربینوں سے ہو خواہ وہ پلوٹو کی دُوری ہو یا الف قنطورس کی یا قلب عقرب کی۔ یہ سب کچھ آسمانِ دُنیا کی زینت بنے گا اور جو کچھ ابھی مزید تحقیق کے دائرہ میں آئے گا، وہ بھی آسمان دنیا تک ہی محدود ہو گا۔ مندرجہ ذیل دونوں آیات اسی دعویٰ کی تائید کر رہی ہیں:۔

۱۔ "وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰھَا لِلنّٰظِرِیْنَ" (الحجر: ۱۶)

"اور ہم ہی نے آسمان میں بُرج بنائے اور دیکھنے والوں کے لئے اسے سجا دیا"۔

۲۔ "اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ۨالْکَوَاکِبِ" (الصّٰفّٰت : ۶)

"بیشک ہم ہی نے آسمانِ دُنیا کو ستاروں کی زینت سے مزیّن کیا"۔

باقی چھ آسمان اس آسمانِ دُنیا سے ماوراء ہیں۔ اور ان تک دسترس انسان کی طاقت سے باہر ہے۔

ان تک رسائی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کی قدرتِ کاملہ کی وجہ سے ہوئی اور وحی کے ذریعہ ہمیں سات آسمانوں کا علم حاصل ہوا ہے۔ آج کا ہیئت دان بھی جب کائنات کی وسعت کا خیال کر کے ورطۂ حیرت میں پھنس جاتا ہے تو دبی زبان سے اسکے مُنہ سے ایسے الفاظ نکل جاتے ہیں جن سے اس علمِ وحی کی تائید ہوتی ہے۔

۳۔ فلک اور سماء

یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ ہماری زبان میں فلک اور سماء دونوں کا ترجمہ آسمان کردیا جاتا ہے۔ حالانکہ دونوں الفاظ کا مفہوم جدا جدا ہے۔ سماء کا مفہوم تو اُوپر بیان ہوچکا۔ فلک سے مراد کسی بھی سیارہ کا وہ مدار (ORBIT) ہے جس پر وہ گردش کررہا ہے۔ بموجب قولِ باری تعالیٰ:

"لَا الشَّمْسُ يَنۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ" (یٰسٓ : ۴۰)

"یہ ناممکن ہے کہ سُورج چاند کو جا پکڑے اور نہ ہی رات سے پہلے دن آسکتا ہے۔ تمام سیارے اپنے اپنے مدار پر (خلا میں) تیر رہے ہیں"

اور نظریہ بطلیموس کے مویدین نے ہر جگہ فلک کا لفظ استعمال کیا ہے نہ کہ سماء کا"

۴۔ آسمان کے بروج اور سیارے

آسمان کے بروج کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

"وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاۗءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ" (الحجر:۱)

"اور ہم نے آسمان میں بُرج بنائے اور اس آسمان کو دیکھنے والوں کیلئے سجا دیا"

اب اگر ایک عام قاری اس آیت میں بروج کے لفظ سے وہی بارہ بُرج مراد لیتا ہے جو قدیم اہلِ ہیئت نے فلکِ ہشتم پر بنا رکھے ہیں، تو اس کی مرضی ہے۔ ورنہ آیت کا سیاق اس کی تائید نہیں کرتا کیونکہ ان برجوں میں سے اکثر برجوں کی اشکال کا زینت سے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ بھلا سرطان، بچھو، ترازو اور ڈول وغیرہ کیا خوبصورتی پیدا کرسکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر علماء نے یہاں بروج سے ستارے اور سیارے مُراد لئے ہیں جو رات کے وقت آسمان کو زینت بخشتے ہیں۔ لغوی لحاظ سے ہم ہر نمایاں طور پر ظاہر ہونے والی چیز کو بُرج کہہ سکتے ہیں۔

۵۔ سورج اور اسکی حرکت

۱۔ سورج کی حرکت کے متعلق ارشاد فرمایا:

"وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ" (۳۸/۳۶)

" اور سُورج اپنے مقرر راستے پر چل رہا ہے۔ یہی غالب اور خوب جاننے والے کی قدرت کا کرشمہ ہے۔"

یہ آیت سورج کے متحرک ہونے پر صراحتہً دلالت کر رہی ہے۔ فیثا غورث نے جو نظریہ پیش کیا۔ (یعنی دوسرا دَور) اس میں سُورج ساکن اور زمین کو متحرک قرار دیا تھا۔ تیسرے نظریہ (بطلیموس) نے اس کے برعکس زمین کو ساکن اور سورج کو متحرک قرار دیا اور موجودہ چوتھے نظریہ کے مطابق سورج ساکن اور زمین کو متحرک قرار دیا گیا۔ اور یہ احتمال ظاہر کیا گیا کہ ممکن ہے کہ ہمارا سورج اپنے پورے خاندان سمیت اپنے سے کسی بڑے سُورج کے گرد گھوم رہا ہو۔ موجودہ بیسویں صدی کے آغاز میں آئن سٹائن نے یہ نظریہ پیش کیا۔ کہ کائنات میں کوئی جرم ایسا نہیں جو محوِ گردش نہ ہو اور وہ ساکن ہو۔ اس طرح یہ نظریہ قرآن کریم کی مندرجہ بالا آیت کے مطابق ہو گیا۔ یاد رہے کہ تجرِی یا جریان کے لفظ کا اطلاق صرف محوری گردش پر نہیں ہوتا۔ بلکہ ایسی حرکت پر ہوتا ہے جس میں کوئی جسم ایک جگہ سے حرکت کر کے دوسری جگہ پہنچ جائے۔

۲۔ اشکالِ قمر اور منازلِ قمر

اشکالِ قمر سے متعلق لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس سوال کے جواب کا رُخ دوسری طرف موڑ دیا اور اس کی وجوہ دو تھیں۔ ایک یہ کہ قرآن کا اصل موضوع انسان اور اس کی ہدایت ہے اور یہ سوال اس موضوع سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اور دوسرے یہ کہ اس سوال کا جواب کچھ ایسا پیچیدہ سا ہے کہ عام انسانوں کے ذہن میں آنا مشکل تھا جبکہ سادگی اور آسانی قرآن کی نمایاں خصوصیت ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اس سوال کا جواب اس طرف موڑ دیا جس کا تعلق عمل سے تھا۔ یعنی لوگوں کے معاہدات اور حج کے اوقات کی تعیین۔

البتہ ایک دوسری آیت میں دلالتہً اشکالِ قمر کا ذکر آگیا ہے۔ اور وہ آیت یہ ہے :۔

" وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ " (یٰس : ۳۹)

" اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں تجویز کر دی ہیں تا آنکہ وہ کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح (خمیدہ اور پتلا) ہو جاتا ہے۔"

آیت بالا کے الفاظ "منازل" سے چاند کے لئے ۲۸ منزلیں مقرر کرنے والے تو بہرحال مطمئن ہو ہی گئے ہونگے۔ لیکن بہت سے علماء کے نزدیک یہاں منازل سے مُراد ۲۸ متعینہ منزلیں نہیں بلکہ اشکالِ قمر ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آخر میں ہلال (نئے یا پہلی رات کے چاند) کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور یہ ایسی توجیہ ہے جس سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا۔

رہا چاند کی حرکت کا سوال تو اس میں کبھی کسی بھی دَور میں اختلاف نہیں ہوا۔

۷۔ دوسرے اجرام کے مقابلہ میں زمین کی خصوصیات

زمین سے متعلق ہمیں کتاب وسنت سے درج ذیل باتیں معلوم ہوئی ہیں :۔

(۱) موجودہ نظریہ کے مطابق زمین سورج ہی سے علیحدہ شدہ حصہ ہے۔ جبکہ قرآنی آیات کے مطابق کائنات کا آغاز ہی زمین کی تخلیق سے ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے پہلے دو ادوار میں زمین کو پیدا فرمایا پھر دو دنوں میں سات آسمان پیدا فرمائے۔ پھر مزید دو ادوار میں زمین کو درست اور ہموار کرکے اس میں روئیدگی کی قوتیں پیدا کیں۔ یہ کل چھ ادوار ہوئے۔ انہیں چھ ادوار میں اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کے درمیان تمام موجود اجرام کو پیدا فرمایا۔ البتہ ان اجرام اور ان کے مداروں میں ہر آن مزید وسعت پیدا ہوتی چلی جا رہی ہے۔

(۲) پانی کی کل مقدار کا کثیر حصہ صرف اسی زمین پر موجود ہے جو زندگی کی روحِ رواں ہے۔ حتیٰ کہ زمین کے تقریباً تین چوتھائی حصہ کو پانی ہی گھیرے ہوئے ہے اور اللہ تعالیٰ نے اجرامِ فلکی میں سے زمین پر ہی پانی کی موجودگی کا ذکر فرمایا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ زندگی صرف زمین پر پائی جاتی ہے۔ اور دوسرے سیاروں پر زندگی کا پایا جانا مشکل ہے۔ اگرچہ کسی شے کے عدم ذکر سے اس چیز ہی کی نفی نہیں ہو جاتی تاہم سعیٔ بسیار کے باوجود آج تک کے سائنس دان اور ماہرینِ فلکیات اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ زمین کے علاوہ اور کسی سیارہ میں انسانی زندگی کے آثار نہیں پائے گئے۔

(۳) یہ شرف زمین ہی کو حاصل ہے کہ وہ اشرف المخلوقات کا مسکن اور مستقر ہے۔ انسان کی رشد و ہدایت کے لئے انبیاء کرام اور بالخصوص سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اسی سیارہ پر تشریف لائے۔ اور بیشتر فرشتوں کا نزول، جو کہ مدبراتِ امر ہیں اسی سیارہ پر ہوا ہے اور ہوتا رہے گا۔

۸۔ زمین ساکن ہے یا متحرک؟

قرآن میں کوئی ایسی آیت وارد نہیں ہوئی جس میں صراحتہً یہ مذکور ہو کہ زمین ساکن ہے یا متحرک۔ اور جو آیات دلالۃً مذکور ہیں۔ وہ دونوں طرح کی ہیں۔ مثلاً ارشادِ باری تعالیٰ ہے :۔

لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِىۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ	یہ سورج کے بس کی بات نہیں کہ وہ چاند کو جا پکڑے
وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ‌ؕ وَكُلٌّ فِىۡ فَلَكٍ	اور نہ ہی رات دن پر سبقت لے جا سکتی ہے سب
يَّسۡبَحُوۡنَ ○ (۳۶/۴۰)	ایک ایک فلک میں تیر رہے ہیں۔

اس آیت سے درج ذیل باتیں معلوم ہوئیں :۔

(۱) سورج خواہ کتنا عظیم الجثہ جرم ہے اور خواہ اس میں کشش ثقل کتنی زیادہ ہے وہ یہ نہیں کر سکتا

کہ اپنے مقابلہ میں چاند جیسے چھوٹے اور کم کشش ثقل رکھنے والے چاند کو اپنی طرف کھینچ لے اور نہ ہی یہ ممکن ہے کہ وہ چاند کے فلک یا مدار (ORBIT) میں جا داخل ہو جس کا نتیجہ یہ ہو کہ رات کے کسی وقت میں ہی سورج نکل آئے۔

(ii) سورج اور چاند دو چیزوں کا ذکر کرنے کے بعد آیت کے آخر میں تثنیہ کے بجائے جمع کا صیغہ بھی آیا ہے اور کل کا لفظ بھی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام اجرامِ فلکی اپنے اپنے مدار پر تیزی سے گھوم رہے ہیں اور چونکہ زمین بھی ایک جرم ہے لہٰذا اس کی بھی حرکت ثابت ہوگئی۔

(iii) آسمان یا فلک یا فلک الافلاک میں سے کوئی بھی چیز گردش نہیں کرتی جیسا کہ بطلیموسی نظریہ ہے۔ بلکہ گردش صرف اجرامِ فلکی کرتے ہیں۔

اب اس کے برعکس درج ذیل آیت بھی ملاحظہ فرمائیے:۔

وَجَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِهِمْ۔ (۳۱/۲۱) اور ہم نے زمین پر پہاڑ جما دیئے تاکہ وہ لوگوں کے بوجھ سے ہچکولے نہ کھائے۔

اس آیت میں دو الفاظ قابلِ غور ہیں:۔ (۱) رسو اور (۲) مید

رسو بمعنی کسی چیز کا جما ہوا اور گڑا ہوا ہونا، رسا السفینۃ بمعنی جہاز کا لنگر انداز ہونا اور مَرْسٰی بمعنی بندرگاہ۔ راسی اس بڑی دیگ کو کہتے ہیں جو بڑی ہونے کی وجہ سے ایک ہی جگہ نصب کر دی گئی ہو۔ قرآن میں ایسی ہی بڑی نصب شدہ دیگوں کے لیے قدورٍ رّاسِیٰت کے الفاظ آئے ہیں (۳۴/۱۳) اور راسیۃ کے معنی مضبوط اور مستحکم پہاڑ (منتہی الادب۔ منجد) اور رواسی، راسیہ کی جمع ہے بمعنی سلسلہ ہائے کوہ اور یہ لفظ عموماً جمع ہی استعمال ہوتا ہے یعنی ایسے پہاڑوں کا سلسلہ جو دُور تک پھیلا ہوا ہو۔

اور مید بمعنی کسی چیز میں حرکت پیدا ہو کر اس حرکت کی وجہ سے جُھکنا، ہل جل کر کسی بھی طرف جُھک پڑنا (مقائیس اللغۃ) اور بمعنی حرکت کرنا، ہلنا، کانپنا (منجد)

گویا اللہ تعالیٰ یہ فرما رہے ہیں کہ ہم نے زمین میں سلسلہ ہائے کوہ اس لئے بنائے ہیں کہ اسکی حرکت، ہلنا جُلنا، ڈولنا، ہچکولے کھاتا، لرزنا، کانپنا یا کسی ایک طرف جُھک پڑنا ختم ہو جائے۔

اس آیت سے دلالۃً تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ہر طرح کی حرکت کو بند کر دیا گیا ہے۔ لیکن چونکہ صراحۃً کچھ بھی مذکور نہیں۔ لہٰذا واضح طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بالخصوص اس صورت میں کہ اہلِ مغرب ہی کی طرف سے حرکتِ زمین کے نظریہ کی مخالفت بھی شروع ہو چکی ہے۔ جس کی تفصیل علامہ فرید وجدی

نے اپنے انسائیکلوپیڈیا دائرۃ معارف القرن العشرین (بیسویں صدی کا انسائیکلوپیڈیا) میں ارض (زمین) کے عنوان کے تحت دی ہے۔ یہ کتاب محکمہ اوقاف بادشاہی مسجد لاہور کی لائبریری میں موجود تھی۔ لیکن جب میں اس کتاب سے استفادہ کے لئے گیا تو معلوم ہوا کہ اس کتاب کو دیمک کھا چکی ہے۔ اور ایسی دیمک خوردہ کتابوں کا ڈھیر گودام میں پھینک دیا گیا ہے۔ اور اس سے اب استفادہ کرنا ناممکن ہے لہٰذا میں اب فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز رئیس العام ادارہ مبعوث الاسلامیہ والافتاء والدعوۃ والارشاد کی تصنیف "جریان الشمس والقمر وسکون الارض" ص ۲۷ کے حوالہ پر ہی اکتفا کرتا ہوں انہوں نے علامہ محمد فرید وجدی کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ ۱۹۲۶ء میں فرانسیسی زبان میں ایک کتاب شائع ہوئی جس کا نام عربی زبان میں (الارض لا تدور) ہے۔ اور اس کا مؤلف ب۔ رالیو فیتش ہے۔ اس کتاب میں مؤلف نے علمی دلائل سے ثابت کیا ہے کہ زمین ساکن ہے اور سورج اور چاند اس کے گرد گھوم رہے ہیں۔

یہ نظریہ عقلی لحاظ سے ناممکن بھی نہیں۔ اگر یکے بعد دیگرے چار نظریے تبدیل ہو کر آ سکتے ہیں تو ان کے بعد پانچواں حتیٰ کہ چھٹا اور ساتواں وغیرہ بھی آ سکتے ہیں۔ کیونکہ انسانی مشاہدہ، تجربہ اور علم میں ہر آن تغیر اور وسعت پیدا ہو رہی ہے۔

علاوہ ازیں ان تمام گھومنے والے سیاروں کے لئے کسی مرکز کا ہونا ایک ناگزیر امر ہے۔ یہ مرکز خواہ ہماری زمین ہو یا ہمارا سورج ہو، یا اس سے بھی کوئی بڑا سورج ہو یا اللہ تعالیٰ کا عرش ہو۔ ورنہ ان بجلی کی سی تیزی سے گھومنے والے سیاروں کا آپس میں تصادم ناگزیر ہے۔ اور اس صورت کائنات کب کی فنا ہو چکی ہوتی۔ اور دوسرے سیاروں کی نسبت زمین میں چند مزید خاصیتیں موجود ہیں جن کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ لہٰذا یہ بات بھی کچھ غیر معقول معلوم نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ نے ان اجرام سماویہ کا مرکز زمین ہی کو بنا دیا ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۹۔ انجامِ کائنات

انجامِ کائنات کے متعلق بھی سائنس دانوں اور ماہرین فلکیات کی آراء مختلف ہیں۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ کائنات ابد سے ایسی ہی ہے اور ابدالآباد تک ایسے ہی رہے گی۔ دوسرا گروہ اسے حادث اور تغیر پذیر قرار دیتا ہے۔ ان کے خیال کے مطابق کائنات ارتقائی منازل طے ہوتی ہوئی اس صورت کو پہنچی ہے جو ہم آج دیکھ رہے ہیں اور اس میں ہر آن توسیع ہوتی جا رہی ہے۔ جتنی بڑی دُوربینیں ہم تیار کرتے ہیں مزید ستارے معلوم ہوتے چلے جاتے ہیں۔ لہٰذا یہ تاہنوز ارتقائی مراحل میں ہے اور آئندہ بھی اس میں ترقی ہوتی رہے گی اور انجام کا کچھ علم نہیں۔ جیسا کہ پہلے

ہم اس طرح کا اقتباس پیش کر چکے ہیں۔

اس کے برعکس شریعت ہمیں واضح طور پر یہ بتلاتی ہے۔ زمین و آسمان۔ چاند سورج اور دیگر سیارے جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں سب کچھ چھ ادوار میں مکمل ہو گیا البتہ انکے مداروں اور انکی تعداد میں توسیع کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ اور یہ کائنات فنا ہونے والی ہے۔ حتیٰ کہ اللہ کی ذات کے سوا کوئی چیز بھی باقی نہ رہے گی۔ نیز کائنات کے فنا ہونے کا آغاز سورج سے ہوگا۔ سورج کی گردش میں رجعت قہقری شروع ہو جائے گی۔ چنانچہ بخاری کی صحیح حدیث میں وارد ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ حضرت ابوذرؓ سے پوچھا: "جانتے ہو، سورج غروب ہونے کے بعد کہاں جاتا ہے"؟ حضرت ابوذرؓ کہنے لگے: "اللہ اور اس کا رسولؐ ہی بہتر جانتے ہیں۔" تو آپؐ نے فرمایا: سورج غروب ہونے پر اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے سجدہ ریز ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے دن طلوع ہونے کا اذن مانگتا ہے۔ تو اسے اذن دیا جاتا ہے۔ پھر ایک دن ایسا آئے گا کہ اس سے کہا جائے گا کہ جدھر سے آیا ہے، ادھر ہی لوٹ جاؤ پھر وہ مغرب سے طلوع ہوگا پھر آپؐ نے وہی آیت پڑھی جس میں مُسْتَقَرٌّ لَّهَا آیا ہے۔" [1]

اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں:۔

(۱) سورج اور اسی طرح دوسرے سیاروں کی گردش محض کشش ثقل اور مرکز گریز قوت کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ اجرام فلکی اور ان کے نظام پر اللہ حکیم و خبیر کا زبردست کنٹرول ہے۔ کہ ان میں نہ تو تصادم و تزاحم ہوتا ہے اور نہ ہی ان کی مقررہ گردش میں کمی بیشی ہوتی ہے۔ اور یہ سب اجرام اللہ کے حکم کے تحت حرکت کر رہے ہیں۔

(۲) قیامت سے پہلے ایک ایسا وقت آنے والا ہے جبکہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ اس کے بعد یہ نظام بگڑ جائے گا۔

اس حدیث میں بھی سورج کے متحرک ہونے کا صراحتاً ذکر ہے۔ جبکہ آج کا مغرب زدہ طالب علم سورج کے طلوع و غروب ہونے اور عرش کے نیچے جاکر دوبارہ طلوع ہونے کی اجازت مانگنے کا مذاق اڑاتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ سورج تو اپنی جگہ پر قائم ہے اور ہمیں جو طلوع و غروب ہوتا نظر آتا ہے تو یہ محض زمین کی محوری گردش کی وجہ سے ہے۔ حالانکہ ایک سورج کی کیا بات کائنات کی ایک ایک چیز عرش کے تلے ہے۔ اور جن و انس کے سوا ہر چیز اس کے ہاں سجدہ ریز یا اللہ کی طرف سے سپرد کردہ خدمت

---

[1] بخاری۔ کتاب التوحید۔ باب وکان عرشہٗ علی الماء۔

سرانجام دینے پر لگی ہوئی ہے۔

سورج کی اس رجعت قہقہری کے بعد ستاروں کے درمیان باہمی کشش اور گردش کا سارا نظام مختل ہو جائے گا۔ زمین میں شدید زلزلے اور جھٹکے شروع ہو جائیں گے۔ ستارے بے نور ہو کر ایک ایک گرنے لگ جائیں گے جیسے جھڑ پڑے ہیں۔ سورج کی بساط لپیٹ دی جائے گی۔ پہاڑ دھنکی ہوئی رُوئی کی طرح ہو کر بعد میں فضا میں منتشر ہو جائیں گے۔ سمندروں کا پانی شدتِ حرارت سے کھولنے لگے گا۔ تمام مخلوقات مر جائے گی اور کائنات فنا ہو جائے گی اور یہ سب کچھ کب ہوگا؟ اس کا جاننا انسان کے بس کا روگ نہیں۔ سائنس دان خواہ کتنے ہی اندازے لگائیں وہ سب کچھ ظنون اور ڈھکوسلے ہی ہوں گے۔ اس کا حقیقی علم اسی خالق کائنات کو ہے جس نے اسے پیدا کیا تھا۔

بلکہ وحی ہمیں اس سے بہت مابعد کی بھی خبر دیتی ہے کہ اللہ تعالیٰ پھر سے ایک نئی کائنات پیدا فرمائے گا جس کی زمین، جس کے سُورج، جس کے چاند ستارے اور جس کے قوانین نظم وضبط سب کچھ اس دنیا سے الگ ہوں گے۔ اور جس کے متعلق اندازے لگانا بھی کسی انسان کے بس کا روگ نہیں۔ البتہ اس کی بہت سی تفصیلات قرآن اور حدیث میں موجود ہیں۔

باب ۷

شمس و قمر اور ارکان اسلام

پہلے باب "وقت کی قدرتی پیمائش" میں مجملاً ہم یہ بیان کر چکے ہیں کہ اسلام کے کون سے احکام سورج سے تعلق رکھتے ہیں اور کون سے چاند سے۔ اسی بات کو اس باب میں تفصیل سے پیش کیا جا رہا ہے۔

ارکانِ اسلام پانچ ہیں۔ پہلا رکن شہادتین کا اقرار ہے۔ اور اس کا تعلق خالصتہً دل سے ہے۔ اور یہ ایک قلبی عمل ہے جس کا سورج یا چاند سے یا کسی خاص وقت سے کوئی تعلق نہیں۔

دوسرا رکن نماز ہے۔ فرض نمازیں پانچ ہیں۔ ان کے علاوہ نفلی نمازیں بھی ہیں مثلاً تہجد، اشراق اور عیدین وغیرہ۔ ان سب کے اوقات کا تعلق سورج سے ہے۔ البتہ عیدین میں اتنا تعلق چاند کا بھی ہے کہ عید الفطر یکم شوال کو ہوتی ہے اور عید الاضحیٰ دس ذی الحجہ کو۔ ان اوقات کا بیان چونکہ طویل ہے۔ لہٰذا انہیں آخر میں ذکر کیا جائے گا۔

تیسرا رکن زکوٰۃ ہے جس کا تعلق چاند سے ہے۔ کیونکہ یہ سال بعد ادا کرنا ہوتی ہے۔ اور جس معاملہ میں ایک ماہ سے زائد مدت درکار ہو تو اس کا شمار قمری حساب سے ہوتا ہے۔

البتہ فصل کی زکوٰۃ کا تعلق موسم سے یا بالفاظِ دیگر سورج سے ہوتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ (۶/۱۴۰) اور جس دن کھیتی کاٹو تو اس سے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرو۔

اور ظاہر ہے کہ فصلوں اور پھلوں کے پکنے کا تعلق موسم سے ہوتا ہے اور موسم چاند سے نہیں بلکہ سورج سے تعلق رکھتے ہیں۔

چوتھا رکن روزہ ہے۔ اس کا بھی تمام تر تعلق سورج سے ہے۔ خواہ یہ سحری کا وقت ہو

یا افطاری کا۔ اس کی تفصیل بھی نماز کے ضمن میں آ رہی ہے۔

پانچواں رکن حج ہے۔ حج کے ایام اگرچہ چار یا پانچ ہیں (یعنی ایک ماہ سے کم ہیں) تاہم ان کا تعلق بالخصوص چاند سے ہے۔ اور اسی وجہ سے حج والے مہینہ کا نام ہی ذی الحجہ ہے۔ یہ دن ۸ ذی الحجہ سے لے کر ۱۱ یا ۱۲ ذی الحجہ تک ہیں۔ اور ایک دن کی کمی بیشی کے متعلق حاجی کو اختیار دیا گیا ہے۔ البتہ حج کے دوران نقل و حرکت مثلاً ۸ ذی الحجہ کو کس وقت منیٰ جانا چاہیئے اور کب اور کس وقت عرفات کو روانہ ہونا چاہیئے۔ کب واپس مزدلفہ آنا چاہیئے اور کس وقت منیٰ آنا چاہیئے رمی الجمار، قربانی وغیرہ وغیرہ ان سب افعال کا اور حج کے دوران سب نمازوں کا تعلق سورج سے ہے۔

علاوہ ازیں ایسے معاملات جن میں مدت ایک ماہ یا ایک ماہ سے زائد ہو تو اس کا شمار قمر سے متعلق ہوگا مثلاً آپؐ نے ایک ماہ کے لئے اپنی بیویوں سے علیحدگی (ایلاء) اختیار کی تو آپ ۲۹ دن بعد واپس آ گئے کیونکہ یہ مہینہ ۲۹ دن کا تھا۔ اسی طرح ایامِ عدت، مدت رضاعت اور دیگر لین دین کے معاہدات کا تعلق بھی چاند سے ہوگا۔ جس پر دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:۔

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ۔ (۲/۱۸۹)

لوگ (اے محمدؐ!) آپ سے نئے چاندوں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ وہ لوگوں کے کاموں کی میعادیں اور حج کے اوقات معلوم ہونے کا ذریعہ ہے۔

اس آیت میں درج ذیل اُمور قابلِ غور ہیں۔

۱۔ اھلہ ہلال (بمعنی نیا چاند) کی جمع ہے۔ حالانکہ چاند تو ایک ہی ہے نیا ہو یا پرانا، بڑا ہو یا چھوٹا۔ لہٰذا یہاں اھلہ سے مراد یقیناً اشکالِ قمر ہیں۔

۲۔ پُوچھنے والے نے دراصل سوال یہ کیا تھا کہ چاند کیسے گھٹتا بڑھتا ہے؟ (یا اشکالِ قمر کیسے بنتی ہیں؟) اللہ تعالیٰ نے اس سوال کے جواب کا رُخ ایسی بات کی طرف موڑ دیا جس کا تعلق عمل سے تھا۔ کیونکہ اصل سوال کا جواب عمل سے کوئی تعلق نہ رکھتا تھا۔ نیز ایسا جواب چونکہ کچھ پیچیدہ سا تھا جو چاند، سورج کی حرکات اور چاند کے سُورج سے روشنی حاصل کرنے سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا ایک عام انسان شاید یہ باتیں سمجھ بھی نہیں سکتا۔ ان دو وجوہ کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے جواب وہ دیا جس کا تعلق عمل سے تھا۔ یعنی لوگوں کے باہمی معاہدات کی مدت اور حج کے اوقات معلوم کرنا۔

۳۔ اور تیسری بات یہ کہ مدت معلوم کرنے کا اصل ذریعہ چاند ہے۔ فرض کیجئے آپ کسی

ایسے علاقہ میں چلے جاتے ہیں جہاں نہ شمسی تقویم رائج ہوا ور نہ قمری۔ ایسے علاقہ میں سوائے سورج کا ایک ایک دن شمار کرتے رہنے کے محض سورج سے مدت کی تعیین ناممکن ہو جاتی ہے۔ البتہ چاند سے آسانی سے مدت کی تعیین کی جاسکتی ہے چاند سے مدّت معلوم کرنے کا طریق ہی سادہ، فطری اور قدیمی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے چاند ہی کو مدت معلوم کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

مندرجہ بالا آیت کے علاوہ درج ذیل آیت سے یہی نتیجہ نکلتا ہے:۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ۔ (۱۰/۵)

وہی تو ہے جس نے سورج کو چمکنے والا اور چاند کو منور بنایا۔ اور چاند کی منزلیں مقرر کر دیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور معاملات کا حساب رکھ سکو۔

نمازوں کے اوقات

نمازوں کو ان کے اوقات پر ادا کرنا نہایت ضروری ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَّوْقُوْتًا (۴/۱۰۳)

نماز اس کے وقت کی پابندی کے ساتھ مومنوں پر فرض کی گئی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ فرض نمازوں کے اوقات ہیں کون کون سے؟ اس سلسلہ میں ایک نہایت جامع حدیث درج ذیل ہے جسے احمد، نسائی، ترمذی اور بخاری نے روایت کیا ہے اور بخاری نے کہا کہ اوقات کے بارے میں صحیح ترین چیز یہی ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ "حضرت جبرائیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا، اُٹھیے اور نماز ادا کیجئے۔ اور جبرائیل نے ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھلنے لگا۔ پھر جبرائیل عصر کے وقت آئے اور کہا اُٹھیے اور نماز ادا کیجئے تو جبرائیل نے عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ ایک مثل تک ہو چکا تھا۔ پھر جبرائیل مغرب کے وقت آئے اور کہا۔ اُٹھیے اور نماز ادا کیجئے۔ پھر جبرائیل نے مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا۔ پھر جبریل عشاء کے وقت آئے اور کہا: اُٹھیے اور نماز ادا کیجئے۔ پھر جبریل نے عشاء کی نماز اس وقت پڑھائی جبکہ شفق غائب ہو چکا تھا۔ پھر جبریل فجر کے وقت آئے اور اس وقت نماز پڑھائی جب فجر طلوع ہوئی ـــــ پھر اس سے اگلے دن جبریل ظہر کے لئے آئے اور کہا اُٹھیے

اور نماز ادا کیجئے۔ پھر ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو چکا تھا۔ پھر عصر کے وقت آئے اور کہا: اُٹھئے اور نماز ادا کیجئے۔ پھر عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے دُگنے کے برابر ہو چکا تھا۔ پھر مغرب کے لئے سُورج غروب ہونے کے وقت ہی آئے۔ پھر عشاء کے لئے آپ کے پاس اس وقت آئے جب نصف رات گزر چکی تھی (یا حضرت جابر نے کہا: تہائی رات گزر چکی تھی) اس وقت جبریل نے عشاء کی نماز پڑھائی۔ پھر جبریل اس وقت آئے جب فجر خوب روشن ہو چکی تھی اور سفیدی پھیل چکی تھی۔ اس وقت جبریل نے نماز پڑھائی پھر کہا: ما بین ھذین الوقتین وقت۔ (ان دونوں اوقات کے درمیان سب نماز کا وقت ہے" (فقہ السنۃ ج ۱ ص ۸۴ - ۸۵)

اس حدیث سے درج ذیل باتیں معلوم ہوئیں:۔

۱۔ تمام نمازوں کے اوقات کا تعلق سورج سے ہے۔

۲۔ ظہر کا وقت سُورج کے ڈھلنے سے لے کر کسی چیز کا سایہ اس کے برابر ہوتے تک ہے۔

۳۔ عصر کا وقت سایہ ایک مثل ہونے سے لے کر دو مثل یا دُگنا ہونے تک ہے۔

۴۔ مغرب کا وقت صرف سورج غروب ہونے پر ہے۔ گویا مغرب کا وقت تنگ اور محدود ہے اور یہ وقت زیادہ سے زیادہ شفق کی سرخی غائب ہونے تک ہے۔

۵۔ عشاء کا وقت شفق غائب ہونے سے لے کر آدھی رات تک یا تہائی رات تک ہے۔

۶۔ نماز فجر کا وقت طلوع فجر سے لے کر سورج نکلنے سے پیشتر سفیدی پوری طرح پھیل جانے تک ہے۔

اوقاتِ نماز کے سلسلہ میں چند اور اُمور کا ذکر بھی ضروری ہے۔ مثلاً:۔

۱۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "گرمی کے موسم میں ظہر کی نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھا کرو"[۱] اب اس ٹھنڈا کرنے کی حد کیا ہے؟ اس بات میں اختلاف ہے۔ تاہم اس بات پر اتفاق ہے کہ اتنا بھی ٹھنڈا نہ کیا جائے کہ عصر کا وقت آجائے۔ یعنی کسی چیز کا سایہ اس کے برابر ہو جائے۔

۲۔ عشاء کی نماز آپ شفق ہو جانے کے بعد پڑھاتے۔ اگر لوگ جلد جمع ہو جاتے تو جلد پڑھا دیتے اور دیر سے جمع ہوتے تو دیر سے پڑھاتے۔ مگر آپؐ عشاء کی نماز دیر سے ادا کرنا

---

[۱] بخاری۔ کتاب الصلوٰۃ۔ باب المواقیت۔

پسند فرماتے تھے[۱] حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ آپ نے عشاء کی نماز اس وقت پڑھائی جب رات کا کافی حصّہ گزر چکا تھا۔ پھر فرمایا: اگر میری اُمت پر یہ بات شاق نہ ہوتی تو عشاء کی نماز کا اصل وقت یہی وقت ہے[۲]

۳۔ صبح کی نماز آپ اس وقت پڑھاتے جبکہ نماز کے بعد بھی ابھی اندھیرا ہوتا تھا۔[۳] حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ ہم عورتیں چادروں میں لپٹی ہوئی جب نماز صبح سے فارغ ہو کر نکلتیں تو اندھیرے کی وجہ سے ایک دوسری کو پہچان نہ سکتی تھیں[۴]

۴۔ اوّل وقت نماز ادا کرنا افضل اور موجب رضائے الٰہی ہے۔

۵۔ امام نووی شارح مسلم کہتے ہیں کہ علماء نے نمازِ عصر کے اوقات کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے جو یہ ہیں :۔

ا۔ وقتِ فضیلت یہ اول وقت ہے۔ یعنی جب سایہ ایک مثل کے برابر ہو جائے تو اس کے فوراً بعد۔

ب۔ اختیاری وقت۔ یہ اول وقت سے لے کر دو مثل سایہ ہونے تک ہے۔

ج۔ جواز کا وقت۔ یہ دو مثل سایہ ہونے سے لے کر سورج زرد ہونے تک ہے۔

د۔ مکروہ وقت۔ یہ سورج زرد ہونے سے لے کر غروبِ آفتاب شروع ہو جانے تک ہے۔

ھ۔ جواز مع الکراہت۔ اگر کوئی شرعی عذر موجود ہو تو پھر کراہت کا وقت بھی کراہت کا وقت شمار نہ ہو گا بلکہ جواز کا شمار ہو گا[۵]

نتائج آج کے دَور میں گھڑیاں ایجاد اور اس قدر عام ہو چکی ہیں کہ تقریباً ہر شخص کے پاس گھڑی موجود ہوتی ہے۔ لہٰذا ہم مندرجہ بالا احادیث کی روشنی میں نمازوں کے اوقات کی تعیین گھنٹوں اور منٹوں کے حساب سے پیش کرتے ہیں۔

(۱) صبح کی نماز کا آغاز طلوعِ فجر سے تقریباً بیس منٹ بعد کرنا افضل وقت ہے۔ یہ یاد رہے کہ طلوعِ فجر سے لے کر طلوعِ آفتاب تک تقریباً ۱½ گھنٹہ کا وقفہ ہوتا ہے۔

(۲) ظہر کی نماز سورج ڈھلنے سے تقریباً بیس منٹ بعد ادا کرنا افضل ہے۔ لیکن شدید

---

[۱] تا [۴] بخاری۔ کتاب الصلوٰۃ۔ باب المواقیت۔

[۵] فقہ السنۃ ج ۱ ص ۸۶ ۔

گرمیوں میں ایک گھنٹہ سے لے کر ڈیڑھ گھنٹہ تک مزید تاخیر کرنا افضل ہے۔

(۳) عصر کی نماز سردیوں میں سورج غروب ہونے سے ۲ گھنٹے اور گرمیوں میں اڑھائی گھنٹے پہلے ادا کرنا افضل ہے۔

(۴) مغرب کی نماز میں بہت کم گنجائش ہے۔ اس کا آخری وقت سورج غروب ہونے کے بعد سے صرف نصف گھنٹہ تک ہے۔

(۵) عشاء کا وقت شفق غروب ہونے کے بعد شروع ہو جاتا ہے اور غروب شفق کا وقت غروب آفتاب سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد تک ہوتا ہے۔ لہٰذا مغرب اور عشاء کی نمازیں کم از کم دو گھنٹہ کا وقفہ ہونا چاہیئے۔ اگر مزید تاخیر کی جاسکے تو بہتر ہے۔

علاوہ ازیں دوسری نمازوں کے مسنون اوقات درج ذیل ہیں:-

(۱) جمعہ کا خطبہ زوال سے پہلے بھی شروع کیا جا سکتا ہے تاہم نماز زوال کے بعد ہی ہونا چاہیئے۔[1]

(۲) نماز عیدین کا مسنون وقت سورج کے نیزہ بھر بلند ہونے پر یعنی طلوع آفتاب سے تقریباً نصف گھنٹہ بعد ہو جاتا ہے۔ ضرورت کے مطابق اس میں تاخیر کی جا سکتی ہے۔

(۳) نماز اشراق چاشت کا وقت دھوپ پوری طرح چمک جانے پر یعنی سورج نکلنے کے قریباً ایک گھنٹہ بعد ہوتا ہے۔

روزے

سحری کھانے کا وقت طلوعِ فجر تک ہے اور روزہ افطار کرنے کا وقت غروب شمس کے فوراً بعد ہے۔

دائمی نقشہ اوقات

نماز اور روزہ دو اہم ارکان کے اوقات کا تعلق چونکہ سورج سے ہے۔ اس لئے ہم یہاں پورے سال (یعنی ۳۶۵ دنوں) کے طلوع فجر، طلوع آفتاب، زوال اور غروبِ آفتاب کا نقشہ پیش کر رہے ہیں۔ گویا یہ نقشہ دائمی ہے اور اس کی مدد سے ہر شخص ہر وقت نمازوں کے اوقات اور سحری اور افطاری کے اوقات معلوم کر سکتا ہے۔

روزہ جلد افطار کرنا اور سحری میں دیر کرنا

ماہِ رمضان میں مختلف اداروں کی طرف سے سحری اور افطاری کے جو نقشے طبع ہوتے ہیں۔ ان میں سے اکثر ایسے ہوتے ہیں۔ جن میں تین یا چار منٹ احتیاطاً مزید شامل کر لئے جاتے ہیں مثلاً اگر طلوع

---

[1] بخاری کتاب الجمعۃ۔ باب وقت الجمعۃ اذا زالت الشمس۔

فجر کا وقت ۵ بجکر بیس منٹ ہے تو اسے احتیاطاً ۵ بجکر ۱۶ یا ۱۷ منٹ لکھ دیتے ہیں۔ اسی طرح اگر غروبِ آفتاب کا وقت ۶ بج کر ۵ منٹ ہو تو احتیاطاً ۶ بجکر آٹھ منٹ لکھ دیتے ہیں۔ یہ بات مناسب نہیں۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے :-

لا یزال الناس بخیر ما عجّلوا الفطر[1] — لوگ اس وقت تک اچھے رہیں گے جب تک روزہ جلد افطار کرتے رہیں گے۔

پھر جس طرح روزہ جلد افطار کرنا افضل ہے اسی طرح سحری کھانے میں دیر کرنا افضل ہے[2] حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عندالضرورت اذان کے دوران بھی کھانے پینے کی اجازت دی ہے۔

نقشہ اوقات کے متعلق ایک ضروری وضاحت

اس نقشہ میں جو اوقات درج کئے گئے ہیں وہ لاہور (پاکستان) کے لئے ہیں۔ پاکستان کے دوسرے شہروں میں ان اوقات میں چند منٹوں کی کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ جب مَیں نے اس کمی بیشی سے متعلق مطبوعہ نقشے دیکھے تو ان میں کافی اختلاف تھا۔ لہٰذا مَیں نے اس کمی بیشی سے متعلق علمِ ہیئت کے اُصول کی طرف رجوع کیا۔ وہ اُصول یہ ہے کہ ایک درجہ طول بلد کے بعد ۴ منٹ کا فرق پڑ جاتا ہے۔ لاہور کا درجہ طول بلد ۱/۲ ۷۴° مشرق ہے۔ اب جو مقامات لاہور سے مغرب کی طرف ہوں گے وہاں سورج کا طلوع و غروب وغیرہ فی درجہ ۴ منٹ بعد ہوگا اور جو مقامات لاہور سے مشرق کی طرف ہوں گے وہاں ۴ منٹ فی درجہ پہلے ہوگا۔ اب اس اُصول کے مطابق ہم پاکستان کے چند مشہور شہروں کا بہ ترتیب حروفِ تہجی نقشہ پیش کر رہے ہیں۔ بعد والے یا زیادہ وقت کے لئے ہم + کی علامت استعمال کریں گے اور پہلے والے یا کم وقت کے لئے — کی۔ یہ خیال رہے کہ لاہور پاکستان کی مشرقی سرحد کے بالکل قریب واقع ہے۔ لہٰذا بیشتر شہروں میں وقت جمع ہی ہوگا۔

نمبر شمار	نام شہر	طول بلد شرقی	وقت	نمبر شمار	نام شہر	طول بلد شرقی	وقت
۱	اسلام آباد	۷۳°	+ ۶ منٹ	۴	بہاول پور	۳/۴ ۷۱°	+ ۱۱ منٹ
۲	ایبٹ آباد	۳/۴ ۷۳°	+ ۳ "	۵	پسنی (بندرگاہ)	۱/۲ ۶۳°	+ ۴۴ "
۳	بالاکوٹ	۱/۲ ۷۳°	+ ۵ "	۶	پشاور	۱/۲ ۷۱°	+ ۱۲ "

[1] بخاری۔ کتاب الصوم۔ باب تعجیل الافطار۔

[2] بخاری۔ کتاب الصوم۔ باب تاخیر السحور۔

نمبر شمار	نام شہر	طول بلد شرقی	وقت
۷	جہلم	۷۳½	+ ۴ منٹ
۸	حیدرآباد	۶۸½	+ ۲۴ "
۹	خانپور	۷۱	+ ۱۴ "
۱۰	خانیوال	۷۲	+ ۱۰ "
۱۱	ڈیرہ اسمٰعیل خاں	۷۱	+ ۱۴ "
۱۲	ڈیرہ غازیخاں	۷۱	+ ۱۴ "
۱۳	روہڑی	۶۹	+ ۲۲ "
۱۴	ساہیوال	۷۳	+ ۶ "
۱۵	بستی	۶۸	+ ۲۶ "
۱۶	سرگودھا	۷۳	+ ۶ "
۱۷	سکھر	۶۹	+ ۲۲ "
۱۸	سیالکوٹ	۷۴¾	- ۱ "
۱۹	شکارپور	۶۸½	+ ۲۶ "
۲۰	شکرگڑھ	۷۵	- ۱ "
۲۱	فیصل آباد	۷۳	+ ۶ منٹ
۲۲	قلات	۶۶½	+ ۳۲ "
۲۳	کراچی	۶۷	+ ۳۰ "
۲۴	کوئٹہ	۶۷	+ ۳۰ "
۲۵	کوہاٹ	۷۱½	+ ۱۲ "
۲۶	گجرات	۷۴	+ ۲ "
۲۷	گلگت	۷۴½	مطابق
۲۸	گوادر (بندرگاہ)	۶۲½	+ ۵۰ "
۲۹	گوجرانوالہ	۷۴¼	+ ۱ "
۳۰	لاڑکانہ	۶۸	+ ۲۶ "
۳۱	لورالائی	۶۹	+ ۲۲ "
۳۲	مظفرگڑھ	۷۱½	+ ۱۲ "
۳۳	مظفرآباد (کشمیر)	۷۳½	+ ۴ "
۳۴	ملتان	۷۱½	+ ۱۲ "

دائمی نقشہ اوقات نماز و سحری و افطاری

تاریخ	جنوری								فروری								مارچ							
	طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب	
	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ	بجے	منٹ
۱	۳۶	۵	۳	۷	۷	۱۲	۱۰	۵	۳۲	۵	۵۶	۶	۱۶	۱۲	۳۷	۵	۱۰	۵	۳۰	۶	۱۶	۱۲	۰	۶
۲	۳۶	۵	۳	۷	۷	۱۲	۱۰	۵	۳۱	۵	۵۶	۶	۱۷	۱۲	۳۸	۵	۹	۵	۲۹	۶	۱۵	۱۲	۱	۶
۳	۳۶	۵	۳	۷	۷	۱۲	۱۱	۵	۳۱	۵	۵۵	۶	۱۷	۱۲	۳۹	۵	۸	۵	۲۸	۶	۱۵	۱۲	۱	۶
۴	۳۶	۵	۳	۷	۸	۱۲	۱۱	۵	۳۰	۵	۵۴	۶	۱۷	۱۲	۳۹	۵	۷	۵	۲۷	۶	۱۵	۱۲	۲	۶
۵	۳۶	۵	۴	۷	۸	۱۲	۱۲	۵	۳۰	۵	۵۴	۶	۱۷	۱۲	۴۰	۵	۶	۵	۲۶	۶	۱۵	۱۲	۲	۶
۶	۳۶	۵	۴	۷	۹	۱۲	۱۳	۵	۲۹	۵	۵۳	۶	۱۷	۱۲	۴۱	۵	۵	۵	۲۵	۶	۱۴	۱۲	۳	۶
۷	۳۶	۵	۴	۷	۹	۱۲	۱۴	۵	۲۹	۵	۵۲	۶	۱۷	۱۲	۴۲	۵	۴	۵	۲۴	۶	۱۴	۱۲	۴	۶
۸	۳۶	۵	۴	۷	۱۰	۱۲	۱۵	۵	۲۸	۵	۵۲	۶	۱۷	۱۲	۴۳	۵	۳	۵	۲۳	۶	۱۴	۱۲	۵	۶
۹	۳۶	۵	۴	۷	۱۰	۱۲	۱۶	۵	۲۸	۵	۵۱	۶	۱۷	۱۲	۴۴	۵	۲	۵	۲۲	۶	۱۴	۱۲	۶	۶
۱۰	۳۶	۵	۴	۷	۱۱	۱۲	۱۷	۵	۲۷	۵	۵۰	۶	۱۷	۱۲	۴۴	۵	۰	۵	۲۱	۶	۱۴	۱۲	۷	۶
۱۱	۳۶	۵	۳	۷	۱۱	۱۲	۱۷	۵	۲۷	۵	۴۹	۶	۱۷	۱۲	۴۵	۵	۵۹	۴	۱۹	۶	۱۳	۱۲	۷	۶
۱۲	۳۶	۵	۳	۷	۱۱	۱۲	۱۸	۵	۲۶	۵	۴۸	۶	۱۷	۱۲	۴۶	۵	۵۸	۴	۱۸	۶	۱۳	۱۲	۸	۶
۱۳	۳۶	۵	۳	۷	۱۲	۱۲	۱۹	۵	۲۶	۵	۴۷	۶	۱۷	۱۲	۴۷	۵	۵۷	۴	۱۷	۶	۱۳	۱۲	۹	۶
۱۴	۳۶	۵	۳	۷	۱۲	۱۲	۲۰	۵	۲۵	۵	۴۶	۶	۱۷	۱۲	۴۸	۵	۵۶	۴	۱۶	۶	۱۳	۱۲	۱۰	۶
۱۵	۳۶	۵	۳	۷	۱۲	۱۲	۲۱	۵	۲۴	۵	۴۵	۶	۱۷	۱۲	۴۹	۵	۵۴	۴	۱۴	۶	۱۳	۱۲	۱۰	۶
۱۶	۳۷	۵	۳	۷	۱۳	۱۲	۲۲	۵	۲۳	۵	۴۴	۶	۱۷	۱۲	۵۰	۵	۵۳	۴	۱۳	۶	۱۲	۱۲	۱۱	۶
۱۷	۳۷	۵	۲	۷	۱۳	۱۲	۲۲	۵	۲۲	۵	۴۳	۶	۱۷	۱۲	۵۱	۵	۵۲	۴	۱۲	۶	۱۲	۱۲	۱۲	۶
۱۸	۳۷	۵	۲	۷	۱۳	۱۲	۲۳	۵	۲۱	۵	۴۲	۶	۱۷	۱۲	۵۲	۵	۵۱	۴	۱۰	۶	۱۱	۱۲	۱۳	۶
۱۹	۳۷	۵	۲	۷	۱۴	۱۲	۲۴	۵	۲۱	۵	۴۱	۶	۱۷	۱۲	۵۳	۵	۵۰	۴	۹	۶	۱۱	۱۲	۱۴	۶
۲۰	۳۷	۵	۲	۷	۱۴	۱۲	۲۵	۵	۲۰	۵	۴۰	۶	۱۷	۱۲	۵۴	۵	۴۸	۴	۸	۶	۱۱	۱۲	۱۴	۶
۲۱	۳۷	۵	۲	۷	۱۴	۱۲	۲۶	۵	۱۹	۵	۳۹	۶	۱۷	۱۲	۵۵	۵	۴۷	۴	۶	۶	۱۰	۱۲	۱۵	۶
۲۲	۳۷	۵	۱	۷	۱۵	۱۲	۲۷	۵	۱۸	۵	۳۸	۶	۱۷	۱۲	۵۵	۵	۴۶	۴	۵	۶	۱۰	۱۲	۱۶	۶
۲۳	۳۶	۵	۱	۷	۱۵	۱۲	۲۸	۵	۱۷	۵	۳۷	۶	۱۶	۱۲	۵۶	۵	۴۴	۴	۳	۶	۱۰	۱۲	۱۶	۶
۲۴	۳۶	۵	۱	۷	۱۵	۱۲	۲۹	۵	۱۶	۵	۳۶	۶	۱۶	۱۲	۵۷	۵	۴۳	۴	۲	۶	۹	۱۲	۱۷	۶
۲۵	۳۵	۵	۰	۷	۱۵	۱۲	۳۰	۵	۱۵	۵	۳۵	۶	۱۶	۱۲	۵۸	۵	۴۱	۴	۱	۶	۹	۱۲	۱۸	۶
۲۶	۳۵	۵	۰	۷	۱۶	۱۲	۳۱	۵	۱۴	۵	۳۴	۶	۱۶	۱۲	۵۸	۵	۴۰	۴	۰	۶	۹	۱۲	۱۸	۶
۲۷	۳۴	۵	۵۹	۶	۱۶	۱۲	۳۲	۵	۱۳	۵	۳۳	۶	۱۶	۱۲	۵۹	۵	۳۹	۴	۵۸	۵	۹	۱۲	۱۸	۶
۲۸	۳۴	۵	۵۹	۶	۱۶	۱۲	۳۳	۵	۱۲	۵	۳۲	۶	۱۶	۱۲	۵۹	۵	۳۸	۴	۵۷	۵	۸	۱۲	۱۹	۶
۲۹	۳۳	۵	۵۸	۶	۱۶	۱۲	۳۴	۵	۱۱	۵	۳۱	۶	۱۶	۱۲	۰	۶	۳۶	۴	۵۶	۵	۸	۱۲	۲۰	۶
۳۰	۳۲	۵	۵۸	۶	۱۶	۱۲	۳۵	۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳۵	۴	۵۵	۵	۸	۱۲	۲۰	۶
۳۱	۳۲	۵	۵۷	۶	۱۶	۱۲	۳۶	۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳۳	۴	۵۴	۵	۷	۱۲	۲۱	۶

نقشہ اوقات دائمی مسلسل

اپریل

تاریخ	طلوع صبح بجے	طلوع صبح منٹ	طلوع آفتاب بجے	طلوع آفتاب منٹ	زوال بجے	زوال منٹ	غروب آفتاب بجے	غروب آفتاب منٹ
۱	۳۲	۴	۵۲	۵	۷	۱۲	۲۱	۶
۲	۳۰	۴	۵۱	۵	۷	۱۲	۲۲	۶
۳	۲۹	۴	۴۹	۵	۶	۱۲	۲۲	۶
۴	۲۷	۴	۴۸	۵	۶	۱۲	۲۳	۶
۵	۲۶	۴	۴۷	۵	۶	۱۲	۲۴	۶
۶	۲۴	۴	۴۶	۵	۶	۱۲	۲۵	۶
۷	۲۳	۴	۴۵	۵	۵	۱۲	۲۶	۶
۸	۲۱	۴	۴۳	۵	۵	۱۲	۲۶	۶
۹	۱۹	۴	۴۲	۵	۵	۱۲	۲۷	۶
۱۰	۱۸	۴	۴۱	۵	۵	۱۲	۲۸	۶
۱۱	۱۶	۴	۳۹	۵	۴	۱۲	۲۸	۶
۱۲	۱۵	۴	۳۸	۵	۴	۱۲	۲۹	۶
۱۳	۱۳	۴	۳۷	۵	۴	۱۲	۲۹	۶
۱۴	۱۲	۴	۳۶	۵	۴	۱۲	۳۰	۶
۱۵	۱۰	۴	۳۵	۵	۳	۱۲	۳۰	۶
۱۶	۹	۴	۳۴	۵	۳	۱۲	۳۱	۶
۱۷	۸	۴	۳۳	۵	۳	۱۲	۳۲	۶
۱۸	۶	۴	۳۲	۵	۳	۱۲	۳۲	۶
۱۹	۵	۴	۳۱	۵	۲	۱۲	۳۳	۶
۲۰	۴	۴	۳۰	۵	۲	۱۲	۳۴	۶
۲۱	۲	۴	۲۹	۵	۲	۱۲	۳۴	۶
۲۲	۱	۴	۲۸	۵	۲	۱۲	۳۵	۶
۲۳	۵۹	۳	۲۶	۵	۱	۱۲	۳۶	۶
۲۴	۵۸	۳	۲۵	۵	۱	۱۲	۳۶	۶
۲۵	۵۷	۳	۲۴	۵	۱	۱۲	۳۷	۶
۲۶	۵۵	۳	۲۳	۵	۱	۱۲	۳۸	۶
۲۷	۵۴	۳	۲۲	۵	۱	۱۲	۳۹	۶
۲۸	۵۳	۳	۲۱	۵	۰	۱۲	۳۹	۶
۲۹	۵۲	۳	۲۰	۵	۰	۱۲	۴۰	۶
۳۰	۵۱	۳	۱۹	۵	۰	۱۲	۴۱	۶
۳۱								

مئی

تاریخ	طلوع صبح بجے	طلوع صبح منٹ	طلوع آفتاب بجے	طلوع آفتاب منٹ	زوال بجے	زوال منٹ	غروب آفتاب بجے	غروب آفتاب منٹ
۱	۵۰	۳	۱۸	۵	۰	۱۲	۴۱	۶
۲	۴۹	۳	۱۷	۵	۰	۱۲	۴۲	۶
۳	۴۸	۳	۱۶	۵	۰	۱۲	۴۳	۶
۴	۴۷	۳	۱۵	۵	۰	۱۲	۴۳	۶
۵	۴۶	۳	۱۵	۵	۰	۱۲	۴۴	۶
۶	۴۵	۳	۱۴	۵	۰	۱۲	۴۵	۶
۷	۴۳	۳	۱۳	۵	۰	۱۲	۴۵	۶
۸	۴۲	۳	۱۲	۵	۵۹	۱۱	۴۶	۶
۹	۴۱	۳	۱۱	[illegible]	[illegible]	۱۱	۴۷	۶
۱۰	۴۰	۳	۱۰	۵	۵۹	۱۱	۴۸	۶
۱۱	۳۹	۳	۹	۵	۵۹	۱۱	۴۸	۶
۱۲	۳۸	۳	۹	۵	۵۹	۱۱	۴۹	۶
۱۳	۳۷	۳	۸	۵	۵۹	۱۱	۴۹	۶
۱۴	۳۶	۳	۷	۵	۵۹	۱۱	۵۰	۶
۱۵	۳۵	۳	۷	۵	۵۹	۱۱	۵۱	۶
۱۶	۳۴	۳	۶	۵	۵۹	۱۱	۵۲	۶
۱۷	۳۳	۳	۵	۵	۵۹	۱۱	۵۲	۶
۱۸	۳۲	۳	۵	۵	۵۹	۱۱	۵۳	۶
۱۹	۳۱	۳	۴	۵	۵۹	۱۱	۵۴	۶
۲۰	۳۰	۳	۴	۵	۵۹	۱۱	۵۴	۶
۲۱	۲۹	۳	۳	۵	۵۹	۱۱	۵۵	۶
۲۲	۲۸	۳	۳	۵	۵۹	۱۱	۵۶	۶
۲۳	۲۷	۳	۲	۵	۰	۱۲	۵۷	۶
۲۴	۲۷	۳	۲	۵	۰	۱۲	۵۷	۶
۲۵	۲۶	۳	۱	۵	۰	۱۲	۵۸	۶
۲۶	۲۵	۳	۱	۵	۰	۱۲	۵۹	۶
۲۷	۲۵	۳	۱	۵	۰	۱۲	۵۹	۶
۲۸	۲۴	۳	۰	۵	۰	۱۲	۰	۷
۲۹	۲۳	۳	۰	۵	۰	۱۲	۰	۷
۳۰	۲۲	۳	۵۹	۴	۰	۱۲	۱	۷
۳۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

جون

تاریخ	طلوع صبح بجے	طلوع صبح منٹ	طلوع آفتاب بجے	طلوع آفتاب منٹ	زوال بجے	زوال منٹ	غروب آفتاب بجے	غروب آفتاب منٹ
۱	۲۱	۳	۵۹	۴	۱	۱۲	۲	۷
۲	۲۱	۳	۵۹	۴	۱	۱۲	۲	۷
۳	۲۰	۳	۵۸	۴	۱	۱۲	۳	۷
۴	۲۰	۳	۵۸	۴	۱	۱۲	۳	۷
۵	۲۰	۳	۵۸	۴	۱	۱۲	۴	۷
۶	۲۰	۳	۵۷	۴	۱	۱۲	۴	۷
۷	۲۰	۳	۵۷	۴	۲	۱۲	۵	۷
۸	۲۰	۳	۵۷	۴	۲	۱۲	۵	۷
۹	۱۹	۳	۵۷	۴	۲	۱۲	۶	۷
۱۰	۱۹	۳	۵۷	۴	۲	۱۲	۶	۷
۱۱	۱۹	۳	۵۷	۴	۲	۱۲	۶	۷
۱۲	۱۹	۳	۵۷	۴	۳	۱۲	۷	-
۱۳	۱۹	۳	۵۷	۴	۳	۱۲	۷	۷
۱۴	۱۹	۳	۵۷	۴	۳	۱۲	-	۷
۱۵	۱۵	۳	۵۷	۴	۳	۱۲	۸	۷
۱۶	۱۹	۳	۵۷	۴	۳	۱۲	۸	۷
۱۷	۱۹	۳	۵۸	۴	۳	۱۲	۸	۷
۱۸	۱۹	۳	۵۸	۴	۴	۱۲	۹	۷
۱۹	۱۹	۳	۵۸	۴	۴	۱۲	۹	۷
۲۰	۱۹	۳	۵۸	۴	۴	۱۲	۹	۷
۲۱	۱۹	۳	۵۸	۴	۴	۱۲	۹	۷
۲۲	۱۹	۳	۵۸	۴	۵	۱۲	۱۰	۷
۲۳	۱۹	۳	۵۹	۴	۵	۱۲	۱۰	۷
۲۴	۱۹	۳	۵۹	۴	۵	۱۲	۱۰	۷
۲۵	۲۰	۳	۵۹	۴	۵	۱۲	۱۱	۷
۲۶	۲۰	۳	۵۹	۴	۶	۱۲	۱۱	۷
۲۷	۲۰	۳	۰	۵	۶	۱۲	۱۱	۷
۲۸	۲۰	۳	۰	۵	۶	۱۲	۱۱	۷
۲۹	۲۱	۳	۰	۵	۶	۱۲	۱۱	۷
۳۰	۲۱	۳	۰	۵	۶	۱۲	۱۲	۷

نقشہ اوقات دائمی مسلسل

ماہ	جولائی								اگست								ستمبر							
	طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب	
تاریخ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ
۱	۲۲	۳	۱	۵	۶	۱۲	۱۱	۷	۴۶	۳	۱۹	۵	۹	۱۲	۰	۷	۱۴	۴	۲۷	۵	۳	۱۲	۲۸	۶
۲	۲۳	۳	۱	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۴۷	۳	۱۹	۵	۹	۱۲	۵۹	۶	۱۵	۴	۳۸	۵	۳	۱۲	۲۷	۶
۳	۲۳	۳	۲	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۴۷	۳	۲۰	۵	۹	۱۲	۵۸	۶	۱۵	۴	۳۹	۵	۲	۱۲	۲۶	۶
۴	۲۴	۳	۲	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۴۸	۳	۲۱	۵	۹	۱۲	۵۷	۶	۱۶	۴	۳۹	۵	۲	۱۲	۲۴	۶
۵	۲۴	۳	۳	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۴۹	۳	۲۲	۵	۹	۱۲	۵۶	۶	۱۷	۴	۴۰	۵	۲	۱۲	۲۳	۶
۶	۲۵	۳	۳	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۵۰	۳	۲۲	۵	۹	۱۲	۵۵	۶	۱۸	۴	۴۱	۵	۱	۱۲	۲۲	۶
۷	۲۶	۳	۴	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۵۱	۳	۲۳	۵	۹	۱۲	۵۴	۶	۱۸	۴	۴۲	۵	۱	۱۲	۲۰	۶
۸	۲۷	۳	۴	۵	۷	۱۲	۱۱	۷	۵۲	۳	۲۴	۵	۹	۱۲	۵۳	۶	۱۹	۴	۴۳	۵	۱	۱۲	۱۹	۶
۹	۲۷	۳	۵	۵	۸	۱۲	۱۰	۷	۵۳	۳	۲۵	۵	۸	۱۲	۵۲	۶	۲۰	۴	۴۳	۵	۰	۱۲	۱۸	۶
۱۰	۲۸	۳	۵	۵	۸	۱۲	۱۰	۷	۵۴	۳	۲۵	۵	۸	۱۲	۵۱	۶	۲۱	۴	۴۴	۵	۰	۱۲	۱۶	۶
۱۱	۲۸	۳	۶	۵	۸	۱۲	۱۰	۷	۵۵	۳	۲۶	۵	۸	۱۲	۵۰	۶	۲۲	۴	۴۴	۵	۰	۱۲	۱۵	۶
۱۲	۲۹	۳	۶	۵	۸	۱۲	۱۰	۷	۵۶	۳	۲۶	۵	۸	۱۲	۴۹	۶	۲۳	۴	۴۵	۵	۵۹	۱۱	۱۴	۶
۱۳	۲۹	۳	۷	۵	۸	۱۲	۱۰	۷	۵۷	۳	۲۷	۵	۸	۱۲	۴۸	۶	۲۳	۴	۴۵	۵	۵۹	۱۱	۱۳	۶
۱۴	۳۰	۳	۷	۵	۸	۱۲	۹	۷	۵۸	۳	۲۸	۵	۸	۱۲	۴۷	۶	۲۴	۴	۴۶	۵	۵۹	۱۱	۱۱	۶
۱۵	۳۱	۳	۸	۵	۹	۱۲	۹	۷	۵۸	۳	۲۸	۵	۷	۱۲	۴۷	۶	۲۴	۴	۴۶	۵	۵۸	۱۱	۱۰	۶
۱۶	۳۲	۳	۹	۵	۹	۱۲	۹	۷	۵۹	۳	۲۹	۵	۷	۱۲	۴۶	۶	۲۵	۴	۴۷	۵	۵۸	۱۱	۸	۶
۱۷	۳۲	۳	۹	۵	۹	۱۲	۹	۷	۰	۴	۲۹	۵	۷	۱۲	۴۵	۶	۲۶	۴	۴۸	۵	۵۸	۱۱	۷	۶
۱۸	۳۴	۳	۱۰	۵	۹	۱۲	۸	۷	۱	۴	۳۰	۵	۷	۱۲	۴۳	۶	۲۶	۴	۴۹	۵	۵۷	۱۱	۶	۶
۱۹	۳۵	۳	۱۰	۵	۹	۱۲	۸	۷	۲	۴	۳۰	۵	۷	۱۲	۴۳	۶	۲۷	۴	۵۰	۵	۵۷	۱۱	۵	۶
۲۰	۳۵	۳	۱۱	۵	۹	۱۲	۸	۷	۳	۴	۳۱	۵	۶	۱۲	۴۲	۶	۲۸	۴	۵۱	۵	۵۶	۱۱	۴	۶
۲۱	۳۶	۳	۱۱	۵	۹	۱۲	۷	۷	۴	۴	۳۱	۵	۶	۱۲	۴۱	۶	۲۹	۴	۵۱	۵	۵۶	۱۱	۲	۶
۲۲	۳۷	۳	۱۲	۵	۹	۱۲	۶	۷	۵	۴	۳۲	۵	۶	۱۲	۴۰	۶	۳۰	۴	۵۲	۵	۵۶	۱۱	۱	۶
۲۳	۳۷	۳	۱۲	۵	۹	۱۲	۶	۷	۶	۴	۳۳	۵	۶	۱۲	۳۸	۶	۳۰	۴	۵۲	۵	۵۵	۱۱	۵۹	۵
۲۴	۳۸	۳	۱۳	۵	۹	۱۲	۵	۷	۷	۴	۳۳	۵	۵	۱۲	۳۷	۶	۳۱	۴	۵۳	۵	۵۵	۱۱	۵۸	۵
۲۵	۳۹	۳	۱۳	۵	۹	۱۲	۵	۷	۸	۴	۳۴	۵	۵	۱۲	۳۶	۶	۳۲	۴	۵۳	۵	۵۵	۱۱	۵۷	۵
۲۶	۴۰	۳	۱۴	۵	۹	۱۲	۴	۷	۹	۴	۳۴	۵	۵	۱۲	۳۵	۶	۳۲	۴	۵۴	۵	۵۴	۱۱	۵۵	۵
۲۷	۴۱	۳	۱۵	۵	۹	۱۲	۳	۷	۱۰	۴	۳۵	۵	۵	۱۲	۳۴	۶	۳۳	۴	۵۴	۵	۵۴	۱۱	۵۴	۵
۲۸	۴۲	۳	۱۶	۵	۹	۱۲	۲	۷	۱۰	۴	۳۵	۵	۴	۱۲	۳۳	۶	۳۳	۴	۵۵	۵	۵۴	۱۱	۵۳	۵
۲۹	۴۳	۳	۱۷	۵	۹	۱۲	۲	۷	۱۱	۴	۳۶	۵	۴	۱۲	۳۲	۶	۳۴	۴	۵۵	۵	۵۳	۱۱	۵۱	۵
۳۰	۴۴	۳	۱۷	۵	۹	۱۲	۱	۷	۱۲	۴	۳۷	۵	۴	۱۲	۳۰	۶	۳۴	۴	۵۶	۵	۵۳	۱۱	۵۰	۵
۳۱	۴۵	۳	۱۸	۵	۹	۱۲	۰	۷	۱۳	۴	۳۷	۵	۳	۱۲	۲۹	۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

نقشہ اوقات دائمی مسلسل

تاریخ	اکتوبر								نومبر								دسمبر							
	طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب		طلوع صبح		طلوع آفتاب		زوال		غروب آفتاب	
	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ
۱	۳۵	۴	۵۷	۵	۵۳	۱۱	۳۹	۵	۵۶	۴	۱۹	۶	۴۷	۱۱	۱۴	۵	۱۸	۵	۴۴	۶	۵۲	۱۱	۵۹	۴
۲	۳۶	۴	۵۷	۵	۵۳	۱۱	۳۸	۵	۵۷	۴	۱۹	۶	۴۷	۱۱	۱۴	۵	۱۹	۵	۴۵	۶	۵۲	۱۱	۵۹	۴
۳	۳۶	۴	۵۸	۵	۵۲	۱۱	۳۷	۵	۵۷	۴	۲۰	۶	۴۷	۱۱	۱۳	۵	۲۰	۵	۴۶	۶	۵۳	۱۱	۵۹	۴
۴	۳۷	۴	۵۸	۵	۵۲	۱۱	۳۵	۵	۵۸	۴	۲۱	۶	۴۷	۱۱	۱۲	۵	۲۰	۵	۴۷	۶	۵۳	۱۱	۵۹	۴
۵	۳۸	۴	۵۹	۵	۵۲	۱۱	۳۴	۵	۵۸	۴	۲۲	۶	۴۷	۱۱	۱۱	۵	۲۱	۵	۴۸	۶	۵۴	۱۱	۵۹	۴
۶	۳۸	۴	۰	۶	۵۱	۱۱	۴۳	۵	۵۹	۴	۲۳	۶	۴۷	۱۱	۱۰	۵	۲۲	۵	۴۸	۶	۵۴	۱۱	۵۹	۴
۷	۳۹	۴	۰	۶	۵۱	۱۱	۴۱	۵	۰	۵	۲۳	۶	۴۷	۱۱	۱۰	۵	۲۲	۵	۴۹	۶	۵۴	۱۱	۵۹	۴
۸	۴۰	۴	۱	۶	۵۱	۱۱	۴۰	۵	۰	۵	۲۴	۶	۴۷	۱۱	۹	۵	۲۳	۵	۵۰	۶	۵۵	۱۱	۵۹	۴
۹	۴۰	۴	۲	۶	۵۰	۱۱	۳۹	۵	۱	۵	۲۵	۶	۴۷	۱۱	۹	۵	۲۴	۵	۵۰	۶	۵۵	۱۱	۵۹	۴
۱۰	۴۱	۴	۲	۶	۵۰	۱۱	۳۷	۵	۱	۵	۲۶	۶	۴۷	۱۱	۸	۵	۲۴	۵	۵۱	۶	۵۶	۱۱	۵۹	۴
۱۱	۴۲	۴	۳	۶	۵۰	۱۱	۳۶	۵	۲	۵	۲۷	۶	۴۷	۱۱	۷	۵	۲۵	۵	۵۱	۶	۵۶	۱۱	۵۹	۴
۱۲	۴۲	۴	۳	۶	۴۹	۱۱	۳۵	۵	۳	۵	۲۸	۶	۴۷	۱۱	۶	۵	۲۶	۵	۵۲	۶	۵۷	۱۱	۵۹	۴
۱۳	۴۳	۴	۴	۶	۴۹	۱۱	۳۴	۵	۴	۵	۲۹	۶	۴۷	۱۱	۵	۵	۲۶	۵	۵۲	۶	۵۷	۱۱	۰	۵
۱۴	۴۳	۴	۵	۶	۴۹	۱۱	۳۳	۵	۵	۵	۳۰	۶	۴۷	۱۱	۵	۵	۲۷	۵	۵۳	۶	۵۸	۱۱	۰	۵
۱۵	۴۴	۴	۵	۶	۴۹	۱۱	۳۲	۵	۶	۵	۳۱	۶	۴۸	۱۱	۴	۵	۲۷	۵	۵۳	۶	۵۸	۱۱	۱	۵
۱۶	۴۵	۴	۶	۶	۴۹	۱۱	۳۱	۵	۷	۵	۳۲	۶	۴۸	۱۱	۴	۵	۲۸	۵	۵۴	۶	۵۹	۱۱	۱	۵
۱۷	۴۵	۴	۷	۶	۴۸	۱۱	۲۹	۵	۸	۵	۳۲	۶	۴۸	۱۱	۳	۵	۲۹	۵	۵۵	۶	۵۹	۱۱	۲	۵
۱۸	۴۶	۴	۸	۶	۴۸	۱۱	۲۸	۵	۹	۵	۳۳	۶	۴۸	۱۱	۳	۵	۳۰	۵	۵۶	۶	۰	۱۲	۲	۵
۱۹	۴۶	۴	۹	۶	۴۸	۱۱	۲۷	۵	۹	۵	۳۴	۶	۴۸	۱۱	۲	۵	۳۰	۵	۵۶	۶	۰	۱۲	۳	۵
۲۰	۴۷	۴	۱۰	۶	۴۸	۱۱	۲۶	۵	۱۰	۵	۳۵	۶	۴۹	۱۱	۲	۵	۳۱	۵	۵۷	۶	۱	۱۲	۴	۵
۲۱	۴۸	۴	۱۱	۶	۴۸	۱۱	۲۵	۵	۱۱	۵	۳۶	۶	۴۹	۱۱	۲	۵	۳۱	۵	۵۸	۶	۱	۱۲	۴	۵
۲۲	۴۸	۴	۱۱	۶	۴۷	۱۱	۲۴	۵	۱۲	۵	۳۷	۶	۴۹	۱۱	۱	۵	۳۲	۵	۵۹	۶	۲	۱۲	۵	۵
۲۳	۴۹	۴	۱۲	۶	۴۷	۱۱	۲۳	۵	۱۲	۵	۳۷	۶	۴۹	۱۱	۱	۵	۳۳	۵	۵۹	۶	۲	۱۲	۵	۵
۲۴	۵۰	۴	۱۳	۶	۴۷	۱۱	۲۲	۵	۱۳	۵	۳۸	۶	۵۰	۱۱	۰	۵	۳۳	۵	۰	۷	۳	۱۲	۶	۵
۲۵	۵۰	۴	۱۴	۶	۴۷	۱۱	۲۱	۵	۱۴	۵	۳۹	۶	۵۰	۱۱	۰	۵	۳۴	۵	۰	۷	۳	۱۲	۶	۵
۲۶	۵۱	۴	۱۵	۶	۴۷	۱۱	۲۰	۵	۱۵	۵	۴۰	۶	۵۰	۱۱	۰	۵	۳۴	۵	۱	۷	۴	۱۲	۷	۵
۲۷	۵۲	۴	۱۵	۶	۴۷	۱۱	۱۹	۵	۱۶	۵	۴۱	۶	۵۱	۱۱	۵۹	۴	۳۴	۵	۱	۷	۴	۱۲	۷	۵
۲۸	۵۲	۴	۱۶	۶	۴۷	۱۱	۱۸	۵	۱۶	۵	۴۲	۶	۵۱	۱۱	۵۹	۴	۳۵	۵	۲	۷	۵	۱۲	۸	۵
۲۹	۵۳	۴	۱۷	۶	۴۷	۱۱	۱۷	۵	۱۷	۵	۴۲	۶	۵۱	۱۱	۵۹	۴	۳۵	۵	۲	۷	۵	۱۲	۸	۵
۳۰	۵۴	۴	۱۸	۶	۴۷	۱۱	۱۶	۵	۱۷	۵	۴۳	۶	۵۲	۱۱	۵۹	۴	۳۵	۵	۳	۷	۶	۱۲	۹	۵

حصّہ دوم

ہجری اور عیسوی سنین میں دن معلوم کرنے اور ان کے درمیان مطابقت کے طریقے

فہرست ابواب

باب ۱

قمری تقویم اور ہجری تقویم

قمری تقویم کی خصوصیات

ہجری تقویم کی بنیاد حقیقی قمری تقویم پر ہے۔ لہٰذا ہم پہلے قمری تقویم کی خصوصیات بیان کریں گے پھر اس کے بعد صرف ایسی خصوصیات کا ذکر ہوگا جو صرف ہجری تقویم سے ہی وابستہ ہیں۔

۱۔ سادہ اور فطری طریق قمری تقویم کا سارا دارومدار رؤیت ہلال پر ہے۔ لہٰذا یہ حساب ایک دیہاتی اور ان پڑھ بھی ایسے ہی کر سکتا ہے۔ جیسے ایک پڑھا لکھا مہذب شہری۔ اس طریق حساب میں نہ کسی دوسرے سے کچھ پوچھنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اور نہ ہی رصد گاہوں میں تحقیقات کی۔ یہی وہ خوبی ہے جس کی بنا پر تمام مذاہب الٰہیہ میں اسی تقویم پر انحصار کیا گیا ہے۔

(۲) سال کے مہینوں کی تعداد قمری سال کے مہینوں کی تعداد مقرر ہے جس میں کمی بیشی نہیں کی جا سکتی اس کے برعکس شمسی تقویم میں یہ کمی بیشی جاری رہی ہے۔ عیسوی تقویم پر، جو کہ شمسی تقویم پر مبنی ہے۔ ایسے دور بھی گذرے ہیں۔ جبکہ سال چودہ ماہ کا شمار کیا جاتا تھا۔ اور ایسے بھی جب سال ½ ۱۰ ماہ کا تھا[1] اسی طرح بکرمی سمت میں کئی سال تیرہ ماہ کے ہوتے ہیں۔ لیکن قمری تقویم میں ایسی گنجائش نہیں ہے۔ اگر کسی وقت یہ کمی بیشی کی بھی گئی تو اسے قبولِ عام حاصل نہ ہو سکا۔

(۳) مہینے کے دنوں کی تعداد قمری سال کے مہینے کے دن انسان کی دستبرد سے پاک ہیں۔ اگر ساری دُنیا کے انسان انتیس دن کے مہینے کو اٹھائیس

---

[1] عبدالقدوس ہاشمی، مقدمہ "تقویم تاریخی"

دن کا بنانا چاہیں تو نہیں بنا سکتے۔ اسی طرح تیس دن کے مہینے کو اکتیس یا انتیس کا بھی نہیں بنایا جا سکتا۔ جب کہ شمسی سنین میں مہینے کے دنوں کی تعداد انسان کی اپنی مرضی پر منحصر ہوتی ہے۔ اور اس میں حسبِ خاطر یا ضرورت کمی بیشی کر لی جاتی ہے اور آئندہ بھی یہ امکان ہے، جیسا کہ نئے عالمی کیلنڈر کی تدوین میں ایسی تجویزیں پیش کی جا رہی ہیں۔

(۴) مہینے کے دنوں میں کم سے کم تفاوت

قمری مہینوں کے دنوں میں صرف ایک دن کا تفاوت ہے جو مروّجہ شمسی سنین کی نسبت سب سے کم ہے۔ عیسوی تقویم کے مہینوں میں، جو کہ شمسی تقویم پر مبنی ہے، چار دن تک تفاوت موجود ہے۔ فروری کا مہینہ اٹھائیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی انتیس دن کا۔ کچھ مہینے تیس دن اور دوسرے اکتیس دن کے ہوتے ہیں۔ یہی حال بکرمی سمت کا ہے کہ اس میں کچھ ماہ انتیس دن کے، کچھ تیس دن کے، کچھ اکتیس کے اور کچھ بتیس کے بھی آتے ہیں۔ گرمیوں کے موسم میں جب دن بڑے ہوتے ہیں تو بکرمی مہینوں کے ایام بڑھ کر بتیس تک پہنچ جاتے ہیں اور موسمِ سرما میں جب دن چھوٹے ہوتے ہیں مہینوں کے ایام سکڑ کر انتیس تک آ جاتے ہیں۔ تقریباً یہی حال دوسرے مروّجہ شمسی سنین کا ہے۔

ہجری تقویم اور سن ہجری کی ابتداء

ہجری تقویم قمری ماہ و سال پر مبنی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہجرت کے سال سے شمار ہونے کی وجہ سے مسلمانوں سے خاص نسبت رکھتی ہے۔ اس سن کی ابتدا کیونکر ہوئی؟ اس کے متعلق علامہ شبلی نعمانی "الفاروق" میں یوں رقم طراز ہیں۔

"۲۱ھ میں حضرت عمرؓ کے سامنے ایک تحریر پیش ہوئی جس پر صرف شعبان کا لفظ تھا۔ حضرت عمرؓ نے کہا: یہ کیونکر معلوم ہو کہ گذشتہ شعبان کا مہینہ مراد ہے یا موجودہ؟
اسی وقت مجلسِ شوریٰ طلب کی گئی اور ہجری تقویم کے مختلف پہلو زیرِ بحث آئے جن میں سے ایک بنیادی پہلو یہ بھی تھا کہ کون سے واقعہ سے سنہ کا آغاز ہو۔ حضرت علیؓ نے ہجرت نبوی کی رائے دی اور اس پر سب کا اتفاق ہو گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۸ ربیع الاوّل کو ہجرت فرمائی تھی چونکہ عرب میں سال محرم سے شروع ہوتا ہے، لہٰذا دو مہینے آٹھ دن پیچھے ہٹ کر شروع سال سے سنہ قائم کیا گیا۔"

سنِ ہجری کی ابتداء کے متعلق قاضی سلیمان منصور پوری صاحب ؒ "رحمۃ للعالمین" علامہ

شبلی نعمانی سے کچھ اختلاف رکھتے ہیں۔ فرماتے ہیں :

اسلام میں سن ہجری حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جاری ہوا۔ جمعرات ۳۰ جمادی الثانی ۱۷ھ مطابق ۹/۱۲ جولائی ۶۳۸ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے سن ہجری کا شمار واقعہ ہجرت سے کیا گیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے محرّم کو حسبِ دستور پہلا مہینہ قرار دیا گیا۔"

مزید تحقیق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ ہجرت سے سنین کے شمار کی ابتداء اس سے بھی بہت پہلے ہو چکی تھی[1] اور یہی بات قرینِ قیاس معلوم ہوئی ہے، کیونکہ عرب میں قمری تقویم کا رواج تو پہلے سے ہی موجود تھا اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہجرت کا واقعہ سب سے اہم واقعہ تھا۔ لہٰذا اس واقعہ سے سنین کے شمار کا دستور چل نکلا تھا، البتہ عہدِ فاروقی تک سرکاری مراسلات میں صحیح اور مکمل تاریخ کا اندراج لازمی نہ سمجھا جاتا تھا، جسے ایک طرح کی دفتری خامی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے اور اس خامی کا علاج حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجلسِ شوریٰ بلا کر کر دیا تھا۔

سن ہجری کی خصوصیات

اگر ہم سنِ ہجری کا دوسرے مروّجہ سنین سے تقابل کر کے دیکھیں تو یہ سن بہت سی باتوں میں ممتاز نظر آتا ہے، مثلاً :

(۱) ترمیمات سے مبرا سنِ ہجری کی بنیاد قمری تقویم پر ہے اور قمری تقویم انسانی اختراعات سے بے نیاز اور بلند ہے۔ قمری تقویم میں اگر کبھی پیوند کاری کی بھی گئی۔ تو اُسے عام مقبولیت حاصل نہ ہو سکی اور سنِ ہجری کے آغاز سے آج تک اس میں کوئی ترمیم نہیں ہوئی اور نہ آئندہ ہونے کا امکان ہے، کیونکہ اسلام نے اسے حرام قرار دیا ہے۔ لہٰذا اس سن کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ شروع سے آج تک اپنی مجوزہ صورت پر چلا آتا ہے۔ دُنیا کے مروّجہ سنین میں سے غالباً کسی میں بھی یہ خصوصیّت نہیں پائی جاتی۔

---

[1] ابنِ عساکر "تاریخ" جلد ۱ : "رسالۃ التاریخ" للسیوطی بحوالہ "تقویم تاریخی"

(۲) قدامت بلحاظ صحت واستدلال

اگرچہ بعض دوسرے سنین سنِ ہجری سے پہلے کے معلوم ہوتے ہیں، لیکن ان سب کی باقاعدہ تدوین سنِ ہجری کی تدوین سے بہت بعد ہوئی ہے، مثلاً:

(الف) یکم محرم ۱ھ کو جولین کیلنڈر ۴۳۳۵ تھا، مگر حقیقت میں یہ سن اپنے موجودہ طریق پر سن۔ ہجری سے ۹۸۹ سال بعد وضع ہوا ہے۔ یہی سن آخر میں سنِ عیسوی میں تبدیل ہوا ہے۔ جس میں ۱۵۸۲ء تک متعدد بار ترامیم ہوتی رہی ہیں۔ جن کی تفصیل "ہجری اور عیسوی سنین میں مطابقت" کے باب میں دی گئی ہے۔

(ب) بکرمی سمت یکم محرم الحرام ۱ھ کو ۲۶ ساون ۶۷۹ بکرمی تھا جو بظاہر ۶۷۸ سال پہلے کا معلوم ہوتا ہے۔ مگر ہندو اور یورپین مورخین کی تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ سب سے پہلے ۸۹۸ بکرمی میں یہ سن بکرمی سمت کے نام سے مشہور ہوا۔ اس طرح بلحاظِ تدوین یہ سن سنِ ہجری سے ۲۲۰ سال بعد مدوّن ہوا۔

(ج) سنِ سکندری سنِ ہجری سے ۹۳۲ سال پہلے کا ہے۔ مگر اپنی موجودہ ہیئت میں نوزائیدہ ہے، کیونکہ یہ شروع میں کئی صدیوں تک قمری مہینوں کے حساب سے جاری رہا ہے۔ اور اب اسے شمسی مہینوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

تقریباً یہی صورتِ حال دوسرے سنین کی ہے۔ جنہیں طوالت کے پیشِ نظر نظر انداز کیا جاتا ہے۔

۳ مساوات اور ہمہ گیری

اسلام دینِ فطرت ہے، لہٰذا مصالح عامہ پر مبنی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہی پسند فرمایا کہ اسلامی مہینے ادلتے بدلتے موسم میں آیا کریں۔ لہٰذا قمری تقویم کو بنیاد قرار دیا۔ اگر اسلام کبیسہ کے طریقے کو گوارا کر لیتا۔ (یعنی شمسی تقویم کو قبول کر لیتا) تو رمضان کا مہینہ (ماہِ صیام) کسی ایک مقام پر ہمیشہ ایک ہی موسم میں آیا کرتا، جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ نصف دنیا کے مسلمان، جہاں موسم گرما اور دن بڑے ہوتے ہیں، ہمیشہ تنگی اور سختی میں پڑ جاتے۔ اور باقی نصف دنیا کے مسلمان، جہاں موسم سرد اور دن چھوٹے ہوتے ہیں، ہمیشہ کے لئے آسانی میں رہتے۔ روزے کے علاوہ سفرِ حج کا بھی یہی حال ہے، لہٰذا مساوات اور جہانگیری کا تقاضا یہی تھا کہ ماہ و سال کا حساب قمری تقویم پر مبنی ہو اور اسے کبیسہ جیسی انسانی اختراعات سے پاک رکھا جائے۔

(۴) دنیوی اغراض کے بجائے روحانی بنیادیں

دنیا بھر کے مروجہ سنین کی ابتداء پر نظر ڈالنے سے معلوم ہو گا کہ ان میں سے کئی سن کسی بڑے آدمی یا بادشاہ کی پیدائش، وفات یا تاج پوشی سے شروع ہوئے۔ یا پھر کسی ارضی یا سماوی حادثہ، مثلاً زلزلہ، سیلاب یا طوفان کی تاریخ سے۔ صرف سن ہجری کو ہی یہ شرف حاصل ہے کہ اس کا آغاز دینِ اسلام کی سربلندی کی خاطر مسلمانوں کے اپنے وطن عزیز کو چھوڑ کر چلے جانے کے دلدوز واقعہ سے ہوا ہے۔ اپنے وطن کو ہمیشہ کے لئے خیر باد کہنا ایک بہت بڑی قربانی ہے اور ایسے اوقات میں ہر شخص کا دل بھر آتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ہجرت کے وقت مکہ کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔ "اے مکہ! تو کتنا پاکیزہ اور مجھے پیارا لگتا ہے! اگر میری قوم مجھے یہاں سے نہ نکالتی تو میں تیرے سوا کہیں نہ رہتا" (ترمذی)

ظاہر ہے کہ ترک وطن پر انسان صرف اسی صورت میں آمادہ ہو سکتا ہے جب وہ انتہائی مجبور ہو یا کوئی عظیم مقصد اس کے پیش نظر ہو۔ مسلمانوں کے لئے یہ عظیم مقصد دینِ اسلام کی سربلندی تھا۔ ہجرت کے واقعہ کو سنہ ہجری کی بنیاد قرار دینے کا مقصد ہی یہ تھا۔ کہ مسلمانوں کو ہر نئے سال کے آغاز پر یہ پیغام یاد رہے کہ انہیں اسلام کی سربلندی کے لئے بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہ کرنا چاہیئے۔ سن کے اجرا میں مقصد کا یہ تقدس اور پاکیزگی ہجری سن کو دوسرے تمام سنین سے ممتاز کر دیتی ہے۔

(۵) رسم و رواج کی حوصلہ شکنی

کسی ملک یا علاقے کے رسم و رواج موسم سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ میلے ٹھیلے، تفریحی سفر، گرمیوں کی چھٹیاں، موسم بہار کی تقریبات، مختلف قسم کے محاصل اور نذرانوں کی وصولیوں کے اوقات وغیرہ سب اُمور موسم سے وابستہ ہوتے ہیں۔ موسموں کا تعلق شمسی سال سے ہے۔ لہٰذا جوں جوں مذہب سے لگاؤ کم ہوتا جاتا ہے اور بیگانگت بڑھتی جاتی ہے۔ شمسی سال کے ساتھ لگاؤ بڑھتا جاتا ہے۔ اسی بنا پر بہت سے لوگوں نے شمسی سال کو اپنایا یا قمری سال میں پیوندکاری کر کے اسے شمسی سال کے مطابق ڈھال لیا۔

انتہا یہ ہے کہ آج کل مزاروں کے مجاور اور منتظمین نے بھی زمانہ جاہلیت کے پروہتوں کی طرح عرسوں کی تاریخیں بھی شمسی سال، خواہ بکرمی ہو یا عیسوی۔ کے مطابق کر رکھی ہیں۔ عرسوں کا جواز یا عدمِ جواز بجائے خود ایک الگ مسئلہ ہے۔ سر دست ہم یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ایسی

تقریبات میں سے بھی جو خالص دینی یا مذہبی سمجھی جاتی ہیں۔ ہجری تقویم کو خارج کر دیا گیا ہے حالانکہ یہ بات اسلامی اقدار کے منافی ہے۔ اسلام رسم و رواج کو، اگر وہ جائز بھی ہوں تو ثانوی حیثیت دیتا ہے۔ اس کا اولین مقصد احکامات وعباداتِ الٰہی اور شعائر اللہ کی صحیح طور پر اور معینہ وقت پر تعمیل ہے۔ اسی بنا پر اسلام نے قمری تقویم کو اختیار کیا جو اس کی روح کے عین مطابق ہے۔

(۶) ہفتے کا آغاز جمعہ کے مبارک دن سے

اسلامی تقویم میں ہفتہ کا پہلا دن جمعہ قرار دیا گیا ہے۔ یکم محرم سلہ ھ کو بھی جمعہ تھا۔ جمعہ کو اجتماعی طور پر اللہ کی عبادت کرنے اور ذکر کرنے کا دن قرار دیا گیا ہے۔ گویا اس دن باقاعدہ تعطیل منانے پر پابندی نہیں۔ تاہم جمعہ کے دن نہانے دھونے، کپڑے بدلنے اور جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لئے تیاری کے خاص اہتمام پر زور دیا گیا ہے۔ نماز جمعہ کے بعد کاروبار کرنے یا کوئی دوسرا کسب کرنے کی اجازت ہے۔ بالفاظِ دیگر اس تقویم میں ہفتے کی ابتداء، اللہ کی یاد سے ہوتی ہے جب کہ عیسوی تقویم میں اتوار کا دن، جو عیسائیوں کی طہارت اور عبادت کا دن ہے ہفتے کا آخری دن ہے۔ یعنی چھ دن کام کرنے کے بعد جب انسان تھکا ماندہ ہو تو اللہ کی عبادت کی طرف بھی دھیان کر لے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ مجوزہ عالمی کیلنڈر میں ہر سال اور اس کی ہر سہ ماہی اتوار سے شروع کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔

(۷) نجوم پرستی سے احتراز

ہجری تقویم میں ہفتے کے ایام کے ناموں میں شرک، نجوم پرستی یا بت پرستی کا شائبہ تک نہیں پایا جاتا۔ ان ناموں کو نہ تو کسی مخصوص سیارے سے منسوب کیا گیا ہے اور نہ کسی دیوی، دیوتا سے۔ عیسوی اور بکرمی تقویم میں ہفتے کے دنوں کے نام دیوتاؤں کی دیوتائی اور سیاروں کی فرمانروائی کی یاد تازہ کرتے رہتے ہیں۔ جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔

ہجری تقویم میں ہفتے کے دنوں کے نام یہ ہیں:۔

یوم الجمعہ	یوم السبت	یوم الاحد	یوم الاثنین
جمعہ	ہفتہ	پہلا دن (اتوار)	دوسرا دن (سوموار)
یوم الثلثاء	یوم الاربعاء	یوم الخمیس	
تیسرا دن (منگل)	چوتھا دن (بدھ)	پانچواں دن (جمعرات)	

اسی طرح ہجری تقویم میں مہینوں کے ناموں سے دیوتا پرستی یا شخصیت پرستی کا شائبہ تک نہیں

پایا جاتا۔ جب کہ انگریزی مہینوں کے پہلے چھ نام تو دیوی دیوتاؤں سے منسوب ہیں۔ اور کچھ مشہور اشخاص سے۔ جس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔

قمری تقویم سے متعلق چند اہم معلومات

قمری ماہ و سال کی مدت

چاند ایک ثانوی سیارچہ ہے جو ہماری زمین، جو اس کا مرکزی سیارہ ہے، کے گرد گھومتا ہے۔ موجودہ نظریۂ ہیئت کے مطابق چاند کی گردشیں تین قسم کی ہیں۔ (۱) اپنے محور کے گرد، (۲) زمین کے گرد اور (۳) زمین کی معیت میں سورج کے گرد۔

چاند اگر صرف زمین کے گرد گھومتا تو اپنی رفتار کی نسبت سے یہ گردش ۱/۳ ۲۷ دن میں طے کر لیتا، مگر زمین بھی چونکہ سورج کے گرد گھوم رہی ہے۔ لہٰذا اس کا یہ چکر تقریباً ۱/۲ ۲۹ دن میں پورا ہوتا ہے اور یہی مدت قمری مہینہ کہلاتی ہے اور ان دونوں گردشوں کے نتیجے میں اشکال قمر بنتی ہیں۔ چونکہ اس کی محوری گردش بھی اتنے ہی عرصے میں ختم ہوتی ہے۔ لہٰذا اس گردش کا ہماری زمین پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اِلّا یہ کہ چاند کا صرف ایک ہی رُخ ہمیشہ ہمارے سامنے رہتا ہے۔

سیّاروں کے مدار پورے گول نہیں ہوتے۔ بلکہ بعض قوانینِ حرکت کے ماتحت بیضوی شکل اختیار کر جاتے ہیں۔ جب کوئی سیّارہ گردش کرتے کرتے اپنے مرکزی سیارے یا ستارے کے قریب ہوتا ہے تو اس کی رفتار نسبتاً تیز ہو جاتی ہے اور جب دُور ہوتا ہے تو یہ رفتار قدرے سُست ہو جاتی ہے۔ چاند چونکہ زمین سے اور زمین سُورج سے وابستہ ہے لہٰذا اس دوہری گردش اور رفتار کی کمی بیشی کا ہی یہ اثر ہوتا ہے۔ کہ قمری مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس دن کا۔

قمری ماہ کی اوسط مدت ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے ۴۴ منٹ اور ۳ سیکنڈ قرار دی گئی ہے۔ یہ اوسط مدّت ہے، ورنہ فی الواقع یہ مدت کسی ماہ پانچ چھ گھنٹے تک بڑھ جاتی ہے۔ اور کسی ماہ اتنی ہی کم بھی ہو جاتی ہے۔ اسی طرح قمری سال کی مدت ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۳۴ سیکنڈ قرار دی گئی ہے۔ یہ بھی حقیقتاً اوسط مدّت ہے۔ قمری سال بھی کبھی چند گھنٹے بڑھ

جاتا ہے اور کبھی چند گھنٹے کم ہو جاتا ہے۔ تاہم اس کمی بیشی کے باوجود بھی یہ حساب قائم رہتا ہے کہ کوئی قمری مہینہ نہ تو انتیس دن سے کم ہو سکتا ہے اور نہ ہی تیس دن سے بڑھ سکتا ہے۔ اسی طرح قمری سال نہ کبھی ۳۵۴ دن سے کم ہو سکتا ہے اور نہ ہی ۳۵۵ دن سے زیادہ۔ قمری سال کی مدت تو ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۳۴ سیکنڈ قرار دی گئی ہے لیکن حساب کرتے وقت ۳۴ سیکنڈ کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ۲۵۴۱ سال میں قمری تقویم میں ایک دن کا اضافہ ہو جائے گا۔ یہ اضافہ کس سال اور کس ماہ میں ہوگا۔ اور کون کرے گا؟ اس کے لئے ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ چاند خود بخود اپنے حساب سے یہ اضافہ کر لے گا۔

دَورِ صغیر اور دَورِ کبیر

اگر قمری سال کی مقررہ اوسط مدت سے ۳۴ سیکنڈ کو حذف کر دیا جائے تو یہ مدت ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ رہتی ہے۔ اس مدت کو اگر کسور میں تبدیل کیا جائے تو سال کے ۱۱/۳۰ ۳۵۴ دن بنتے ہیں۔ اور اگر اس کسر کو ۳۰ سے ضرب دی جائے تو کسر ختم ہو جاتی ہے اور جواب (۱۱/۳۰ ۳۵۴ × ۳۰) = ۱۰۶۳۱ مکمل دن آتا ہے۔ لہٰذا اس ۳۰ سال کی مدت کو دَورِ صغیر قرار دیا گیا ہے۔ بالفاظِ دیگر قمری تقویم میں تیس سالوں کے ۱۰۶۳۱ دن ہوتے ہیں جن میں سے گیارہ سال ۳۵۵ دن کے ہیں۔ ۳۵۵ دن والے سالوں کو ہم اپنی سہولتِ تحریر کی خاطر لیپ کے سال کہیں گے۔ ورنہ یہ کوئی اختراعی اضافہ نہیں ہے۔ ان تیس سالوں میں مندرجہ ذیل سال ۳۵۵ دن کے یا لیپ والے ہوتے ہیں[1] ۲ - ۵ - ۷ - ۱۰ - ۱۳ - ۱۶ - ۱۸ - ۲۱ - ۲۴ - ۲۶ - ۲۹ یہ سال ۳۵۵ دن کے کیوں ہوتے ہیں اور باقی انیس سال ۳۵۴ دن کے کیوں؟ اس سوال کا مفصل جواب تو آپ کو "ہجری تقویم دائمی" کے باب میں ملے گا۔ مختصر جواب یہ ہے کہ یہ سب کچھ چاند کی چال کے حساب سے ہوتا ہے۔

---

[1] قاضی سلیمان منصور پوری نے "رحمۃ اللعالمین" جلد دوم میں لیپ کے سال مندرجہ ذیل قرار دیئے ہیں۔ ۲ - ۵ - ۸ - ۱۱ - ۱۳ - ۱۶ - ۱۹ - ۲۱ - ۲۴ - ۲۷ - ۳۰ لیکن نہ تو ہمارے حساب نے اس کی تائید کی اور نہ ہی "تقویم تاریخی" از عبدالقدوس ہاشمی اس کی تائید کرتی ہے۔

قمری مہینوں کے دنوں کا عام قاعدہ

ہمارے ہاں جو تقاویم تقابلی متداول ہیں ان میں قمری مہینوں کے دنوں کے حساب کے لئے یہ طریق اختیار کیا جاتا ہے کہ اگر سال ۳۵۴ دن کا ہے تو پہلا مہینہ محرّم کا تیس دن کا شمار کر لیا جاتا ہے دُوسرا انتیس دن کا، تیسرا پھر تیس دن کا، چوتھا پھر انتیس دن کا علیٰ ہذا القیاس آخر ذوالحجہ تک یہ سلسلہ چلتا ہے اور ۳۵۴ دن پورے کر لئے جاتے ہیں اور اگر سال ۳۵۵ دن کا ہو تو آخری ماہ ذی الحجہ کے بھی انتیس کی بجائے تیس دن شمار کر لئے جاتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ یہ طریق مشاہدہ اور حقیقت دونوں کے خلاف ہے، کیونکہ اس طریق حساب میں کوئی خاص مہینہ ہمیشہ کے لئے مخصوص دنوں کا شمار کر لیا جاتا ہے۔ مثلاً رمضان کا مہینہ ہمیشہ تیس دن کا ہوگا۔ حالانکہ واقعہ ایسا نہیں ہوتا۔ رمضان کا مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے کبھی تیس کا۔ اسی طرح دوسرے تمام مہینوں کی بھی یہی صورت ہے۔ یہ طریق کار کسی متعین تاریخ کا دن معلوم کرنے یا کسی متعین ہجری تاریخ کو عیسوی تاریخ میں تبدیل کرنے یا اس کے برعکس عیسوی تاریخ سے ہجری تاریخ معلوم کرنے میں کام تو دیتا ہے۔ حالانکہ ایسے موقع پر بھی بعض اوقات اسی وجہ سے ایک دن کا فرق پڑ جاتا ہے جو آگے چل کر درست ہو جاتا ہے۔

دَورِ صغیر کا فائدہ

تیس سالہ دور یا دَورِ صغیر کو متعین کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ اس کے کسی مخصوص سال میں مہینوں کے دن اسی ترتیب اور اسی تعداد میں آتے ہیں۔ جتنے اور جیسے تیس سال پیشتر آئے تھے یا تیس سال بعد میں آئیں گے۔ گویا قمری تقویم میں تیس سال بعد تاریخ اپنے آپ کو دوہرانا شروع کر دیتی ہے۔ مثلاً ۴۹۶ھ میں مہینوں کے ایام یوں تھے۔

مہینہ	دن	مہینہ	دن
محرّم	۳۰	صفر	۳۰
ربیع الاوّل	۲۹	ربیع الثانی	۳۰
جمادی الاوّل	۲۹	جمادی الثانی	۳۰
رجب	۲۹	شعبان	۳۰
رمضان	۲۹	شوال	۳۰
ذیقعد	۲۹	ذی الحجہ	۳۰

یاد رہے کہ یہ سال ۳۵۵ دن کا یعنی لیپ کا سال ہے۔

تو ۴۹۶ھ سے پہلے ہر تیسواں سال مثلاً ۴۶۶ھ، ۴۳۶ھ، ۴۰۶ھ، ۲۲۶ھ

۱۶۶ھ وغیرہ سب ۳۵۵ دن کے ہوں گے۔ اور ان کے مہینوں کی تعداد اتنی اور اسی ترتیب سے آئے گی۔ اسی طرح ۴۹۶ھ کے بعد ہر تیسویں سال مثلاً ۵۲۶ھ، ۵۵۶ھ، ۷۳۶ھ وغیرہ سب کا یہی حساب ہوگا۔ یعنی کسی بھی دَورِ صغیر کے سولہویں سال کی یہی کیفیت ہوگی۔ (۴۹۶ ÷ ۳۰ = ۱۶ اور باقی ۱۶)۔

دَورِ کبیر کا فائدہ

سات دَورِ صغیر یا ۲۱۰ سالوں کا ایک دَورِ کبیر ہوتا ہے۔ دَورِ کبیر کی تعیین کا فائدہ یہ ہے کہ اس میں مہینوں کی تاریخوں کے علاوہ ہفتے کے ایام بھی پہلے ہی جیسے آتے ہیں۔ مثلاً ۸ محرم الحرام ۶۳۱ھ کو اگر جمعہ تھا اور یہ مہینہ تیس یوم کا تھا۔ تو اس سے پیشتر ۲۱۰ سال یعنی ۸ محرم الحرام ۴۲۱ھ یا ۲۱۱ھ کو جمعہ ہی ہوگا۔ اور یہ ماہ تیس دنوں کا ہوگا۔ اسی طرح ۸۴۱ھ، ۱۰۵۱ھ اور ۱۲۶۱ھ وغیرہ کو بھی جمعہ ہی ہوگا۔ اور یہ ماہ تیس دن کا ہوگا۔ اور ان تمام سنین کے مہینوں کے دن، ترتیب، ہفتے کے ایام کے نام سب آپس میں مطابق ہو جائیں گے۔

۱۲ دورِ کبیر یعنی ۱۲ × ۲۱۰ = ۲۵۲۰ سال گزرنے پر اس حساب میں ایک دن کا اضافہ کرنا پڑے گا۔ یہ وہ مدت ہے جو حساب کرتے وقت سیکنڈوں کی صورت میں چھوڑ دی گئی تھی۔ یہ مدت ایک دورِ کبیر کے بعد ۲ گھنٹے اور ۱۲ دورِ کبیر کے بعد ایک دن بن جائے گی۔

———— × ————

باب ۲

ہجری تقویم میں دن معلوم کرنے کے مختلف طریقے

۱۔ اصولی طریق

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ قمری تقویم میں ہفتے کا پہلا دن جمعہ ہوتا ہے اور آخری دن جمعرات۔ اگر مجموعہ ایام کو ۷ پر تقسیم کرنے سے ایک باقی بچے تو جمعہ ہوگا۔ دو بچیں تو ہفتہ ہوگا۔ اور تین بچیں تو اتوار۔ علیٰ ہٰذا القیاس اگر صفر بچے تو جمعرات کا دن ہوگا۔

مندرجہ بالا تصریح کے بعد اب ہم کسی معینہ ہجری تاریخ کا دن معلوم کرنے کے نکات پیش کرتے ہیں :۔

(۱) ہر دَورِ کبیر ۷ دورِ صغیر یا ۱۰۶۳۱ × ۷ دن کا ہوتا ہے اور سات پر تقسیم کرنے سے ۱۰۶۳۱ ہفتے بن جاتے ہیں اور باقی صفر بچتا ہے، لہٰذا ہر دَورِ کبیر کے لئے صفر کا ہندسہ لیا جائے گا۔

(۲) دَورِ صغیر ۱۰۶۳۱ دن کا ہوتا ہے۔ ۷ پر تقسیم کرنے سے ۱۵۱۸ ہفتے بنتے ہیں۔ اور پانچ باقی بچتے ہیں، لہٰذا ہر دَورِ صغیر کے لئے پانچ کا ہندسہ لیا جائے گا۔

(۳) ہر عام سال کے ۳۵۴ دن ہوتے ہیں۔ ۷ پر تقسیم کرنے سے ۵۰ ہفتے بنتے ہیں۔ اور چار باقی بچتے ہیں۔ لہٰذا ہر پورے اور عام سال کے لئے ۴ کا ہندسہ لیا جائے گا اور لیپ کے سالوں کے لئے جو ۳۵۵ دن کے ہوتے ہیں ایک کا ہندسہ مزید جمع کرنا ہوگا۔ یاد رہے کہ لیپ کے سال یہ ہیں۔

۲ ۔ ۵ ۔ ۷ ۔ ۱۰ ۔ ۱۳ ۔ ۱۶ ۔ ۱۸ ۔ ۲۱ ۔ ۲۴ ۔ ۲۶ ۔ ۲۹

(۴) رواں سال کے مہینوں کی گنتی معینہ تاریخ تک اس ترتیب سے کیجئے، محرم کے لئے ۳۰ کے بجائے ۲ (کیونکہ ۳۰ کو ۷ پر تقسیم کرنے سے ۲ باقی بچتا ہے)، صفر کے لئے ایک

ربیع الاوّل کے لئے دو، علیٰ ہٰذا القیاس تا معینہ تاریخ۔

(۵) مندرجہ بالا چار اقدامات سے باقی ہندسوں کو جمع کر لیجئے۔ اگر سات سے زیادہ ہیں تو سات پر تقسیم کر لیجئے۔ باقی اگر ایک بچے تو جمعہ ہوگا۔ دو بچیں تو ہفتہ، علیٰ ہٰذا القیاس اور یہی مطلوبہ دن ہوگا۔

اب ہم چند مثالوں سے اس طریق کار کی وضاحت کریں گے۔

مثال نمبر ۱:۔ یکم جمادی الاولیٰ ۷۰۰ھ کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (i) ۶۳۰ = تین دورِ کبیر (۲۱۰ × ۳) سال کے لئے = ۰ دن

(ii) ۶۰ = دو دورِ صغیر (۳۰ × ۲) 〃 〃 〃 = ۵ × ۲ = ۱۰ دن = ۳ دن

(iii) ۱۰ مزید سالوں کے لئے تا ۷۰۰ 〃 〃 = ۱۰ × ۴ = ۴۰ + ۴ لیپ والے دن (۲، ۵، ۷، ۱۰) = ۴۴ دن = ۲ دن

(iv) یکم جمادی الاول تک
محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاولیٰ
۲ ۱ ۲ ۱ ۱ = ۷ دن = صفر

کل دنوں کا مجموعہ (i + ii + iii + iv) = ۰ + ۳ + ۲ + ۰ = ۵ دن

جمعہ کے دن سے شروع کیجئے۔ جواب = <u>منگل</u>

مثال نمبر ۲:۔ ۱۵ رمضان ۱۲۴۶ھ کو کون سا دن ہوگا؟

حل:۔ (i) ۱۰۵۰ = (۲۱۰ × ۵) سال کے لئے = ۰ (۵ دورِ کبیر)

(ii) ۱۸۰ = (۳۰ × ۶) (چھ دورِ صغیر) = ۵ × ۶ = ۳۰ دن = ۲ دن

(iii) ۱۶ سال کے لئے ۱۲۴۶ = (۴ × ۱۶) + ۶ سال لیپ کے = ۷۰ = ۰

(iv) ۱۵ رمضان تک
محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی
۲ ۱ ۲ ۱
جمادی الاولیٰ، جمادی الآخرہ، رجب، شعبان، رمضان
۲ ۱ ۲ ۱ ۱۵ یا ۱
= ۱۳ = ۶

کل دن = ۲ + ۶ = ۸ دن یا ایک دن = مطلوبہ تاریخ کو <u>جمعہ</u> ہوگا۔

مثال ۳ :- ۲۳ر جمادی الآخرہ ۱۳۹۸ھ کو کون سا دن ہوگا؟

حل :- (i) ۱۲۶۰ = (۲۱۰ × ۶) سال کے لئے = ۰ دن (چھ دورِ کبیر)

(ii) ۱۲۰ = (۳۰ × ۴) " " = ۵ × ۴ = ۲۰ = ۶ دن

(iii) ۱۷/۱۳۹۷ سال کے لئے = ۱۷ × ۴ = ۶۸ + ۶ دن لیپ کے

= ۷۴ = ۴ دن

(iv) رواں سال ۲۳ جمادی الآخرہ تک
محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی
۲ ۱ ۲ ۱ = ۱۰ = ۳
جمادی الاولیٰ، جمادی الآخرہ
۲ ۲۳ یا ۲

کل دن = ۶ + ۴ + ۳ = ۱۳ = ۶

جمعہ کے دن سے شمار کرنے سے مطلوبہ دن بدھ ہوگا۔

۲۔ مشاہداتی طریق

کسی تقویم تاریخی کا بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہر آٹھ سال بعد کسی مخصوص تاریخ کو عموماً وہی دن آجاتا ہے جو ۸ سال پہلے تھا۔ مثلاً اگر ۸ رجب ۴۳۱ھ کو منگل ہے تو ۸ رجب ۴۳۹ھ کو بھی منگل ہی ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ۸ سالوں کے دن ۳۵۴ دن فی سال کے حساب سے ۲۸۳۲ دن بنتے ہیں اور درمیان میں ۲، ۵، ۷ تین سال لیپ کے ہوئے۔ گویا کل ۲۸۳۵ دن ہوئے۔ جو سات پر پورے پورے تقسیم ہوجاتے ہیں۔ گویا مشاہداتی طریق میں ۸ سال کا دورِ صغیر ہوا۔ یعنی ہر ۸ سال کے لئے صفر کا ہندسہ شمار ہوگا۔

(۲) دوسرا مشاہدہ یہ ہے کہ یہ طریق ۱۲۰ سال تک چلتا ہے لیکن ایک سو بیس (۱۲۰) سال بعد ایک دن کم ہوجاتا ہے۔ مثلاً یکم محرم ۶۵ھ کو جمعرات تھا تو یکم محرم ۷۳ھ، ۸۱ھ، ۸۹ھ، ۹۷ھ علیٰ ہذا القیاس ۱۷۷ھ تک کو جمعرات ہی ہوگا۔ لیکن ۱۲۰ سال بعد یعنی یکم محرم ۱۸۵ھ کو بدھ ہوگا۔ اسی طرح یکم محرم ۳۰۵ھ کو منگل اور یکم محرم ۴۲۵ھ کو سوموار ہوگا[1] یہ دورِ کبیر ہے اور اس میں

[1] حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

ہر ۱۲۰ سال کے لئے ایک دن کم کیا جائیگا۔ بالفاظِ دیگر ۶ کا ہندسہ لیا جائیگا۔ یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ پہلا دورِ کبیر ۶۴ سال کا تھا۔ شاید ہجری کے آغاز سے پہلے کے ۵۶ قمری سال بھی اس میں شمار ہو جاتے ہیں۔

سالِ رواں کے باقی دنوں کی گنتی بحساب سابق طریق ہیئت ہی شمار کی جائے گی۔

گو مشاہداتی طریق میں درج ذیل اُمور کا لحاظ رکھا جائے گا۔

۱۔ پہلا دَورِ کبیر ۶۴ سال کے لئے = منفی ایک دن = ۱-

۲۔ آئندہ ہر دورِ کبیر کے لئے (۱۲۰ سال کے لئے) = " " " " = ۱-

۳۔ بعد میں ہر دَورِ صغیر (۸ سال) کے لئے = ۰ صفر دن

۴۔ عام سالوں کے دن بحساب ۴ دن فی سال
+ لیپ کے سال کا ۱ دن فی لیپ سال

۵۔ سالِ رواں کے مہینوں اور دنوں کا حساب بحسابِ سابق

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ)

تا آخر اس کی تفصیل یہ ہے :-

سنہ ۶۵ھ سے سنہ ۱۸۴ھ تک	۱۲۰ سال	یکم محرم الحرام	سنہ ۱۸۵ھ کو	بدھ ہوگا
سنہ ۱۸۵ھ سے سنہ ۳۰۴ھ تک	۱۲۰ سال	" "	سنہ ۳۰۵ھ "	منگل "
سنہ ۳۰۵ھ سے سنہ ۴۲۴ھ "	"	" "	سنہ ۴۲۵ھ "	سوموار "
سنہ ۴۲۵ھ سے سنہ ۵۴۴ھ "	"	" "	سنہ ۵۴۵ھ "	اتوار "
سنہ ۵۴۵ھ سے سنہ ۶۶۴ھ "	"	" "	سنہ ۶۶۵ھ "	ہفتہ "
سنہ ۶۶۵ھ سے سنہ ۷۸۴ھ "	"	" "	سنہ ۷۸۵ھ "	جمعہ "
سنہ ۷۸۵ھ سے سنہ ۹۰۴ھ "	"	" "	سنہ ۹۰۵ھ "	جمعرات "
سنہ ۹۰۵ھ سے سنہ ۱۰۲۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۰۲۵ھ "	بدھ "
سنہ ۱۰۲۵ھ سے سنہ ۱۱۴۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۱۴۵ھ "	منگل "
سنہ ۱۱۴۵ھ سے سنہ ۱۲۶۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۲۶۵ھ "	سوموار "
سنہ ۱۲۶۵ھ سے سنہ ۱۳۸۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۳۸۵ھ "	اتوار "
سنہ ۱۳۸۵ھ سے سنہ ۱۴۰۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۴۰۵ھ "	ہفتہ "
سنہ ۱۴۰۵ھ سے سنہ ۱۵۳۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۵۳۵ھ "	جمعہ "
سنہ ۱۵۲۵ھ سے سنہ ۱۶۵۴ھ "	"	" "	سنہ ۱۶۵۵ھ "	جمعرات "

اب ہم پہلے دی ہوئی تینوں مثالوں کی مشاہداتی طریق سے جانچ پڑتال کرتے ہیں۔

مثال ۱: یکم جمادی الاولیٰ ۱۰۸۱ھ کو کون سا دن تھا؟

حل: (i) پہلا دورِ کبیر ۶۴ سال = -۱ دن

(ii) اگلے ۵ دورِ کبیر (۵ × ۱۲۰) ۶۰۰ سال = -۵ "

(iii) اگلے ۴ دورِ صغیر (۴×۸) ۳۲ " = صفر "

(iv) " ۴ سال (۴ x ۴) + لیپ والا سال ۱۰۸۰ھ = ۱۷ یا ۳ دن

(v) محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاولیٰ
۲ ۱ ۲ ۱ ۱ = ۷ یا صفر دن

چونکہ پانچواں سال بھی لیپ کا ہے لہٰذا ایک دن کا مزید اضافہ ہوگا۔

یعنی کل دن = ۳ + ۷ + ۱ = ۱۱ - ۶ = ۵ دن

لہٰذا جمعہ سے شروع کر کے مطلوبہ دن منگل ہوگا۔

مثال ۲: ۱۵ رمضان ۱۲۴۷ھ کو کون سا دن تھا؟

حل: (i) پہلے ۶۴ سال = -۱ دن

(ii) اگلے ۹ دورِ کبیر (۹ × ۱۲۰) = ۱۰۸۰ سال = -۹ یا -۲ دن

(iii) اگلے ۱۲ دورِ صغیر (۱۲ × ۸) = ۹۶ " = صفر دن

(iv) اگلے ۶ / ۱۲۴۶ = ۶ × ۴ = ۲۴ + ۲ لیپ والے دن
= ۲۶ = ۵ دن

(v) ۱۵ رمضان تک
محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الآخر، جمادی الاولیٰ
۲ ۱ ۲ ۱ ۲
جمادی الآخرہ، رجب، شعبان، رمضان
۱ ۲ ۱ ۱۵ یا ۱ = ۱۳ یا ۶

کل دن = ۵ + ۶ = ۱۱ - ۳ = ۸ یا ۱

لہٰذا مطلوبہ دن جمعہ ہوگا۔

مثال ۳ :- ۲۳ جمادی الآخرہ ۱۳۹۸ھ کو کون سا دن ہوگا؟

حل :- (i) پہلے ۶۴ سال = -۱ دن

(ii) اگلے ۱۱ دورِ کبیر (۱۱ × ۱۲۰) ۱۳۲۰ سال = -۱۱ = -۴ دن

(iii) اگلے ۸ سال = صفر دن

(iv) 〃 $\frac{\text{۵ سال}}{\text{۱۳۹۷}}$ = ۴ × ۵ = ۲۰ + ۲ لیپ = ۲۲ = ۱ دن

(v) ۲۳ جمادی الآخرہ تک

محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الآخر

۲ ۱ ۲ ۱ = ۱۰ دن

جمادی الاولیٰ، جمادی الآخرہ

۲ ۲۳ یا ۲

کل دن = -۱۱ - ۵ = ۶

جمعہ سے شروع کرنے سے مطلوبہ دن بدھ وار ہوگا۔

وجہِ مطابقت اب ہم یہ دیکھیں گے کہ مشاہداتی طریق اور اصولی طریق آپس میں کیسے مطابق ہوجاتے ہیں۔

اس وضاحت کے لئے درج ذیل اشارات پر غور فرمائیے۔

یکم محرم الحرام ۱ھ کو جمعہ تھا۔ لہٰذا اصولی طریق کے مطابق یکم محرم ۲۱۱ھ کو جمعہ ہوگا۔ اور مشاہداتی طریق سے :-

پہلے ۶۴ سال کے لئے = -۱ دن

اگلے ۱۲۰ سال کے لئے = -۱ 〃

اگلے ۲۴ سال (۳ دورِ صغیر) کے لئے = صفر دن

باقی ۲ سال (۲۱۰ تک) = ۲ × ۴ = ۸ + ۱ لیپ کا

= کل ۹ دن = ۲ دن

یہ منفی اور جمع کے دن برابر ہوگئے۔ لہٰذا یکم محرم الحرام ۲۱۱ھ کو جمعہ ہی ہوگا۔

اسی طرح اصولی طریق کے مطابق یکم محرم ۴۲۱ھ کو جمعہ ہے تو مشاہداتی طریق سے :-

پہلے ۶۴ سال کے لئے = - ۱ دن

اگلے ۲۴۰ سال (۲ دورِکبیر) کے لئے = - ۲ "

اگلے ۱۱۲ سال (۱۴ دورِصغیر) کے لئے = صفر "

باقی ۴ سال (۴۲۰ تک) = ۴×۴ = ۱۶ + ۱ دن لیپ

= ۱۷ دن = ۳ دن

گو منفی اور جمع کے دن برابر ہو گئے۔ لہٰذا یکم محرم الحرام ۴۲۱ھ کو جمعہ ہی ہو گا۔ علیٰ ہٰذا القیاس بطریقِ اصولی یکم محرم الحرام ۶۳۱ھ کو جمعہ ہے تو مشاہداتی طریق سے :-

پہلے ۶۴ سال کے لئے = - ۱ دن

اگلے ۴۸۰ سال (۴ دورِکبیر) = - ۴ "

اگلے ۸۰ سال (۱۰ دَورِصغیر) = صفر دن

باقی ۶ سال (۶۳۰ تک) = ۶×۴ = ۲۴ + ۲ لیپ کے دن

= ۲۶ = ۵ دن

یہاں بھی منفی اور جمع کے دن برابر ہو گئے۔ لہٰذا یکم محرم ۶۳۱ھ کو جمعہ ہوگا۔ اب یکم محرم ۱۲۶۱ھ کو بھی اصولی طریق سے جمعہ ہے۔ اُس کا حساب یوں ہوگا۔

پہلے ۶۴ سال کے لئے = - ۱ دن

اگلے ۱۰۸۰ سال (۹ دَورِکبیر) = - ۹ یا - ۲

اگلے ۱۱۲ سال (۱۴ دورِصغیر) = صفر دن

باقی چار سال (۱۲۶۰ تک) = ۴×۴ = ۱۶ + ۱ لیپ کا دن

= ۱۷ یا ۳ دن

یہاں بھی منفی اور جمع کے دن برابر ہو گئے لہٰذا یکم محرم ۱۲۶۱ھ کو جمعہ ہی ہوگا۔

۳۔ بذریعہ یک صفحی ہجری کیلنڈر

مندرجہ ذیل نقشہ سے کسی بھی ہجری تاریخ کا دن بطریق ذیل معلوم کیا جا سکتا ہے :-

(۱) مطلوبہ سال کو ۲۱۰ پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو چھوڑ دیں اس سے کچھ غرض نہیں۔ باقی کو

پھر ۳۰ (یعنی دورِ صغیر) پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت بھی یاد رکھیں اور باقی بھی۔

(۲) حاصل قسمت کو ۵ سے ضرب دیں۔ پھر اس میں ماہ رواں کی معینہ تاریخ کو چھوڑ کر باقی دن جمع کریں۔ پھر حاصل جمع کو ۷ پر تقسیم کر کے باقی لے لیں۔

(۳) اب جتنے سال باقی بچے تھے، اس عدد کے سامنے اور ماہ مطلوبہ کے نیچے کا دن نقشہ دیکھ کر معلوم کریں۔

(۴) ۲ سے حاصل شدہ باقی اس معلوم دن سے آگے شمار کر لیں۔ تو یہی مطلوبہ دن ہوگا۔

سال نمبر	محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الثانی	جمادی الاول	جمادی الآخر	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذیقعدہ	ذی الحجہ
۱	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر
(۲)	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ
۳	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ
۴	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار
(۵)	پیر	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات
۶	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل
(۷)	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعہ	ہفتہ
۸	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ
۹	جمعہ	ہفتہ	اتوار	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر
(۱۰)	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ
۱۱	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	بدھ
۱۲	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار
(۱۳)	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات
۱۴	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل
۱۵	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ
(۱۶)	اتوار	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ
۱۷	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر
(۱۸)	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ
۱۹	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	بدھ
۲۰	جمعرات	جمعہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار
(۲۱)	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات
۲۲	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	منگل
۲۳	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ
(۲۴)	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ
۲۵	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر
(۲۶)	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ
۲۷	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل
۲۸	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار
(۲۹)	پیر	بدھ	جمعرات	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	اتوار	پیر	بدھ	جمعرات
۳۰	ہفتہ	اتوار	منگل	بدھ	جمعہ	ہفتہ	پیر	منگل	جمعرات	جمعہ	اتوار	پیر

اب ہم اس نقشہ کی مدد سے وہی پہلی تین مثالوں کو حل کریں گے تاکہ ساتھ کے ساتھ پڑتال بھی ہو سکے۔

مثال ۱ :۔ یکم جمادی الاولیٰ ۷۰۱ھ کو کون سا دن تھا؟

حل :۔ (i) ۷۰۱ کو ۲۱۰ پر تقسیم کیا تو (۲۱۰ × ۳) = ۶۳۰ اور باقی رہے ۷۱ یا ۲۱۰ سے اب ہمیں کوئی غرض نہیں۔ اب ۷۱ کو ۳۰ پر تقسیم کیا تو ۲ حاصل قسمت اور باقی ۱۱ ہے۔ ان دونوں سے غرض ہے۔

(ii) حاصل قسمت ۲ کو ۵ سے ضرب دی تو ۱۰ ہوئے۔ معینہ ماہ کی معینہ تاریخ یکم ہے۔ یہ یکم بھی چھوڑ دی تو ۱۰ ہی رہے۔ اس کو ۷ پر تقسیم کیا تو باقی بچے = ۳

(iii) اب ۱ والی باقی ۱۱ کے سامنے اور جمادی الاولیٰ کے نیچے اس نقشہ میں ہفتہ کا دن لکھا ہوا ہے۔

(iv) اب اس ہفتہ کے آگے ۲ والی باقی یعنی ۳ دن شمار کیجیے تو جواب آئے گا منگل

بس یہی مطلوبہ دن ہے اور درست ہے۔

مثال ۲ :۔ ۱۵ رمضان ۱۲۴۷ھ کو کون سا دن تھا؟

اب ہم عمل کو مختصر کر کے محض اشارات سے کام لیں گے :۔

(i) $\frac{۱۲۴۷}{۲۱۰}$ = (۲۱۰ × ۵) + ۱۹۷ ، $\frac{۱۹۷}{۳۰}$ = (۳۰ × ۶) + ۱۷ ، ۶ حاصل قسمت ۱۷ باقی

(ii) ۶ × ۵ = ۳۰ + رمضان کے ۱۴ دن = $\frac{۴۴}{۷}$ = ۲ باقی

(iii) نقشہ میں ۱۷ کے آگے اور رمضان کے نیچے بدھ ہے۔

(iv) اب بدھ سے آگے ۲ مزید دن شمار کیجئے۔ مطلوبہ دن = جمعہ جواب

مثال ۳ :۔ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ کو کون سا دن تھا؟

(i) $\frac{۱۳۹۸}{۲۱۰}$ = (۲۱۰ × ۶) + ۱۳۸ ، $\frac{۱۳۸}{۳۰}$ = (۳۰ × ۴) + ۱۸ ۔

(ii) ۴ × ۵ = ۲۰ + ۲۲ جمادی الثانی کے دن = $\frac{۴۲}{۷}$ = ۰

(iii) نقشہ میں ۱۸ کے سامنے اور جمادی الثانی نیچے بدھ ہے۔

(iv) بدھ + ۰ = بدھ جواب

۴۔ بذریعہ اعداد جمل

یہ طریقہ کوئی حسابی طریقہ معلوم نہیں ہوتا یا کم از کم ہماری سمجھ سے باہر ہے۔ یہ طریقہ سعودی عرب کے ایک رسالہ تقویم الاوقات میں طبع ہوا تھا جس کو جعفر شاہ صاحب پھلواروی نے اپنی کتاب

اجتہادی مسائل کے صفحہ ۱۹۸ پر درج کیا ہے۔ یہ طریقہ ہر عربی مہینے کی پہلی تاریخ کو دن معلوم کرنے کے لئے ہے۔ اب ظاہر ہے کہ اگر پہلی تاریخ کا دن معلوم ہو جائے تو آگے بھی معلوم کرنا کچھ مشکل نہیں ہوتا۔ جعفر شاہ صاحب کو خود بھی اعتراف ہے کہ اس طریقہ میں سقم ہیں۔ اور ہم نے بھی اس طریقہ کو کوئی معتبر طریقہ نہیں پایا۔ ہم نے سابقہ مثالوں سے بھی اور اس کے علاوہ بھی اس کا تجربہ کیا۔ بسا اوقات ایک دن کی تقدیم و تاخیر ہو جاتی ہے۔ تاہم کسی وقت جواب درست بھی آجاتا ہے۔ جیسا کہ اجتہادی مسائل میں دی ہوئی مثال درست ہے۔ بہرحال وہ طریقہ یہ ہے:۔

(i) ہجری سال کو ۸ پر تقسیم کرکے باقی نکالئے۔

(ii) اس باقی کو ا ہ ج ز د ب و د میں دیکھئے کہ اس عدد کا حرف بحساب جمل کیا ہے؟

۱ ۵ ۳ ۷ ۴ ۲ ۶ ۴

(iii) مطلوبہ مہینہ کا عدد ز ب ج ہ د ا ب د ہ ز ا ج میں سے معلوم کیجئے۔

۷ ۲ ۳ ۵ ۴ ۱ ۲ ۴ ۵ ۷ ۱ ۳

(iv) ii اور (iii) کے معلوم اعداد کو جمع کرکے اس میں ماہِ رواں کی تاریخ جمع کرکے ۷ پر تقسیم کیجئے۔

(v) جو باقی بچے اس کا شمار یکشنبہ (اتوار یا یوم الاحد) سے کیجئے۔ یہی مطلوبہ دن ہوگا۔

اب ہم سابقہ تین مثالوں کے ذریعہ ہی اس طریقہ کی پڑتال کریں گے:۔

مثال ۱:۔ یکم جمادی الاول ۷۰۱ھ کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (i) $\frac{۷۰۱}{۸}$ = ۸۷ حاصل قسمت ـــ ۵ باقی یا باقی = ۵

(ii) پانچواں حرف (ii) میں د ہے۔ د کے عدد = ۴

(iii) جمادی الاوّل پانچواں مہینہ ہے (iii) میں پانچواں حرف بھی د ہی ہے۔ د کے عدد = ۴

(iv) ۴ + ۴ + ۱ (یکم جمادی الاوّل) = $\frac{۹}{۷}$ = ۲ باقی

(v) یکشنبہ سے شروع کرنے سے جواب دوشنبہ یا سوموار آتا ہے جبکہ اصل جواب منگل ہے۔

مثال ۲:۔ ۱۵ رمضان ۱۲۴۷ھ کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (i) $\frac{۱۲۴۷}{۸}$ = ۱۵۵ ـ ۷ باقی ۷

(ii) ساتواں حرف (ii) میں واؤ، و = ۶

(iii) رمضان نواں ماہ (iii) میں نواں حرف ہ، ہ = ۵

(iv) ۶ + ۵ + ۱۵ = $\frac{۲۶}{۷}$ = ۵

(۷) یکشنبہ سے شروع کرکے پنجشنبہ یا جمعرات حالانکہ اصل دن جمعہ ہے۔

مثال ۳ :- ۲۳ رجمادی الثانی ۱۳۹۸ھ کو کون سا دن تھا؟

حل :- (i) $\frac{۱۳۹۸}{۸}$ = ۶ - ۱۷۴

(ii) چھٹا حرف (ii) میں ب ، ب = ۲

(iii) چھٹا مہینہ (iii) میں چھٹا حرف و ، و = ۱

(iv) ۲ + ۱ + ۲۳ = $\frac{۲۶}{۷}$ = ۵

(۷) یوم الاحد سے شروع کرکے یہ جمعرات بنتا ہے حالانکہ اصل جواب بدھ ہے۔

TRUEMASLAK @ INBOX.COM

باب ۳

کثیر المقاصد ہجری تقویم دائمی

اس سے پیشتر ایک صفحی ہجری کیلنڈر پیش کیا جا چکا ہے۔ اگرچہ اس سے کسی بھی عربی مہینے کا دن معلوم کیا جا سکتا ہے مگر اس میں کچھ ضرب تقسیم کا عمل آجاتا ہے لہٰذا اس کے بعد اب ایک تفصیلی، سہل تر اور مفید تر کیلنڈر پیش کیا جا رہا ہے جس سے کسی عربی مہینے کی پہلی تاریخ کا دن معلوم کرنا نسبتاً زیادہ آسان ہے۔ علاوہ ازیں چونکہ اس کے اور بھی چند فوائد ہیں لہٰذا اس کیلنڈر کا اندراج ضروری معلوم ہوا۔

یہ تو پہلے بتلایا جا چکا ہے کہ قمری سال کی اوسط مدت ۳۴ سیکنڈ - ۴۸ منٹ - ۸ گھنٹے - ۳۵۴ دن۔ اس مدت کو اگر ۱۲ پر تقسیم کریں تو ایک قمری مہینے کی اوسط مدت ۲ ۵/۶ سیکنڈ - ۴۴ منٹ - ۱۲ گھنٹے - ۲۹ دن بنتی ہے۔ حساب کرتے وقت سیکنڈوں کا حساب چھوڑ دیا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ اڑھائی ہزار سال کے بعد ایک دن کا فرق ظاہر کرے گا۔

اب دیکھئے کہ مثلاً محرم ۱ھ کی مدت ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے اور ۴۴ منٹ ہے۔ اس کا تیسواں دن چونکہ نصف دن یا ۱۲ گھنٹے سے ۴۴ منٹ بڑا ہے۔ لہٰذا ہم اسے پورا دن شمار کر کے محرم کو ۳۰ دن کا شمار کریں گے اور دو ماہ کی مجموعی مدت (۴۴ منٹ - ۱۲ گھنٹے - ۲۹ دن) × ۲ = ۲۸ منٹ - ۱ گھنٹہ - ۵۹ دن بنے گی۔ یہاں ساٹھواں دن صرف ایک گھنٹہ اور ۲۸ منٹ گزرا ہے۔ لہٰذا ہم صفر کو (۵۹ - ۳۰) = ۲۹ دن کا شمار کریں گے۔ اب اگر اوسط مدت کو یعنی ۴۴ منٹ - ۱۲ گھنٹے - ۲۹ دن کو ۳ سے ضرب دیں تو محرم، صفر اور ربیع الاول کی مجموعی مدت (۴۴ - ۱۲ - ۲۹) × ۳ = ۱۲ منٹ - ۱۴ گھنٹے - ۸۸ دن بنتی ہے۔ یہاں ۸۹ واں دن چونکہ نصف دن یا ۱۲ گھنٹے سے بڑا ہے تو اسے ہم پورا دن شمار کریں گے۔ اس طرح محرم کے ۳۰ دن، صفر کے ۲۹ اور ربیع الاوّل کے ۳۰ دن ہمارے علم میں آگئے۔ اس تقویم میں اسی طریق سے ایک دورِ صغیر کے پورے مہینوں یعنی ۳۰ × ۱۲ = ۳۶۰ مہینوں کے دنوں کی تعداد نکالی گئی ہے۔

کیونکہ قمری تقویم کا خاصہ یہ ہے کہ جس ترتیب سے پہلے دَور کے مہینوں کے دن آئیں گے ۔ مابعد میں جتنے بھی دورِ صغیر آئیں گے ان کے مہینوں کے ایام کی تعداد یہی رہے گی ۔

ضروری نوٹ :۔ یہ مغالطہ نہ رہے کہ بعض مقامات مثلاً ۱۷ ویں مہینے میں صرف ۲۸ منٹ زائد کو پورا دن شمار کیا گیا ہے۔ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے ۱۶ ویں ماہ میں ۴۴ منٹ ۱۱ گھنٹے کو چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور یہ ۲۸ منٹ اصل میں ۲۴ گھنٹے ۲۸ منٹ ہیں۔ اس لئے اس کو پورا دن شمار کیا گیا ہے۔

قمری تقویم کا مروجہ اور سہل تر طریق کا یہ اختیار کیا جاتا ہے کہ محرم کے ۳۰ دن شمار کر لئے، صفر کے ۲۹ پھر ربیع الاول کے ۳۰ اور ربیع الآخر کے ۲۹، اسی طرح آخر میں ذی الحجہ ۲۹ دن کا آجاتا ہے۔ اور قمری سال کے ۳۵۴ دن پورے ہو جاتے ہیں۔ اور اگر سال لیپ کا یعنی ۳۵۵ دن کا ہو تو آخری ماہ ذی الحجہ کو بھی ۳۰ دن کا ہی شمار کر کے ۳۵۵ دن پورے کر لئے جاتے ہیں۔ چنانچہ تقویم تاریخی کے مؤلف عبدالقدوس ہاشمی صاحب نے بھی اپنی تقویم میں یہی طریق اختیار کیا ہے۔ اس طرح اگرچہ بعض مقامات پر ایک دن کی کمی بیشی ہو جاتی ہے تاہم وہ آگے چل کر دُور ہو جاتی ہے اور حساب پھر منطبق ہو جاتا ہے کیونکہ فرق تو صرف مہینہ کے ایام میں واقع ہوتا ہے۔ سال کے دن تو برابر ہی ہوتے ہیں۔

البتہ اس طریقِ کار میں ایک دو خامیاں ایسی ہیں جن کا کوئی حل نہیں۔ پہلی یہ ہے کہ اس میں کسی بھی معینہ مہینہ مثلاً رمضان کے دن ہر سال ۲۹ ہی آتے ہیں۔ کیونکہ یہ نواں اور طاق مہینہ ہے۔ اور یہ بات حقیقت اور مشاہدہ کے خلاف ہے۔

اور دوسری خامی اس طریقِ کار میں یہ ہے کہ اس میں اکثر مقامات پر ۳۰، ۳۰ دن کے تین ماہ اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ مثلاً دورِ صغیر کا دوسرا سال لیپ کا سال ہے جس میں گیارھواں اور بارھواں دونوں مہینے ۳۰، ۳۰ دن کے شمار کئے جاتے ہیں پھر تیسرے سال کا پہلا مہینہ محرم بھی ۳۰ دن کا آجاتا ہے۔ اگرچہ ہجری تقویم میں اکٹھے تین ماہ کا ۳۰، ۳۰ دن کا ہونا ناممکنات سے نہیں تاہم انہی تین ماہ کا ۳۰، ۳۰ دن کا ہونا حقیقت اور مشاہدہ دونوں کے خلاف ہے جبکہ اس طریق کار میں ہر لیپ کے سال کے آخر میں بھی یہی صورت پیش آتی ہے۔

کثیر المقاصد تقویم تیار کرنے کی وجہ

ایک دَورِ صغیر کے ۳۶۰ ماہ کو اوسط مدت سے ضرب دینے کے لمبے چوڑے عمل کو اختیار کرنے کی ایک وجہ تو یہی تھی جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ مَیں یہ چاہتا تھا کہ ایک دورِ صغیر کے پورے مہینوں کے ایام کی صیح صیح تعداد کا علم ہو جائے اور دوسری وجہ یہ تھی کہ اس بات میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ ایک دورِ صغیر کے ۳۰ سالوں میں سے ۱۹ سال عام یعنی ۳۵۴ دن کے اور ۱۱ سال لیپ کے یعنی ۳۵۵

دن کے ہوتے ہیں۔ اختلاف اس بات میں ہے کہ وہ لیپ کے سال ہیں کون کون سے؟ قاضی سلمان صاحب منصور پوری نے یہ سال بتلائے ہیں:۔ ۲، ۵، ۸، ۱۱، ۱۳، ۱۶، ۱۹، ۲۱، ۲۴، ۲۷ اور ۳۰۔ جبکہ عبدالقدوس ہاشمی مؤلف تقویم تاریخی کے نزدیک وہ سال یہ ہیں:۔ ۲، ۵، ۷، ۱۰، ۱۳، ۱۶، ۱۸، ۲۱، ۲۴، ۲۶ اور ۲۹۔

گویا ان گیارہ سالوں میں سے ۲، ۵، ۱۳، ۱۶، ۲۱ اور ۲۴ چھ سالوں کے لیپ ہونے میں تو دونوں کا اتفاق تھا مگر باقی پانچ سالوں میں اختلاف تھا۔ چنانچہ اس ضربی عمل سے لیپ کے سال وہی معلوم ہوئے جو تقویم تاریخی میں درج ہیں۔ سال کے خانہ میں سال کا ہندسہ لکھتے وقت ہم نے لیپ کے سالوں کے گرد قوسین لگا دیئے ہیں مثلاً (۲)، (۵)، (۷) وغیرہ۔

نتائج

اس تقویم پر سرسری نظر ڈالنے سے مندرجہ ذیل باتیں سامنے آتی ہیں:۔

(۱) ہر عام سال میں ۶ ماہ ۲۹ دن کے ہوتے ہیں اور ۶ ماہ تیس دن کے۔

(۲) لیپ کے سال میں ۲۹ دن کے ۵ اور ۳۰ دن کے ۷ ماہ ہوتے ہیں۔ ہر لیپ کے سال کا پہلا اور آخری مہینہ عموماً ۳۰ دنوں کے ہوتے ہیں۔ کسی بھی سال میں ۲۹ دن کے مہینے ۵ سے کم اور ۳۰ کے ۷ سے زیادہ نہیں ہوسکتے۔

(۳) اس تیار کردہ تقویم کی رو سے ۲۹ دن کے دو ماہ اکٹھے نہیں آسکتے۔ حالانکہ کبھی کبھار ۲۹ دن کے دو ماہ اکٹھے آبھی جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ تقویم ماہ کی اوسط مدت سے تیار کی گئی ہے جو کہ ۴۴ منٹ - ۱۲ گھنٹے - ۲۹ دن ہے۔ جبکہ دو قرانوں (نئے چاندوں) کے درمیان اس اوسط مدت سے پانچ چھ گھنٹے کمی بھی ہوسکتی ہے اور بیشی بھی۔

(۴) اسی طرح اس تقویم کی رو سے ۳۰ دن کے تین ماہ اکٹھے نہیں آسکتے جبکہ کبھی مذکورہ بالا وجہ کی رو سے آبھی جاتے ہیں۔ تاہم ۲۹ دن کے اکٹھے ۳ ماہ اور ۳۰ دن کے اکٹھے ۴ ماہ کبھی نہیں آتے۔

اور لیپ کا سال تو اس وقت تک لیپ کا سال بن ہی نہیں سکتا جب تک کہ اس میں ۳۰ دنوں کے دو ماہ اکٹھے نہ آجائیں۔ لیپ کے علاوہ مندرجہ ذیل سالوں میں بھی ۳۰ دن کے دو ماہ اکٹھے آئے ہیں:۔ ۳، ۶، ۹، ۱۱، ۱۴، ۱۷، ۲۰، ۲۲، ۲۵، ۲۸۔ گویا ۳۰ سالوں میں سے اکیس سال ایسے ہیں جن میں ۳۰ دن کے دو ماہ اکٹھے آئے ہیں۔

(۵) لیپ کے سال میں تین باتیں لازمی ہیں (i) اس میں ۳۰ دن کے ماہ سات ہوں (ii) ۳۰ دن کے دو ماہ اکٹھے آئیں (iii) اور پہلا اور آخری ماہ ۳۰ دن کا ہو۔

مقاصد اس تقویم سے درج ذیل مقاصد یا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔
(۱) کسی بھی قمری ماہ کے ۲۹ دن یا ۳۰ دن ہونے کی وجہ بتلاتی ہے۔

(۲) لیپ کے سالوں کی تعیین کرتی ہے۔

(۳) ہر دورِ صغیر کے کسی بھی قمری مہینہ کی ہمیشہ کے لئے مدت متعین کرتی ہے۔ مثلاً اگر پہلے دورِ صغیر کے اٹھارویں سال رمضان ۳۰ دن کا ہے تو کسی بھی دَورِ صغیر کے ۱۸ ویں سال کا رمضان ہمیشہ ۳۰ دن کا ہی آئے گا۔ یعنی (۳۰ + ۱۸) یعنی ۴۸ھ، ۷۸ھ، ۱۰۸ھ، ۱۹۸ھ کے رمضان ۳۰ دن کے ہی ہوں گے۔ حتیٰ کہ دَورِ کبیر گزرنے پر بھی یہی صورت ہوگی مثلاً ۲۱۰ + ۱۸ یا ۶۳۰ + ۷۸ یا ۱۰۵۰ + ۱۹۸ یا ۲۲۸ھ، ۷۰۸ھ یا ۱۲۴۸ھ کے رمضان المبارک کے دن ہمیشہ ۳۰ ہی ہوں گے۔

(۴) مہینوں کے ایام کے سامنے دنوں کا ایک نقشہ دیا گیا ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ ہر دَورِ صغیر اپنے سے پہلے والے دورِ صغیر کے پانچ دن بعد شروع ہوتا ہے۔ مثلاً پہلے دَورِ صغیر کے پہلے سال کے پہلے مہینہ یعنی یکم محرم ۱ھ کو جمعہ کا دن تھا تو یکم محرم ۳۱ھ کو پانچ دن بعد یعنی بدھ کا دن ہوگا۔ اسی طرح اگر مثلاً پہلے دورِ صغیر کے ۱۴ ویں سال کے ساتویں مہینہ یعنی یکم رجب ۱۴ھ کو پیر تھا تو یکم رجب ۱۴+۳۰ھ، ۴۴ھ ہفتہ کے پانچ دن بعد یعنی ہفتہ کا دن ہوگا۔ دنوں کا یہ نقشہ اسی حساب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ گویا اس تقویم سے ہمیشہ کے لئے کسی بھی قمری مہینہ کی یکم تاریخ کا دن معلوم کیا جا سکتا ہے۔

دن معلوم کرنے کا طریقہ کسی بھی قمری ماہ کی یکم تاریخ کا دن معلوم کرنے کے لئے درج ذیل اقدامات کیجئے۔

(i) دورِ کبیر، دَورِ صغیر اور عام سال معلوم کیجئے مثلاً ۴۷۸ھ میں ۲ تو دَورِ کبیر آئے ہیں اور ایک دَورِ صغیر اور ۲۸ سال یعنی ۴۷۸ = ۴۲۰ + ۳۰ + ۲۸ ہے اور اس سال کے ماہ شوال کی یکم کا دن ہم معلوم کرنا چاہتے ہیں۔

(ii) دَورِ کبیر جتنے بھی ہوں انھیں چھوڑ دیجئے ان سے کوئی غرض نہیں۔ البتہ دورِ صغیر دوسرا شمار ہوگا کیونکہ یہ دوسرے دورِ صغیر کا اٹھائیسواں سال ہے۔ آپ اس نقشہ میں ۲۸ ویں سال کے ماہ شوال کے سامنے اور دوسرے دورِ صغیر کے نیچے دن معلوم کر لیجیے جو کہ منگل ہے۔ یعنی یکم شوال ۴۷۸ھ کو منگل تھا۔

مثال ۲:۔ یکم جمادی الاوّل ۱۰۷ھ کو کون سا دن تھا؟

حل:۔

(i) ۷۰۱ = ۶۳۰ (۳ دورِ کبیر) + ۶۰ (دو دورِ صغیر) + ۱۱

(ii) اب گیارھویں سال کے جمادی الاولیٰ کے سامنے اور تیسرے دَورِ صغیر کے نیچے دن دیکھ لیجئے۔
جواب منگل

مثال ۳ :۔ ۱۵ رمضان ۱۲۴۷ھ کو کون سا دن تھا؟

حل :۔ (i) ۱۲۴۷ = ۱۰۵۰ + ۱۸۰ + ۱۷ یعنی ۵ دورِ کبیر اور ساتویں دورِ صغیر کا ۱۷واں دن۔

(ii) ۱۷ویں سال کے رمضان کے سامنے اور ساتویں دورِ صغیر کے سامنے جمعہ کا دن درج ہے اور یہ یکم رمضان کا دن ہے۔

(iii) اگر یکم کو جمعہ ہو تو ۱۵ر کو بھی جمعہ ہی ہوگا۔

دورِ صغیر		ابتدائے دور سے	کل ماہ × ۴۴–۱۲–۲۹ = منٹ گھنٹے دن			موجودہ ماہ کے	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سنین دوری ۱۲۱ ۱۳۶ ۱۵۰	سنین دوری ۱۵۱ ۱۶۶ ۱۸۰	سنین دوری ۱۸۱ ۱۹۶ ۲۱۰
	محرم	۱	۴۴	۱۲	۲۹	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	صفر	۲	۲۸	۱	۵۹	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الاول	۳	۱۲	۱۴	۸۸	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الثانی	۴	۵۶	۲	۱۱۸	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاول	۵	۴۰	۵	۱۴۷	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
۱	جمادی الآخر	۶	۲۴	۴	۱۷۷	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۷	۸	۱۷	۲۰۶	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شعبان	۸	۵۲	۵	۲۳۶	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۹	۳۶	۱۸	۲۶۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شوال	۱۰	۲۰	۷	۲۹۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۱۱	۴	۲۰	۳۲۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذی الحجہ	۱۲	۴۸	۸	۳۵۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	محرم	۱۳	۳۲	۲۱	۳۸۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	صفر	۱۴	۱۶	۱۰	۴۱۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الاول	۱۵	۰	۲۳	۴۴۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الثانی	۱۶	۴۴	۱۱	۴۷۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الاول	۱۷	۲۸	۰	۵۰۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
(۲)	جمادی الآخر	۱۸	۱۲	۱۳	۵۳۱	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رجب	۱۹	۵۶	۱	۵۶۱	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شعبان	۲۰	۴۰	۱۴	۵۹۰	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رمضان	۲۱	۲۴	۳	۶۲۰	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شوال	۲۲	۸	۱۳	۶۴۹	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذیقعدہ	۲۳	۵۲	۴	۶۷۹	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذی الحجہ	۲۴	۳۶	۱۷	۷۰۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	محرم	۲۵	۲۰	۶	۷۳۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۲۶	۴	۱۹	۷۶۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الاول	۲۷	۴۸	۷	۷۹۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الثانی	۲۸	۳۲	۲۰	۸۲۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الاول	۲۹	۱۶	۹	۸۵۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
۳	جمادی الآخر	۳۰	۰	۲۲	۸۸۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رجب	۳۱	۴۴	۱۰	۹۱۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شعبان	۳۲	۲۸	۲۳	۹۴۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رمضان	۳۳	۱۲	۱۲	۹۷۴	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شوال	۳۴	۵۶	۰	۱۰۰۴	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذیقعدہ	۳۵	۴۰	۱۳	۱۰۳۳	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذی الحجہ	۳۶	۲۴	۲	۱۰۶۳	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ

دورِ صغیر		ابتدائے دور سے	منٹ گھنٹے دن کل ماہ × ۲۹-۱۲-۴۴ =			موجودہ ماہ کے	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۴	محرم	۳۷	۸	۱۵	۱۰۹۲	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	صفر	۳۸	۵۲	۳	۱۱۲۲	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الاول	۳۹	۳۶	۱۶	۱۱۵۱	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الثانی	۴۰	۲۰	۵	۱۱۸۱	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الاول	۴۱	۴	۱۸	۱۲۱۰	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الآخر	۴۲	۴۸	۶	۱۲۴۰	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رجب	۴۳	۳۲	۱۹	۱۲۶۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شعبان	۴۴	۱۶	۸	۱۲۹۹	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رمضان	۴۵	۰	۲۱	۱۳۲۸	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شوال	۴۶	۴۴	۹	۱۳۵۸	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذیقعدہ	۴۷	۲۸	۲۲	۱۳۸۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذی الحجہ	۴۸	۱۲	۱۱	۱۴۱۷	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
(۵)	محرم	۴۹	۵۶	۲۳	۱۴۴۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	صفر	۵۰	۴۰	۱۲	۱۴۷۶	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الاول	۵۱	۲۴	۱	۱۵۰۶	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الثانی	۵۲	۸	۱۴	۱۵۲۵	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الاول	۵۳	۵۲	۲	۱۵۶۵	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الآخر	۵۴	۳۶	۱۵	۱۵۹۴	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رجب	۵۵	۲۰	۴	۱۶۲۴	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۵۶	۴	۱۷	۱۶۵۳	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رمضان	۵۷	۴۸	۵	۱۶۸۳	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۵۸	۳۲	۱۸	۱۷۱۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذیقعدہ	۵۹	۱۶	۷	۱۷۴۲	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۶۰	۰	۲۰	۱۷۷۱	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
۶	محرم	۶۱	۴۴	۸	۱۸۰۱	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	صفر	۶۲	۲۸	۲۱	۱۸۳۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الاول	۶۳	۱۲	۱۰	۱۸۶۰	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الثانی	۶۴	۵۶	۲۲	۱۸۸۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاول	۶۵	۴۰	۱۱	۱۹۱۹	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الآخر	۶۶	۲۴	۰	۱۹۴۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۶۷	۸	۱۳	۱۹۷۸	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شعبان	۶۸	۵۲	۱	۲۰۰۸	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رمضان	۶۹	۳۶	۱۴	۲۰۳۷	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شوال	۷۰	۲۰	۳	۲۰۶۷	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذیقعدہ	۷۱	۴	۱۶	۲۰۹۶	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذی الحجہ	۷۲	۴۸	۴	۲۱۲۶	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات

دور صغیر

سال نمبر	مہینہ	ابتدائے دور سے کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن (کل ماہ × ۲۹–۱۲–۴۴)	موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
							[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
(۷)	محرم	۷۳	۳۲	۱۷	۲۱۵۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	صفر	۷۴	۱۶	۶	۲۱۸۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الاول	۷۵	۰	۱۹	۲۲۱۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الثانی	۷۶	۴۴	۷	۲۲۴۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الاول	۷۷	۲۸	۲۰	۲۲۷۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الآخر	۷۸	۱۲	۹	۲۳۰۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رجب	۷۹	۵۶	۲۱	۲۳۳۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شعبان	۸۰	۴۰	۱۰	۲۳۶۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رمضان	۸۱	۲۴	۲۳	۲۳۹۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شوال	۸۲	۸	۱۲	۲۴۲۱	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذیقعدہ	۸۳	۵۲	۰	۲۴۵۱	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذی الحجہ	۸۴	۳۶	۱۳	۲۴۸۰	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
۸	محرم	۸۵	۲۰	۲	۲۵۱۰	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	صفر	۸۶	۴	۱۵	۲۵۳۹	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الاول	۸۷	۴۸	۳	۲۵۶۹	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الثانی	۸۸	۳۲	۱۶	۲۵۹۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الاول	۸۹	۱۶	۵	۲۶۲۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الآخر	۹۰	۰	۱۸	۲۶۵۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رجب	۹۱	۴۴	۶	۲۶۸۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شعبان	۹۲	۲۸	۱۹	۲۷۱۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رمضان	۹۳	۱۲	۸	۲۷۴۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شوال	۹۴	۵۶	۲۰	۲۷۷۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذیقعدہ	۹۵	۴۰	۹	۲۸۰۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذی الحجہ	۹۶	۲۴	۲۲	۲۸۳۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
۹	محرم	۹۷	۸	۱۱	۲۸۶۴	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	صفر	۹۸	۵۲	۲۳	۲۸۹۳	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الاول	۹۹	۳۶	۱۲	۲۹۲۳	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الثانی	۱۰۰	۲۰	۱	۲۹۵۳	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاول	۱۰۱	۴	۱۴	۲۹۸۲	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الآخر	۱۰۲	۴۸	۲	۳۰۱۲	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۱۰۳	۳۲	۱۵	۳۰۴۱	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شعبان	۱۰۴	۱۶	۴	۳۰۷۱	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۱۰۵	۰	۱۷	۳۱۰۰	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شوال	۱۰۶	۴۴	۵	۳۱۳۰	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۱۰۷	۲۸	۱۸	۳۱۵۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذی الحجہ	۱۰۸	۱۲	۷	۳۱۸۹	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ

دورِ صغیر		ابتدائے دور سے کل ماہ	کل ماہ × ۲۹-۱۲-۴۴ = دن گھنٹے منٹ			موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ		منٹ	گھنٹے	دن		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۰	محرم	۱۰۹	۵۶	۱۹	۳۲۱۸	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	صفر	۱۱۰	۳۰	۸	۳۲۴۸	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الاول	۱۱۱	۲۴	۲۱	۳۲۷۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الثانی	۱۱۲	۸	۱۰	۳۳۰۷	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الاول	۱۱۳	۵۲	۲۲	۳۳۳۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الآخر	۱۱۴	۳۶	۱۱	۳۳۶۶	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رجب	۱۱۵	۲۰	۰	۳۳۹۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۱۱۶	۴	۱۳	۳۴۲۵	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رمضان	۱۱۷	۴۸	۱	۳۴۵۵	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شوال	۱۱۸	۳۲	۱۴	۳۴۸۴	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذیقعدہ	۱۱۹	۱۶	۳	۳۵۱۴	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوار	ہفتہ
	ذی الحجہ	۱۲۰	۰	۱۶	۳۵۴۳	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
۱۱	محرم	۱۲۱	۴۴	۴	۳۵۷۳	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۱۲۲	۲۸	۱۷	۳۶۰۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الاول	۱۲۳	۱۲	۶	۳۶۳۲	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الثانی	۱۲۴	۵۶	۱۸	۳۶۶۱	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الاول	۱۲۵	۴۰	۷	۳۶۹۱	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الآخر	۱۲۶	۲۴	۲۰	۳۷۲۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رجب	۱۲۷	۸	۹	۳۷۵۰	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شعبان	۱۲۸	۵۲	۲۱	۳۷۷۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رمضان	۱۲۹	۳۶	۱۰	۳۸۰۹	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شوال	۱۳۰	۲۰	۲۳	۳۸۳۸	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذیقعدہ	۱۳۱	۴	۱۲	۳۸۶۸	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذی الحجہ	۱۳۲	۴۸	۰	۳۸۹۸	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
۱۲	محرم	۱۳۳	۳۲	۱۳	۳۹۲۷	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	صفر	۱۳۴	۱۶	۲	۳۹۵۷	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الاول	۱۳۵	۰	۱۵	۳۹۸۶	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الثانی	۱۳۶	۴۴	۳	۴۰۱۶	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الاول	۱۳۷	۲۸	۱۶	۴۰۴۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الآخر	۱۳۸	۱۲	۵	۴۰۷۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رجب	۱۳۹	۵۶	۱۷	۴۱۰۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شعبان	۱۴۰	۴۰	۶	۴۱۳۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رمضان	۱۴۱	۲۴	۱۵	۴۱۶۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شوال	۱۴۲	۸	۸	۴۱۹۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذیقعدہ	۱۴۳	۵۲	۲۰	۴۲۲۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذی الحجہ	۱۴۴	۳۶	۴	۴۲۵۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل

دور صغیر		ابتدائے دور سے	کل ماہ ۲۹-۱۲-۴۴			موجودہ ماہ کے	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
(۱۳)	محرم	۱۴۵	۲۰	۲۲	۴۲۸۱	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	صفر	۱۴۶	۴	۱۱	۴۳۱۱	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الاول	۱۴۷	۴۸	۲۳	۴۳۴۰	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الثانی	۱۴۸	۳۲	۱۲	۴۳۷۰	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الاول	۱۴۹	۱۶	۱	۴۴۰۰	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الآخر	۱۵۰	۰	۱۴	۴۴۲۹	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رجب	۱۵۱	۴۴	۲	۴۴۵۹	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۱۵۲	۲۸	۱۵	۴۴۸۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رمضان	۱۵۳	۱۲	۴	۴۵۱۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۱۵۴	۵۶	۱۵	۴۵۴۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذیقعدہ	۱۵۵	۴۰	۵	۴۵۷۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۱۵۶	۲۴	۱۸	۴۶۰۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
۱۴	محرم	۱۵۷	۸	۷	۴۶۳۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	صفر	۱۵۸	۵۲	۱۹	۴۶۶۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الاول	۱۵۹	۳۶	۸	۴۶۹۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الثانی	۱۶۰	۲۰	۲۱	۴۷۲۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاول	۱۶۱	۴	۱۰	۴۷۵۴	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الآخر	۱۶۲	۴۸	۲۲	۴۷۸۳	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۱۶۳	۳۲	۱۱	۴۸۱۳	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شعبان	۱۶۴	۱۶	۰	۴۸۴۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۱۶۵	۰	۱۳	۴۸۷۲	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شوال	۱۶۶	۴۴	۱	۴۹۰۲	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذیقعدہ	۱۶۷	۲۸	۱۴	۴۹۳۱	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذی الحجہ	۱۶۸	۱۲	۳	۴۹۶۱	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
۱۵	محرم	۱۶۹	۵۶	۱۵	۴۹۹۰	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	صفر	۱۷۰	۴۰	۴	۵۰۲۰	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الاول	۱۷۱	۲۴	۱۷	۵۰۴۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الثانی	۱۷۲	۸	۶	۵۰۷۹	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الاول	۱۷۳	۵۲	۱۸	۵۱۰۸	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الآخر	۱۷۴	۳۶	۷	۵۱۳۸	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رجب	۱۷۵	۲۰	۲۰	۵۱۶۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شعبان	۱۷۶	۴	۹	۵۱۹۷	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رمضان	۱۷۷	۴۸	۲۱	۵۲۲۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شوال	۱۷۸	۳۲	۱۰	۵۲۵۶	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذیقعدہ	۱۷۹	۱۶	۲۳	۵۲۸۵	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذی الحجہ	۱۸۰	۰	۱۲	۵۳۱۵	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار

دورِ صغیر		ابتدائے دور سے کل ماہ	منٹ گھنٹے دن — کل ماہ × ۴۴—۱۲—۲۹ =			موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	محرم	۱۸۱	۴۴	۰	۵۳۴۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۱۸۲	۲۸	۱۳	۵۳۷۴	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الاول	۱۸۳	۱۶	۲	۵۴۰۴	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الثانی	۱۸۴	۵۶	۱۴	۵۴۳۳	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الاول	۱۸۵	۴۰	۳	۵۴۶۳	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
(۱۶)	جمادی الآخر	۱۸۶	۲۴	۱۶	۵۴۹۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رجب	۱۸۷	۸	۵	۵۵۲۲	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شعبان	۱۸۸	۵۲	۱۷	۵۵۵۱	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رمضان	۱۸۹	۳۶	۶	۵۵۸۱	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شوال	۱۹۰	۲۰	۱۹	۵۶۱۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذیقعدہ	۱۹۱	۴	۸	۵۶۴۰	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذی الحجہ	۱۹۲	۲۸	۲۰	۵۶۶۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	محرم	۱۹۳	۳۲	۹	۵۶۹۹	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	صفر	۱۹۴	۱۶	۲۲	۵۷۲۸	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الاول	۱۹۵	۰	۱۱	۵۷۵۸	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الثانی	۱۹۶	۴۴	۲۳	۵۷۸۷	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الاول	۱۹۷	۲۸	۱۲	۵۸۱۷	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
۱۷	جمادی الآخر	۱۹۸	۱۲	۱	۵۸۴۷	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۱۹۹	۵۶	۱۳	۵۸۷۶	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شعبان	۲۰۰	۴۰	۲	۵۹۰۶	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۲۰۱	۲۴	۱۵	۵۹۳۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شوال	۲۰۲	۸	۳	۵۹۶۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۲۰۳	۵۲	۱۶	۵۹۹۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذی الحجہ	۲۰۴	۳۶	۵	۶۰۲۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	محرم	۲۰۵	۲۰	۱۸	۶۰۵۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	صفر	۲۰۶	۴	۷	۶۰۸۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الاول	۲۰۷	۴۸	۱۹	۶۱۱۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الثانی	۲۰۸	۳۲	۸	۶۱۴۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الاول	۲۰۹	۱۶	۲۱	۶۱۷۱	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
(۱۸)	جمادی الآخر	۲۱۰	۰	۱۰	۶۲۰۱	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رجب	۲۱۱	۴۴	۲۲	۶۲۳۰	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۲۱۲	۲۸	۱۱	۶۲۶۰	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رمضان	۲۱۳	۱۲	۰	۶۲۹۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۲۱۴	۵۶	۱۱	۶۳۱۹	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذیقعدہ	۲۱۵	۴۰	۱	۶۳۴۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۲۱۶	۲۴	۱۴	۶۳۷۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار

دَورِ صغیر		ابتدائے دورسے کل ماہ	کل ماہ × ۲۹—۱۲—۴۴ منٹ گھنٹے دن			موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ		منٹ	گھنٹے	دن		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۹	محرم	۲۱۷	۸	۲	۶۲۰۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۲۱۸	۵۲	۱۵	۶۲۳۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الاول	۲۱۹	۳۶	۴	۶۲۶۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الثانی	۲۲۰	۲۰	۱۷	۶۲۹۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الاول	۲۲۱	۴	۶	۶۳۲۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الآخر	۲۲۲	۴۸	۱۸	۶۳۵۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رجب	۲۲۳	۳۲	۷	۶۳۸۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شعبان	۲۲۴	۱۶	۲۰	۶۴۱۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رمضان	۲۲۵	۰	۹	۶۴۴۴	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شوال	۲۲۶	۴۴	۲۱	۶۴۷۳	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذیقعدہ	۲۲۷	۲۸	۱۰	۶۵۰۳	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذی الحجہ	۲۲۸	۱۲	۲۳	۶۵۳۲	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
۲۰	محرم	۲۲۹	۵۶	۱۱	۶۵۶۲	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	صفر	۲۳۰	۴۰	۰	۶۵۹۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الاول	۲۳۱	۲۴	۱۳	۶۶۲۱	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الثانی	۲۳۲	۸	۲	۶۶۵۱	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الاول	۲۳۳	۵۲	۱۴	۶۶۸۰	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الآخر	۲۳۴	۳۶	۳	۶۷۱۰	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رجب	۲۳۵	۲۰	۱۶	۶۷۳۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شعبان	۲۳۶	۴	۵	۶۷۶۹	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رمضان	۲۳۷	۴۸	۱۷	۶۷۹۸	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شوال	۲۳۸	۳۲	۶	۷۰۲۸	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذیقعدہ	۲۳۹	۱۶	۱۹	۷۰۵۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذی الحجہ	۲۴۰	۰	۸	۷۰۸۷	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
۲۱	محرم	۲۴۱	۴۴	۲۰	۷۱۱۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	صفر	۲۴۲	۲۸	۹	۷۱۴۶	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الاول	۲۴۳	۱۲	۲۲	۷۱۷۵	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الثانی	۲۴۴	۵۶	۱۰	۷۲۰۵	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الاول	۲۴۵	۴۰	۲۳	۷۲۳۴	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الآخر	۲۴۶	۲۴	۱۲	۷۲۶۴	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رجب	۲۴۷	۸	۱	۷۲۹۴	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۲۴۸	۵۲	۱۳	۷۳۲۳	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رمضان	۲۴۹	۳۶	۲	۷۳۵۳	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۲۵۰	۲۰	۱۵	۷۳۸۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذیقعدہ	۲۵۱	۴	۴	۷۴۱۲	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۲۵۲	۴۸	۱۶	۷۴۴۱	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ

دورِ صغیر سال نمبر	مہینہ	ابتدائے دور سے کل ماہ	کل ماہ × ۲۹-۱۲-۴۴ منٹ	گھنٹے	دن	موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۲	محرم	۲۵۳	۳۲	۵	۷۴۷۱	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	صفر	۲۵۴	۱۶	۱۸	۷۵۰۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الاول	۲۵۵	-	۷	۷۵۳۰	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الثانی	۲۵۶	۴۴	۱۹	۷۵۵۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاول	۲۵۷	۲۸	۸	۷۵۸۹	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الآخر	۲۵۸	۱۲	۲۱	۷۶۱۸	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۲۵۹	۵۶	۹	۷۶۴۸	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شعبان	۲۶۰	۴۰	۲۰	۷۶۷۷	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۲۶۱	۲۴	۱۱	۷۷۰۷	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شوال	۲۶۲	۸	۰	۷۷۳۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۲۶۳	۵۲	۱۲	۷۷۶۶	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذی الحجہ	۲۶۴	۳۶	۱	۷۷۹۶	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
۲۳	محرم	۲۶۵	۲۰	۱۴	۷۸۲۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	صفر	۲۶۶	۴	۳	۷۸۵۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الاول	۲۶۷	۴۸	۱۵	۷۸۸۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الثانی	۲۶۸	۳۲	۴	۷۹۱۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الاول	۲۶۹	۱۶	۱۷	۷۹۴۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الآخر	۲۷۰	۰	۶	۷۹۷۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رجب	۲۷۱	۴۴	۱۸	۸۰۰۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شعبان	۲۷۲	۲۸	۷	۸۰۳۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رمضان	۲۷۳	۱۲	۲۰	۸۰۶۱	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شوال	۲۷۴	۵۶	۸	۸۰۹۱	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذیقعدہ	۲۷۵	۴۰	۲۱	۸۱۲۰	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذی الحجہ	۲۷۶	۲۴	۱۰	۸۱۵۰	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
۲۴	محرم	۲۷۷	۸	۲۳	۸۱۷۹	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۲۷۸	۵۲	۱۱	۸۲۰۹	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الاول	۲۷۹	۳۶	۰	۸۲۳۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الثانی	۲۸۰	۲۰	۱۳	۸۲۶۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الاول	۲۸۱	۴	۲	۸۲۹۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الآخر	۲۸۲	۴۸	۱۴	۸۳۲۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رجب	۲۸۳	۳۲	۳	۸۳۵۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شعبان	۲۸۴	۱۶	۱۶	۸۳۸۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	رمضان	۲۸۵	۰	۵	۸۴۱۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شوال	۲۸۶	۴۴	۱۷	۸۴۴۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذیقعدہ	۲۸۷	۲۸	۶	۸۴۷۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذی الحجہ	۲۸۸	۱۲	۱۹	۸۵۰۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ

دور صغیر		ابتدائے دور سے کل ماہ	کل ماہ × ۲۹–۱۲–۴۴ = دن گھنٹے منٹ			موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۵	محرم	۲۸۹	۳۶	۷	۸۵۲۴	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	صفر	۲۹۰	۴۰	۲۰	۸۵۶۳	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ربیع الاول	۲۹۱	۲۴	۹	۸۵۹۳	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الثانی	۲۹۲	۸	۲۲	۸۶۲۲	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	جمادی الاول	۲۹۳	۵۲	۱۰	۸۶۵۲	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الآخر	۲۹۴	۳۶	۲۳	۸۶۸۱	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رجب	۲۹۵	۲۰	۱۲	۸۷۱۱	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شعبان	۲۹۶	۴	۱	۸۷۴۱	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۲۹۷	۴۸	۱۳	۸۷۷۰	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شوال	۲۹۸	۳۲	۲	۸۸۰۰	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۲۹۹	۱۶	۱۵	۸۸۲۹	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذی الحجہ	۳۰۰	۰	۴	۸۸۵۹	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
۲۶	محرم	۳۰۱	۴۰	۱۶	۸۸۸۸	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	صفر	۳۰۲	۲۸	۵	۸۹۱۸	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الاول	۳۰۳	۱۲	۱۸	۸۹۴۷	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الثانی	۳۰۴	۵۶	۶	۸۹۷۷	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الاول	۳۰۵	۴۰	۱۹	۹۰۰۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الآخر	۳۰۶	۲۴	۸	۹۰۳۶	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رجب	۳۰۷	۸	۲۱	۹۰۶۵	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شعبان	۳۰۸	۵۲	۹	۹۰۹۵	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رمضان	۳۰۹	۳۶	۲۲	۹۱۲۴	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۳۱۰	۲۰	۱۱	۹۱۵۴	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ذیقعدہ	۳۱۱	۴	۰	۹۱۸۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۳۱۲	۴۸	۱۲	۹۲۱۳	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
۲۷	محرم	۳۱۳	۳۲	۱	۹۲۴۳	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	صفر	۳۱۴	۱۶	۱۴	۹۲۷۲	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ربیع الاول	۳۱۵	۰	۳	۹۳۰۲	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الثانی	۳۱۶	۴۴	۱۵	۹۳۳۱	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	جمادی الاول	۳۱۷	۲۸	۴	۹۳۶۱	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الآخر	۳۱۸	۱۲	۱۷	۹۳۹۰	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	رجب	۳۱۹	۵۶	۵	۹۴۲۰	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شعبان	۳۲۰	۴۰	۱۸	۹۴۴۹	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	رمضان	۳۲۱	۲۴	۷	۹۴۷۹	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	شوال	۳۲۲	۸	۲۰	۹۵۰۸	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	ذیقعدہ	۳۲۳	۵۲	۲۸	۹۵۳۸	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذی الحجہ	۳۲۴	۳۶	۲۱	۹۵۶۷	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات

دورِ صغیر		ابتدائے دور سے کل ماہ	کل ماہ × ۲۹–۱۲–۴۴ منٹ گھنٹے دن			موجودہ ماہ کے ایام	جس دن سے مہینہ شروع ہوگا						
سال نمبر	مہینہ	کل ماہ	منٹ	گھنٹے	دن	ایام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۸	محرم	۳۲۵	۲۰	۱۰	۹۵۹۷	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	صفر	۳۲۶	۴	۲۳	۹۶۲۶	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ربیع الاوّل	۳۲۷	۴۸	۱۱	۹۶۵۶	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الثانی	۳۲۸	۳۲	۰	۹۶۸۶	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	جمادی الاوّل	۳۲۹	۱۶	۱۳	۹۷۱۵	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الآخر	۳۳۰	۰	۲	۹۷۴۵	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رجب	۳۳۱	۴۴	۱۴	۹۷۷۴	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	شعبان	۳۳۲	۲۸	۳	۹۸۰۴	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	رمضان	۳۳۳	۱۲	۱۶	۹۸۳۳	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	شوال	۳۳۴	۵۶	۴	۹۸۶۳	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ذیقعدہ	۳۳۵	۲۰	۱۷	۹۸۹۲	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذی الحجہ	۳۳۶	۲۴	۶	۹۹۲۲	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
۲۹	محرم	۳۳۷	۸	۱۹	۹۹۵۱	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	صفر	۳۳۸	۵۲	۷	۹۹۸۱	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ربیع الاوّل	۳۳۹	۳۶	۲۰	۱۰۰۱۰	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	ربیع الثانی	۳۴۰	۲۰	۹	۱۰۰۴۰	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	جمادی الاوّل	۳۴۱	۴	۲۲	۱۰۰۶۹	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	جمادی الآخر	۳۴۲	۴۸	۱۰	۱۰۰۹۹	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رجب	۳۴۳	۳۲	۲۳	۱۰۱۲۸	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	شعبان	۳۴۴	۱۶	۱۲	۱۰۱۵۸	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	رمضان	۳۴۵	۰	۱	۱۰۱۸۸	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	شوال	۳۴۶	۴۴	۱۳	۱۰۲۱۷	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	ذیقعدہ	۳۴۷	۲۸	۲	۱۰۲۴۷	۲۹	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	ذی الحجہ	۳۴۸	۱۲	۱۵	۱۰۲۷۶	۳۰	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
۳۰	محرم	۳۴۹	۵۶	۳	۱۰۳۰۶	۲۹	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	صفر	۳۵۰	۴۰	۱۶	۱۰۳۳۵	۳۰	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ربیع الاوّل	۳۵۱	۲۴	۵	۱۰۳۶۵	۲۹	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	ربیع الثانی	۳۵۲	۸	۱۸	۱۰۳۹۴	۳۰	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ
	جمادی الاوّل	۳۵۳	۵۲	۶	۱۰۴۲۴	۲۹	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	جمادی الآخر	۳۵۴	۳۶	۱۹	۱۰۴۵۳	۳۰	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار
	رجب	۳۵۵	۲۰	۸	۱۰۴۸۳	۲۹	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ
	شعبان	۳۵۶	۴	۲۱	۱۰۵۱۲	۳۰	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات
	رمضان	۳۵۷	۴۸	۹	۱۰۵۴۲	۲۹	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ
	شوال	۳۵۸	۳۲	۲۲	۱۰۵۷۱	۳۰	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
	ذیقعدہ	۳۵۹	۱۶	۱۱	۱۰۶۰۱	۲۹	اتوار	جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل
	ذی الحجہ	۳۶۰	-	-	۱۰۶۳۱	۳۰	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ

باب ۴

شمسی تقویم اور عیسوی تقویم

موجودہ دَور میں دُنیا کے اکثر ممالک میں عیسوی تقویم رائج ہے جو شمسی تقویم پر مبنی ہے جب سے یورپین اقوام برسرِ اقتدار آئی ہیں اس وقت سے عیسوی تقویم ہی بین الاقوامی تقویم کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ جبکہ اکثر ممالک میں اپنی اپنی شمسی تقاویم بھی ساتھ ساتھ چلتی ہیں مثلاً ہندوستان میں بکرمی سمت اس وقت خالص شمسی تقویم ہے۔ افغانستان میں شمسی ہجری تقویم بھی چل رہی ہے اور قمری ہجری بھی۔ علیٰ ہٰذا القیاس ایسی تقریباً ایک درجن تقاویم شمسی مختلف ممالک میں ساتھ ساتھ چل رہی ہیں۔[1]

موجودہ نظریہ ہیئت کے مطابق سورج ایک جگہ پر قائم ہے۔ البتہ اپنے محور کے گرد مزور گردش کرتا ہے اور اس کی یہ محوری گردش ۷ منٹ ۔ ۹ گھنٹے ۔ ۲۵ دن میں پوری ہوتی ہے۔ اور ہماری زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔ زمین کی گردش بھی دو قسم کی ہے۔ ایک اپنے محور کے گرد، دوسری سورج کے گرد۔ محوری گردش میں ۲۴ گھنٹے صرف ہوتے ہیں اور اس گردش سے ہمارے دن رات پیدا ہوتے ہیں بالفاظِ دیگر ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ زمین کو اپنے محور کے گرد گھومنے میں جتنا عرصہ درکار ہے اس عرصہ کو ہم نے ۲۴ گھنٹوں میں، پھر ہر گھنٹہ کو ۶۰ منٹوں میں، پھر ہر منٹ کو ۶۰ سیکنڈ میں تقسیم کر رکھا ہے۔ خطِ استوا پر زمین کا محیط تقریباً پچیس ہزار میل ہے۔ اگر زمین ۲۴ گھنٹوں اپنی محوری گردش پوری کرتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ زمین اپنے محور کے گرد تقریباً ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے مشرق سے مغرب کی طرف گھوم رہی ہے۔ اس سے ایک نتیجہ یہ بھی نکلتا ہے کہ اگر کوئی ہوائی جہاز کسی ایک مقام سے ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے طلوعِ آفتاب کے وقت

---

[1] تفصیل کے لئے رحمۃ اللعالمین ج ۲ کا آٹھواں باب از قاضی سلمان منصور پوری اور عالمی معلومات از زاہد انجم مطبوعہ فیروز سنز لاہور۔

مشرق سے مغرب کی طرف پرواز کرتا ہے۔ تو جب تک جہاز اس رفتار سے اُڑتا رہے گا طلوعِ آفتاب کا وقت ہی رہے گا۔ خواہ کتنے ہی گھنٹے گزر جائیں۔

زمین کی دوسری گردش سورج کے گرد ہے۔ سورج سے زمین کا فاصلہ ۹ کروڑ ۳۰ لاکھ میل ہے۔ لہٰذا زمین اپنے مدار پر ½۱۸ میل فی سیکنڈ یا ۶۶۶۰۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چکر لگا رہی ہے۔ یہ مدار بھی دوسرے سیاروں کے مدارات کی طرح بالکل گول نہیں بلکہ بیضوی ہے۔ اسی گردش سے زمین پر موسم پیدا ہوتے ہیں۔ اور ہر موسم کی فصل کے پکنے کے وقت کا انسان کو صحیح علم ہوتا ہے۔ موسم گرما میں دنوں کا بڑا اور راتوں کا چھوٹا ہونا اور موسم سرما میں اس سے برعکس نتائج سب اسی گردش کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اس دوری گردش کی صحیح مدّت، جو آج کے سائنسی دَور کی دقیق تحقیق کے مطابق معلوم کی گئی ہے وہ ۳۶۵ دن ۶ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ ہے۔ اور یہی مدّت شمسی سال کہلاتی ہے۔

شمسی تقویم کی تاریخ

شمسی تقویم میں ماسوائے دن کی مدّت کے کوئی بھی چیز ایسی نہیں جو انسانی دست بُرد سے آزاد رہی ہو۔ اور دن کا تعلق تو شمسی اور قمری تقویم میں مشترکہ ہے لہٰذا یہ بھی کوئی قابلِ ذکر خوبی نہیں رہتی۔ انسان زمانہ قدیم سے جو کچھ شمسی سال کے متعلق زیادہ سے زیادہ سمجھ سکا وہ یہ تھا کہ شمسی سال ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے۔ اور زمانہ قبل مسیح کے شمسی کیلنڈر اسی حساب سے چلتے رہے ہیں۔ شمسی سال میں نہ تو مہینوں کے دنوں کی تعداد معین ہے اور نہ سال کے مہینوں کی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان دونوں چیزوں میں بارہا تغیر و تبدل ہوتا رہا ہے اور آئندہ بھی ہونے کا امکان ہے۔ شمسی تقویم میں مہینوں کے دنوں میں چار دن تک کا تفاوت تو آج بھی موجود ہے۔ خواہ یہ تقویم عیسوی ہو یا بکرمی یا کوئی اور۔ البتہ یہ اتفاق کی بات ہے کہ آج کے دَور میں اکثر شمسی تقاویم ۱۲ مہینوں پر اتفاق رکھتی ہیں۔ اگرچہ آئندہ دَور میں یہ بات بھی پُوری ہوتی نظر نہیں آرہی۔

شمسی تقویم میں مہینہ کے دنوں کی تعداد اور سال کے مہینوں کی تعداد انسان کی خود ساختہ ہوتی ہے۔ اس لئے اس میں ہر صورت ممکن ہے۔ مثلاً آپ چاہتے ہیں کہ سال ۱۰ ماہ کا ہوتا چاہیئے تو اس کی آسان صورت یہ بھی ہے کہ آپ ۵ ماہ ۳۶ دن کے شمار کر لیجئے باقی ۵ ماہ ۳۷ دنوں کے۔ اس طرح سال کے ۳۶۵ دن پُورے ہو جائیں گے۔ اسی طرح اگر آپ اپنے سال کو ۱۴ ماہ کا بنانا چاہیں تو ۱۳ ماہ ۲۶ دنوں کے اور چودھواں ماہ ۲۷ دن کا بنا لیجئے تو ۳۶۵ دن

پورے ہو جائیں گے اسی طرح اگر ۶ ماہ ۲۵ دن کے ساتواں ۲۶ دن کا اور باقی ۷ ماہ ستائیس دن کے مقرر کر لیجئے تو بھی ۳۶۵ دن پورے ہو جائیں گے۔ اس طرح ہم کسی وقت بھی حسب ضرورت یا خواہش مہینوں اور دنوں کی تعداد میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ قمری تقویم میں ایسی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ شمسی تقویم پر ایسے کئی دَور گزرے ہیں جب کہ سال ۱۰ ماہ، ۱/۲ ۱۰ ماہ، ۱۲ ماہ اور ۱۴ ماہ کا رہا ہے اور دنوں کی تعداد بھی مہینوں کی تعداد کی نسبت سے کم و بیش کر لی جاتی تھی۔

عیسوی تقویم کی داستان

موجودہ عیسوی سنہ ابتداءً رومن کیلنڈر کہلایا۔ ۷۵۳ ق م میں جب رومیوں نے اپنے مشہور شہر "روم" کی بنیاد رکھی تو اسی روز سے اپنے کیلنڈر کا آغاز کیا ان کا سال ۳۰۴ دن کا ہوتا تھا اور سال دس مہینوں پر مشتمل تھا اور مارچ ان کا پہلا مہینہ تھا۔ عیسوی تقویم میں یہ مسئلہ بھی مختلف فیہ رہا ہے کہ عیسوی سال کو کس ماہ سے شروع کیا جائے۔ کہیں یہ سال مارچ سے شروع ہوا تو کہیں ستمبر سے، کہیں ایسٹر سے شروع ہوا تو کہیں کرسمس سے۔ آخر ۱۷۵۲ء میں انگلستان نے اس سال کا آغاز جنوری سے[1] کیا تو اب یورپ و امریکہ میں اس سال کا آغاز اس مہینے سے ہی تسلیم کر لیا گیا ہے۔

رومنوں کے سال کے دس ماہ کا ہونے کی اس سے بڑھ کر کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ آخری چار مہینوں ستمبر، اکتوبر، نومبر اور دسمبر کے معنی ہی ساتواں، آٹھواں، نواں اور دسواں ماہ ہے جیسا کہ ہم پہلے تفصیل سے لکھ چکے ہیں۔ بعد ازاں رومنوں نے جنوری اور فروری کے دو ماہ کا اضافہ کر کے سال کے بارہ ماہ بنائے لیکن اس وقت بھی ان کا سال ۳۵۵ دن کا تھا۔ یعنی قمری سال کے تقریباً برابر تھا۔ مہینے بھی قمری سال جتنے ہی بنا لئے گئے۔ سات سو سال بعد شہنشاہ جولیس سیزر (م ۴۴ ق م جس کے نام سے جولائی کے مہینہ کی نسبت قائم کی گئی ہے) نے محسوس کیا کہ اس کیلنڈر میں کافی گڑبڑ پیدا ہو چکی ہے۔ چنانچہ اس نے ایک مصری ماہر فلکیات کی مدد سے اس کیلنڈر میں اصلاح کر دی۔ سال کے ۳۶۵ دن مقرر کئے گئے اور ہر چوتھے سال فروری کے مہینہ میں ایک دن کا اضافہ کر دیا گیا جسے لیپ کا سال کہا گیا۔ اب یہی کیلنڈر جولیس کی نسبت کی بناء پر رومن کے بجائے جولین کیلنڈر کہلانے لگا۔ جولیس سیزر کی پیدائش کا مہینہ بھی یہی ہے اور اسی کے حکم سے سال کا آغاز جنوری سے کیا گیا تھا اور یہ اصلاحات ۴۶ ق م میں کی گئیں۔

جولیس سیزر کے بعد اس کے متبنیٰ اور ولیعہد آگسٹس (۶۳ ق م تا ۱۴ء) نے اپنے عہد میں عیسوی کیلنڈر میں ترمیم کی۔ عیسوی سال کا آٹھواں مہینہ اگست اسی کے نام سے منسوب ہے۔

[1] رحمۃ للعالمین ج ۱ ص ۳۵۔

یہ ترمیم ۳۲۵ئہ میں ہوئی تھی۔ پھر ۷۹۹ء میں اور اس کے بعد ۱۴۷۷ عیسوی میں اور بالآخر ۱۵۸۲ء میں پوپ گریگوری کے حکم سے اس کیلنڈر میں ترمیم کر کے دس دن کا اضافہ کیا گیا۔ اس کے تحت ۴ر اکتوبر ۱۵۸۲ء کو جمعرات کا دن تھا تو اس سے دوسرے دن یعنی جمعہ کو ۵ کے بجائے ۱۵ر اکتوبر شمار کی گئی۔ گریگوری کی یہ ترمیم تمام ممالک نے یک لخت قبول نہیں کی۔ بلکہ بتدریج یہ ترمیم مقبول ہو سکی۔ سب سے آخر میں انگلستان نے ۱۷۵۲ء میں اسے قبول کیا۔ تو اب اسے دس دن کے بجائے گیارہ دن کا اضافہ کرنا پڑا۔ ۲ر ستمبر ۱۷۵۲ء بروز بدھ مطابق ۳ر ذیقعد ۱۱۶۵ھ کے بعد اگلے دن یعنی ۴ ذی قعدہ ۱۱۶۵ھ بروز جمعرات کو ۳ر ستمبر کے بجائے ۱۴ر ستمبر قرار دیا گیا۔ اب یہی کیلنڈر گریگوری کی نسبت سے گریگورین یا جارجین کیلنڈر کہلاتا ہے۔

اس کیلنڈر میں جن ترامیم کا اوپر ذکر کیا گیا وہ ایسی ہیں جو صفحات تاریخ میں ثبت ہو چکی ہیں۔ ورنہ حقیقتاً کتنی بار ترامیم ہوئیں یہ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ اس تقویم میں سے کبھی ۸ دن کم کیے گئے کبھی دس دن اور کبھی بیس دن نکالے گئے کبھی چودہ مہینوں کا سال شمار ہوا اور کبھی ساڑھے دس ماہ کا۔ مزید حیرت کی بات یہ ہے کہ سنہ عیسوی حضرت مسیحؑ کی پیدائش سے شروع کیا گیا تھا۔ مگر زمانہ حال کے محققین نے تسلیم کیا ہے کہ حضرت مسیحؑ کی ولادت اس سے چار سال پہلے کی ہے۔ دنوں کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے۔ قدیم حساب کے مطابق یکم جنوری ۱ئہ کو ہفتہ کا دن قرار دیا گیا تھا۔ یعنی سوموار کا دن ۳ر جنوری ۱ئہ کو تھا۔ مگر جدید حساب کی رو سے یکم جنوری ۱ئہ کو سوموار قرار دیا گیا ہے۔

ان سب باتوں کا حل یہ نکالا گیا کہ ۱۵۸۲ء کی ترمیم کے بعد جو صورت سال کی بنی اس کو حقیقی مان کر ماقبل کی تاریخوں کو اسی حساب سے مرتب کر لیا گیا۔ مثلاً جس سال نومبر پر سال ختم کیا گیا تھا یا جس سال جولائی پر سال ختم ہوا تھا ان سب کو جنوری سے دسمبر تک بارہ مہینوں کا سال شمار کر لیا گیا۔[۱]

عیسوی تقویم میں پیوندکاری یا لیپ کا سلسلہ

ہم پہلے بتلا چکے ہیں کہ شمسی سال کی مدت ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ[۲] ہے۔ اب ان کسور کو کامل دنوں میں تبدیل کرنے کے لئے لیپ کا لامتناہی سلسلہ چل نکلا ہے جو ۴۰۰ سال تک بھی صحیح طور پر پورا

[۱] تقویم تاریخی از عبدالقدوس ہاشمی۔ مقدمہ ص ن

[۲] اس سے بھی زیادہ صحیح ترین حساب کے مطابق ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۶.۰۴۶۲۴ سیکنڈ۔

نہیں ہوتا۔ عام سال تو ۳۶۵ دن کا ہی شمار کیا جاتا ہے۔ لیکن چوتھا سال لیپ کا ۳۶۶ دن کا ہوتا ہے۔ ۴۶ سیکنڈ کو اگر درخورِ اعتنا نہ بھی سمجھا جائے تو چار سالوں میں $\frac{۴۸}{۶۰}$ ۵ یا $\frac{۲۹}{۵}$ گھنٹے × ۴ = $\frac{۱}{۵}$ ۲۳ گھنٹے کے بجائے ۲۴ گھنٹے کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ گویا چار سال میں $\frac{۴}{۵}$ گھنٹے کا اضافہ ہو گیا۔ اس اضافہ کو ختم کرنے کے لئے یہ تجویز ہوا کہ ہر عام صدی جس کا اصل ہندسہ ۴ پر تقسیم نہ ہوتا ہو اسے عام سال ہی قرار دے کر ۳۶۵ دن کا سمجھا جائے اس طرح $\frac{۴}{۵}$ × ۲۴ = $\frac{۹۶}{۵}$ گھنٹے کے بجائے ۲۴ گھنٹے کم ہو گئے $\frac{۴}{۵}$ گھنٹے خواہ مخواہ ہی مزید کم ہو گئے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے یہ طے ہوا کہ جس صدی کا اصل ہندسہ ۴ پر تقسیم ہو جاتا ہے وہ لیپ کا سال سمجھا جائے۔ اس طرح کسی حد تک یہ حساب پورا ہو جاتا ہے مگر مکمل پھر بھی نہیں ہوتا۔ اب اندازہ کیا جا رہا ہے کہ ہر ۴۰۰۰ سال بعد[۱] ایک دن مزید کم کرنا پڑے گا۔

نیا عالمی کیلنڈر اتنی ترمیمات اور محنتوں اور اصلاحات کے بعد بھی گریگورین کیلنڈر پر —— جو کہ آج کل تقریباً تمام دُنیا میں رائج ہو چکا ہے۔ عدم اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اس کیلنڈر پر ایک اعتراض تو یہ ہے کہ اس کے مہینوں کے ایّام میں بہت زیادہ یعنی چار دن تک کا تفاوت موجود ہے۔ جس سے ملازمین کی تنخواہوں اور دوسرے حسابات میں کئی طرح کی الجھنیں پیش آتی ہیں۔ دوسرے یہ کہ اس کیلنڈر میں کوئی بھی ماہ و سال کسی خاص دن سے شروع نہیں ہوتا۔ لہٰذا ایک نیا عالمی کیلنڈر (WORLD CALENDER) زیرِ تجویز ہے جس کے اہم نکات یہ ہیں :-

(۱) یہ سال ۱۲ ماہ کا ہوگا اور اسے ۴ سہ ماہیوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

(۲) ہر سہ ماہی کا پہلا دن اتوار اور پہلا مہینہ ۳۱ دن کا ہوگا۔ باقی دو مہینے ۳۰، ۳۰ دن کے ہوں گے۔ گویا ایک سہ ماہی کے دن ۳۱ + ۳۰ + ۳۰ = ۹۱ ہوں گے۔ یہ ہندسہ ۷ پر پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اگلی سہ ماہی کا پہلا دن لازماً اتوار ہی ہوگا۔

(۳) چار سہ ماہیوں کی مدت ۹۱ × ۴ = ۳۶۴ دِن بنتی ہے۔ لہٰذا ۳۰ دسمبر بروز ہفتہ اور اگلے سال کی یکم جنوری بروز اتوار کے درمیان ایک دن (۳۶۵ واں دن) یومِ تعطیل قرار دیا جائے گا۔ اس دن کا نہ کوئی نام ہوگا اور نہ ہی کوئی تاریخ ہوگی۔ گویا یہ بالکل فالتو دن ہوگا۔

---

[۱] انسائیکلو پیڈیا فیروز سنز زیرِ عنوان کیلنڈر۔

(۴) ہر لیپ کا سال خواہ عام سال ہو یا لیپ والی صدی ہو ۳۶۶ دن کا ہوگا اور اس کی صورت یہ ہوگی کہ اس سال ۳۰ جون بروز ہفتہ اور یکم جولائی بروز اتوار کے درمیان حسب طریق بالا بلا نام اور تاریخ ایک دن کا اضافہ کیا جائے گا اور یہ بھی یوم تعطیل ہوگا، یعنی لیپ کے سال میں دو اضافی دن ہوں گے۔

اس مجوزہ کیلنڈر میں درج ذیل خوبیاں پائی جاتی ہیں:۔

(۱) مہینوں کے ایام میں تفاوت کم ہو جائے گا، یعنی صرف ایک دن کا فرق رہ جائے گا۔

(۲) ہر سال اور ہر سہ ماہی اتوار کو شروع ہوا کرے گی۔

(۳) ہر ماہ کے ایام کار ۲۶ دن ہی رہیں گے کیونکہ ۳۱ دن والے مہینوں میں پانچ اتوار آتے ہیں اور باقی مہینوں میں چار۔

تبصرہ مندرجہ بالا نیا کیلنڈر انقلاب فرانس کے بعد فرانس میں مزید غور و فکر کے لئے پیش کیا گیا مگر مقبول نہ ہو سکا۔ اس کے علاوہ ۱۹۲۹ء میں روس میں بھی ایک نئے کیلنڈر کی تجویز پیش ہوئی۔ اس کیلنڈر میں ہر ماہ ۳۰ دن کا جس میں ۶ ہفتے تجویز کئے گئے اور ہر ہفتہ ۵ دن کا تھا۔ یہ کیلنڈر بھی مقبول نہیں ہو سکا۔ ماہرین نے ان کیلنڈروں کو کیوں پسند نہ فرمایا یہ تو ہمیں معلوم نہیں البتہ ہماری نظر میں ان کی خوبیاں تو کسی خاص اہمیت کی حامل نہیں۔ لیکن خرابیوں میں مزید اضافہ کا امکان ہے مثلاً

(i) موجودہ کیلنڈر میں جو لیپ کا سلسلہ ۴۰۰ سال تک پھیلتا چلا گیا ہے وہ بدستور قائم رہے گا اور ۴ ہزار سال کے بعد جو فرق موجودہ کیلنڈر میں ہے وہ اس میں موجود رہے گا۔

(ii) کسی دن کو کوئی نام اور تاریخ نہ دینا معمولاتِ زندگی کے کئی شعبوں میں گڑبڑ پیدا کر سکتا ہے۔

(iii) اسلامی ممالک میں اس کیلنڈر کی حیثیت بہت حد تک کم ہو جائے گی۔ ان کے جمعہ کے دن کو مصنوعی طریقوں سے آگے پیچھے کر لینے کو گوارا نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ قرآن کی رُو سے یہ ناجائز ہے۔

(iv) کسی معینہ عیسوی تاریخ کو دن معلوم کرنے کا جو طریقہ رائج ہے اس میں مزید اُلجھن پیدا ہو جائے گی۔ لہٰذا ہمارے خیال کے مطابق اس کیلنڈر کو عام قبولیت حاصل نہ ہو سکے گی۔

سن عیسوی کی کسی معینہ تاریخ کو دن معلوم کرنیکے طریقے

عیسوی تقویم کے مبادیات

(۱) موجودہ دور میں عیسوی سال کے بارہ ماہ مقرر ہیں اور مہینوں کے ایام، اور سال کے آغاز کا مہینہ جو مقرر کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں :-

جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون
۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰
جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
۳۱	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱

(۲) ہر سال جو ۴ پر تقسیم ہوجائے وہ لیپ کا سال کہلائے گا۔ اس سال ماہ فروری کے ۲۸ کے بجائے ۲۹ دن ہوں گے اور یہ سال ۳۶۵ دن کی بجائے ۳۶۶ دن کا شمار ہوگا۔ مثلاً ۱۹۸۴ء یا ۱۳۵۲ء ۳۶۶ دن کے ہوں گے۔

(۳) ہر وہ صدی جس کا ہندسہ ۴ پر تقسیم نہیں ہوتا عام صدی کہلائے گی اور اس کے دن عام سال کی طرح ۳۶۵ دن ہوں گے، مثلاً ۱۳۰۰ یا ۱۸۰۰ میں ۱۳ اور ۱۸ کے ہندسے چونکہ ۴ پر تقسیم نہیں ہوتے لہٰذا یہ سال ۳۶۵ دن کے ہوں گے۔

(۴) جس صدی کا ہندسہ ۴ پر تقسیم ہوجائے وہ لیپ کی صدی ہوگی۔ مثلاً ۸۰۰ء یا ۱۲۰۰ء ایسی صدی کے دن ۳۶۶ ہوں گے۔

اس طریقۂ کار سے :

(الف) ایک سال کے دن = ۳۶۵

(ب) ۴ سال کے دن = (۴×۳۶۵)+۱ = ۱۴۶۱

(ج) ۱۰۰ سال کے دن = (۲۵×۱۴۶۱)-۱ = ۳۶۵۲۴

(د) ۴۰۰ سال کے دن = (۴×۳۶۵۲۴)+۱ = ۱۴۶۰۹۷ بنتے ہیں۔

دن معلوم کرنے کا طریقہ

موجودہ عیسوی کیلنڈر میں ہفتے کا پہلا دن سوموار اور آخری دن اتوار قرار دیا گیا ہے۔ نیز

یہ کہ یکم جنوری سلہء کو سوموار کا دن تھا۔ گویا یکم جنوری سلہء ہفتے کا پہلا دن تھا۔ لہٰذا ہم کسی معینہ تاریخ کو دن معلوم کرنے کے لئے درج ذیل اقدامات اختیار کریں گے۔

(۱) ہر چار سو سال کے دن ۱۴۶۰۹۷ ہوتے ہیں اور یہ عدد ۷ پر پورا تقسیم ہو جاتا ہے اور ۲۰۸۷۱ مکمل ہفتے بن جاتے ہیں، گویا ہر ۴۰۰ سال کا آخری دن اتوار ہوگا اور ۴۰۰ سال کے لئے صفر کا ہندسہ لیں گے۔

(۲) ہر عام صدی کے ۳۶۵۲۴ دن ہوتے ہیں۔ ۷ پر تقسیم کرنے سے ۵۲۱۷ ہفتے بنتے ہیں اور ۵ دن بچ جاتے ہیں۔ لہٰذا ہر عام صدی کے لئے ہم ۵ کا ہندسہ لیں گے۔

(۳) ہر عام سال کے ۳۶۵ دن ہوتے ہیں۔ ۷ پر تقسیم کرنے سے ۵۲ ہفتے بنتے ہیں۔ اور ایک دن بچتا ہے۔ لہٰذا ہر سال کے لئے ایک کا ہندسہ لیا جائے گا اور ہر لیپ کے سال کے لئے ایک کا ہندسہ مزید جمع کیا جائے گا۔

(۴) اس کے بعد رواں سال کے گزشتہ مہینوں کے دنوں کا شمار اس طریق سے ہوگا۔ جنوری کے لئے ۳ دن (۳۱ کو ۷ پر تقسیم کرنے سے ۳ باقی بچتا ہے)، فروری عام سال ۰، لیپ کا سال ۱ دن، مارچ ۳ دن، اپریل ۲ دن، علیٰ ہٰذا القیاس مطلوبہ دن تک شمار کیا جائے گا۔

(۵) بعدازاں ان سب مدات سے بچے ہوئے دنوں کو جمع کرکے پھر ۷ پر تقسیم کیا جائے۔ اگر ایک بچے تو سوموار، ۲ بچیں تو منگل، علیٰ ہٰذا القیاس اگر ۰ بچے تو اتوار کا دن ہوگا۔

اب مندرجہ بالا طریق کی رو سے درج ذیل مثالیں ملاحظہ فرمائیے۔

مثال ۱:۔ ۱۶ فروری ۱۳۸۲ء کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (۱) یہ تو ہم جانتے ہیں کہ ہر ۴۰۰ سال کے لئے ۰ دن شمار ہوگا۔

لہٰذا ۱۲۰۰ سال کے لئے = ۰ دن

(۲) اب صرف ایک صدی (تیرھویں) باقی رہتی ہے۔ اور ہر عام صدی کے لئے ۵ دن شمار کرنے ہیں۔ ۱۰۰ سال کے لئے = ۵ دن

(۳) ۸۱ گزشتہ سالوں کے لئے

ایک دن فی سال کے حساب سے = ۸۱ دن

اور درمیانی لیپ کے سال کے حساب سے = ۲۰ کل ۱۰۱ دن

= ۷ پر تقسیم کرنے کے بعد باقی = ۳ دن

(۴) ماہ جنوری کے ۳۱ دن ۷ پر تقسیم کرنے کے بعد باقی = ۳ دن

ماہ فروری کے ۱۶ دن ۷ پر تقسیم کرنے کے بعد باقی = ۲ دن

کل دن = ۱۳ دن

(۵) ۷ پر تقسیم کرنے سے باقی ۶ دن بچتے ہیں لہٰذا مطلوبہ تاریخ کو ہفتہ کا دن ہوگا۔

مثال ۲:۔ ۲۳ ستمبر ۱۹۷۶ کو کون سا دن تھا؟

اب ہم طریق بالا کو مزید مختصر کریں گے:

(i) ۱۶۰۰ کے لئے = ۰ دن

(ii) ۳۰۰ کے لئے (۵×۳) = ۱۵ = ۱ دن

(iii) ۷۵ سال کے لئے عام دن ۷۵

لیپ ۱۸

کل ۹۳ = ۲ دن

(iv) جنوری ـ فروری (لیپ) ـ مارچ ـ اپریل ـ مئی
۳ + ۱ + ۳ + ۳ + ۳
جون ـ جولائی ـ اگست ـ ستمبر
۲ + ۳ + ۳ + ۲ (یا ۲۳) = ۲۲ = ۱

کل دن = ۴

(۷) لہٰذا مطلوبہ تاریخ کو جمعرات کا دن ہوگا

مثال ۳:۔ ۲۴ اپریل ۲۱۷۸ کو کون سا دن ہوگا؟

حل:۔ (i) ۲۰۰۰ سال کے لئے = ۰ دن

(ii) ۱۰۰ سال کے لئے = ۵ دن

(iii) ۷۷ سال کے لئے عام ۷۷

لیپ ۱۹

۹۶ = ۵ دن

(iv) جنوری فروری مارچ اپریل
۳ ۰ ۳ (۲۴ یا) ۳ = ۹ یا ۲ دن

کل دن = ۱۲ دن

(۷) یا ۵ دن باقی ۔ لہٰذا مطلوبہ تاریخ کو جمعہ کا دن ہوگا ۔

نوٹ :۔ شمسی تقویم میں ۲۸ سال کا دورِ صغیر شمار کیا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر ۲۸ سال بعد پہلے سے دن آجاتے ہیں ۔ مثلاً یکم مارچ ۶۱۲ کو اگر اتوار ہے تو یکم مارچ ۶۴۰، ۶۶۸، ۶۹۶ کو بھی اتوار ہی ہوگا اور تمام مہینوں کی تاریخوں کے وہی دن آئیں گے جو پہلے آئے تھے ۔ گویا تاریخ اپنے آپ کو دہرانا شروع کر دیتی ہے ۔ لیکن یہ سلسلہ ایک صدی کے اندر اندر ہی چل سکتا ہے، کیونکہ صدی کے بعد پھر ایک دن کم ہوجاتا ہے ۔ لہٰذا اس دورِ صغیر کی تعیین نہ تو کسی معینہ عیسوی تاریخ کا دن نکالنے میں ممد ثابت ہوتی ہے ۔ اور نہ ہی ہجری تقویم کو عیسوی یا عیسوی کو ہجری کے مطابق کرنے میں کام آسکتی ہے ۔ دن معلوم کرنے کے لیے اگر اسے استعمال کریں تو یہ طریق ایک درجہ اور لمبا ہوجاتا ہے ۔ لہٰذا اس طریقِ کار کو عمداً چھوڑ دیا گیا ہے ۔

۲۔ بذریعہ دائمی عیسوی کیلنڈر

سامنے کا نقشہ دراصل سابقہ طریقہ کی ہی مختصر ترین صورت ہے ۔

اس نقشہ کی مدد سے کسی بھی عیسوی تاریخ کا دن معلوم کیا جا سکتا ہے ۔ جس کے اقدامات درج ذیل ہیں :۔

(i) سب سے پہلے صدیوں کے اوپر کا موٹا ہندسہ لیجئے ۔

(ii) پھر سالِ رواں چھوڑ کر باقی ہندسہ سالوں کے نقشہ میں دیکھ کر اسکے دائیں طرف کا موٹا ہندسہ لے لیجئے ۔

(iii) پھر ماہِ رواں کو چھوڑ کر مہینوں کے نیچے لکھے ہوئے ہندسوں کو جمع کر لیجئے ۔ اگر سال رواں لیپ کا سال ہے تو فروری کا ایک لیا جائے گا ورنہ کچھ نہیں ۔

(iv) اب (i) اور (ii) اور (iii) کو جمع کر کے اس میں معینہ تاریخ بھی جمع کر دیجئے ۔

(v) حاصل جمع کو ۷ پر تقسیم کیجئے ۔ اگر ایک بچے تو سوموار، دو بچیں تو منگل علیٰ ہٰذا القیاس اگر صفر بچے تو اتوار کا دن ہوگا ۔

اب ہم اس طریقہ سے پہلی ہی تین مثالوں کو حل کریں گے تاکہ ساتھ کے ساتھ پڑتال بھی ہوجائے ۔

صدیاں	۵	۳	۱	۰
	۱	۲	۳	۴
	۵	۶	۷	۸
	۹	۱۰	۱۱	۱۲
	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
سال	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
↓	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۱	۱	۲۹	۵۷	۸۵
۲	۲	۳۰	۵۸	۸۶
۳	۳	۳۱	۵۹	۸۷
۵	۴	۳۲	۶۰	۸۸
۶	۵	۳۳	۶۱	۸۹
۰	۶	۳۴	۶۲	۹۰
۱	۷	۳۵	۶۳	۹۱
۳	۸	۳۶	۶۴	۹۲
۴	۹	۳۷	۶۵	۹۳
۵	۱۰	۳۸	۶۶	۹۴
۶	۱۱	۳۹	۶۷	۹۵
۱	۱۲	۴۰	۶۸	۹۶
۲	۱۳	۴۱	۶۹	۹۷
۳	۱۴	۴۲	۷۰	۹۸
۴	۱۵	۴۳	۷۱	۹۹
۶	۱۶	۴۴	۷۲	مہینے
۰	۱۷	۴۵	۷۳	
۱	۱۸	۴۶	۷۴	جنوری ۳
۲	۱۹	۴۷	۷۵	فروری ۰/۱
۴	۲۰	۴۸	۷۶	مارچ ۳
۵	۲۱	۴۹	۷۷	اپریل ۲
۶	۲۲	۵۰	۷۸	مئی ۳
۰	۲۳	۵۱	۷۹	جون ۲
۲	۲۴	۵۲	۸۰	جولائی ۳
۳	۲۵	۵۳	۸۱	اگست ۳
۴	۲۶	۵۴	۸۲	ستمبر ۳
۵	۲۷	۵۵	۸۳	اکتوبر ۳
۰	۲۸	۵۶	۸۴	نومبر ۲

مثال ۱:۔ ۱۶ر فروری ۱۳۸۲ء کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (i) ۱۳ (صدیوں) کے اوپر موٹا ہندسہ = ۵

(ii) ۸۱ (سال) کے دائیں طرف موٹا ہندسہ = ۳

(iii) جنوری کے نیچے کا ہندسہ = ۳

(iv) ۵ + ۳ + ۳ + ۱۶ (معینہ تاریخ) = ۲۷

(v) ۲۷ کو ۷ پر تقسیم کرنے سے ۶ بچتے ہیں لہٰذا

معینہ دن = ہفتہ جواب درست ہے۔

مثال ۲:۔ ۲۳ر ستمبر ۱۹۷۶ء کو کون سا دن تھا؟

حل:۔ (i) ۱۹ کے اوپر کا موٹا ہندسہ = ۱

(ii) ۷۵ کے دائیں طرف کا موٹا ہندسہ =

(iii) اگست تک مہینوں کے نیچے کے ہندسوں کی گنتی

جنوری فروری مارچ اپریل مئی جون جولائی اگست =

۳ ۱ ۳ ۲ ۳ ۲ ۳ ۳

(iv) ۱ + ۲ + ۲۰ + ۲۳ = ۴۶

(v) ۴۶ کو ۷ پر تقسیم کرنے سے باقی = ۴

سوموار سے شروع کرنے سے مطلوبہ دن = جمعرات

جواب درست ہے۔

مثال ۳:۔ ۲۴ر اپریل ۲۱۷۸ء کو کون سا دن ہوگا؟

(i) ۲۱ کے اوپر = ۵

(ii) ۷۷ کے دائیں طرف = ۵

(iii) مارچ تک گنتی = ۳ + ۰ + ۳ = ۶

(iv) ۵ + ۵ + ۶ + ۲۴ = ۴۰

(v) ۴۰ کو ۷ پر تقسیم کرنے سے باقی = ۵

لہٰذا مطلوبہ دن = جمعہ جواب درست ہے۔

باب ۵

ہجری اور عیسوی سنین میں مطابقت کے طریقے

آج کل دُنیا کے بیشتر ممالک میں عیسوی تقویم ہی رائج ہے لیکن اسلامی تاریخ میں عموماً ہجری سنین اور تاریخیں ہی ملتی ہیں۔ کسی تحقیقی کام کے لئے مصنف یا مورخ کی ایک اہم ضرورت یہ بھی ہے کہ وہ کسی ہجری تاریخ کے مطابق عیسوی تاریخ کا اور عیسوی تاریخ کے سامنے ہجری تاریخ کا صحیح تعین کر سکے۔ اس غرض کے لئے اگرچہ بازار میں کچھ تقابلی تقاویم بھی دست یاب ہیں۔ مگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایسے طریقے معلوم کر سکیں جن سے ہجری اور عیسوی سنین اور ان کی تاریخوں کو مطابق کیا جا سکے۔ پچھلے ابواب میں ہم ہجری اور عیسوی تقویم کے متعلق ابتدائی معلومات درج کر چکے ہیں۔ اب ہم ان سنین میں مطابقت کے طریقے درج کرتے ہیں۔

۱۔ دنوں کی گنتی کے طریقے سے

یہ تو ہم بتلا چکے ہیں کہ :

(۱) شمسی ایک سال = ۳۶۵ دن

اور ۴ سال = ۱۴۶۱ دن

اور ۱۰۰ سال = ۳۶۵۲۴ دن

اور ۴۰۰ سال = ۱۴۶۰۹۷ دن کے ہوتے ہیں۔

گویا شمسی سالوں میں ۴۰۰ سال تک لیپ کا سلسلہ چلتا رہتا ہے

(۲) اور یہ بھی بتا چکے ہیں کہ

قمری ایک سال عام = ۳۵۴ دن

اور ۳۰ سال = ۱۰۶۳۱ دن کے ہوتے ہیں۔

نیز ۳۰ سالوں میں سال نمبر ۲ ، ۵ ، ۷ ، ۱۰ ، ۱۳ ، ۱۶ ، ۱۸ ، ۲۱ ، ۲۴ ، ۲۶ ، ۲۹ لیپ کے ہوتے ہیں گویا قمری سالوں میں لیپ کا سلسلہ ۳۰ سال میں ختم ہوجاتا ہے۔

(۳) سنین کی تبدیلی کے سلسلے میں تیسری بات یاد رکھنے کے قابل یہ ہے کہ یکم محرم الحرام ۱ھ کو ۱۶ جولائی ۶۲۲ء تھا۔ اب اگر ۱۶ جولائی ۶۲۲ء تک مندرجہ بالا طریق سے دنوں کا شمار کیا جائے تو ۲۲۷۰۱۱ دن حاصل ہوتے ہیں۔

پہلے ۴۰۰ سال کے دن	= ۱۴۶۰۹۷	
اگلے ۲۰۰ سال کے دن	= ۷۳۰۴۸	(۲ × ۳۶۵۲۴)
اگلے ۲۱ سال کے دن	= ۷۶۷۰	(۲۱ × ۳۶۵) + ۵ لیپ
۱۵ جولائی تک دن	= ۱۹۶	
کل	= ۲۲۷۰۱۱	

لیکن قاضی سلیمان صاحب منصور پوری، صاحب "رحمۃ للعالمین" نے جلد دوم میں پوری تحقیق کے بعد یہ دن ۲۲۷۰۱۴ شمار کیے ہیں اور دورِ جدید کے حساب سے بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے جس کی تفصیل ہم تیسرے حصہ میں درج کر رہے ہیں۔

(الف) ہجری تاریخ کو عیسوی میں تبدیل کرنا

مندرجہ بالا تصریحات کی روشنی میں کسی ہجری تاریخ کو عیسوی میں بدلنے کے لئے درج ذیل اقدامات کیجئے۔

طریقہ:۔ (i) رواں سال کو چھوڑ کر باقی سالوں کو ۳۰ پر تقسیم کرکے کل دورِ صغیر اور باقی سال معلوم کیجئے۔

(ii) دورِ صغیر کی تعداد کو ۱۰۶۳۱ سے ضرب دے کر دن معلوم کیجئے۔

(iii) باقی سالوں کو ۳۵۴ سے ضرب دے کر ان میں لیپ کے دنوں کا اضافہ کر لیجئے۔

(iv) اب رواں سال کے محرم سے معینہ تاریخ تک دن شمار کر لیجئے۔

(v) (ii)، (iii) اور (iv) سب کو جمع کر لیجئے۔ یہ ہجری کل دن ہیں۔

(vi) اب ان میں ۲۲۷۰۱۴ دن جمع کر لیجئے تو یہ عیسوی دن بن جائیں گے۔

(vii) اس کل میزان کو ۳۶۵ پر تقسیم کیجئے اور حاصل قسمت کے لیپ کے سال معلوم کیجئے جو کہ ہر ۴۰۰ سال میں ۹۷ دن ہوتے ہیں اور ایک صدی میں ۲۴ - بعد میں ہر چوتھا سال لیپ کا۔

(viii) یہ لیپ کے دن باقی میں سے تفریق کر دیجئے کیونکہ یہ دن بھی حاصل قِسمت والے سالوں میں شمار ہو چکے ہیں۔

(ix) اب جو باقی بچے یہ رواں سال کے دن ہیں۔ انہیں جنوری سے شمار کر کے مطلوبہ تاریخ معلوم کر لیجئے۔ حاصل قِسمت والے سال آپ پہلے ہی معلوم کر چکے ہیں۔ اس سے اگلا سال ہی مطلوبہ سنہ ہوگا۔

اب ہم چند مثالوں کے ذریعے اس طریق سے سوال حل کرتے ہیں۔

مثال ۱: - ۲۲ رجمادی الثانی ۱۰۸۲ھ کو کون سی عیسوی تاریخ تھی؟

حل: - (i) ۱۰۸۱ ÷ ۳۰ = ۳۶ × ۳۰ + ۱ یعنی ۳۶ دورِ صغیر۔ باقی ایک سال۔

(ii) ۳۶ دورِ صغیر یا ۱۰۸۰ سالوں کے دن = ۱۰۶۳۱ × ۳۶ = ۳۸۲۷۱۶ دن

(iii) ایک سال کے دن = ۳۵۴

(iv) رواں سال کے دن

محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الآخر - جمادی الاول - جمادی الآخر

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۲

= ۱۷۰

(v) کل ہجری دن = ۳۸۳۲۴۰

(vi) کل عیسوی دن = ۳۸۳۲۴۰ + ۲۲۷۰۱۴ = ۶۱۰۲۵۴

(vii) شمسی سالوں میں تبدیل کرنے کے لئے دنوں کے سال بنائیے:

۳۶۵) ۶۱۰۲۵۴ (۱۶۷۱ سال

۳۶۵

۲۴۵۲

۲۱۹۰

۲۶۲۵

۲۵۵۵

۷۰۴

۳۶۵

۳۳۹ دن باقی

(iii) ۱۹۷۱ سالوں میں لیپ کے دن :

۱۹۰۰ سالوں میں = ۴ × ۹۷ = ۳۸۸ اور ۷۱ سالوں میں ۱۷ = کل ۴۰۵ دن

یا ایک سال ۴۰ دن تفریق کرنے سے باقی ۱۹۷۰ سال ۲۹۹ دن

(ix) اور ۲۹۹ دن =

جنوری ، فروری ، مارچ ، اپریل ، مئی ، جون ، جولائی ، اگست ، ستمبر ، اکتوبر

۳۱ + ۲۸ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۱ + ۳۰ + ۲۶

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = ۲۶ / اکتوبر ۱۹۷۱ جواب

مثال ۱۲ : یکم رجب ۱۳۴۶ کو کون سی عیسوی تاریخ تھی ؟

حل :- (i) ۱۳۴۵ = (۳۰ × ۴۴) + ۲۵ (یعنی ۴۴ دور صغیر حاصل ہوئے)

(ii) ۱۳۲۰ قمری سالوں کے دن = ۱۰۶۳۱ × ۴۴ = ۴۶۷۷۶۴

(iii) ۲۵ سال کے دن = ۳۵۴ × ۲۵ = ۸۸۵۰

+ ۹ دن لیپ کے جو ۲۵ سال میں آئے = ۸۸۵۹

(iv) یکم رجب تک دن =

محرم - صفر - ربیع الاوّل - ربیع الثانی
۳۰ ۲۹ ۳۰ ۲۹
جمادی الاول - جمادی الثانی - رجب
۳۰ ۲۹ ۱

= ۱۷۸

(v) کل ہجری دن = ۴۷۶۸۰۱

(vi) کل عیسوی دن = ۴۷۶۸۰۱ + ۲۲۷۰۱۴ = ۷۰۳۸۱۵

(vii) شمسی سالوں میں تبدیل کرنے کے لئے ۳۶۵ پر تقسیم کیجئے۔

```
۳۶۵ ) ۷۰۳۸۱۵ ( ۱۹۲۸
      ۳۶۵
      ----
      ۳۳۸۸
      ۳۲۸۵
      ----
       ۱۰۳۱
        ۷۳۰
       ----
        ۳۰۱۵
        ۲۹۲۰
        ----
          ۹۵
```

	دن	سال
=	۹۵	۱۹۲۸ —

(viii) لیپ کے دن ۱۶۰۰ سال میں ۴ × ۹۷ = ۳۸۸

لیپ کے دن ۳۰۰ سال میں ۳ × ۲۴ = ۷۲

لیپ کے دن ۲۷ سال میں = ۶

کیونکہ ۲۸ واں سال رواں سال ہے جس میں کمی ہو جائے گی۔

۴۶۶ دن یا ایک سال ۱۰۱ دن کم کرنا ہیں۔

۱۹۲۸ — ۹۵

۱ — ۱۰۱

۱۹۲۶ ۳۵۹

(ix) ۳۵۹ دن = جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون

۳۱ ۲۸ ۳۱ ۳۰ ۳۱ ۳۰

جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر

۳۱ ۳۱ ۳۰ ۳۱ ۳۰ ۲۵

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = ۲۵ر دسمبر ۱۹۲۷ جواب

(ب) عیسوی تاریخ کی ہجری تاریخ میں تبدیلی

کسی عیسوی تاریخ کو ہجری میں بدلنے کے لئے حسب ذیل اقدامات کیجئے۔ یہ اقدامات پہلے سے بالکل ملتے جلتے ہیں۔

طریقہ:- (i) ہر ۴۰۰ سال کے لئے ۱۴۶۰۹۷ سے ضرب دیجئے یعنی لیپ کی صدیوں کے دن معلوم کیجئے۔

(ii) عام صدیوں کو ۳۶۵۲۴ سے ضرب دیجئے۔

(iii) عام سالوں کو ۳۶۵ سے ضرب دیجئے اور ان میں لیپ کے دنوں کا اضافہ کر لیجئے۔

(iv) اب رواں سال کے دن جنوری سے معینہ تاریخ تک شمار کر لیجئے۔

(v) مندرجہ بالا چاروں اقدامات سے حاصل شدہ اعداد کو جمع کر لیجئے۔ یہ کل عیسوی دن ہیں۔
(vi) اب ان دنوں سے ۲۲۷۰۱۴ دن تفریق کر دیجئے تو یہ ہجری دن رہ جائیں گے جن کی تاریخ مطلوب ہے۔
(vii) حاصل تفریق کو ۳۵۴ سے تقسیم کر کے باقی نکال لیجئے۔
(viii) حاصل قسمت کے لیپ کے سال اس طرح بنائیں۔ حاصل قسمت کو ۳۰ پر تقسیم کر کے دورِ صغیر بنائیں اور ہر دورِ صغیر کے لئے ۱۱ دن لے لیں اور باقی سالوں کے حسبِ قاعدہ لیپ کے دن گن لیں۔ یہ کل دن باقی دنوں سے نکال دیں۔
(ix) اب جو باقی بچے اسے یکم محرم سے شمار کر کے مطلوبہ تاریخ معلوم کر لیجئے۔ سال پہلے معلوم ہو چکے ہیں۔ یہی مطلوبہ تاریخ ہے۔

اب ہم مندرجہ بالا دونوں مثالوں کے جوابات کو ہجری تاریخ میں تبدیل کریں گے تاکہ اس طریقے کے تمام پہلو خوب ذہن نشین ہو جائیں اور ساتھ ہی ساتھ پڑتال بھی ہو جائے۔ پھر اس کے بعد دو نئی مثالیں حل کریں گے۔

مثال ۱ :۔ ۲۶ اکتوبر ۱۹۷۱ کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

حل :۔ (i) ۱۶۰۰ سالوں کے دن = ۱۴۶۰۹۷ × ۴ = ۵۸۴۳۸۸

(ii) عام صدی کوئی نہیں۔

(iii) ۷۰ سالوں کے دن = ۳۶۵ × ۷۰ + ۱۷ لیپ کے دن = ۲۵۵۶۷

(iv) رواں سال ۲۶ اکتوبر تک = ۲۹۹

(v) کل عیسوی دن = ۶۱۰۲۵۴

۲۲۷۰۱۴

(vi) کل ہجری دن ۶۱۰۲۵۴ − ۲۲۷۰۱۴ ———— = ۳۸۳۲۴۰

(vii) ہجری سالوں میں تبدیل کرنے کے لئے

```
۳۵۴ ) ۳۸۳۲۴۰ ( ۱۰۸۲
       ۳۵۴
       ------
        ۲۹۲۴
        ۲۸۳۲
       ------
          ۹۲۰
          ۷۰۸
       ------
          ۲۱۲
```

دن ۲۱۲ − سال ۱۰۸۲ = ۲۱۲

(viii) لیپ کے دن ہر دورِ صغیر کے لئے ۱۱ دن

۱۰۸۲ = ۳۶ × ۳۰ + ۲

سال	دن
۱۰۸۲	۲۱۲

۳۶ دورِ صغیر = ۳۶ × ۱۱ = ۳۹۶ = ایک سال ۴۲ دن = ۴۲ ــــ ۱

(باقی ۲ سال میں کوئی لیپ نہیں آئے گا کیونکہ دوسرا سال رواں ہے) باقی = ۱۷۰ ــــ ۱۰۸۱

(ix) ۱۷۰ دن =

محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الثانی - جمادی الاول - جمادی الثانی

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۲

لہٰذا مطلوبہ تاریخ ۲۲ جمادی الثانی ۱۰۸۲ھ ہوگی جواب جو کہ درست ہے۔

مثال ۲:۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۲۷ء کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

(i) ۱۶۰۰ سال کے دن = ۱۴۶۰۹۷ × ۴ = ۵۸۴۳۸۸

(ii) ۳۰۰ سال کے دن = ۳۶۵۲۴ × ۳ = ۱۰۹۵۷۲

(iii) ۲۶ سال (۳۶۵ × ۲۶ + ۶ لیپ) = = ۹۴۹۶

(iv) ۲۵ دسمبر تک رواں سال کے دن = ۳۵۹

(v) کل عیسوی دن = ۷۰۳۸۱۵

= ۲۲۷۰۱۴

(vi) کل ہجری دن یا باقی دن ــــــــــ = ۴۷۶۸۰۱

(vii) ۴۷۶۸۰۱ دنوں کے قمری سال

```
۳۵۴) ۴۷۶۸۰۱ (۱۰۴۶
     ۳۵۴
     ----
     ۱۲۲۸
     ۱۰۶۲
     ----
      ۱۶۶۰
      ۱۴۱۶
      ----
       ۲۴۴۱
       ۲۱۲۴
       ----
        ۳۱۷
```

سال	دن
۱۰۴۶	۳۱۷ =

(viii) لیپ کے دن ۱۳۴۶ = ۳۰ × ۴۴ +۲۶

۴۴ دورِ صغیر میں = ۴۴ × ۱۱ = ۴۸۴ دن

۲۵ سال میں = ۹ دن

کل دن = ۴۹۳ یا ایک سال ۱۳۹ دن

۱۳۴۶ — ۱۳۷

۱ — ۱۳۹

بقایا مدت = ۱۷۸ — ۱۳۴۵ سال

(ix) ۱۷۸ دن =

محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الثانی - جمادی الاوّل - جمادی الثانی - رجب

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۱

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = یکم رجب ۱۳۴۶ھ جواب جو کہ درست ہے۔

اب نئی مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

مثال ۳:۔ ۲۰ مئی ۱۷۷۶ء کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

(i) ۱۶۰۰ سال کے دن = ۱۴۶۰۹۷ × ۴ = ۵۸۴۳۸۸

(ii) ۱۰۰ سال کے دن = ۳۶۵۲۴

(iii) ۷۵ سال = (۳۶۵ × ۷۵ + ۱۸ لیپ) = ۲۷۳۹۳

(iv) ۲۰ مئی تک رواں سال کے دن

۳۱ + ۲۹ + ۳۱ + ۳۰ + ۲۰ = ۱۴۱

(v) کل عیسوی دن = ۶۴۸۴۴۶

۲۲۷۰۱۴

(vi) کل قابلِ تبدیلی ہجری دن یا باقی دن = ۴۲۱۴۳۲

(vii) ۴۲۱۴۳۲ دنوں کے قمری سال = ۳۵۴) ۴۲۱۴۳۲ (۱۱۹۰

۳۵۴

۶۷۴

۳۵۴

۳۲۰۳

۳۱۸۶

۱۷۲

(iii) ۱۱۸۹ سال = (۳۹ × ۳۰) + ۱۹

۳۹ دورِ صغیر میں لیپ کے دن = ۳۹ × ۱۱ = ۴۲۹

۱۹ سال میں لیپ کے دن = ۷

کل دن = ۴۳۶ یا ایک سال ۸۲ دن

	دن		سال
=	۱۷۲	—	۱۱۹۰
=	۸۲	—	۱

باقی دن = ۹۰ — ۱۱۸۹

(ix) ۹۰ دن = محرم - صفر - ربیع الاوّل - ربیع الثانی

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۱

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = یکم ربیع الثانی ۱۱۹۰ جواب

مثال ۴ :- ۱۰ر فروری ۱۹۷۹ء کو کون سی ہجری تاریخ تھی ؟

(i) ۱۶۰۰ سال کے دن ۵۸۴۳۸۸ دن

(ii) ۳۰۰ سال کے دن ۳۶۵۲۴ × ۳ ۱۰۹۵۷۲

(iii) ۷۸ سال کے دن (۷۸ × ۳۶۵ + ۱۹ لیپ) ۲۸۴۸۹

(iv) ۱۰ر فروری تک ۳۱ + ۱۰ ۴۱

(v) کل عیسوی دن ۷۲۲۴۹۰

۲۲۷۰۱۴

(vi) کل ہجری دن ۷۲۲۴۹۰ – ۲۲۷۰۱۴ ۴۹۵۴۷۶

(vii) ۴۹۵۴۷۶ دنوں کے قمری سال

۳۵۴) ۴۹۵۴۷۶ (۱۳۹۹
۳۵۴
۱۴۱۴
۱۰۶۲
۳۵۲۷
۳۱۸۶
۳۴۱۶
۳۱۸۶
۲۳۰

(viii) لیپ کے دن ۱۳۹۹ = (۴۶ × ۳۰) + ۱۹

۴۶ دورِ صغیر میں لیپ کے دن

= ۴۶ × ۱۱ = ۵۰۶

۱۹ سال میں لیپ کے دن = ۷

کل = ۵۱۳ دن

یاایک سال ۱۵۹ دن

= ۱۳۹۹ —— ۲۳۰

= ۱ —— ۱۵۹

باقی = ۱۳۹۸ —— ۷۱

(اَ) ۷۱ دن = محرم ۔ صفر ۔ ربیع الاوّل

۳۰ + ۲۹ + ۱۲

لہٰذا مطلوبہ تاریخ

= ۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۹۹

(تاریخ اعلان نفاذِ شریعت)

۲۔ بذریعہ جدول گنتی ایام

یہ جدول مذکورہ بالا طریقہ کی ہی سمٹی ہوئی شکل ہے جس میں مکمل سالوں کے دنوں کی گنتی کر دی گئی ہے۔

اقدامات :-

ہجری سنین

سال		دن	کل دن
۱	عام سال	۳۵۴	۳۵۴
(۲)		۳۵۵	۷۰۹
۳		۳۵۴	۱۰۶۳
۴		۳۵۴	۱۴۱۷
(۵)		۳۵۵	۱۷۷۲
۶		۳۵۴	۲۱۲۶
(۷)		۳۵۵	۲۴۸۱
۸		۳۵۴	۲۸۳۵
۹		۳۵۴	۳۱۸۹
(۱۰)		۳۵۵	۳۵۴۴
۱۱		۳۵۴	۳۸۹۸
۱۲		۳۵۴	۴۲۵۲
(۱۳)		۳۵۵	۴۶۰۷
۱۴		۳۵۴	۴۹۶۱
۱۵		۳۵۴	۵۳۱۵
(۱۶)		۳۵۵	۵۶۷۰
۱۷		۳۵۴	۶۰۲۴
(۱۸)		۳۵۵	۶۳۷۹
۱۹		۳۵۴	۶۷۳۳
۲۰		۳۵۴	۷۰۸۷
(۲۱)		۳۵۵	۷۴۴۲
۲۲		۳۵۴	۷۷۹۶
۲۳		۳۵۴	۸۱۵۰
(۲۴)		۳۵۵	۸۵۰۵
۲۵		۳۵۴	۸۸۵۹
(۲۶)		۳۵۵	۹۲۱۴
۲۷		۳۵۴	۹۵۶۸
۲۸		۳۵۴	۹۹۲۲
(۲۹)		۳۵۵	۱۰۲۷۷
۳۰	دورِ صغیر		۱۰۶۳۱
۶۰			۲۱۲۶۲
۹۰			۳۱۸۹۳
۱۲۰			۴۲۵۲۴
۱۵۰			۵۳۱۵۵
۱۸۰			۶۳۷۸۶
۲۱۰			۷۴۴۱۷
۴۲۰	دورِ کبیر		۱۴۸۸۳۴
۶۳۰			۲۲۳۲۵۱
۸۴۰			۲۹۷۶۶۸
۱۰۵۰			۳۷۲۰۸۵
۱۲۶۰			۴۴۶۵۰۲
۱۴۷۰			۵۲۰۹۱۹
۱۶۸۰			۵۹۵۳۳۶

عیسوی سنین

سال		دن	کل دن
۱	عام سال	۳۶۵	۴۶۵
۲		۳۶۵	۶۳۰
۳		۳۶۵	۱۰۹۵
۴	لیپ کے سال		۱۴۶۱
۸			۲۹۲۲
۱۲			۴۳۸۳
۱۶			۵۸۴۴
۲۰			۷۳۰۵
۲۴			۸۷۶۶
۲۸			۱۰۲۲۷
۳۲			۱۱۶۸۸
۳۶			۱۳۱۴۹
۴۰			۱۴۶۱۰
۴۴			۱۶۰۷۱
۴۸			۱۷۵۳۲
۵۲			۱۸۹۹۳
۵۶			۲۰۴۵۴
۶۰			۲۱۹۱۵
۶۴			۲۳۳۷۶
۶۸			۲۴۸۳۷
۷۲			۲۶۲۹۸
۷۶			۷۷۵۹
۸۰			۲۹۲۲۰
۸۴			۳۰۶۸۱
۸۸			۳۲۱۴۲
۹۲			۳۳۶۰۳
۹۶			۳۵۰۶۴
۱۰۰	عام صدیاں		۳۶۵۲۴
۲۰۰			۷۳۰۴۸
۳۰۰			۱۰۹۵۷۲
۴۰۰	لیپ کی صدیاں		۱۴۶۰۹۷
۸۰۰			۲۹۲۱۹۴
۱۲۰۰			۴۳۸۲۹۱
۱۶۰۰			۵۸۴۳۸۸
۲۰۰۰			۷۳۰۴۸۵
۲۴۰۰			۸۷۶۵۸۲

مثال ۱ :- ۲۲ رجمادی الثانی ۱۰۸۲ھ کو کون سی عیسوی تاریخ ہوگی ؟

حل :- (i) ہجری دن ۱۰۵۰ سال کے دن = ۳۷۲۰۸۵

۳۰ 〃 〃 = ۱۰۶۳۱

۱ 〃 〃 = ۳۵۴

۲۲ رجمادی الثانی تک دن = ۱۷۰

کل ہجری دن = ۳۸۳۲۴۰

(ii) جمع دن سابقہ = ۲۲۷۰۱۴

کل عیسوی دن = ۶۱۰۲۵۴

(iii) ۱۶۰۰ سالوں کے دن = ۵۸۴۳۸۸

باقی دن = ۲۵۸۶۶

۶۸ سالوں کے دن = ۲۴۸۳۷

باقی = ۱۰۲۹

۲ سالوں کے دن = ۷۳۰

باقی = ۲۹۹

(iv) یکم جنوری ۱۶۷۱ء سے ۲۹۹ دن شمار کرنے کے بعد جواب ۲۶ راکتوبر ۱۶۷۱ء

مثال ۲ :- یکم رجب ۱۳۴۶ھ کو کون سی عیسوی تاریخ ہوگی ؟

حل :- (i) ہجری دن ۱۲۶۰ سال = ۴۴۶۵۰۲

۶۰ سال = ۲۱۲۶۲

۲۵ 〃 = ۸۸۵۹

یکم رجب تک = ۱۷۸

کل ہجری دن = ۴۷۶۸۰۱

جمع دن سابقہ = ۲۲۷۰۱۴

کل عیسوی دن = ۷۰۳۸۱۵

۱۶۰۰ سال کے دن = ۵۸۴۳۸۸

باقی دن = ۱۱۹۴۲۷

باقی دن = ۱۱۹۴۲۷

۳۰۰ سالوں کے دن = ۱۰۹۵۷۲

باقی دن = ۹۹۸۵۵

۲۴ 〃 کے دن = ۸۷۶۶

باقی دن = ۱۰۸۹

۲ 〃 کے دن = ۷۳۰

باقی دن = ۳۵۹

یکم جنوری ۱۹۲۷ء ۳۵۹ دن پورے کرنے پر ۲۵/دسمبر ۱۹۲۷ء جواب

مثال ۳:- ۲۰/مئی ۱۷۷۶ء کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

حل:- (ا) عیسوی دن ۱۶۰۰ سال = ۵۸۴۳۸۸

۱۰۰ 〃 = ۳۶۵۲۴

۷۲ 〃 = ۲۶۲۹۸

۳ 〃 = ۱۰۹۵

۲۰/مئی تک = ۱۴۱

کل عیسوی دن = ۶۴۸۴۴۶

منفی دن = ۲۲۷۰۱۴

ہجری دن = ۴۲۱۴۳۲

۱۰۵۰ سال ہجری کے دن = ۳۷۲۰۸۵

باقی دن = ۴۹۳۴۷

۱۲۰ 〃 ہجری کے دن = ۴۲۵۲۴

باقی = ۶۸۲۳

۱۹ 〃 ہجری کے دن = ۶۷۳۳

باقی = ۹۰

یکم محرم ۱۱۹۰ھ سے ۹۰ دن پورے کرنے سے جواب = یکم ربیع الثانی ۱۱۹۰ھ۔

———— + ————

۳- بذریعہ ضربی عمل

اس طریقہ سے صرف ہجری تاریخ کو عیسوی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ عیسوی کو ہجری میں نہیں بدلا جا سکتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس طریقہ میں پہلے کسی بھی ہجری سنہ کا غرہ (یعنی یکم محرم) کو عیسوی تاریخ کے مطابق بنایا جاتا ہے۔ بعد میں اگلی تاریخوں کا حساب کیا جا سکتا ہے۔ تیسرے یہ کہ یہ ضربی عمل طویل ضربوں اور کسور اعشاریہ پر منحصر ہے۔ لہٰذا اگر کمپیوٹر سے ضرب کا عمل کر لیا جائے تو غلطی کا امکان بہت کم ہو جائے گا۔ اگر ضربوں میں غلطی نہ ہو تو یہ قاعدہ بہت حد تک درست ثابت ہوا ہے۔ اس طریق کے اقدامات درج ذیل ہیں :-

(i) جس قمری سال کا آغاز معلوم کرنا ہو اسے ۹۷۰۲۲۴ سے ضرب دیجئے۔

(ii) حاصل ضرب میں دائیں جانب سے شمار کر کے چھٹے ہندسہ کے بعد اعشاریہ کا نشان لگا دیجئے۔

(iii) حاصل ضرب میں ۶۲۱.۵۷۷۴ (یکم جنوری ۱ء سے یکم محرم ۱ھ تک کی مدت) جمع کر دیں تو حاصل جمع میں صحیح عدد عیسوی سال ہوگا۔

(iv) اب بقیہ کسر کو ۳۶۵ سے ضرب دیں۔ حاصل ضرب کا صحیح عدد تعداد ایام سالِ رواں ہیں۔ تو یہ یکم محرّم کی تاریخ ہوگی۔

(v) اب ہجری سالِ رواں کے دن (ایک دن کم کر کے غرہ) اس جواب میں شامل کر کے مطلوبہ عیسوی تاریخ حاصل کیجئے۔

اب ہم اس طریقہ سے سابقہ تین مثالوں کو ہی حل کریں گے۔ تاکہ پڑتال بھی ہو سکے۔

مثال ۱:- ۲۲ رجمادی الثانی ۱۰۸۲ھ کو کون سی عیسوی تاریخ ہوگی؟

حل :- (i) معلوم کرنے کے لئے ۹۷۰۲۲۴ × ۱۰۸۲ = ۱۰۴۹.۷۸۲۳۶۸

(ii اور iii) = ۶۲۱.۵۷۷۴

= ۱۶۷۱.۳۵۹۷۶۸ = ۱۶۷۱ء

(iv) ۰.۳۵۹۷۶۸ × ۳۶۵ = ۱۳۱۳۱۵۳۲۰

(v) ۱۳۱ + ۲۱ جمادی الثانی تک دن = ۱۳۱ + ۱۶۹ = ۳۰۰ دن

یکم جنوری سے شروع کرنے سے جواب = ۲۷ اکتوبر ۱۶۷۱ء۔
(اس جواب میں ایک دن کا فرق ہے)

مثال ۲: یکم رجب ۱۳۴۶ھ کو کونسی عیسوی تاریخ ہوگی؟

(i) ۱۳۴۶ × ۹۷۰۲۲۴ = ۱۳۰۵۰۹۲۱۵۰۴

(ii اور iii) = ۶۲۱۰۵۷۷۴

= ۱۹۲۷۰۴۹۸۹۰۴ ۱۹۲۷ء

(iv) ۳۶۵ × ۴۹۸۹۰۴ = ۱۸۲۰۰۹۹۹۶۰

(v) مطلوبہ تاریخ ۱۸۲ + آخر جمادی الثانی تک ۱۷۷ دن = ۳۵۹ دن

یکم جنوری ۱۹۲۷ء سے شروع کرنے سے = ۲۵ دسمبر ۱۹۲۷ء جواب

مثال ۳: یکم ربیع الثانی ۱۱۹۰ھ کو کونسی عیسوی تاریخ تھی؟

حل: (i) ۱۱۹۰ × ۹۷۰۲۲۴ = ۱۱۵۴۰۶۶۶۵۶۰

۶۲۱۰۵۷۷۴

= ۱۷۷۶۰۱۴۳۹۶۰ ۱۷۷۶ء

(iv) ۳۶۵ × ۱۴۳۹۶۰ = ۵۲۰۵۴۵۴ -

(v) ۵۲ + آخر ربیع الاول تک دن = ۵۲ + ۸۹ ۱۴۱

یکم جنوری ۱۷۷۶ء سے شروع کرنے سے جواب = ۲۰ مئی ۱۷۷۶ء

۴۔ سالوں اور دنوں کے فرق کے طریقے سے

یہ تو ہم جانتے ہیں کہ شمسی سال حقیقتاً ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۶ سیکنڈ ہے۔ لیکن تقویم میں یہ سال ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ ۱۲ سیکنڈ شمار ہو رہا ہے (گویا ۲۶ سیکنڈ فی سال زائد شمار ہو رہا ہے)۔

اسی طرح قمری سال حقیقتاً ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۳۴ سیکنڈ ہے، لیکن تقویم میں یہ سال صرف ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے اور ۴۸ منٹ شمار ہوتا ہے (گویا ۳۴ سیکنڈ فی سال کم شمار ہو رہا ہے۔

اسی طرح ان دونوں طرف کے سالوں میں ایک سال میں

سیکنڈ	منٹ	گھنٹے	دن
۱۲	۴۹	۵	۳۶۵
۰	۴۸	۸	۳۵۴
۱۲	۱	۲۱	۱۰ کا فرق پڑ جاتا ہے۔

بالفاظِ دیگر ایک شمسی سال قمری سال سے ۱۰ دن ۲۱ گھنٹے ایک منٹ اور ۱۲ سیکنڈ زیادہ ہے۔

یا یہ فرق $\frac{۱۰۵۱}{۱۲۰۰}$ ۱۰ دن یا $\frac{۱۳۰۵۱}{۱۲۰۰}$ دن ہوتا ہے۔

گویا ۱۲۰۰ سال شمسی اور قمری میں ۱۳۰۵۱ دن کا فرق ہو جائے گا۔ اب تقادیم کی رُو سے یہ فرق یوں سمجھایا جا سکتا ہے:

۴۰۰ سال شمسی میں = ۱۴۶۰۹۷ دن ہوتے ہیں (لیپ کی آخری حد)

تو ۱۲۰۰ سال شمسی میں = ۳ × ۱۴۶۰۹۷ = ۴۳۸۲۹۱ دن ہوں گے۔

اور ۳۰ قمری سالوں میں = ۱۰۶۳۱ دن ہوتے ہیں (لیپ کی آخری حد)

تو ۱۲۰۰ قمری سالوں میں = ۴۰ × ۱۰۶۳۱ = ۴۲۵۲۰۰ دن ہوں گے۔

اور ان دونوں میں فرق = ۱۳۰۵۱ دن ہوگا۔

اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ۱۲۰۰ سال شمسی میں اگر ۱۳۰۵۱ دن جمع کر دیئے جائیں تو قمری سال حاصل ہوں گے اور ان ۱۳۰۵۱ دنوں کے سال قمری حساب سے بنا کر جمع کئے جائیں گے جو ۳۶ سال ۲۹۴ دن بنتے ہیں، یا ۱۲۰۰ سال شمسی گزرنے پر قمری سال ۱۲۳۶ اور مزید ۲۹۴ دن گزر چکے ہوں گے۔

	دن	سال
گویا ۱۲۰۰ شمسی سال کے عرصے میں		
زائد قمری سال =	۲۹۴	۳۶
۶۰۰ شمسی سال کے عرصے میں		
زائد قمری سال =	۱۴۷	۱۸
(اصل) ۴۰۰ شمسی سال کے عرصے میں		
زائد قمری سال =	۹۸	۱۲

۳۶
۳۵۴) ۱۳۰۵۱
۱۰۶۲
۲۴۳۱
۲۱۲۴
۳۰۷

لیپ ۱۱+۲ = ۱۳ دن
نکال دیجئے = ۲۹۴ دن

۲۰۰ شمسی سال کے عرصے میں

زائد قمری سال = ۴۹ — ۶

اور ۱۰۰ شمسی سال کے عرصے میں

زائد قمری سال = ۲۴ ½ — ۳

آگے نکل جاتا ہے۔

لہٰذا ہم پہلی صدی عیسوی کے لئے ۳ سال ۲۵ دن اور دوسری کے لئے ۳ سال ۲۴ دن، پھر تیسری کے لئے ۳ سال ۲۵ دن، علیٰ ہٰذا القیاس اضافہ کر کے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

تقویم کے مشاہدے سے بھی اس بات کی تصدیق ہو جاتی ہے، مثلاً:۔

		سال — دن
(۱) ۹ جولائی ۶۲۲ کے پورے ۱۰۰ سال بعد ۸ جولائی ۷۲۲ کو ۲۵ محرم ۱۰۴ تھا۔ اضافہ	=	۳ — ۲۵
(۲) ۹ جولائی ۶۲۲ کے پورے ۲۰۰ سال بعد ۸ جولائی ۸۲۲ کو ۱۹ صفر ۲۰۷ تھا۔ مزید اضافہ	=	۳ — ۲۴
(۳) ۹ جولائی ۶۲۲ کے پورے ۳۰۰ سال بعد ۸ جولائی ۹۲۲ کو ۱۵ ربیع الاول ۳۱۰ تھا۔ اضافہ	=	۳ — ۲۵
(۴) ۹ جولائی ۶۲۲ کے پورے ۴۰۰ سال بعد ۸ جولائی ۱۰۲۲ کو ۱۱ ربیع الثانی ۳۱۴ تھا۔ اضافہ	=	۳ — ۲۴

---+---

مندرجہ بالا حساب سے دوسرا نتیجہ یہ بھی نکلتا ہے کہ ۱۲۰۰ قمری سالوں میں سے اگر ۱۳۰۵۱ دن نکال دیئے جائیں تو شمسی سال بن جائیں گے اور ان ۱۳۰۵۱ دنوں کے سال وغیرہ شمسی تقویم کے حساب سے بنائے جائیں گے۔ جو کہ ۳۵ سال ۲۶۸ دن بنتے ہیں۔ گویا ۱۲۰۰ قمری سالوں کے شمسی سال ۱۱۶۴ اور ۹۸ دن ہوں گے۔

		دن — سال	
گویا ۱۲۰۰ سال قمری کے لئے	=	۲۶۸ — ۳۵	
۶۰۰ 〃 〃 〃	=	۳۱۹ — ۱۷	۱۳۰۵۰ کا ½
۴۰۰ 〃 〃 〃	=	۳۳۳ — ۱۱	۱۳۰۵۰ کا ⅓
۳۰۰ 〃 〃 〃	=	۳۴۱ — ۸	۱۳۰۵۰ کا ¼

```
         ۳۵
۳۶۵ ) ۱۳۰۵۱
       ۱۰۹۵
       ----
       ۲۱۰۱
       ۱۸۲۵
       ----
        ۲۷۶
          ۸   لیپ کے دن
       ----
        ۲۶۸
```

۲۰۰ سال قمری کے لئے = ۳۴۹ — ۵   ۱۳۰۵۰ کا ۱/۲

۱۰۰ 〃 〃 〃 = ۳۵۷ — ۲

(i) یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ہم نے ۱۳۰۵۱ دنوں کے بجائے ۱۳۰۵۰ دن کی کسور کا حساب کیا ہے، کیونکہ یہ عدد ۲، ۳، ۵، ۱۰۰ وغیرہ پر تقسیم ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس طریقے سے ایک آدھ دن کا فرق پڑ سکتا ہے اور یہ ناگزیر ہے، اور بسا اوقات جواب بالکل صحیح حاصل ہوتا ہے۔

(ii) صدیوں کے حساب میں کمی شمار کرنے کے لئے سالوں کا حساب یہ ہوگا کہ ہر آٹھ سال کے لئے ۸۷ دن کا فرق شمار کر لیا جائے گا کیونکہ

۸ شمسی سالوں کے ۱۴۶۱ × ۲ = ۲۹۲۲ دن ہوتے ہیں

اور ۸ قمری سالوں کے ۳۵۴ × ۸ + ۳ لیپ ۲۸۳۵ دن ہوتے ہیں

اور فرق = ۸۷ دن نکلتا ہے

(iii) ۸ سے کم سالوں کے لئے حساب یہ ہوگا:

ایک سال کے لئے فرق = ۱۱ دن

۲ 〃 〃 = ۲۲ دن

۳ 〃 〃 = ۳۳ دن

۴ 〃 〃 = ۴۴ دن

۵ 〃 〃 = ۵۴ دن

۶ 〃 〃 = ۶۵ دن

۷ 〃 〃 = ۷۶ دن

——— × ———

(الف) دنوں کے فرق کے طریقے سے ہجری تاریخ کو عیسوی میں تبدیل کرنا

طریقہ:۔ مندرجہ بالا تصریحات کی روشنی میں:

(i) سالِ رواں کو چھوڑ کر باقی ہجری سالوں کی کمی معلوم کیجئے۔

(ii) رواں سال کے دن معلوم کیجئے۔

(iii) اب اصل مدت (سال اور دن) ہجری میں سے معلوم کردہ کمی تفریق کر دیجئے - یہ شمسی مدت ہے -

(iv) اب اس حاصل تفریق میں ۶۲۱ سال ۱۹۹ دن جمع کر دیجئے - یہ وہی سابقہ عیسوی مدت (سال اور دن) ہیں -

(v) اب دنوں کا شمار یکم جنوری سے کر کے مطلوبہ تاریخ حاصل کر لیجئے -

اب ہم اس طریقے سے سابقہ مثالوں کو حل کریں گے تاکہ ساتھ ساتھ پڑتال بھی ہو جائے -

مثال ۱ :- ۲۲ رجمادی الثانی ۱۰۸۲ کو کون سی عیسوی تاریخ ہوگی ؟

حل :- (i) فرق ۶۰۰ سالوں میں کمی = ۳۱۶ دن — ۱۷ سال

۳۰۰ 〃 〃 = ۳۴۱ — ۸

۱۰۰ 〃 〃 = ۳۵۸ — ۲

۸۰ 〃 〃 〃 (۸۷×۱۰) = ۸۷۰

۱ 〃 〃 = ۱۱

۱۰۸۱ کل کمی = ۱۸۹۶ — ۲۷

یا ۳۲ سال ۷۰ دن

۳۶۵) ۱۸۹۶ (۵
۱۸۲۵
۷۱
۱ لیپ
۷۰

(ii) رواں سال کے دن

یکم محرم تا ۲۲ رجمادی الثانی = ۱۷۰ دن

(iii) شمسی مدت = (۱۷۸ — ۱۰۸۱) — (۷۰ — ۳۲)
دن سال دن سال

= ۱۰۰ دن — ۱۰۴۹ سال

۱۷۰ — ۱۰۸۱
۷۰ — ۳۲
۱۰۰ — ۱۰۴۹

(iv) عیسوی مدت = (۱۰۰ — ۱۰۴۹) + (۱۹۹ — ۶۲۱) + (۲۹۹ — ۱۶۷۰)
دن سال دن سال دن سال

(v) ۲۹۹ دن = جنوری فروری مارچ اپریل مئی جون
۳۱ + ۲۸ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰
جولائی اگست ستمبر اکتوبر
۳۱ + ۳۱ + ۳۰ + ۲۶

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = ۲۶ اکتوبر ۱۶۷۱ء جواب

مثال ۲:- یکم رجب ۱۳۴۶ھ کو کونسی عیسوی تاریخ تھی؟

حل:- (i)

		دن	کمی
۱۲۰۰ سالوں میں کمی	=	۲۶۷	۳۵
۱۰۰ سالوں میں کمی	=	۳۵۷	۲
۴۰ سالوں میں = (۸۷×۵)	=	۴۳۵	
۵ سالوں میں	=	۵۴	
۱۳۴۵	کل کمی	۱۱۱۳	۳۷ یا ۴۰ سال ۱۸ دن

$$۳۶۵) ۱۱۱۳ (۳$$
$$۱۰۹۵$$
$$۱۸$$

(ii) یکم محرم سے یکم رجب تک دن = ۱۷۸

(iii) شمسی مدت ۱۷۸ — ۱۳۴۵

۱۸ — ۴۰ کی منہا کیجئے

= ۱۶۰ — ۱۳۰۵

(iv) عیسوی مدت سابقہ = ۱۹۹ — ۶۲۱

کل عیسوی مدت = ۳۵۹ — ۱۹۲۶

(v) ۳۵۹ دن = جنوری - فروری - مارچ - اپریل - مئی - جون

۳۱ + ۲۸ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰

جولائی - اگست - ستمبر - اکتوبر - نومبر - دسمبر

۳۱ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰ + ۲۵

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = ۲۵ دسمبر ۱۹۲۷ء جواب

(ب) عیسوی تاریخ کی ہجری تاریخ میں تبدیلی

کسی عیسوی تاریخ کو ہجری تاریخ میں بدلنے کے لئے حسبِ ذیل اقدامات کرنا چاہئیں۔

طریقہ:- (i) سالِ رواں کے دن بنا کر اصل مدت میں سے ۶۲۱ سال ۱۹۹ دن تفریق کر دیجئے۔ باقی مدت میں اضافہ معلوم کرنا ہے۔

(ii) حسب نقشہ قمری سالوں کا اضافہ معلوم کیجئے۔

(iii) باقی مدت میں معلوم شدہ سالوں کا اضافہ کر دیجئے۔ یہ ہجری مدت ہے۔

(iv) حسبِ سابق باقی دنوں کو محرم سے شمار کرکے مطلوبہ تاریخ معلوم کیجئے۔

مثال ۱ :۔ ۲۰/مئی ۱۷۷۶ کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

حل :۔ (i) سالِ رواں کے دن یکم جنوری تا ۲۰/مئی ۱۷۷۶ (لیپ کا سال) = ۱۴۱

باقی مدت یا شمسی مدت = ۱۷۷۵ — ۱۴۱

۶۲۱ — ۱۹۹

= ۱۱۵۳ — ۳۰۷

(ii) ۱۱۵۳ سالوں میں اضافہ کرنا ہے:

۶۰۰ سالوں میں اضافہ = ۱۴۷ — ۱۸

۴۰۰ سالوں میں اضافہ = ۹۸ — ۱۲

۱۰۰ سالوں میں اضافہ = ۲۵ — ۳

۴۸ سالوں میں اضافہ (۸۷×۶) = ۵۲۲

۵ سالوں میں اضافہ = ۵۴

۱۱۵۳ سالوں میں کل اضافہ = ۸۴۶ — ۳۳

یا ۳۵ سال ۱۳۷

۳۵۴) ۸۴۶ (۲
۷۰۸
۱۳۸
لیپ ۱
۱۳۷

(iii) ہجری مدت (شمسی مدت میں اضافہ جمع کیجئے) = ۱۱۵۳ — ۳۰۷

۳۵ — ۱۳۷

۱۱۸۸ — ۴۴۴ یا ۱۱۸۹ سال ۹۰ دن

(iv) ۹۰ دن محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الثانی

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۱

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = یکم ربیع الثانی ۱۱۹۰ جواب

مثال ۲ :۔ ۱۴/اگست ۱۹۴۷ء کو کون سی ہجری تاریخ تھی؟

حل :۔ (i) ۱۴/اگست تک دن = ۲۲۵

باقی مدت جس کے ہجری سال بنائیں گے = ۱۹۴۶ — ۲۲۵

۶۲۱ — ۱۹۹

= ۲۶ — ۱۳۲۵ سال

(ii) ۱۳۲۵ سالوں میں اضافے :-

۱۲۰۰ سالوں میں اضافہ = ۲۹۴ — ۳۶

۱۰۰ سالوں میں اضافہ = ۲۵ — ۳

۲۴ سالوں میں اضافہ (۸۷ × ۳) = ۲۶۱

۱ سال میں اضافہ = ۱۱

۱۳۲۵ سالوں میں کل اضافہ = ۵۹۱ — ۳۹

یا ۴۰ سال ۲۳۷ دن

(iii) ہجری مدت = ۲۶ — ۱۳۲۵ + ۲۳۷ — ۴۰ = ۲۶۳ — ۱۳۶۵

(iv) ۲۶۳ دن = محرم - صفر - ربیع الاول - ربیع الثانی - جمادی الاول

۳۰ + ۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۳۰

جمادی الآخر - رجب - شعبان - رمضان

۲۹ + ۳۰ + ۲۹ + ۲۷

لہٰذا مطلوبہ تاریخ = ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۶۶ (قیام پاکستان کا دن) جواب

۵۔ بذریعہ سرسری جائزہ یا زبانی حساب

سرسری جائزے سے صرف سال اور ماہ کا تعین کیا جا سکتا ہے کہ فلاں ماہ اور سال عیسوی کیا واقعی فلاں ماہ و سال ہجری کے مطابق ہے ۔ یہ عموماً زبانی حساب کرنے کے کام آتا ہے اور اس میں تاریخوں کا تعین مشکل ہے ۔ اس سرسری جائزے کے متعلق کچھ اشارہ قرآن کریم میں ملتا ہے ۔ ارشادِ باری ہے :

وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ۝

" اور (اصحابِ کہف) اپنے غار میں تین سو سال ٹھہرے رہے ، اور (کچھ لوگوں نے) زیادہ شمار کیے نو سال "۔ (۱۸ : ۲۵)

اس کا مطلب یہ ہے کہ تین سو سال شمسی گزرنے پر قمری سال ۹ زیادہ گزر چکے تھے۔ یہ تقریباً مدت بیان کی گئی ہے، ورنہ فی الواقع ایک سو سال شمسی گزرتے پر تین سال ½۲۴ دن آگے بڑھ جاتا ہے، یعنی ۹ سال اور ½۷۳ دن یا ۹ سال اور تقریباً ½۲ ماہ گزر چکے تھے۔

مشاہدات تقویم کے مطالعے سے ہم دیکھتے ہیں کہ

۱۶ جنوری ۱۸۱۲ء کو یکم محرم ۱۲۲۷ھ تھا اور ۱۶ جنوری ۱۸۷۷ء کو یکم محرم ۱۲۹۴ھ تھا۔ گویا پورے ۶۵ شمسی سالوں کے مقابلے میں پورے ۶۷ قمری سال گزر گئے۔ یعنی قمری دو سال زیادہ گزر گئے۔

پھر ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ ۲ جنوری ۱۳۵۷ء کو یکم محرم ۷۵۸ھ تھا اور ۲ جنوری ۱۵۲۰ء کو یکم محرم ۹۲۶ھ تھا۔ گویا پورے ۱۶۳ سال شمسی کے مقابلے میں پورے ۱۶۸ قمری سال گزر گئے۔ یعنی قمری ۵ سال زیادہ ہو گئے۔

ان دونوں میں فرق یہ ہے۔ کہ پہلا مشاہدہ بہت کم عمل میں آتا ہے۔ اور تیسرے حصہ میں دی گئی تقابلی تقویم میں ۱۶۸۰ ہجری سالوں میں صرف ۵ مرتبہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ جبکہ دوسرا مشاہدہ اس کی نسبت بہت زیادہ عمل میں آیا ہے۔ یعنی ۱۶۸۰ ہجری سالوں میں ۲۸ مرتبہ۔

بنیادی مشاہدے یہی دو طرح کے ہیں۔ پھر ان کے مرکبات مشاہدہ میں آتے ہیں جن کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ مثلاً :-

(۳) ۲۲۸ سال شمسی = ۲۳۵ سال قمری ($\frac{۶۷}{۶۵} + \frac{۱۶۸}{۱۶۳} = \frac{۲۳۵\ \text{سال قمری}}{۲۲۸\ \text{سال شمسی}}$) یہ مشاہدہ سب سے زیادہ عمل میں آیا ہے۔ یعنی ۱۶۸۰ ہجری تقویم میں ۴۳ بار، اب اس کی چند مثالیں ملاحظہ فرمائیے :-

(i) ۲ جنوری ۷۳۸ء کو یکم محرم ۱۲۰ھ تھا اور ۲ جنوری ۹۶۶ء کو یکم محرم ۳۵۵ھ یعنی ۲۳۵ قمری کے مقابلہ میں ۲۲۸ شمسی سال ہوئے۔

(ii) ۴ جنوری ۱۴۲۲ء کو یکم محرم ۸۲۵ھ تھا اور ۴ جنوری ۱۶۵۰ء کو یکم محرم ۱۰۶۰ھ یعنی ۲۳۵ قمری کے مقابلہ میں ۲۲۸ شمسی سال ہوئے۔

(iii) ۵ جنوری ۶۴۰ء کو یکم محرم ۱۹ھ تھا اور ۵ جنوری ۸۶۸ء کو یکم محرم ۲۵۴ھ یعنی ۲۳۵ قمری کے مقابلہ میں ۲۲۸ شمسی سال ہوئے۔

اب مزید مرکبات ملاحظہ فرمائیے :-

(۴) ۴۰۳ قمری سال = ۳۹۱ شمسی سال ($\frac{۲۳۵}{۲۲۸} + \frac{۱۶۸}{۱۶۳} = \frac{۴۰۳}{۳۹۱}$) یہ مرکب بھی بکثرت عمل میں

آیا ہے یعنی ۱۶۸۰ ہجری سالوں میں ۲۳ بار۔ مثلاً :-

(i) یکم محرم ۳۵۵ھ کو ۲ رجنوری ۹۶۶ء تھا اور یکم محرم ۷۵۸ھ کو ۲ رجنوری ۱۳۵۷ء تھا یعنی ۳۹۱ سال شمسی = ۴۰۳ سال قمری یا ۳۹۱ سال شمسی کی مدت میں قمری ۱۲ سال زیادہ ہو گئے۔

(ii) اسی طرح ۲ رجنوری ۱۵۲۰ء کو یکم محرم ۹۲۶ھ تھا اور ۲ رجنوری ۱۹۱۱ء کو یکم محرم ۱۳۲۹ھ۔

(۵) ۵۷۱/۵۵۴ = (۴۰۳/۳۹۱ + ۱۶۸/۱۶۳) یہ مرکب ۱۶۸۰ قمری سالوں میں صرف ۵ بار عمل میں آیا ہے۔ مثلاً ۸ رجنوری ۹۹۸ء کو یکم محرم ۳۸۸ھ تھا اور ۸ رجنوری ۱۵۵۲ء کو یکم محرم ۹۵۹ھ۔ یعنی ۵۵۴ شمسی سالوں کی مدت میں ۵۷۱ قمری سال یعنی ۱۷ قمری سال زیادہ گزر گئے۔

(۶) ۶۳۸/۶۱۹ = (۵۷۱/۵۵۴ + ۶۷/۶۵) یہ مرکب ۱۶۸۰ قمری سالوں میں صرف ۴ بار عمل میں آیا ہے۔ مثلاً یکم جنوری ۱۱۲۹ء کو یکم محرم ۵۲۳ھ تھا اور یکم جنوری ۱۷۴۸ء کو یکم محرم ۱۱۶۱ھ۔ یعنی ۶۱۹ سال شمسی کے مقابلہ میں قمری مزید ۱۹ سال گزر گئے۔

اور درج ذیل مرکبات ۱۶۸۰ قمری سالوں میں صرف ایک ایک مرتبہ استعمال ہوئے ہیں :-

(۷) ۳۳۶/۳۲۶ = (۱۶۸/۱۶۳ + ۱۶۸/۱۶۳) مثلاً ۱۶ رجنوری ۱۴۸۶ء کو یکم محرم ۸۹۱ھ تھا اور ۱۶ رجنوری ۱۸۱۲ء کو یکم محرم ۱۲۲۷ھ۔

(۸) ۸۰۶/۷۸۲ = (۴۰۳/۳۹۱ + ۴۰۳/۳۹۱)۔ مثلاً ۱۲ رجنوری ۹۶۵ء کو یکم محرم ۳۵۴ھ تھا اور ۱۲ رجنوری ۱۷۴۷ء کو یکم محرم ۱۱۶۰ھ۔

